فتنہ قادیانیت کیلئے مجاہدین ختم نبوت کی
کاوشوں پر مبنی

تاریخی دستاویز

از افادات

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ
مناظر اسلام حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ
شہید اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ
ودیگر اکابر امت

مرتب
حضرۃ مولانا عبدالقیوم مدظلہ العالی مہاجر مدنی

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان فون: 4540513-4519240

بسم الله الرحمن الرحيم

قال الله تعالیٰ فی القرآن العزیز الحکیم

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ

رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (الاحزاب)

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

اَنَا اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ وَاَنْتُمْ اٰخِرُ الْاُمَمِ

عرض ناشر

میرے والدمحترم حضرت الحاج مولانا عبدالقیوم مہاجر مدنی مدظلہم کو شروع ہی سے ختم نبوت کے اکابرین سے تعلق ومعیت کا شرف حاصل رہا ہے۔اس صحبت نے انہیں بھی مجاہدین ختم نبوت کی مبارک صف میں لاکھڑا کیا ہے۔فتنہ قادیانیت کی سرکوبی اور تحفظ ختم نبوت کے سلسلہ میں آپ کی صلاحیات عوام وخواص سے مخفی نہیں۔

کچھ عرصہ قبل آپ نے پوری قادیانی تاریخ اوراس سلسلہ میں اکابرامت کی جملہ کاوشوں کو مختصر پمفلٹ کی شکل میں ترتیب دیا تاکہ مصروف ترین حضرات بھی اس مسئلہ سے اجمالی طور پر متعارف ہوسکیں۔یہ کتابچہ ''ختم نبوت کے ڈاکو'' کے نام سے شائع کر کے تقسیم کیا جاچکا ہے۔

زیرنظر کتاب '' فتنہ قادیانیت کیلئے مجاہدین ختم نبوت کی کاوشوں پر مبنی تاریخی دستاویز' اسی سلسلہ میں ایک تفصیلی کتاب ہے جواپنے نام سے واضح ہے۔اس کتاب کی ترتیب کے دوران والد محترم کی مساعی جمیلہ اور شب وروز کی اعصاب شکن محنت کو دیکھ کر یہ یقین ہوجاتا ہے کہ اللہ پاک نے خوداس کتاب کی تیاری کا داعیہ پیدا فرمایا اواس سلسلہ کے تمام مراحل میں منجانب اللہ نصرت شامل حال رہی۔مسئلہ ختم نبوت کیلئے والدمحترم پر وہی عشق ومحبت کی گہرائی چھائی ہوئی ہے جو ہر مسلمان سے مطلوب ہے۔ان شاء اللہ ہرقاری کو دوران مطالعہ والدمحترم کی یہ پرکیف کیفیت جگہ جگہ ملے گی۔اپنے اکابر کی تحریرات کو عصر حاضر کی ضرورت کے مطابق ترتیب دینے کی خداداد صلاحیت سے سرشار حضرت والد صاحب مدظلہم کا یہ جدید مجموعہ بھی ان شاء اللہ کافی حد تک عصر حاضر کی ضروریات سے ہم آہنگ ثابت ہوگا۔

اللہ پاک اس مجموعہ کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازیں اور روز محشر خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے حضرت مؤلف' ناشراور جملہ قارئین کو مشرف فرمائیں۔آمین۔

اراکین ادارہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے جملہ اکابرین کا مشکور ہے جنہوں نے کتاب ہذا کے لئے قدم قدم پر رہنمائی فرمائی بالخصوص حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری صاحب مدظلہم اور حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب مدظلہم اگر شفقت وسرپرستی کا معاملہ نہ فرماتے تو یہ مجموعہ تشنہ تکمیل رہتا۔فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

والسلام محمد اسحٰق عفی عنہ' صفر ۱۴۲۷ ہجری بمطابق مارچ 2006

کلمات مبارکہ

شیخ المشائخ حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ و کفیٰ و سلام علی عبادہ الذین اصطفے. اما بعد

محترم حاجی عبدالقیوم صاحب (نزیل مدینہ منورہ) نے قادیانی فتنہ کے خلاف مختلف اکابر علمائے دیوبند کی تحریرات کو نئی ترتیب سے جمع کیا ہے۔

حق تعالیٰ شانہ ان کی اس محنت کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت نصیب فرمائیں۔ اللہ رب العزت محض اپنے فضل و احسان سے اس کتاب کو قادیانیوں کے لئے ہدایت اور مسلمانوں کے ایمان میں زیادتی کا باعث فرماویں۔ مولائے پاک ہم سب کو اپنی رضا و خوشنودی نصیب فرمائیں۔ آمین بحرمتک یا ارحم الرحمین.

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

حال مقیم

دفتر مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان، اوائل صفر ۱۴۲۷ھ

تأثرات

ہمارے مخدوم حضرت جناب الحاج عبدالقیوم صاحب مہاجر مدنی دامت برکاتہم کو اللہ رب العزت نے خاص ذوق بخشا ہے۔ وہ مختلف عنوانات پر اکابر امت کے رشحات قلم کو یکجا کر کے نئی جمع وترتیب سے بہت عمدہ گلدستے تیار کر کے مسلم امہ کے دل ودماغ کو معطر کرتے رہتے ہیں۔ اب تک حضرت حاجی صاحب کی مندرجہ ذیل کاوشیں سامنے آچکی ہیں۔

۱۔ گلدستہ تفاسیر.......... اردو کی چھ مستند تفاسیر کے عام فہم اقتباسات کا مجموعہ
۲۔ دینی دسترخوان....... اسلامی تعلیمات کا مکمل انسائیکلوپیڈیا
۳۔ تعمیر انسانیت........ متفرق موضوعات پر انسانی تعمیر سے متعلق تحریرات کا مجموعہ
۴۔ ختم نبوت کے ڈاکو.... مصروف ترین حضرات کیلئے قادیانیت کا مختصر تعارف
۵۔ وصیت نامہ.......... وصیت سے متعلق مکمل مختصر گوشوارہ

اس وقت زیر نظر حضرت مخدوم کی نئی کتاب ''فتنہ قادیانیت کیلئے امت مسلم کی کاوشوں پر مبنی تاریخی دستاویز'' ہے۔ اس میں حضرت حاجی صاحب نے فتنہ قادیانیت کی سنگینی سے امت مسلمہ کو آگاہ کرنے کے لئے اکابرین علماء اسلام کے رشحات قلم کو یکجا کر کے خوبصورت وجامع کتاب ترتیب دی ہے۔

فتنہ قادیانیت کے استیصال کیلئے جن اکابر امت نے جو خدمات سرانجام دیں ان کا بھی جستہ جستہ تذکرہ ہے۔ غرض قادیانی عقائد ونظریات اور اس کے خلاف کام کرنے والے حضرات کی جامع تاریخ مرتب کر کے آپ نے شاندار اور تاریخ ساز کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ اس عنوان پر یہ کتاب ''انسائیکلوپیڈیا'' ہے حضرت حاجی صاحب نے مدینہ منورہ سے صرف اس کام کے لیے سفر کیا۔ اور مختلف حضرات سے مل کر مشورہ کر کے اسے مرتب کیا۔ حضرت حاجی صاحب نے اکابر امت کی محنتوں کو جس خوبصورت وحسین جدید اسلوب سے مرتب کیا ہے اس پر وہ بہت ہی مبارک باد کے مستحق ہیں۔ حق تعالیٰ ان کی خدمات جلیلہ کو شرف قبولیت سے نواز کر صاحب ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کبریٰ کا ذریعہ بنائیں۔ آمین

حضرت مولانا اللہ وسایا

دفتر ختم نبوت ملتان ۳۰ محرم ۱۴۲۷ھ بمطابق یکم مارچ 2006

فہرست عنوانات

مقالہ ختم نبوت کا معنی اور خاتم النبیین کی تفسیر ۱۹
ختم نبوت کا معنی ۲۰
خاتم النبیین وہ ہے جس پر کمالات کی انتہاء ہوگئی ۲۰
خاتم النبیین کی شریعت ۲۱
آپؐ کمالاتِ بشری کے منتہا بھی ہیں ۲۲
اور مبداء بھی //
آپ ﷺ کی نبوت اصلی ہے اور باقی ۲۳
انبیاءؑ کی بالواسطہ ہے //
تمام انبیاء کے کمالات آپؐ میں علی ۲۵
وجہ الاتم موجود تھے //
باقی انبیاء ہیں، آپ خاتم الانبیاء ہیں ۲۶
باقی اقوام کے نبی ہیں آپ نبی الانبیاء ہیں ۲۶
باقی عابد ہیں آپ امام العابدین ہیں ۲۷
باقی ظہور کے بعد نبی ہیں آپ ﷺ وجود ۲۷
سے پہلے نبی ہیں //
باقیوں کی نبوت حادث تھی آپ کی قدیم ہے ۲۷
باقی انبیاء کائنات تھے آپؐ سببِ تخلیقِ ۲۸
کائنات ہیں //
باقی مقرب تھے تو آپؐ اول المقربین ہیں ۲۸
آپؐ اول المبعوثین ہوں گے ۲۸
آپؐ کو سب سے پہلے بلایا جائے گا ۲۸
آپؐ قیامت میں سب سے پہلے ساجد ہونگے ۲۹
آپؐ سب سے پہلے سجدہ سے سر اٹھائینگے ۲۹
آپؐ اول الشافعین واول المشفعین ہونگے ۲۹
آپؐ کو شفاعت کبریٰ ملے گی ۲۹
آپؐ شفاعتِ عامہ کا مقام سنبھالیں گے ۳۰
آپؐ سب سے پہلے پل صراط عبور کرینگے ۳۰
آپؐ سب سے پہلے جنت کا دروازہ ۳۱
کھٹکھٹائیں گے //
آپؐ کیلئے سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھلے گا ۳۱
آپؐ سب سے پہلے جنت میں داخل ہونگے ۳۱
آپؐ کو اولین وآخرین کے علوم عطا ہوئے ۳۱
آپؐ کو خلقِ عظیم عطا ہوا ۳۲
آپؐ متبوع الانبیاء ہیں ۳۲
آپؐ کو ناسخ کتاب ملی ۳۲
آپؐ کو کمال دین عطا ہوا ۳۳
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غلبہ دین عطا ہوا ۳۴
آپؐ کے دین میں تجدید رکھی گئی ۳۴
شریعت محمدی میں جلال وجمال کا کمال غالب ہے ۳۴
آپ ﷺ کے دین میں تنگی ختم کردی گئی ۳۵
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں اعتدال ہے ۳۵
شریعت محمدی میں ظاہر کی طہارت بھی ۳۶
ہے باطن کی بھی //

دین محمدی میں پوری انسانیت کی آزادی ہے ۳۶
آپ ﷺ کو شریعت وحقیقت دونوں عطا ہوئیں ۳۷
آپ ﷺ کی امت کو اجتہادی مذاہب ۳۸
عطا کئے گئے ″
آپ ﷺ کے دین میں ایک نیکی کا ۳۸،
اجر دس گنا ہے ″
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانچ نمازیں ملیں ۳۸
آپ ﷺ کی پانچ نمازیں پچاس کے برابر ۳۹
آپؐ کیلئے پوری زمین مسجد ہے ۴۰
آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اقوام کی طرف بھیجے گئے ۴۰
آپؐ کی دعوت عام ہے ۴۱
آپ ﷺ سارے جہانوں کیلئے رحمت ہیں ۴۱
آپ صلی اللہ علیہ وسلم پوری انسانیت کے ہادی ہیں ۴۱
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رفعتِ ذکر عطا ہوا ۴۱
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر اللہ کے ذکر کیساتھ ہے ۴۲
آپ ﷺ کو خلوت اور جلوت میں کمال دیا ۴۳
آپ ﷺ کو عملی معجزات بھی دیئے اور علمی بھی ۴۳
حضور ﷺ کو دوامی معجزات ملے ۴۳
آپ ﷺ کی کتاب محفوظ ہے ۴۳
حضور ﷺ کو جامع کتاب ملی ۴۴
حضور ﷺ کو جوامع کلم عطا ہوئے ۴۴
حضور ﷺ کے اعضاء کا ذکر فرمایا ۴۵
حضور ﷺ کو اجتماعی عبادت ملی ۴۵
حضور ﷺ کے ایک معجزہ نے عالم کو جھکا دیا ۴۶
حضور ﷺ کو عبادت کے دوران مخاطب بنایا گیا ۴۶
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لواء الحمد ملے گا ۴۶
حضور ﷺ اولین وآخرین کے خطیب ہونگے ۴۷
آپ ﷺ کی امت کو اپنی ذاتی پہچان عطاء ہوئی ۴۷
حضور ﷺ کو القاب سے خطاب فرمایا ۴۷
حضور ﷺ کا نام لے کر پکارنے سے روکا گیا ۴۸
حضور ﷺ کو سب سے اعلیٰ معراج کرایا گیا ۴۹
حضور ﷺ کا دفاع خود اللہ نے کیا ۴۹
حضور ﷺ کی تحیت خود اللہ نے کی ۵۰
آپ ﷺ کا شیطان مسلمان ہوگیا ۵۱
ازواج مطہرات آپ ﷺ کی معین بنیں ۵۱
حضور ﷺ کو روضہ جنت عطاء ہوا ۵۲
حضور ﷺ نے ۳۶۰ بت نکلوائے ۵۲
حضور ﷺ کو مقام محمود عطا ہوا ۵۲
حضور ﷺ کو حقائق الٰہیہ دکھلائیں ۵۳
آپ ﷺ کو آسمان پر مشاہدات کرائے ۵۳
حضور ﷺ کے صحابہ کو آگ نہ جلاسکی ۵۳
حضور ﷺ کو محشر میں بلند مقام عطا ہوگا ۵۴
حضور ﷺ کی زبان مبارک سے پانی جاری ہوا ۵۴
حضور ﷺ کو جامع حسن عطاء ہوا ۵۵
حضور ﷺ سے اللہ نے سدرۃ المنتہیٰ ۵۵
کے پاس کلام فرمایا ″
حضور ﷺ کی انگشتانِ مبارک سے چشمے پھوٹے ۵۶
حضور ﷺ کو دیدارِ جمال سے مشرف فرمایا ۵۶
حضور ﷺ کو بلاسوال دیدار کرایا گیا ۵۶
صحابہؓ نے دریاء دجلہ کو پار کیا ۵۷

حضور ﷺ کو زمین بھر کے خزانے عطاء ہوئے ۵۸
معجزۂ نبوی کا کوئی مقابلہ نہ کر سکا ۵۸
حضرت علی رضی اللہ عنہ کیلئے سورج واپس ہوا ۵۹
حضور ﷺ کے اشارہ سے چاند دو ٹکڑے ہو گیا ۵۹
حضور ﷺ کی بریت خود خدا نے کی ۵۹
محمدی انگوٹھی کی تاثیر ۶۰
حضور ﷺ کو جانوروں کی بولی کا علم عطاء ہوا ۶۱
بھیڑیئے نے حضور ﷺ کی نبوت کی گواہی دی ۶۲
حضور ﷺ نے حیوانوں کو بات سمجھا دی ۶۲
حضور ﷺ کو تمام جہانوں کا اقتدار عطاء ہوا ۶۲
حضور ﷺ کو بغیر مانگے ملک عطاء ہوا ۶۳
حضور ﷺ کے لئے براق مسخر ہوا ۶۳
حضور ﷺ کے وزیر آسمان میں بھی تھے ۶۳
آپ ﷺ کو احیائے قلوب عطاء ہوا ۶۴
حضور ﷺ کے دست مبارک سے کھجور ۶۴
کے تنہ کو جان ملی //
کھجور کے تنہ میں انسانوں کی سی حیات آئی ۶۵
امت محمدیہ کے لوگ کھانے پینے سے ۶۵
مستغنی ہوں گے //
حضور ﷺ کے محافظ خود اللہ تھے ۶۵
امت محمدیہ مجتہد بنائی گئی ۶۶
امت محمدیہ کے راسخین فی العلم مفروض ۶۶
الاطاعۃ ہیں //
امت محمدیہ کے علماء کو انبیاء بنی اسرائیل ۶۷
کا لقب ملا //

امت محمدیہ کی توبہ دل سے ہے ۶۸
امت محمدیہ کو دونوں قبلے عطاء ہوئے ۶۸
امت محمدیہ کا کفارہ استغفار سے ہوتا ہے ۶۹
امتِ محمدیہ کے کمال اِطاعت کا ثبوت دیا ۶۹
امتِ محمدیہ اور انبیاء کی شہادت دے گی ۷۰
امت محمدی اول بھی ہے آخر بھی ۷۰
امت محمدی کو اولین و آخرین پر فضیلت دی گئی ۷۱
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عالم فتح کر ڈالا ۷۱
جنت میں امتِ محمدیہ کی اسی صفیں ہونگی ۷۲
امتِ محمدیہ کے صدقات سے غرباء ۷۲
مستفید ہوتے ہیں //
امت محمدیہ کے لئے الہام ہے ۷۳
امتِ محمدیہ عامہ گمراہی سے محفوظ ہے ۷۳
امتِ محمدیہ ﷺ کا اجماع حجت ہے ۷۳
امتِ محمدیہ ﷺ کو عذابِ عام نہ ہوگا ۷۴
امتِ محمدیہ کو دس گنا اعلیٰ مقام ملیں گے ۷۴
امتِ محمدیہ ﷺ کے صلحاء بھی شفاعت کرینگے ۷۴
امتِ محمدیہ ﷺ کا نام اللہ کے نام سے ہے ۷۵
تمام امتیازات کی بنیاد ختم نبوت ہے ۷۵
ختم نبوت کا منکر تمام کمالات نبوی کا منکر ہے ۷۶
حضور ﷺ خاتم الانبیاء بھی ہیں ۷۶
اور جامع کمالاتِ انبیاء بھی ۷۶
مصدقیت... حضور ﷺ تمام انبیاء اور ۷۸
اُن کی شریعتوں کے مصدق ہیں ۷۸
مُصدِقیت کی توجیہ ۷۸

اسلام تمام شریعتوں کے اقرار کا نام ہے ۷۹
تمام غیر مسلموں کے مسلمان ہونیکی آرزو ۷۹
اسلام اقرار ومعرفت کا دین ہے ۸۰
غلبہ اسلام ۸۱
اسلام مسلم وغیر مسلم سب کیلئے نعمت ہے ۸۲
تمام ادیان کا بقاء اسلام سے ہے ۸۳
حضور ﷺ کی لائی ہوئی ہر چیز خاتم ہے ۸۳
سیرۃ نبوی کے جامع نقاط ۸۵
مسئلہ ختم نبوت کی اہمیت ۸۶
ختم نبوت کا منکر پورے اسلام کا منکر ہے ۸۶
یہ مقالہ ۸۷
عقیدہ ختم نبوت ۸۸
عالم دنیا میں ختم نبوت کا تذکرہ ۸۸
عالم آخرت میں ختم نبوت کا تذکرہ ۸۹
کلمہ شہادت کی طرح عقیدہ ختم نبوت ۹۰
بھی ایمان کا جزو ہے ۹۰
مسلمانوں کی مساجد اور ختم نبوت ۹۰
حفاظ کرام اور ختم نبوت ۹۱
خاتم النبیین کی قرآنی تفسیر ۹۱
خاتم النبیین کی نبوی تفسیر ۹۲
قادیانیوں سے ایک سوال ۹۳
اجماع کی حقیقت اور اس کی عظمت ۹۳
صحابہ کرامؓ کا سب سے پہلا اجماع ۹۴
اجماع امت کے مزید حوالہ جات ۹۵
خلاصہ بحث ۹۷
امکان کی بحث ۹۸
سپریم کورٹ کے قابل صد احترام جج ۱۰۱
صاحبان کو ملت اسلامیہ کا خراج عقیدت ۱۰۱
مرزا غلام احمد قادیانی کی جانچ ۱۰۳
چار اصولی باتیں ۱۰۳
قادیانی تاویل ۱۰۴
مرزا غلام احمد قادیانی کے صریح جھوٹ ۱۰۷
کی ایک مثال ۱۰۷
محمدی بیگم کا قصہ ۱۱۰
مسئلہ نزول مسیح اور قادیانیوں کی چال ۱۲۱
قادیانیوں کی چال ۱۲۲
مسئلہ نزول مسیحؑ وحیات مسیحؑ قرآن و ۱۲۹
حدیث کی روشنی میں ۱۲۹
تواتر کا ثبوت ۱۳۰
مرزا غلام احمد قادیانی کا اقرار واعتراف نزول ۱۳۳
مسیحؑ وحیات مسیحؑ کا ثبوت قرآن مجید سے //
مسیح کے بارہ میں یہودیوں اور عیسائیوں ۱۳۶
کا اختلاف اور قرآن کا ناطق فیصلہ //
مسیح مقتول ومصلوب نہیں ہوئے بلکہ اٹھالئے گئے ۱۳۸
''رفع'' کی قادیانی تاویل ۱۳۹
حضرت مسیح کی حیات اور نزول کا قرآن ۱۴۲
مجید سے واضح ترین ثبوت //
سیاق وسباق کی روشنی میں آیت کا مطلب ۱۴۲
آیت کی تفسیر صحابہ کرام اور ائمہ تفسیر ۱۴۳
کے ارشادات سے //

حاصل کلام اور اجماع امت کی آخری شہادت	۱۴۵
اکابر امت پر قادیانیوں کی تہمت	۱۴۶
تحریک ختم نبوۃ منزل بہ منزل	۱۴۸
مقدمہ بہاولپور	۱۵۱
تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء	۱۵۴
تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء	۱۵۶
تحریک ختم نبوت ۱۹۸۴ء	۱۵۸
ایک بدیہی حقیقت	۱۵۹
مجلس تحفظ ختم نبوۃ کا قیام	۱۶۲
فیصلہ مقدمہ بہاولپور	۱۶۸
ڈسٹرکٹ جج ضلع بہاولنگر ریاست بہاولپور	۱۶۹
فتویٰ تکفیر قادیان	۱۹۷
مرزا صاحب کی گدی کے جانشین	۱۹۷
استفتاء از علمائے اسلام	۱۹۹
الجواب	۲۰۰
مرزائی کا جنازہ اور مسلمان...ایک لمحہ فکریہ	۲۱۱
"گوجرانوالہ کی میونسپل کمیٹی کے ذمہ	۲۱۲
دار مسلمان افسران سے"	//
قادیانیوں کے نزدیک تمام دنیا کے	۲۱۲
مسلمان کافر ہیں	//
مرزائی مذہب میں مسلمانوں کو لڑکیاں	۲۱۲
دینا حرام ہیں	//
قائداعظم کا جنازہ اور سر ظفر اللہ قادیانی	۲۱۳
گوجرانوالہ میں ایک ناخوشگوار واقعہ	۲۱۳
مرزا آنجہانی کی تکفیر کے تین اصول ہیں	۲۱۴
سراج الامت حضرت امام اعظم ابوحنیفہ	۲۱۴
رحمہ اللہ کا فتویٰ	//
حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی	۲۱۴
قدس سرہ کا عقیدہ	//
حضرت یوسف علیہ السلام کی توہین	۲۱۶
غلطی کا اقرار اور توبہ	۲۲۰
مولوی صاحب کا توبہ نامہ	۲۲۰
مرزا غلام احمد قادیانی اور اسکے مریدوں کی بابت	۲۲۲
مرزے قادیانی دا سیاپا	۲۴۴
مرزا کی طرف سے دعویٰ نبوت	۲۴۸
مرزائیوں سے ترکِ موالات	۲۵۰
باہتمام انجمن حفظ المسلمین امرتسر	۲۵۱
سوال (استفتاء)	۲۵۲
الجواب	۲۵۴
قادیانی شبہات کے جوابات	۲۹۹
ختم نبوت پر پاکستان قومی اسمبلی کا متفقہ فیصلہ	۳۰۰
ایک بل	۳۰۲
بیان اغراض و وجوہ	۳۰۲
وزیراعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کی تقریر	۳۰۳
قادیانی بدستور غیر مسلم ہیں	۳۱۱
حکومت پاکستان کی توثیق (۱۹۸۲ء)	۳۱۱
۱۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ	۳۱۵
۲۔ استقرار	۳۱۵
لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ	۳۱۷
عدالت کا حکم	۳۲۱

قادیانیت میری نظر میں ۳۲۱
3۔"قادیانی شعائر اسلامی استعمال نہیں کر ۳۲۲
سکتے" وفاقی شرعی عدالت کا تاریخ ساز فیصلہ ۳۲۲
وفاقی شرعی عدالت میں ۳۳۰
فیصلہ...فخر عالم چیف جسٹس ۳۳۰
قادیانیوں کی کلمہ طیبہ کی توہین پر لاہور ۳۴۲
ہائیکورٹ کا تاریخی فیصلہ //
لاہور ہائیکورٹ لاہور کا فیصلہ ۳۴۲
پوسٹ مارٹم ۳۴۵
کوئٹہ ہائیکورٹ کا تاریخی فیصلہ ۳۴۶
سپریم کورٹ شریعت اپیل بنچ کا فیصلہ ۳۶۰
دل کی بات ۳۶۱
سپریم کورٹ آف پاکستان میں ۳۶۲
حاضر ۳۶۲
فیصلہ....محمد افضل ظلہ چیئرمین ۳۶۳
"قادیانیت یا احمدیت" ۳۶۶
لاہور ہائیکورٹ لاہور ۳۷۵
گستاخ رسول کی سزا قتل ۳۷۹
حدیث دل ۳۷۹
فیڈرل شریعت کورٹ آف پاکستان ۳۸۳
تاریخ ساز فیصلہ ۳۸۷
بحضور سپریم کورٹ آف پاکستان ۳۹۶
۲۶۰ تعریفات ۳۹۹
"۲۹۸۔ب: القاب، حرکات اور خطاب ۳۹۹
وغیرہ کا غلط استعمال //
مذہب کی تعریف ۴۰۲
مسلم اور غیر مسلم کی تعریف ۴۰۳
"۲۶۰۔تعریفات" ۴۰۳
احمدیت اقبال کی نظر میں ۴۰۴
ظفر اللہ خاں کا قائداعظم کے جنازہ میں ۴۰۵
شرکت سے انکار //
اپنے عقیدہ کی تبلیغ واشاعت کرنا ۴۰۶
۳۔جسٹس سلیم اختر ۴۱۰
عدالت کا حکم ۴۱۱
قادیانیت علامہ اقبال کی نظر میں ۴۱۱
عزت مآب جناب جسٹس میاں نذیر اختر ۴۱۴
قادیانیوں کے صد سالہ جشن پر پابندی جائز ہے ۴۱۸
لاہور ہائی کورٹ کا تاریخی فیصلہ ۴۱۸
قادیانی اور ملت اسلامیہ کا موقف ۴۱۹
مصور پاکستان کی فریاد ۴۱۹
مرزا غلام احمد قادیانی کے صاحبزادے ۴۱۹
مرزا بشیر احمد قادیانی کی رائے //
امیر جماعت لاہور محمد علی لاہوری کا ایک قول ۴۲۰
مرزا قادیانی کا آخری عقیدہ ۴۲۲
آنحضرت ﷺ سے بھی افضل ۴۲۲
ہر شخص آنحضرت ﷺ سے بڑھ سکتا ہے ۴۲۳
خلیفہ دوم مرزا محمود احمد قادیانی کے فتاویٰ ۴۲۴
محمد علی لاہوری قادیانی کے اقوال ۴۲۵
غیر احمدیوں کے ساتھ شادی بیاہ ۴۲۶
غیر احمدیوں کی نماز جنازہ ۴۲۶

قائداعظم کی نماز جنازہ ۴۲۷
خوداپنے آپکوالگ اقلیت قرار دینے کا مطالبہ ۴۲۷
لاہوری جماعت کی حقیقت ۴۲۸
لاہوری جماعت کا حلفیہ بیان ۴۲۸
قادیان اور لاہوری جماعتوں میں کوئی ۴۲۸
فرق نہیں //
مرزائی نبوت کی جھلکیاں ۴۳۰
مرزا قادیانی کی پیشینگوئیاں ۴۳۱
محمدی بیگم سے نکاح ۴۳۱
تمہی کہو کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے؟ ۴۳۱
علماء کو گالیاں: ۴۳۱
عالم اسلام کا فیصلہ ۴۳۲
پاکستان کے ۳۳ علماء کا مطالبہ ترمیم ۴۳۳
رابطہ عالم اسلامی کی قرارداد ۴۳۳
فیصلہ مقدمہ راولپنڈی ۴۳۵
ماریشس سپریم کورٹ میں سب سے بڑا مقدمہ ۴۳۶
مصور پاکستان علامہ اقبال کی رائے ۴۳۸
مجدد الف ثانیؒ کی عبارت میں مرزا ۴۴۰
کی صریح تحریف //
مرزائیت کی اسلام روشنی ۴۴۱
ہم نے اپنی قرارداد میں کہا کہ! ۴۴۱
ایک حواری نبی کی ضرورت ۴۴۱
سامراجی ضرورتیں......مرزا قادیانی اور انکا خاندان ۴۴۲
اسلام کے ایک قطعی عقیدہ جہاد کی تنسیخ ۴۴۴
اس سلسلہ میں مرزا قادیانی کے اعترافات دیکھئے ۴۴۵
اسلامی جہاد منسوخ مگر مرزائی جہاد جائز ۴۴۶
مرزائیت اور عالم اسلام ۴۴۸
اسلامی وحدت ختم نبوت ہی سے استوار ہوتی ہے ۴۴۸
فتح عراق کے بعد پہلا مرزائی گورنر ۴۴۹
تفصیلی آمد خرچ مشنہائے بیرون حیفا ۴۵۲
......اسرائیل //
خلافت عثمانیہ اور ترکی ۴۵۶
افغانستان ۴۵۷
جمعیۃ الاقوام سے پاکستان کے خلاف ۴۵۷
مداخلت کی اپیل //
افریقی ممالک میں استعماری اور صیہونی ۴۵۷
سرگرمیاں //
افریقہ میں صیہونیت کا ہراول دستہ ۴۵۹
لاکھوں کروڑوں کا سرمایہ ۴۵۹
مسلمانانِ برصغیر کی فلاح و بہبود کی ۴۶۱
تنظیمیں اور مرزائیوں کا کردار //
اکھنڈ بھارت ۴۶۲
سیاسی عزائم اور منصوبے، ملک دشمن ۴۶۵
سیاسی سرگرمیاں //
مذہبی نہیں سیاسی تنظیم ۴۶۵
پاکستان میں قادیانی ریاست کا منصوبہ ۴۶۵
سرظفر اللہ خاں کا کردار ۴۶۶
کلیدی مناصب کی اہمیت اور مطالبہ کی ۴۶۷
علیحدگی کے دلائل //
متوازی نظام حکومت ۴۶۷

بلوچستان پر قبضے کا منصوبہ	۴۶۷
کشمیر	۴۶۷
۱۹۴۸ء کی جنگ کشمیر اور بٹالین	۴۶۸
فرقان فورس، ایک احمدی بٹالین اور	۴۶۸
متوازی فوجی تنظیم	//
خلاصہ کلام	۴۶۹
آخری دردمندانہ گزارش	۴۷۰
آئینہ قادیانیت	۴۷۲
عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت	۴۷۴
خاتم النبیین کی نبوی تفسیر	۴۷۸
ختم نبوت پر اجماع امت	۴۷۹
خاتم النبیین اور قادیانی جماعت	۴۸۰
وحی اور الہام میں فرق	۴۸۳
انقطاع وحی نبوت	۴۸۳
نبی کا تو خواب بھی وحی ہے	۴۸۵
لاہوری گروپ کیوں کافر؟	۴۹۰
عہد صدیقؓ میں تحفظ ختم نبوت کی پہلی جنگ	۴۹۰
قادیانیوں کے خلاف پہلا فتویٰ	۴۹۲
قادیانیوں کے خلاف مقدمات	۴۹۴
قادیانیت کا جماعتی سطح پر احتساب	۴۹۴
قادیان کانفرنس	۴۹۵
قادیان سے ربوہ تک	۴۹۵
قیام پاکستان کے بعد	۴۹۶
مجلس تحفظ ختم نبوت	۴۹۶
قیادت باسعادت	۴۹۷
غیر سیاسی جماعت	۴۹۸
امام العصر علامہ سید محمد انور شاہ کشمیریؒ:	۴۹۹
پاکستان اور قادیانیت	۴۹۹
قرارداد رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ	۵۰۱
تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء	۵۰۱
تحریک ختم نبوت ۱۹۸۴ء	۵۰۳
اسلامی عقیدہ	۵۰۸
سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق یہودیوں کا نقطہ نظر	۵۰۹
حضرت عیسیٰؑ کے متعلق قادیانی عقائد	۵۱۰
نزول عیسیٰ علیہ السلام	۵۱۰
ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں	۵۱۲
حیات و نزول عیسیٰ پر امت کا اجماع ہے	۵۱۲
مہدی علیہ الرضوان	۵۱۳
حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا نزول	۵۱۴
دجال کا خروج	۵۱۴
جوانی کی رنگ رلیاں اور ملازمت	۵۱۷
حکومت برطانیہ کا منظور نظر	۵۱۸
صداقت اسلام کے نعرہ سے اسلام کی	۵۱۸
بیخ کنی کا آغاز	//
دعاوی مرزا	۵۱۹
بیت اللہ ہونے کا دعویٰ	۵۱۹
۱۸۸۲ء مجدد ہونے کا دعویٰ	۵۱۹
۱۸۸۲ء مامور ہونے کا دعویٰ:	۵۲۰
۱۸۸۲ء نذیر ہونے کا دعویٰ:	۵۲۰
۱۸۸۳ء آدم مریم اور احمد ہونیکا دعویٰ:	۵۲۰

۱۸۸۴ء رسالت کا دعویٰ: ۵۲۰
۱۸۸۶ء توحید و تفرید کا دعویٰ: ۵۲۰
۱۸۹۱ء مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ: ۵۲۰
۱۸۹۲ء صاحب کن فیکون ہونیکا دعویٰ: ۵۲۰
۱۸۹۸ء مسیح اور مہدی ہونے کا دعویٰ: ۵۲۱
۱۸۹۸ء امام زماں ہونے کا دعویٰ ۵۲۱
نبوت ورسالت کا دعویٰ ۵۲۱
مستقل صاحب شریعت نبی اور رسول ۵۲۱
ہونے کا دعویٰ //
ایمان کی تعریف ۵۲۲
ضروریات دین کی تعریف ۵۲۲
کفر کی تعریف ۵۲۲
مسلمانوں کی باہم تکفیر بازی ۵۲۵
قادیانیوں کی وجوہ تکفیر ۵۲۷
۱- ختم نبوت کا انکار ۵۲۸
قادیانی اور اہل قبلہ ۵۲۹
قادیانی اور دوسرے کافروں میں فرق ۵۳۰
قادیانی عبادت گاہ ۵۳۰
مسلم قبرستان میں قادیانی مردوں کی تدفین کا حکم ۵۳۰
کفر کے دنیوی احکام ۵۳۰
مرزا صاحب کی دروغ گوئی کا نمونہ ۵۳۲
پہلی پیش گوئی: مرزا کی موت سے متعلق ۵۳۴
جواب: محمدی بیگم سے متعلق ۵۳۴
تاریخی دستاویز 1974ء قومی اسمبلی میں //
قادیانی مقدمہ کی مکمل کارروائی ۵۳۷
محرکین قرارداد ۵۳۸
حزب اختلاف کی تاریخی قرارداد ۵۳۹
5 اگست 1974ء کی کارروائی ۵۴۰
8-اگست 1974ء کی کارروائی ۵۵۹
9-اگست 1974ء کی کارروائی ۵۷۱
10-اگست 1974ء کی کارروائی ۵۷۸
23-اگست 1974ء کی کارروائی ۵۹۵
24-اگست 1974ء کی کارروائی ۵۹۸
لاہوری گروپ پر جرح ۶۰۵
مسعود بیگ لاہوری گروپ پر جرح ۶۰۵
عبدالمنان عمر لاہوری پر جرح ۶۱۶
اٹارنی جنرل کا بیان ۶۲۳
آئین پاکستان میں ترمیم کیلئے ایک بل ۶۲۶
1- مختصر عنوان اور آغاز نفاذ ۶۲۶
2......آئین کی دفعہ 106 میں ترمیم ۶۲۶
3......آئین کی دفعہ 260 میں ترمیم ۶۲۶
بیان اغراض و وجوہ ۶۲۶
قادیانیوں کے بارے میں قومی اسمبلی ۶۲۷
کی کارروائی خفیہ کیوں؟ //
ربوہ ۶۲۸
لال حسین اختر رحمہ اللہ احتساب قادیانیت ۶۲۹
سے اقتباسات //
عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ۶۲۹
نگاہ اولین ۶۲۹
مولانا لال حسین اور قادیانیت ۶۳۱

تحریک خلافت: ۶۳۳
تحریک خلافت میں شمولیت ۶۳۴
مرزائیت میں داخلہ ۶۳۵
ترک مرزائیت ۶۳۶
ترک مرزائیت کا اعلان ۶۳۷
لالچ اور قاتلانہ حملے ۶۳۸
خوابیں ۶۴۰
دوسرا خواب ۶۴۰
حضرت مولانا ظفر علی خانؒ کی ایک تاریخی نظم ۶۴۱
مرزا قادیانی اپنی تحریروں کے آئینے میں ۶۴۲
مرزا صاحب کی پیشگوئیاں ۶۴۵
مرزا صاحب کے انٹ شنٹ الہامات: ۶۴۶
تحفظ ختم نبوت اور شفاعت محمدی ﷺ ۶۴۹
امت مرزائیہ کی الجھن ۶۵۲
حضرت خواجہ غلام فریدؒ ۶۵۳
لال حسین اختر ۶۵۴
خواجہ غلام فرید رحمہ اللہ ۶۵۴
قادیانیوں کی ریشہ دوانیاں ۶۵۵
مکہ مکرمہ ”مشن“ ۶۵۵
قادیانی حج کا مقصد ۶۵۶
قادیان ارض حرم ہے ۶۵۶
حرمین شریفین کی توہین ۶۵۷
مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان ملتان کا ۶۵۸
سرکلر ماتحت جماعتوں کے نام ظفر اللہ //
خاں کے داخلہ حجاز پر شدید احتجاج //
سیرت مرزا قادیانی ۶۵۹
(۳) علمائے امت کی ایسی تیسی ۶۵۹
(۹) حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب ۶۶۰
عورتوں کی عار ہیں! //
پھجے دی ماں ۶۶۰
مرزا قادیانی گویا بچے ہی تھے! ۶۶۱
امت مسلمہ کا فرض ۶۶۲
عجائبات مرزا قادیانی ۶۶۲
مرغ، بلی اور چوہا ۶۶۲
حیات و نزول عیسیٰ پر امت کا اجماع ہے ۶۶۲
جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے: ۶۶۳
حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ۶۶۴
دجال کا خروج ۶۶۴
دجال ۶۶۵
قادیانی اشکال ۶۶۸
جوانی کی رنگ رلیاں اور ملازمت ۶۶۸
حکومت برطانیہ کا منظور نظر ۶۶۸
صداقت اسلام کے نعرہ سے اسلام کی ۶۶۹
بیخ کنی کا آغاز //
دعاوی مرزا: ۶۶۹
بیت اللہ ہونے کا دعویٰ ۶۷۰
۱۸۸۲ء مجدد ہونے کا دعویٰ ۶۷۰
۱۸۸۲ء مامور ہونے کا دعویٰ: ۶۷۰
۱۸۸۳ء آدم، مریم اور احمد ہونیکا دعویٰ ۶۷۰
۱۸۸۴ء رسالت کا دعویٰ ۶۷۰

۱۸۹۱ء مسیح ابن مریم ہونے کا دعویٰ ۶۷۱
۱۸۹۲ء صاحب کن فیکون ہونیکا دعوی ۶۷۱
۱۸۹۸ء مسیح اور مہدی ہونے کا دعویٰ ۶۷۱
۱۹۰۰ء تا ۱۹۰۸ء ظلی نبی ہونے کا دعویٰ ۶۷۱
نبوت ورسالت کا دعویٰ ۶۷۱
مستقل صاحب شریعت نبی اور رسول ہونیکا دعویٰ ۶۷۲
ایمان کی تعریف ۶۷۳
کفر کی تعریف ۶۷۳
کفر دون کفر ۶۷۴
لزوم کفر ۶۷۴
التزام کفر ۶۷۴
کافر ۶۷۴
ملحد وزندیق ۶۷۴
زندیق کا حکم ۶۷۵
مرتد ۶۷۵
مرتد کا حکم ۶۷۵
منافق: ۶۷۶
قادیانیوں کا حکم ۶۷۶
مسلمانوں کی باہم تکفیر بازی ۶۷۶
کیا قادیانی اہل قبلہ شمار ہوتے ہیں؟ ۶۷۹
مرزا قادیانی کا دعویٰ نبوت ۶۷۹
ادعائے وحی اور اپنی وحی کو قرآن کی ۶۷۹
طرح قرار دینا //
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین ۶۸۰
☆......امت محمدیہ کی تکفیر ۶۸۱
☆......قادیانی اور اہل قبلہ ۶۸۲
قادیانی اور دوسرے کافروں میں فرق ۶۸۲
قادیانی عبادت گاہ ۶۸۳
مسلم قبرستان میں قادیانی مردوں کی تدفین کا حکم ۶۸۳
کفر کے دنیوی احکام ۶۸۳
پہلی پیشینگوئی: مرزا کی موت سے متعلق: ۶۹۰
دوسری پیشینگوئی: زلزلہ اور پیر منظور محمد ۶۹۰
کے لڑکے کی پیش گوئی //
تیسری پیش گوئی: ریل گاڑی کا تین ۶۹۱
سال میں چلنا //
چوتھی پیش گوئی: غلام حلیم کی بشارت: ۶۹۱
محمدی بیگم: ۶۹۲
تضادات مرزا ۶۹۲
حملِ مرزا قادیانی ۶۹۵
استقرار حمل: ۶۹۵
دردزہ: ۶۹۵
مرزا جی کے مخلص مریدو! ۶۹۵
اے فرزندان اسلام! ۶۹۶
مرزا قادیانی کی ہیضہ کی حالت میں ۶۹۶
منہ مانگی موت //
مرزائیو! ۶۹۶
کنواری اور بیوہ ....مرزا قادیانی کی ۶۹۹
ایک پیشگوئی //
وفاقی وزیر قانون کی خدمت میں ۷۰۱
مطالبات ونکات! ۷۰۱

دلائل اور شواہد! ۷۰۱
احادیث شریفہ! ۷۰۲
توہین انبیاءؑ: ۷۰۵
(۳) قادیانیوں کو کسی کلیدی اسامی پر ۷۰۶
متعین نہ کیا جائے //
سقوط مشرقی پاکستان پر محمود الرحمٰن ۷۱۰
کمیشن میں تحریری بیان //
مشرقی پاکستان سے علیحدگی ۷۱۱
انگلستان میں مجلس تحفظ ختم نبوت کی کامیابی ۷۱۳
ووکنگ مسجد میں تردید مرزائیت ۷۱۴
ایک درخواست ۷۱۵
شیخ المشائخ خواجہ خان محمد صاحب مدظلہ کا پیغام ۷۱۶
لاتوں کے بھوت ۷۲۳
آئین پاکستان میں ترمیم کیلئے ایک بل ۷۲۶
1...... مختصر عنوان اور آغاز نفاذ ۷۲۶
2...... آئین کی دفعہ 106 میں ترمیم ۷۲۶
3...... آئین کی دفعہ 260 میں ترمیم ۷۲۶
بیان اغراض ووجوہ ۷۲۶
جنرل ضیاء الحقؒ کا نافذ کردہ آرڈیننس ۷۲۷
مجریہ 1982ء
نئے آرڈیننس کا اجراء (1984ء) ۷۳۳
قادیانیوں کی اسلام دشمن سرگرمیاں //
آرڈیننس نمبر 20...... مجریہ 1984ء ۷۳۴
مختصر عنوان اور آغاز نفاذ ۷۳۴
مجموعہ تعزیرات پاکستان ۷۳۵
مجموعہ ضابطہ فوجداری 1898ء ۷۳۶
مغربی پاکستان پریس اور پبلی کیشنز ۷۳۷
آرڈیننس 1963ء //
قادیانیوں کے عبرتناک انجام کے واقعات ۷۳۸
مرزا قادیانی کا انجام ۷۳۸
حکیم نورالدین کا انجام ۷۳۸
حضرت میاں شیر محمد شرق پوری رحمہ اللہ کا کشف ۷۳۹
پھگلہ میں مباہلہ اور مرزائیوں کا انجام ۷۳۹
قبر پھٹ گئی ۷۴۰
شاہ عبدالرحیم صاحب سہارنپوری رحمہ اللہ ۷۴۱
جب ایک قادیانی کی قبر کھولی گئی ۷۴۱
مرزا قادیانی کو چوہڑے کی شکل میں دیکھا ۷۴۲
ظفر اللہ کا ہولناک انجام ۷۴۲
روشنی مل گئی ۷۴۲
قبر میں زلزلہ ۷۴۴
صحابہ رضی اللہ عنہم کے جسم تروتازہ تھے ۷۴۴

ختم نبوت زندہ باد

مقالہ

ختم نبوت کا معنی
اور
خاتم النبیین کی تفسیر

از

حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ

ختم نبوت کا معنیٰ

الحمد لله وسلام علی عباده الذین اصطفیٰ. اما بعد

سرورِدوعالم فخرِ بنی آدم آقائے دوجہاں نبی عالمین امام النبیین شفیع المذنبیں رحمۃ للعالمین حضرت سیدنا ومولانا وشفیعنا محمد صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ وسلم محض نبی ہی نہیں بلکہ خاتم النبیین ہیں۔اور ختم کے معنی انتہا کر دینے اور کسی چیز کو انتہا تک پہنچا دینے کے ہیں۔ اس لیے خاتم النبیین کے معنی نبوت کو انتہا تک پہنچا دینے کے ہوئے اور کسی چیز کے انتہا تک پہنچ جانے کی حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنی آخری حد پر آ جائے کہ اس کے بعد کوئی اور درجہ اور حد باقی نہ رہے جس تک وہ پہنچے۔ اس لیے ختم نبوت کے معنی یہ ہوئے کہ نبوت اپنے تمام درجات ومراتب کی آخری حد تک آ گئی اور نبوت کا کوئی درجہ اور مرتبہ باقی نہیں رہا کہ جس تک وہ آئے اور اِس کے لیے حرکت کر کے آگے بڑھے۔اِس لیے ''خاتم النبیین'' کے حقیقی معنی یہ نکلے کہ خاتم پر نبوت اور کمالات نبوت کے تمام مراتب پورے ہو گئے اور نبوتی اپنے علمی واخلاقی کمالات کے ایک ایسے انتہائی مقام پر آ گئی کہ بشریت کے دائرہ میں نہ علمی کمال کا کوئی درجہ باقی رہا نہ اخلاقی قدروں کا کوئی مرتبہ کہ جس کے لیے نبوت خاتم سے گزر کر آگے بڑھے اور اس درجہ یا قدر تک پہنچے۔

خاتم النبیین وہ ہے جس پر کمالات کی انتہاء ہو گئی

اِس سے واضح ہو گیا کہ ختم نبوت کے معنی قطع نبوت یا انقطاع رسالت کے نہیں کہ نبوت کی نعمت باقی نہ رہی یا اِس کا نور عالم سے زائل ہو گیا بلکہ تکمیلِ نبوت کے ہیں جس کا حاصل

یہ ہوا۔ کہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر تمام کمالاتِ نبوت اپنی انتہا کو پہنچ کر مکمل ہو گئے جو اب تک نہ ہوئے تھے اور اب جو نبوتؐ دنیا میں قائم ہے وہ خاتم کی ہے۔ اور اس کامل نبوت کے بعد کسی نئی نبوت کی ضرورت باقی نہیں رہی، نہ یہ کہ نبوت دنیا سے منقطع ہو گئی اور چھین لی گئی، معاذ اللہ۔ اس کا قدرتی ثمرہ یہ نکلتا ہے کہ نبوت جب سے شروع ہوئی اور جن کمالات کو لے کر شروع ہوئی اور آخرکار جس حد پر آ کر رکی اور ختم ہوئی اِس کے اوّل سے لے کر آخر تک جس قدر بھی کمالاتِ نبوت دنیا میں وقتاً فوقتاً آئے اور طبقہ انبیاء میں سے کسی کو ملے وہ سب کے سب خاتم النبیین میں آ کر جمع ہو گئے۔ جو خاتم سے پہلے اِس کمال جامعیت کے ساتھ کسی میں جمع نہیں ہوئے تھے ورنہ جہاں بھی یہ اجتماع ہوتا وہیں پر نبوت ختم ہو جاتی اور آگے بڑھ کر یہاں تک نہ پہنچتی۔ اسلیے ''خاتم النبیین'' کا جامع علومِ نبوت جامع اخلاقِ نبوت جامع احوالِ نبوت اور جامع جمیع شئونِ نبوت ہونا ضروری ٹھہرا جو غیر خاتم کے لیے نہیں ہو سکتا تھا ورنہ وہی خاتم بن جاتا۔

خاتم النبیین کی شریعت

اور ظاہر ہے کہ جب ان ہی کمالات علم و عمل پر شریعتوں کی بنیاد ہے جو اپنی انتہائی حدود کے ساتھ خاتم النبیین میں جمع ہو کر اپنے آخری کنارہ پر پہنچ گئے جن کا کوئی درجہ باقی نہ رہا کہ اسے پہنچانے کے لیے خدا کا کوئی اور نبی آئے تو اِس کا صاف مطلب یہ نکلا کہ شریعت اور دین بھی آ کر خاتم پر ختم یعنی مکمل ہو گیا اور شریعت و دین کا بھی کوئی تکمیل طلب حصہ باقی نہیں رہا کہ اسے پہنچانے اور مکمل کرنے کے لیے کسی اور نبی کو دنیا میں بھیجا جائے۔ اِس لیے خاتم النبیین کے لیے خاتم الشرائع خاتم الادیان اور خاتم الکتب یا بالفاظ دیگر کامل الشریعت کامل الدین اور کامل الکتاب ہونا بھی ضروری اور قدرتی نکلا۔ ورنہ ختم نبوت کے کوئی معنی ہی نہیں ہو سکے تھے اور ظاہر ہے کہ کامل ہی ناقص کے لیے ناسخ بن سکتا ہے نہ کہ برعکس۔ اسلیے شریعت محمدی بوجہ اپنے انتہائی کمال اور ناقابل تغیر ہونے کے سابقہ شرائع کو منسوخ کرنے کی حقدار ٹھیرتی ہے اور ظاہر ہے کہ ناسخ آخر میں آتا ہے اور منسوخ اِس سے مقدم ہوتا ہے۔ اسلیے اس شریعت کا آخر میں آنا اور اِس کے لانے والے کا سب کے آخر میں مبعوث ہونا

بھی ضروری تھا۔ اِس لیے خاتم النبیین ہونے کے ساتھ آخرالنبیین بھی ثابت ہوئے کہ آپ کا زمانہ سارے انبیاء کے زمانوں کے بعد میں ہو۔ کیونکہ آخری عدالت جو ابتدائی عدالت کے فیصلوں کو منسوخ کرتی ہے آخر ہی میں رکھی جاتی ہے۔

آپؐ کمالاتِ بشری کے منتہا بھی ہیں اور مبداء بھی

پھر ساتھ ہی جب کہ خاتم النبیین کے معنی منتہائے کمالات نبوت کے ہوئے کہ آپ ہی پر آ کر ہر کمال ختم ہو جاتا ہے تو یہ ایک طبعی اصول ہے کہ جو وصف کسی پر ختم ہوتا ہے اسی سے شروع بھی ہوتا ہے جو کسی چیز کا منتہا ہوتا ہے وہی اِس کا مبدا بھی ہوتا ہے اور جو کسی شے کے حق میں خاتم یعنی مکمل ہوتا ہے۔ وہی اِس کے حق میں فاتح اور سرچشمہ بھی ہوتا ہے ہم سورج کو کہیں کہ وہ خاتم الانوار ہے جس پر نور کے تمام مراتب ختم ہو جاتے ہیں تو قدرتاً اسی کو سرچشمہ انوار بھی ماننا پڑیگا کہ نور کا آغاز اور پھیلاؤ بھی اسی سے ہوا ہے اور جہاں بھی نور اور روشنی کی کوئی جھلک ہے وہ اسی کی ہے اور اسی کے فیض سے ہے اِس لیے روشنی کے حق میں سورج کو خاتم کہہ کر فاتح بھی کہنا پڑے گا یا جیسے کسی بستی کے واٹر ورکس کو ہم خاتم المیاہ (پانیوں کی آخری حد) کہیں جس پر شہر کے سارے نلوں اور ٹینکیوں کے پانی کی انتہا ہو جاتی ہے تو اسی کو ان پانیوں کا سرچشمہ بھی ماننا پڑے گا کہ پانی چلا بھی یہیں سے ہے جو نلوں اور ٹینکیوں میں پانی آیا اور جس براسکاگ کو بھی پانی ملا وہ اسی کے فیض سے ملا جیسے ہم حضرت آدم علیہ السلام کو خاتم الآبا کہیں کہ باپ ہونے کا وصف ان پر جا کر ختم ہو جاتا ہے کہ ان کے بعد کوئی اور باپ نہیں نکلتا بلکہ سب باپوں کے باپ ہونے کی آخری حد سلسلہ وار پہنچ کر حضرت آدم علیہ السلام پر ختم ہو جاتی ہے تو قدرتی طور پر وہی فاتح الآبا بھی ثابت ہوتے ہیں کہ باپ ہونے کی ابتدا بھی ان ہی سے ہو۔ اگر وہ باپ نہ بنتے تو کسی کو بھی باپ بننا نہ آتا۔ یا جیسے ہم حق تعالیٰ شانہ کو خاتم الوجود جانتے ہیں کہ ہر موجود کے وجود کی انتہا اسی پر ہوتی ہے تو اصول مذکورہ کی رو سے وہی ذات واجب الوجود ان وجودوں کا سرچشمہ اور مبدا بھی ثابت ہوتی ہے کہ جسے بھی وجود کا کوئی حصہ ملا وہ اسی ذات اقدس کا فیض اور طفیل ہے۔ پس وجود کے حق میں ذاتِ خداوندی ہی اوّل و آخر اور مبدا و منتہا ثابت ہوتی ہے۔ ٹھیک اسی طرح

جب کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ''خاتم النبیین'' ہونا دلائل قطعیہ سے ثابت ہوا۔ اور اس کے معنی بھی واضح ہو گئے کہ نبوت اور کمالاتِ نبوت آپ پر پہنچ کر ختم ہو گئے اور آپ ہی کمالاتِ علم و عمل کے منتہا ہوتے تو اصولِ مذکورہ کی رو سے آپ ہی کو ان کمالاتِ بشری کا مبداء اور سرچشمہ بھی ماننا پڑے گا کہ آپ ہی سے ان کمالات کا افتتاح اور آغاز بھی ہوا اور جسے بھی نبوت یا کمالاتِ نبوت کا کوئی کرشمہ ملا وہ آپ ہی کے واسطہ اور فیض سے ملا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اصلی ہے اور باقی انبیاءؑ کی بالواسطہ ہے

پس جیسے آدم کی ابوّت اوّل بھی تھی اور وہی لوٹ پھر کر آخری بھی ثابت ہوتی تھی۔ ساتھ ہی اصلی اور بلاواسطہ بھی تھی۔ بقیہ سب باپوں کی ابوت ان کے واسطہ اور فیض سے تھی۔ ایسے ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اوّل بھی ہوئی اور لوٹ کر پھر آخری بھی اور ساتھ ہی اصلی اور بلاواسطہ بھی ہے کہ بقیہ سب انبیاء کی نبوتیں آپ کے واسطہ اور فیض سے ہیں۔ پس جیسے فلاسفہ کے یہاں ہر نوع کا ایک رب النوع مانا گیا ہے جو اس نوع کے لیے نقطہ فیض ہوتا ہے۔ ایسے ہی نبوت کی مقدس نوع کا نقطہ فیض اور جو ہر فرد حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات ہے۔ اِس لیے آپ کی نبوت اصلی ہے اور دوسرے انبیاء کی نبوت بواسطہ خاتم النبیین ہے۔ پس ہر کمالِ نبوت خواہ علمی ہو یا عملی۔ اخلاقی ہو یا اجتماعی حال کا ہو یا مقام کا، وہ اوّلاً آپ میں ہوگا اور آپ کے واسطہ سے دوسروں کو پہنچے گا۔ اِس لیے اصولِ مذکورہ کی رو سے دائرہ نبوت میں جب آپ خاتم نبوت ہوئے تو آپ ہی فاتح نبوت بھی ہوئے۔ اگر نبوت آپ پر رکی اور منتہی ہوئی تو آپ ہی سے یقیناً چلی بھی اور شروع بھی ہوئی، اسلیے آپ نبوت کے خاتم بھی ہیں اور فاتح بھی ہیں، آخر بھی ہیں اور اوّل بھی ہیں۔ مبدا بھی ہیں اور منتہا بھی ہیں۔ چنانچہ جہاں آپ نے اپنے آپ کو خاتم النبیین فرمایا کہ:۔

انی عبد اللّٰہ و خاتم النبیین

میں اللہ کا بندہ اور خاتم النبیین ہوں۔ (البیہقی والحاکم عن عرباض بن ساریہ)

اور جہاں آپ نے نبوت کو ایک قصر سے تشبیہ دے کر اپنے کو اِس کی آخری اینٹ بتایا جس پر اس عظیم الشان قصر کی تکمیل ہو گئی۔

فانا سددت موضع اللبنة و ختم بی البینات و ختم بی الرسل (کنزالعمال)

پس میں نے ہی (قصرِ نبوت کی آخری) اینٹ کی جگہ کو پر کیا اور مجھ ہی پر یہ قصر مکمل کر دیا گیا اور مجھ ہی پر رسول ختم کر دیئے گئے کہ میرے بعد اب کوئی رسول آنے والا نہیں۔

وہیں آپ نے اپنے کو قصرِ نبوت کی اولین خشت اور سب سے پہلی اینٹ بھی بتایا۔ فرمایا:

کنت نبیا والادم بین الروح و الجسد

میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم ابھی روح وبدن ہی درمیان ہی میں تھے۔

یعنی ان میں ابھی روح بھی نہیں پھونکی گئی تھی کہ میں نبی بنا دیا گیا تھا۔ جس سے واضح ہے کہ آپ خاتم ہونے کے ساتھ ساتھ فاتح بھی تھے۔ اوّل بھی تھے اور آخر بھی۔ چنانچہ ایک روایت میں اِس فاتحیت اور خاتمیت کو ایک جگہ جمع فرماتے ہوئے ارشاد ہوا (جو حدیث قتادہ کا ایک ٹکڑہ ہے) کہ:۔

جعلنی فاتحاً و خاتماً

اور مجھے اللہ نے فاتح بھی بنایا اور خاتم بھی۔ (خصائص کبریٰ ۱۹۷/۳۴۰)

پھر چونکہ خاتم ہونے کے لیے اوّل و آخر ہونا بھی لازم تھا تو حدیثِ ذیل میں اسے بھی واضح فرما دیا گیا اور آدم علیہ السلام کو حضور کا نور دکھلاتے ہوئے بطور تعارف کہا گیا کہ:۔

ھذا ابنک احمد ھو الاول و الاخر (کنزالعمال)

یہ تمہارا بیٹا احمد ہے جو (نبوت میں) اوّل بھی ہے اور آخر بھی ہے۔

پھر حدیث ابی ہریرہ میں اِس اولیت و آخریت جیسی اضداد کے جمع ہونے کی نوعیت پر روشنی ڈالی گئی کہ:۔

کنت اول النبیین فی الخلق و آخرھم فی البعث (ابونعیم فی الدلائل)

میں نبیوں میں سب سے پہلا ہوں بلحاظ پیدائش کے اور سب سے پچھلا ہوں بلحاظ بعثت کے۔

اِس لیے حقیقی طور پر آپ کی امتیازی شان محض نبوت نہیں۔ بلکہ "ختم نبوت" ثابت ہوتی ہے جس سے آپ کے لیے یہ فاتح وخاتم اور اول و آخر ہونا ثابت ہوا اور آپ سارے

طبقہ انبیاء میں ممتاز اور فائق نمایاں ہوئے اور ظاہر ہے کہ جب نبوت ہی سارے بشری کمالات کا سرچشمہ ہے اور اسی لیے سارے انبیاء علیہم السلام سارے ہی کمالاتِ بشری کے جامع ہوئے ہیں تو قدرتی طور پر ''خاتم نبوت'' کے لیے صرف جامع کمالات ہونا کافی نہیں بلکہ خاتم کمالات ہونا بھی ضروری ہے یعنی آپ کا ہر کمال انتہائی کمال کا نقطہ ہونا چاہیے۔ ورنہ ختم نبوت کے کوئی معنی ظاہر نہیں ہو سکتے۔

تمام انبیاء کے کمالات آپؐ میں علی وجہ الاتم موجود تھے

اندریں صورت جہاں یہ ماننا پڑے گا کہ جو کمال بھی کسی نبی میں تھا۔ وہ بلاشبہ آپ میں بھی تھا وہیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ آپ میں وہ کمال سب سے پہلے تھا اور سب سے بڑھ چڑھ کر تھا اور امتیاز و فضیلت کی انتہائی شان لیے ہوئے تھا اور یہ کہ وہ کمال آپ میں اصلی تھا اور اوروں میں آپ کے واسطہ سے تھا۔ پس آپ جامع کمالات ہی نہیں بلکہ خاتم کمالات اور خاتم کمالات ہی نہیں فاتح کمالات ......اور سرچشمہ کمالات اور فاتح کمالات ہی نہیں بلکہ منتہائے کمالات اور منتہائے کمالات ہی نہیں بلکہ اعلیٰ الکمالات اور افضل الکمالات ثابت ہوئے کہ آپ میں کمال ہی نہیں بلکہ کمال کا آخری اور انتہائی نقطہ ہے جس کے فیض سے اگلے اور پچھلے باکمال بنے۔

عقلی طور پر اِس کی وجہ یہ ہے کہ جس پر عنایت ازلی سب سے پہلے اور بلاواسطہ متوجہ ہوئی۔ وہ جس درجہ کا اثر اِس سے قبول کریگا یقیناً ثانوی درجہ میں اور بالواسطہ فیض پانے والے اس درجہ کا اثر نہیں لے سکتے۔ پس اوّل مخلوق یعنی اوّل ماخلق اللہ نوری کا مصداق، نور الٰہی کا جو نقشِ کامل اپنی اِستعداد کامل سے قبول کرسکتا ہے۔ اِس کی توقع بالواسطہ اور ثانوی نقوش سے اثر لینے والوں سے نہیں کی جاسکتی۔ چنانچہ آپ کی سیرت مبارکہ پر ایک طائرانہ نظر ڈالنے سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح سامنے آجاتی ہے کہ جو کمالات انبیاء سابقین کو الگ الگ دیئے گئے وہ سب کے سب اکٹھے کر کے اور ساتھ ہی اپنے انتہائی اور فائق مقام کے ساتھ آپ کو عطا کیے گئے اور جو آپ میں مخصوص کمالات ہیں وہ الگ ہیں۔

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

چنانچہ ذیل کی چند مثالوں سے جو شانِ خاتمیت کی ہزاروں امتیازی خصوصیات میں سے چند کی ایک اجمالی فہرست اور سیرت خاتم الانبیاء کے بے شمار ممتاز اور خصوصی مقامات میں سے چند کی موٹی موٹی سرخیاں ہیں۔ اِس حقیقت کا اندازہ لگایا جا سکے گا کہ اولین و آخرین میں سے جس باکمال کو جو کمال دیا گیا اِس کمال کا انتہائی نقطہ حضور کو عطا فرمایا گیا، اپنی ہر جہتی حیثیت سے ممتاز و فائق اور افضل تو ہے۔ مثلاً

باقی انبیاء ہیں، آپ خاتم الانبیاء ہیں

(۱) اگر اور انبیاء نبی ہیں تو آپ خاتم النبیین ہیں"۔ **ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ و خاتم النبیین** (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ نہیں تھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم مردوں میں سے کسی کے باپ لیکن وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین تھے۔

اور حدیث سلمان کا حصہ ذیل کہ **ان کنت اصطفیت آدم فقد ختمت بک الانبیاء وما خلقت خلقا اکرم منک علی**۔ (خصائص کبری ۲/۱۹۳)

ترجمہ:۔ اور ارشاد حدیث کہ جبریل نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ کا پروردگار فرماتا ہے کہ (اگر میں نے آدم کو صفی اللہ کا خطاب دیا ہے تو آپ پر تمام انبیاء کو ختم کر کے آپ کو خاتم النبیین کا خطاب دیا ہے) اور میں نے کوئی مخلوق ایسی پیدا نہیں کہ جو مجھے آپ سے زیادہ عزیز ہو۔

باقی اقوام کے نبی ہیں آپ نبی الانبیاء ہیں

(۲) اگر اور انبیاء کی نبوتیں مرجع اقوام و ملل ہیں تو آپ کی نبوت اس کی ساتھ ساتھ مرجع انبیاء و رسل بھی ہے۔

واذ اخذ اللّٰہ میثاق النبیین لما آتیتکم من کتاب و حکمۃ ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم لتو منن بہ و لتنصرنہ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ اور یاد کرو کہ جب اللہ نے نبیوں سے عہد لیا کہ جو کچھ میں نے تم کو دیا۔ کتاب

ہویا حکمت، پھر آوے تمہارے پاس کوئی رسول کہ سچا بتاوے تمہاری پاس والی کتاب کوتو اِس پر ایمان لاؤ گے اور اِسکی مدد کرو گے یہ مدد بلا واسطہ ہوگی اگر کوئی رسول دورۂ محمدی کو پا جائیں جیسے عیسیٰ علیہ السلام آپ ہی کی نبوت کے دورہ میں آسمان سے اتریںگے اور اتباع محمدی کرینگے) یا بواسطہ امم واقوام ہوگی اگر خود رسول دورۂ محمدی نہ پائیں جیسے تمام انبیاء سابقین جو دورۂ محمد سے پہلے گزر گئے اور آپ کا دورۂ شریعت انہوں نے نہیں پایا۔

باقی عابد ہیں آپ امام العابدین ہیں

(۳) اگر اور انبیاء عابد ہیں تو آپ کو ان عابدین کا امام بنایا گیا۔ **ثم دخلت بیت المقدس فجمع لی الانبیاء فقدمنی جبریل حتیٰ امتھم** (نسائی عن انس)

ترجمہ:۔ شب معراج کے واقعہ کا ٹکڑا ہے کہ پھر میں داخل ہوا بیت المقدس میں اور میرے لیے تمام انبیاء کو جمع کیا گیا۔ تو مجھے جبرائیل نے آگے بڑھایا یہاں تک میں نے تمام انبیاء کی امامت کی۔

باقی ظہور کے بعد نبی ہیں آپؐ وجود سے پہلے نبی ہیں

(۴) اگر اور انبیاء اپنے ظہور کے وقت نبی ہوئی تو آپ اپنے وجود ہی کے وقت سے نبی تھے جو تخلیق آدم کی تکمیل سے بھی قبل کا زمانہ ہے۔ **کنت نبیا و ادم بین الروح و الجسد** (مسند احمد)

ترجمہ:۔ میں نبی تھا اور آدم ابھی تک روح اور بدن کے درمیان ہی تھے (یعنی ان کی تخلیق ابھی مکمل نہ ہوئی تھی۔)

باقیوں کی نبوت حادث تھی آپ کی قدیم ہے

(۵) اگر اوروں کی نبوت حادث تھی تو حضور کی نبوت عالمِ خلق میں قدیم تھی۔

قال ابوھریرۃ متی وجبت لک النبوۃ؟ قال بین خلق آدم و نفخ الروح فیہ. (مستدرک حاکم و بیھقی و ابو نعیم)

ترجمہ:۔ ابو ہریرہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ کے لیے نبوت کب ثابت ہوئی؟ آپ نے فرمایا۔ آدم کی پیدائش اور ان میں روح آنے کے درمیان میں۔

باقی انبیاء کائنات تھے آپؐ سببِ تخلیقِ کائنات ہیں

(۶) اگر اور انبیاء اور ساری کائنات مخلوق ہیں تو آپ مخلوق ہونے کے ساتھ ساتھ سببِ تخلیقِ کائنات بھی ہیں۔

فلولا محمد ما خلقت آدم ولا الجنة ولا النار (مستدرک)

ترجمہ:۔ اگر محمدؐ نہ ہوں (یعنی میں انہیں پیدا نہ کروں) تو نہ آدم کو پیدا کرتا نہ جنت و نار کو۔

باقی مُقرّب تھے تو آپؐ اول المقربین ہیں

(۷) اگر عہد الست میں اور انبیاء مع تمام اولاد کے بلیٰ کے ساتھ مقرب تھے تو حضور اول المقربین تھے جنہوں نے سب سے پہلے بلیٰ کہا اور بلیٰ کہنے کی سب کو راہ دکھلائی۔ **کان محمد صلی اللّٰه علیه وسلم اول من قال بلی و لذلک صار یتقدم الانبیاء وهو آخر من بعث** (خصائص کبریٰ)

ترجمہ:۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے (عہد الست کے وقت) بلیٰ فرمایا۔ اسی لیے آپ تمام انبیاء پر مقدم ہوگئے درحالیکہ آپ سب کے آخر میں بھیجے گئے ہیں۔

آپؐ اول المبعوثین ہوں گے

(۸) اگر روزِ قیامت اور انبیاء قبروں سے مبعوث ہونگے تو آپ اول المبعوثین ہوں گے۔

انا اول من تنشق عنه الارض (مسند احمد عن ابن عباس)

ترجمہ:۔ میں سب سے پہلا ہوں گا کہ زمین اِس کے لیے شق ہوگی یعنی قبر سے سب سے پہلے میں اٹھونگا۔

آپؐ کو سب سے پہلے بلایا جائے گا

(۹) اگر اور انبیاء ابھی عرصاتِ قیامت ہی میں ہونگے تو آپ کو سب سے پہلے پکار بھی لیا جائے گا۔ کہ مقامِ محمود پر پہنچ کر اللہ کی منتخب حمد و ثنا کریں۔ **فیکون اول من یدعیٰ محمد صلی اللّٰه علیه وسلم فذا لک قوله تعالیٰ عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا** (مسند بزار و بیہقی)

ترجمہ:۔پس جنہیں (میدانِ محشر میں) سب سے پہلے پکارا جائے گا۔(کہ مقام محمود پر آ جائیں اور حمد وثنا کریں۔وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں گے۔یہی معنی ہیں اللہ کے اِس قول کے کہ قریب ہے بھیجے گا آپ کو آپ کا رب مقام محمود پر۔

آپؐ قیامت میں سب سے پہلے ساجد ہوں گے

(۱۰) اگر اور انبیاء کو روز قیامت ہنوز سجدہ کی جرات نہ ہوگی تو آپ سب سے پہلے ہوں گے جنہیں سجدہ کی اجازت دی جائے گی۔انا اوّل من یوذن له بالسجود یوم القیمة (مسند احمد عن ابی الدرداء)

ترجمہ:۔میں سب سے پہلا ہونگا۔جسے قیامت کے دن سجدہ کی اجازت دیجائیگی۔

آپؐ سب سے پہلے سجدہ سے سر اٹھائیں گے

(۱۱) اگر اور انبیاء اجازتِ عامہ کے بعد ہنوز سجدہ ہی میں ہوں گے تو آپ کو سب سے اول سجدہ سے سر اٹھانے کی اجازت دے دی جائیگی انا اول من یرفع رأسه فانظر الی بین یدی . (مسند احمد عن ابی الدرداء)

وفی مسلم:. فیقال یا محمد ارفع رأسک سل تعط واشفع تشفع

ترجمہ:۔میں سب سے پہلے سجدہ سے سر اٹھاؤں گا اور اپنے سامنے نظر کروں گا۔(جب کہ سب کی نگاہیں نیچی ہوں گی) کہا جائے گا۔محمد! سر اٹھاؤ جو مانگو گے دیا جائے گا (جس کی شفاعت کرو گے قبول کی جائیگی۔

آپؐ اول الشافعین واول المشفعین ہوں گے

(۱۲) اگر اور انبیاء روز قیامت شافع اور مشفع ہوں گے تو آپ اوّل شافع اور اول مشفع ہوں گے۔انا اوّل شافع و اول مشفع (ابونعیم فی الحلیہ عن جابر)

ترجمہ:۔میں سب سے پہلا شافع اور سب سے پہلا مشفع ہونگا (جس کی شفاعت قبول کی جائیگی)

آپؐ کو شفاعت کبریٰ ملے گی

(۱۳) اگر اور انبیاء کو شفاعت صغریٰ یعنی اپنی اپنی قوموں کی شفاعت دی جائے گی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شفاعت کبریٰ یعنی تمام اقوام دنیا کی شفاعت دی جائے گی۔

اذھبوا الیٰ محمد فیاتون فیقولون یا محمد انت رسول اللہ
وخاتم النبیین غفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر فاشفع
لنا الیٰ ربک الحدیث (مسند احمد عن ابی ھریرہ)

ترجمہ:۔ شفاعت کے سلسلہ میں اس حدیث طویل میں ہے کہ جب اولین وآخرین کی سرگردانی پر اور طلبِ شفاعت پر سارے انبیاء جواب دیں گے کہ ہم اِس میدان میں نہیں بڑھ سکتے اور لوگ آدم سے لے کر تمام انبیاء و رسل تک سلسلہ وار شفاعت سے عذر سنتے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک پہنچیں گے اور طالب شفاعت ہونگے تو فرمائیں گے کہ) جاؤ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تو آدم کی ساری اولاد آپکے پاس حاضر ہوگی اور عرض کرے گی کہ اے محمد! آپ اللہ کے رسول ہیں اور خاتم الانبیاء ہیں (گویا آج سارے عالم کو رسالت محمدی اور ختمِ نبوت کا اقرار کرنا پڑیگا) آپکی اگلی اور پچھلی لغزشیں سب پہلے ہی معاف کردی گئی ہیں (یعنی آپکے لیے اِس عذر کا موقع نہیں جو ہر نبی نے کیا کہ میرے اوپر فلاں لغزش کا بوجھ ہے میں شفاعت نہیں کر سکتا کہیں مجھ سے ہی باز پرس نہ ہونے لگے اِس لیے آپ پروردگار سے ہماری شفاعت فرمائیں تو آپ اسے بلا جھجک اور بلا معذرت کے قبول فرمالیں گے اور شفاعت کبریٰ کریں گے۔

آپؐ شفاعتِ عامہ کا مقام سنبھالیں گے

(۱۴الف) اگر انبیاء قیامت کی ہولناکی کے سبب شفاعت سے بچنے کی کوشش کریں گے اور لست لھا میں شفاعت کا اہل نہیں ہوں) کہہ کر پیچھے ہٹ جائیں گے تو حضور کے دعوے کے ساتھ انا لھا انا لھا (میں اس کا اہل ہوں) کہہ کر آگے بڑھیں گے اور شفاعت عامہ کا مقام سنبھال لیں گے (مصنف ابن ابی شیبہ عن سلمان)

ترجمہ:۔ اِس روایت کی بھی وہی تفصیل ہے جو ۱۳ میں گزری۔

آپؐ سب سے پہلے پل صراط عبور کریں گے

(۱۴ب) اگر اور انبیاء ابھی میدان حشر میں ہوں گے تو آپ سب سے پہلے ہونگے جو پل صراط کو عبور بھی کر جائیں گے

یضرب جسر جهنم فاکون اول من یجیز (بخاری ومسلم عن ابی ہریرہ)

ترجمہ:۔ جہنم پر پل تان دیا جائے گا تو سب سے پہلے اسے عبور کرنے والا میں ہوں گا۔

آپؐ سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے

(۱۵) اگر اور انبیاء اور اولین وآخرین ہنوز پیش دروازۂ جنت ہی ہوں گے تو آپ سب سے پہلے ہوں گے جو دروازہ جنت کھٹکھٹائیں گے۔ **انا اوّل من یقرع باب الجنه** (ابونعیم عن ابوہریرہ)

ترجمہ:۔ میں سب سے پہلے دروازہ جنت کھٹکھٹاؤں گا۔

آپؐ کے لئے سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھلے گا

(۱۶) اگر اور انبیاء اور اقوام انبیاء ہنوز داخلہ جنت کی اجازت ہی کے مرحلہ پر ہوں گے تو آپ کے لیے سب سے پہلے دروازہ جنت کھول بھی دیا جائے گا۔ **انا اول من تفتح له ابواب الجنه** (ابونعیم وابن عساکہ عن حذیفہ)

ترجمہ:۔ میرے لئے سب سے پہلے دروازہ جنت کھولا جائے گا۔

آپؐ سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

(۱۷) اگر اور انبیاء باب جنت کھلنے پر ابھی داخلہ کے آرزو مند ہی ہوں گے تو آپ سب سے پہلے اول جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ **وانا اول من یدخل الجنه یوم القیٰمه ولافخر** (بیہقی وابونعیم عن انس)

ترجمہ:۔ روزِ قیامت میں ہی سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگا۔ مگر فخر سے نہیں کہتا۔

آپؐ کو اولین وآخرین کے علوم عطا ہوئے

(۱۸) اگر اور انبیاء کو علوم خاصہ عطا ہوئے تو آپ کو علم اولین وآخرین دیا گیا۔

اوتیت علم الاولین والآخرین (خصائص کبریٰ ۲/۸۷)

ترجمہ:۔ مجھے علم اولین وآخرین دیا گیا ہے جو الگ الگ انبیاء کو دیا گیا تھا جیسے آدمؑ کو علم اسماء، یوسفؑ کو علم تعبیر خواب، سلیمانؑ کو علم منطق الطیر خضرؑ کو علم لدنی، عیسیٰؑ کو حکمت وغیرہ۔

آپؐ کو خُلقِ عظیم عطا ہوا

(۱۹) اگر اور انبیاء کو خلق حسن عطا ہوا۔ حسن کے معنی معاملات میں حدود سے نہ گزرنے کے ہیں اور خلق کریم عطاء جس کے معنی عفو مسامحہ کے ہیں تو آپ کو خلق عظیم دیا گیا جس کے معنی دوسروں کی تعدی پر نہ صرف ان سے درگزر کرنے اور معاف کر دینے کے ہیں بلکہ ان کے ساتھ احسان کرنے اور حسنِ سلوک سے پیش آنے کے ہیں جو تمام محاسن اخلاق اور مکارم اخلاق دونوں کا جامع ہے۔ وانک لعلیٰ خلق عظیم (القران الحکیم)

ترجمہ:۔ خلق حسن یہ ہے کہ ظلم کرنے والے سے اپنا حق پورا پورا لیا جائے۔ چھوڑا نہ جائے مگر عدل و انصاف جس میں کوئی تعدّی اور زیادتی نہ ہو۔ یہ مساوات ہے اور خلافِ رحمت نہیں۔ خلقِ کریم یہ ہے کہ ظالم کے ظلم سے درگزر کر کے اپنا حق معاف کر دیا جائے یہ کریم النفس ہے اور فی الجملہ رحمت بھی ہے کہ اگر دیا نہیں تو لیا بھی نہیں اور خلق عظیم یہ ہے کہ ظالم سے نہ صرف اپنے حق کی ادائیگی معاف کر دی جائے بلکہ اوپر سے اس کے ساتھ سلوک و احسان بھی کیا جائے جب کہ وہ حق تلفی کر رہا ہو۔ اِس خلق کی روح غلبہ رحمت و شفقت اور کمال ایثار ہے اسی کو فرمایا کہ اے نبی! آپ خلقِ عظیم پر ہیں۔

آپؐ متبوع الانبیاء ہیں

(۲۰) اگر اور انبیاء متبوع امم اقوام تھے تو حضور متبوع انبیاء و رسل تھے۔ لو کان موسیٰ حیا ما وسعه الاتباعی (مشکوٰۃ)

ترجمہ:۔ اگر موسیٰ آج زندہ ہوتے تو انہیں بھی میرے اتباع کے سوا چارہ کار نہ تھا۔

آپؐ کو ناسخ کتاب ملی

(۲۱) اگر اور انبیاء کو قابل نسخ کتابیں ملیں تو آپ کو ناسخ کتاب عطا ہوئی۔

ان عمراتی النبی صلی الله علیه وسلم بنسخة من التوارة فقال یا رسول هذه نسخة من التوراة. فسکت. فجعل یقرأو وجه رسول الله صلی الله علیه وسلم یتغیر فقال ابوبکر ثکلتک الثواکل ما تری ما بوجه رسول

الله صلی الله علیه وسلم؟ فنظر عمرا لیٰ وجه رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال اعوذ بالله من غضب الله وغضب رسوله رضینا بالله ربا و بالاسلام دینا وبحمد نبیًّا فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم والذی نفس محمد بیدهٖ لو بدالکم موسیٰ فاتبعتموه و ترکتمونی لضللتم عن سواء السبیل ولو کان حیًّا و ادرک نبوتی لاتبعنی (دارمی عن جابر)

ترجمہ:۔ حضرت عمر تورات کا ایک نسخہ حضور کے پاس لے آئے اور عرض کیا کہ یہ تورات ہے۔ آپ خاموش رہے تو انہوں نے اسے پڑھنا شروع کر دیا اور آپ کا چہرہ مبارک غصہ سے متغیر ہونا شروع ہو گیا تو صدیق اکبرؓ نے حضرت عمرؓ کو متنبہ کرتے ہوئے فرمایا تجھے گم کردیں گم کرنے والیاں کیا چہرہ نبوی کا اثر تمہیں نظر نہیں آ رہا ہے؟ تب حضرت عمرؓ نے چہرہ اقدس کو دیکھا اور دہل گئے، فوراً زبان پر جاری ہو گیا) میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے غضب سے اور اس کے رسول کے غضب سے، ہم راضی ہوئے اللہ سے بلحاظ رب ہونے کے اور راضی ہوئے اسلام سے بلحاظ دین ہونے کے اور راضی ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بلحاظ نبی ہونے کے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ اگر آج تمہارے پاس موسیٰ آ جائیں اور تم مجھے چھوڑ کر ان کا اتباع کرنے لگو تم بلاشبہ سیدھے راستہ سے بھٹک جاؤ گے اور اگر آج موسیٰ زندہ ہو کر آ جائیں اور میری نبوت کو پالیں تو وہ یقیناً میرا ہی اتباع کریں گے۔

آپؐ کو کمال دین عطا ہوا

(۲۲) اگر اور انبیاء کو دین عطا کیا گیا تو آپ کو کمال دین دیا گیا جس میں نہ کمی کی گنجائش ہے نہ زیادتی کی۔

الیوم اکملت لکم دینکم (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ آج کے دن میں نے تمہارے لیے دین کو کامل کر دیا (جس میں نہ اب کمی کی گنجائش ہے، نہ زیادتی کی)۔

(۲۳) اگر اور انبیاء کو ہنگامی دین دیئے گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دوامی دین عطا کیا گیا۔

الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم

الاسلام دینا (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔آج کے دن میں نے دین کو کامل کردیا (جس میں کوئی کمی نہیں رہی تو کسی نئے دین کی ضرورت نہیں رہی پس وہ منسوخ ہوگیا جس سے اِس دین کا دوامی ہونا ظاہر ہے اور پہلے ادیان میں کمی تھی جس کی اِس دین سے تکمیل ہوئی تو پچھلے کسی نا تمام دین کی اب حاجت نہیں رہی پس وہ منسوخ ہوگیا جس سے اس کا ہنگامی ہونا ظاہر ہے۔)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غلبہ دین عطا ہوا

(۲۴) اگر اور انبیاء کو دین عطا ہوا تو آپ کو غلبہ دین عطا کیا گیا۔

ھو الذی ارسل رسولہٗ بالھدیٰ و دین الحق لیظھرہٗ علی الدین کلہ
(القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ وہی ذات ہے جس نے اپنا رسول بھیجا ہدایت و دین دے کر تا کہ اسے تمام دینوں پر غالب کردے۔

آپؐ کے دین میں تجدید رکھی گئی

(۲۵) اگر اور انبیاء کے دین میں تحریف وتبدیل راہ پا گئی جس سے وہ ختم ہوگئے تو آپ کے دین میں تجدید رکھی گئی جس سے وہ قیامت تک تازہ بہ تازہ ہوکر دواماً باقی رہے گا۔

ان اللہ یبعث لھذہ الامۃ علی راس کل ماۃ سنہ من یجد لھا دینھا (مشکوۃ)

ترجمہ:۔ بلاشبہ اللہ تعالےٰ اٹھاتا رہے گا اِس امت کیلئے وہ لوگ جو ہر صدی کے سرے پر دین کو تازہ بہ تازہ کرتے رہیں گے۔

شریعت محمدی میں جلال و جمال کا کمال غالب ہے

(۲۶) اگر شریعت موسوی میں جلال اور شریعت عیسوی میں جمال غالب تھا۔ یعنی حکم کی صرف ایک ایک جانب کی رعایت تھی۔ تو شریعت محمدی میں جلال و جمال کا مجموعی کمال غالب ہے۔ جس کا نام اعتدال ہے۔ جس میں حکم کی دونوں جانبوں کے ساتھ درمیانی جہت کی رعایت ہے جسے توسط کہتے ہیں۔ **وجعلنکم امۃ وسطاً.**

ترجمہ:۔ اور بنایا ہم نے تم کو (بحیثیت دین) کے امت اعتدال۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں تنگی ختم کردی گئی

(۲۷) اگر دینوں میں تشدد اور تنگی اور شاق شاق ریاضتیں تھیں، جسے تشدد کہا جاتا ہے تو اس دین میں نرمی اور توافق طبائع رکھ کر تنگ گیری ختم کردی گئی ہے۔

لا تشدد وعلیٰ انفسکم فیشدد اللہ علیکم فان قوماً شددو علیٰ انفسھم فشدد اللہ علیھم فتلک بقایا ھم فی الصوامع والدیار (ابو داؤد عن انس)

ترجمہ:۔ اپنے اوپر سختی مت کرو (ریاضت شاقہ اور ترکِ لذات میں مبالغے مت کرو) کہ اللہ بھی تم پر سختی فرمانے لگے اس لیئے کہ جنہوں نے اپنے اوپر تشدد کیا۔ رہبانیت سے یعنی یہود ونصاریٰ تو اللہ نے بھی ان پر سختی کی سو یہ مندروں اور خانقاہوں میں کچھ انہی کے بچے بچائے لوگ پڑے ہوئے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں اعتدال ہے

(۲۸) اگر بسلسلہ خصومات شریعت موسوی میں تشدد ہے یعنی انتقام فرض ہے۔ عفو و درگذر جائز نہیں۔

وکتبنا علیھم فیھا ان النفس بالنفس والعین بالعین الآیة.

ترجمہ:۔ اور ہم نے ان بنی اسرائیل پر فرض کردیا تھا تورات میں نفس کا بدلہ نفس، آنکھ کا بدلہ آنکھ۔

اور شریعت عیسوی میں تساہل ہے یعنی عفو و درگذر فرض ہے انتقام جائز نہیں۔ نص انجیل گال پر تھپڑ کھا کر دوسرا گال بھی پیش کردو انجیل میں فرمایا گیا ہے کہ کوئی تمہارے بائیں گال پر تھپڑ مارے تو تم دایاں گال بھی پیش کہ بھائی ایک اور مارتا چل۔ خدا تیرا بھلا کرے گا۔

تو شریعتِ محمدی میں توسط واعتدال فرض ہے کہ انتقام جائز اور عفو و درگذر افضل ہے جسمیں یہ دونوں شریعتیں جمع ہو جاتی ہیں۔

وجزاء سیئة مثلھا فمن عفا و اصلح فاجرهٗ علی اللہ انه لا یحب الظّٰلمین (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ اور برائی کا بدلہ اسی جیسی اور اتنی ہی برائی ہے یہ خلق حسن ہے اور جو معاف کرے اور درگزر کرے تو اس کا اجر اللہ پر ہے۔ اور اللہ ظالموں کو جو حدود (سے گزر جانے والے ہوں) پسند نہیں کرتا۔

شریعت محمدی میں ظاہر کی طہارت بھی ہے باطن کی بھی

(۲۹) اگر شریعت عیسوی میں صرف باطنی صفائی پر زور دیا گیا ہے، خواہ ظاہر گندہ ہی کیوں نہ رہ جائے نہ غسلِ جنابت ہے نہ تطہیر اعضاء، دوسری ملتوں میں صرف ظواہر کی صفائی پر زور دیا گیا ہے کہ غسل بدن روزانہ ضروری ہے خواہ میں باطن میں خطرات کفر وشرک کچھ بھی بھرے پڑے رہیں تو شریعت محمدی میں طہارت ظاہر و باطن دونوں کو جمع کیا گیا ہے۔ **وثیابک فطھر** (القرآن الحکیم) حضرت عمر رضی اللہ نے فرمایا۔ **فتیٰ ارفع ازارک فانہ انقی لثوبک واتقی لربک** ارشاد حدیث ہے۔ **السواک مطھرۃ للفم مرضاۃ للرب۔**

ترجمہ:۔ اور اپنے کپڑوں کو پاک کرو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کے قریب ایک نوجوان مزاج پرسی کے لیے حاضر ہوا جس کی ازار ٹخنوں سے نیچی زمین پر گھسٹتی ہوئی آ رہی تھی۔ تو فرمایا کہ اے جوان لنگی ٹخنوں سے اوپر اٹھا کہ یہ کپڑے کے حق میں صفائی اور پاکی اور پروردگار کی نسبت سے تقویٰ (باطنی پاکی) کا سبب ہوگی جس سے ظاہری و باطنی دونوں پاکیوں کا مطلوب ہونا واضح ہے اور حدیث میں ہے کہ مسواک کرنا منہ کی تو پاکی ہے اور پروردگار کی رضا ہے۔ یعنی مسواک ظاہری اور باطنی دونوں پاکیاں پیدا کرتی ہے جس سے ظاہر و باطن کی صفائی اور پاکی کا مطلوب ہونا نمایاں ہے۔

دین محمدی میں پوری انسانیت کی آزادی ہے

(۳۰) اگر اور ادیان میں اپنی اپنی قومیتوں اور ان ہی کے چھٹکارے کی رعایت ہے۔ مقولہ موسوی ہے۔

ان ارسل معنا بنی اسرائیل ولا تعذبھم

ترجمہ:۔ بھیج میرے ساتھ بنی اسرائیل کو اور نہیں ستا مت۔

مقولہ عیسوی ہے کہ میں اسرائیلی بھیڑوں کو جمع کرنے آیا ہوں' وغیرہ تو دین محمدی میں نفس انسانیت کی رعایت اور پورے عالم بشریت پر شفقت سکھلائی گئی ہے۔

الخلق عیال اللہ فاحب الخلق الی اللہ من یحسن الیٰ عیالہ (مشکوٰۃ)

ترجمہ:۔ ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ کو سب سے زیادہ پیارا وہ ہے جو اِس کے کنبہ کے ساتھ احسان سے پیش آئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شریعت وحقیقت دونوں عطا ہوئیں

(۳۱) اگر اور انبیاء نے صرف ظاہر شریعت یا صرف باطن پر حکم کیا تو آپ نے ظاہر و باطن دونوں پر حکم کیا اور آپ کو شریعت وحقیقت دونوں کی عطا کی گئیں۔

عن الحارث بن حاطب ان رجلاً سرق علیٰ عهد رسول الله صلی الله عليه وسلم فاتی به فقال اقتلوه فقالوا انما سرق قال فاقطعوه (فقطع) ثم سرق ايضا فقطع ثم سرق علی عهد ابی بكر فقطع ثم سرق فقطع حتیٰ قطعت قوائمه ثم سرق الخامسه فقال ابوبكر كان رسول الله عليه وسلم اعلم بهذا حيث امر بقتله اذهبوا به فاقتلوه (مستدرک، حاکم و صححه)

ترجمہ:۔ خضر علیہ السلام نے صرف باطن شریعت یعنی حقیقت پر حکم کیا جیسے کشتی توڑ دی۔ ناکردہ گناہ لڑکے کو قتل کر دیا یا بخیل گاؤں کی دیوار سیدھی کر دی اور موسےٰ علیہ السلام نے صرف ظاہر شریعت پر حکم کیا کہ ان تینوں امور میں حضرت خضر علیہ السلام سے مواخذہ کیا۔ جب انہوں نے حقیقت حال ظاہر کی تب مطمئن ہوئے۔ لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ظاہر شریعت پر بھی حکم فرمایا جیسا کہ عام احکام شرعیہ ظاہر ہی پر ہیں اور کبھی کبھی باطن اور حقیقت پر بھی حکم فرمایا جیسا کہ حدیث میں اس کی نظیر یہ ہے کہ حارث بن حاطب ایک چور کو لائے تو حضورؐ نے فرمایا کہ اسے قتل کر دو حالانکہ چوری کی ابتدائی سزا قتل نہیں تو صحابہؓ نے موسیٰ صفت بن کر عرض کیا کہ یارسول اللہ اس نے تو چوری کی ہے (کسی کو قتل نہیں کیا جو قتل کا حکم فرمایا جاوے) فرمایا اچھا اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ اس نے پھر چوری کی تو اس کا (بایاں پیر) کاٹ دیا گیا۔ پھر حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں اس نے پھر چوری کی تو اس کا بایاں ہاتھ کاٹ دیا گیا چوتھی بار اس نے پھر چوری کی تو دایاں پیر بھی کاٹ دیا گیا۔ لیکن چاروں ہاتھ پیر کاٹ دیئے جانے کے باوجود جب اس نے پانچویں دفعہ پھر چوری کی تو صدیق اکبرؓ نے فرمایا کہ اسکے بارہ میں علم حقیقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی تھا کہ آپ نے پہلی ہی بار ابتدا ہی میں

جان لیا تھا کہ چوری اس کا جزوِ نفس ہے یہ چوری کی سزاؤں سے باز آنے والا نہیں اور ابتدا ہی میں اس کے باطن پر حکم لگا کر قتل کا حکم دیدیا تھا۔ ہمیں اب خبر ہوئی جب کہ وہ ظاہر میں ضابطہ سے قتل کے قابل بنا۔ لہٰذا اسے قتل کر دو۔ تب وہ قتل کیا گیا۔ اس قسم کے بہت سے واقعات احادیث میں جا بجا ملتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو اجتہادی مذاہب عطا کئے گئے

(۳۲ الف) اگر انبیاء سابقین کو شرائع اصلیہ دی گئیں تو آپ کو آپ کی امت کے راسخین فی العلم کو شرائع وضعیہ یعنی اجتہادی مذاہب عطا کیے گئے جن میں تشریع کی شان رکھی گئی کہ آئمہ اجتہاد اصل شریعت کے احکام وعلل واوصاف اور اسرار وحکم میں شرعی ذوق سے غور وتدبیر کر کے نئے نئے حوادث کے احکام کا استخراج کریں اور باطن شریعت کھول کر نمایاں کر دیں۔

لعلمه الذين يستنبطو نه منهم (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ اور جب ان کے پاس کوئی بات امن کی یا خوف کی پہنچتی ہے تو اسے پھیلا دیتے ہیں حالانکہ اگر اسے وہ پیغمبر کی طرف یا راسخین فی العلم تک پہنچا دیتے تو جو لوگ اِن میں سے استنباط کرتے ہیں وہ اسے جان لیتے (جس سے استنباطی اور اجتہادی شرائع ثابت ہوتی ہیں)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں ایک نیکی کا اجر دس گنا ہے

(۳۲ ب) اگر اور انبیاء کے ادیان میں ایک نیکی کا اجر ایک ہی ہے تو آپ کے دین میں ایک نیکی کا اجر دس گنا ہے اور ایک نیکی برابر دس نیکیوں کے ہے۔ **من جاء بالحسنة فله عشر امثالها** (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ جس نے ایک نیکی کی تو اس کے لیے دس گنا اجر ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانچ نمازیں ملیں

(۳۳) اگر اور انبیاء کو ایک ایک نماز ملی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پانچ نمازیں عطاء ہوئیں۔

عن محمد بن عائشه ان آدم لما یتب علیه عند الفجر صلی رکعتین فصارت الصبح وفدی اسحٰق عند الظهر فصلی ابراهیم اربعا فصارت الظهر وبعث عزیر فقیل له کم لبثت قال یوما فرای الشمس فقال اوبعض یوم فصلی اربع رکعات فصارت العصر و غفر لداؤد عند المغرب فقام فصلی اربع رکعات فجهد فجلس فی الثالثة فصارت المغرب ثلثا و اول من صلی العشاء الاخرة نبینا محمدؐ صلی الله علیه وسلم (طحاوی بحواله خصائص کبریٰ ۲/۲۰۴)

ترجمہ:۔محمد بن عائشہؒ کہتے ہیں کہ آدم علیہ السلام کی توبہ جس دن فجر کے وقت قبول ہوئی تو انہوں نے دو رکعتیں پڑھیں تو صبح کی نماز کا وجود ہوا اور حضرت اسحٰق علیہ السلام کا جب ظہر کے وقت فدیہ دیا گیا اور انہیں ذبح سے محفوظ رکھا گیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے چار رکعتیں بطورِ شکر نعمت پڑھیں تو ظہر ہوگئی اور حضرت عزیر علیہ السلام کو جب زندہ کیا گیا اور کہا گیا کہ تم کتنے وقت مردہ رہے؟ کہا، ایک دن، پھر جو سورج دیکھا تو کہا یا کچھ حصہ دن (جو عصر کا وقت ہوتا ہے) اور چار رکعت پڑھی تو عصر ہوگئی اور مغفرت کی گئی۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی غروب کے وقت تو وہ کھڑے ہوئے چار رکعت پڑھنے کے لیے تین پڑھی تھیں کہ تھک گئے تو تیسری ہی میں بیٹھ گئے تو مغرب ہوگئی اور سب سے پہلے جس نے عشاء کی نماز پڑھی۔ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور مذکورہ چاروں نمازیں بھی آپ کو دی گئیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پانچ نمازیں پچاس کے برابر ہیں

(۴۴) اگر اور انبیاء کی ایک نماز ایک ہی رہی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پانچ نمازیں پچاس کے برابر رکھی گئیں۔

هی خمس بخمسین (نسائی عن انس)

ترجمہ:۔شب معراج میں آپ کو پچاس نمازیں دی گئیں جن میں موسیٰ علیہ السلامؑ کے مشورہ سے آپ کمی کی درخواستیں کرتے رہے اور پانچ پانچ ہر دفعہ کم ہوتی رہیں جب پانچ رہ گئیں اور آپ نے حیاءً ان میں کمی کی درخواست نہیں فرمائی۔ تو ارشاد ہوا بس یہ پانچ نمازیں ہی آپ پر اور آپ کی امت پر فرض ہیں مگر یہ پانچ پچاس کے برابر رہیں گی اجر وثواب میں۔

(۳۵) اگر اور انبیاء نے بطور شکر نعمت خود سے اپنی اپنی نمازیں متعین کی تو آپ کو آسمان پر بلا کر اپنی تعیین سے نمازیں خود حق تعالیٰ نے آپ کو عنایت فرمائیں۔ (کما فی حدیث المعراج المشهور)

ترجمہ:۔ جیسا کہ حدیث معراج میں تفصیلاً مذکور ہے اور حاشیہ ۲۸ میں اس کا مختصر تذکرہ آچکا ہے۔

آپ ﷺ کیلئے پوری زمین مسجد ہے

(۳۶) اگر اور انبیاء کی نمازیں مخصوص مواقع کے ساتھ مقید تھیں جیسے محراب یا صومعہ یا کنیسہ وغیرہ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے لیے پوری زمین کو مسجد بنایا گیا۔

جعلت لی الارض مسجدا و طهورا (بخاری و مسلم) وحدیث جابر ولم یکن احد من الانبیاء یصلی حتی یبلغ محرابه (خصائص کبریٰ ۲/۱۸۷)

ترجمہ:۔ انبیاء میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا کہ اپنی محراب (مسجد) میں آئے بغیر نماز ادا کرتا ہو یعنی بغیر مسجد کے دوسری جگہ نماز ہی ادا نہ ہوتی تھی۔ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے پانچ چیزیں دی گئیں ہیں جو سابقہ انبیاء نہیں کو دی گئیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ میرے لئے ساری زمین کو مسجد اور ذریعہ پاکی بنا دیا گیا ہے کہ اس سے تیمّم کرلوں جو حکم میں وضو کے ہو جائے یا تیمّم جنابت کرلوں جو حکم میں غسل جنابت کے ہو جائے جب کہ پانی موجود نہ ہو یا اس پر قدرت نہ ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اقوام کی طرف بھیجے گئے

(۳۷) اگر اور انبیاء اپنے اپنے قبیلوں اور قوموں کی طرف مبعوث ہوئے تو آپ تمام اقوام اور تمام انسانوں کی طرف مبعوث فرمائے گئے۔

كان النبی یبعث الی قومه خاصه و بعثت الی الناس كافة (بخاری و مسلم عن جابر)

وفی التنزیل وما ارسلنٰک الا كافةً للناس۔

ترجمہ:۔ ہر نبی خصوصیت سے اپنی ہی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا اور میں سارے انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہوں اور قرآن شریف میں ہے اور نہیں بھیجا ہم نے تمہیں اے پیغمبر مگر سارے انسانوں کے لیے۔

آپؐ کی دعوت عام ہے

(۳۸) اگر اور انبیاء کی دعوت خصوصی تھی تو آپ کو دعوتِ عامہ دی گئی۔

یایها الناس اعبدوا ربکم وقال الله تعالیٰ یایها الناس اتقوا ربکم (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔اے انسانو! اپنے رب کی عبادت کرو۔اے انسانو! اپنے رب سے ڈرو۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سارے جہانوں کے لئے رحمت ہیں

(۳۹) اگر اور انبیاء محدود حلقوں کے لیے رحمت تھے تو آپ سارے جہانوں کے لیے رحمت تھے۔

وما ارسلنٰک الا رحمة للعلمین (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر جہانوں کے لیے رحمت بنا کر۔

(۴۰) اگر اور انبیاء اپنے اپنے حلقوں کو ڈرانے والے تھے۔تو حضورؐ جہانوں کیلئے نذیر تھے۔

وان من امة الا خلافیها نذیر اور حضورؐ کے لیے ہے۔**لیکون للعلمین نذیراً** (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔اور کوئی امت نہیں گزری جس میں ڈرانے والا نہ آیا ہو اور حضور کے لیے فرمایا گیا تا کہ ہوں آپ سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پوری انسانیت کے ہادی ہیں

(۴۱) اگر اور انبیاء اپنی اپنی قوموں کے لیے مبعوث اور ہادی تھے **ولکل قوم هاد** (ہر ہر قوم کے لیے ایک ایک ہادی ضرور آیا) تو حضورؐ سارے انسانوں کے لیے ہادی تھے۔

وما ارسلناک الا کافة للناس (القرآن الحکیم)

وبعثت انا الی الجن والانس (بخاری ومسلم حسن جابر)

ترجمہ:۔اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سارے بنی نوع انسان کی ہدایت کے لیے اور ارشاد حدیث ہے کہ میں بھیجا گیا ہوں ،جنوں اور انسانوں سب کی طرف۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رفعتِ ذکر عطا ہوا

(۴۲) اگر اور انبیاء کو ذکر دیا گیا کہ مخلوق انہیں یاد رکھے تو آپ کو رفعتِ ذکر دی گئی کہ

زمینوں اور آسمانوں، دریاؤں اور پہاڑوں، میدانوں اور غاروں میں آپ کا نام علی الاعلان پکارا جائے۔ اذانوں اور تکبیروں، خطبوں اور خاتموں، وضو و نماز اوراد واشغال اور دعاؤں کے افتتاح واختتام میں آپ کے نام اور منصب نبوت کی شہادت دی جائے۔

ورفعنا لک ذکرک (القرآن الحکیم)

وحدیث ابوسعید خدری۔

قال لی جبریل قال اللہ اذا ذکرت ذکرت معی (ابن جریر وابن حبان)

ترجمہ:۔ اور ہم نے اپنے پیغمبر تمہارا ذکر اونچا کیا۔ حدیث میں ہے کہ مجھے جبرائیل نے کہا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا (اے پیغمبر) جب آپ کا ذکر کیا جائے گا۔ تو میرے ساتھ کیا جائے گا اور جب میرا ذکر ہوگا تو میرے ساتھ آپ کا بھی ذکر ہوگا جیسا کہ اذانوں، تکبیروں، خطبوں اور دعاؤں کے افتتاح واختتام کے درود شریف سے واضح ہے اور امت میں معمول بہ ہے جیسا فرمایا گیا۔

اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول. واطیعوا اللہ ورسولہ ان کنتم مومنین. ویطیعون اللہ ورسولہ. انما المومنین الذین آمنوا باللہ ورسولہ . براء ة من اللہ ورسولہ. واذان من اللہ ورسولہ. استجیبوا للہ والرسول. ومن یعص اللہ ورسولہ. اذا قضیٰ اللہ ورسولہ امرًا. وشاقوا اللہ ورسولہ. ومن یشاقق اللہ ورسولہ. ومن یحادد اللہ ورسولہ. ولم یتخذوا من دون اللہ ولا ورسولہ. یحاربون اللہ ورسولہ. ما حرم اللہ ورسولہ قل الانفال للہ والرسول. فان للہ خمسہ وللرسول. فردوہ الی اللہ والرسول. ما اتاھم اللہ ورسولہ. سیؤتینا اللہ من فضلہ ورسولہ. اغناھم اللہ ورسولہ. کذبوا اللہ و رسولہ. انعم اللہ علیہ و انعمت علیہ. الذین یومنون باللہ و رسولہ. لا تقدموا بین یدی اللہ رسولہ.

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر اللہ کے ذکر کے ساتھ ہے

(۴۳) اگر اور انبیاء کا محض ذکر حق تعالےٰ نے فرمایا تو آپ کا ذکر اپنے نام کے ساتھ ملا کر فرمایا۔ دیکھو سابقہ حاشیہ کی دو درجن سے زائد آیتیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خلوت اور جلوت میں کمال دیا

(۴۴) اگر اور انبیاء نے روحانیت کے کمال کو خلوت و انقطاع اور رہبانیت کا پابند ہو کر دکھلایا۔ تو آپ نے اسے جلوتوں کے ہجوم جہاد، جماعت، سیاحت و سفر، شہری زندگی، معاشرت اور حکومت و سیاست کے سارے اجتماعی گوشوں میں سمو کر دکھلایا۔ لا رهبانية في الاسلام (الحدیث) وسیاحة امتی الجهاد (الحدیث) قل سیروا فی الارض (القرآن الحکیم) لا اسلام الا بجماعة ..... (مقولۂ عمر رضی اللہ عنہ)

ترجمہ:۔ اسلام میں رہبانیت (گوشہ گیری، انقطاع) نہیں اور میری امت کی سیاحت و سیر جہاد ہے۔ کہہ دیجئے اے پیغمبر! کہ چلو پھرو زمین میں۔ اور اسلام جماعتی اور اجتماعی چیز ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عملی معجزات بھی دیئے اور علمی بھی

(۴۵) اگر اور انبیاء کو عملی معجزات (عصاء موسیٰ، ید بیضا، احیاء عیسیٰ، نار خلیل ناقہ صالح، ظلہ شعیب، قمیض یوسف وغیرہ) دیئے گئے جو آنکھوں کو مطمئن کر سکے تو آپ کو ایسے سینکڑوں معجزات کے ساتھ علمی معجزہ (قرآن) بھی دیا گیا، جس نے عقل، قلب اور ضمیر کو مطمئن کیا۔ انا انزلناه قرآنا عربیا لعلکم تعقلون (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ ہم نے قرآن اتارا تاکہ عقل سے سمجھو۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دوامی معجزات ملے

(۴۶) اگر اور انبیاء کو ہنگامی معجزات ملے جو ان کی ذوات کے ساتھ ختم ہو گئے کیونکہ وہ ان ہی کے اوصاف تھے تو حضور کو دوامی معجزہ قرآن کا دیا گیا۔ جو تا قیامت اور بعد القیامت باقی رہنے والا ہے۔ کیونکہ وہ خدا کا وصف ہے جو لازوال ہے۔

انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون۔

ترجمہ:۔ ہم نے ہی یہ قرآن اتارا ہے۔ اور ہم ہی اِس کے نگہبان ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کتاب محفوظ ہے

(۴۷) اگر اور حضرات کو وہ کتابیں ملیں جن کی حفاظت کا کوئی وعدہ نہیں تھا۔ اسلیے وہ بدل سدل گئیں

تو آپ کو وہ کتاب دی گئی جس کے وعدۂ حفاظت کا اعلان کیا گیا جس سے وہ کبھی نہیں بدل سکتی۔

انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحفظون لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ ہم ہی نے یہ ذکر قرآن اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں۔ اور فرمایا نہیں اس کے پاس پھٹک سکتا باطل، نہ آگے سے نہ پیچھے سے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جامع کتاب ملی

(۴۸) اگر اور انبیاء سابقین کی کتابیں ایک ہی مضمون مثلاً صرف تہذیب نفس یا صرف معاشرت یا صرف سیاست مدن یا وعظ وغیرہ اور ایک ہی لغت پر نازل شدہ دی گئیں تو حضورؐ کو سات اصولی مضامین پر مشتمل کتاب دی گئی جو سات لغات پر اتری۔

کان الکتاب الاول ینزل من باب واحد علی حرف واحد و نزل القرآن من سبعة ابواب علی سبعة احرف زاجر و آمر و حلال حرام و محکم و متشابه و امثال. (مستدرک حاکم و بیهقی عن ابن مسعود)

ترجمہ:۔ پہلی کتابیں ایک ایک خاص مضمون اور ایک ایک لغت میں اترتی تھیں اور قرآن سات مضامین میں سات لغت کے ساتھ اترا ہے۔ زجر امر حلال، حرام، محکم متشابہ اور امثال۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جوامع کلم عطا ہوئے

(۴۹) اگر اور حضرات کو صرف ادا مطلب کے کلمات دیئے گئے تو آپ کو جوامع الکلم و جامع اور فصیح و بلیغ ترین تعبیرات دی گئیں جس سے اوروں کی پوری پوری کتابیں آپکی کتاب کے چھوٹے چھوٹے جملوں میں ادا گئیں اور ان میں سما گئیں۔

اعطیت جوامع الکلم (مسند احمد عن جابر) خصائص ۱۹۳/۲)

اعطیت مکان التوراة السبع الطوال ومکان الزبور المئین و مکان الانجیل المثانی و فضلت بالمفصل (بیهقی و اثلة ابن الاسقع)

ترجمہ:۔ مجھے جوامع کلم دیئے گئے ہیں یعنی مختصر اور جامع ترین جملے جن میں تہ کی بات کہہ دی گئی ہو اور ارشاد حدیث ہے مجھے دیئے گئے ہیں توراۃ کی جگہ سبع طوال (ابتداء کی

سات سورتیں آل عمران، مائدہ، نساء، انعام، انفعال، توبہ) اور زبور کی جگہ مئین (سوسو آیتوں والی سورتیں اور انجیل کی جگہ مثانی سورہ فاتحہ) اور صرف مجھے ہی جو فضیلت دی گئی ہے وہ مفصل کی جس میں طوال مفصل وساط مفصل اور قصار مفصل سب شامل ہیں اور سورہ ق یاسورۂ فتح یا سورۂ محمدؐ سے علی اختلاف الروایات شروع ہوکر ختم قرآن تک چلی گئیں ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اعضاء کا ذکر فرمایا

(۵۰) اگر قرآن میں حق تعالےٰ نے اور انبیاء کی ذوات کا ذکر فرمایا۔ تو حضورؐ کے ایک ایک عضو اور ایک ایک اداء کا پیار و محبت سے ذکر کیا ہے۔ چہرہ کا ذکر فرمایا، **قد نریٰ تقلب وجهک فی السماء**۔ آنکھ کا ذکر فرمایا، **ولا تمدن عینیک**۔ زبان کا ذکر فرمایا، **فانما یسرناه بلسانک**۔ ہاتھ اور گردن کا ذکر فرمایا، **ولا تجعل یدک مغلولة الیٰ عنقک**۔ سینہ کا ذکر فرمایا، **الم نشرح لک صدرک**۔ پیٹھ کا ذکر فرمایا، **ووضعنا عنک وزرک الذی انقض ظهرک**۔ قلب کا ذکر فرمایا، **نزله علیٰ قلبک**۔ آپ کی پوری زندگی اور عمر کا ذکر فرمایا جس میں تمام ادائیں اور احوال بھی آجاتے ہیں۔ **لعمرک انهم لفی سکرتهم یعمهون**۔

آیات اعضاء کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

ہم دیکھ رہے ہیں تیرا چہرہ گھما گھما کر آسمان کو دیکھنا۔

اور آنکھیں اٹھا کر مت دیکھ۔

بلاشبہ ہم نے (قرآن کو) آسان کر دیا ہے تیری زبان پر۔

اور مت کر اپنے ہاتھ کو سکڑا ہوا اپنی گردن تک۔

کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا؟

اور ہم نے اتار دیا تجھ سے بوجھ تیرا جس نے تیری کمر توڑ رکھی تھی۔

اتارا اللہ نے قرآن تیرے دل پر۔

تیری زندگی کی قسم! یہ (کفار) اپنی (بے عقلی کی) مدہوشیوں میں پڑے بھٹک رہے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اجتماعی عبادت ملی

(۵۱) اگر اوروں کو انفرادی عبادتیں ملیں تو آپ کو ملائکہ کی طرف صف بندی کی اجتماعی

عبادت دی گئی جس سے یہ دین اجتماعی ثابت ہوا۔ فضلت علی الناس بثلاث الیٰ قوله وجعلت صفوفنا کصفوف الملئکة (بیہقی عن حذیفہ رضی اللہ عنہ)

ترجمہ:۔ (مجھے فضیلت دی گئی ہے لوگوں پر تین باتوں میں) جن میں سے ایک یہ ہے کہ کی گئی ہیں ہماری صفیں (نماز میں) مثل صفوف ملائکہ کے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک معجزہ نے عالم کو جھکا دیا

(۵۲) اگر اور انبیاء کے عملی معجزات اپنی اپنی قوموں کی اقلیتوں کو جھکا کر رام کر سکے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تنہا ایک ہی علمی معجزے قرآن حکیم نے عالم کی اکثریت کو جھکا کر مطیع بنا لیا۔ کروڑوں ایمان لے آئے اور جو نہیں لائے وہ اس کے اصول ماننے پر مجبور ہو گئے پھر بعض نے انہیں اسلامی اصول کہہ کر تسلیم کیا اور بعض نے عملاً قبول کر لیا تو ان کی زبانیں ساکت رہیں۔

ما من الانبیاء نبی الا اعطی ما مثله آمن علیه البشر و انما کان الذی اوتیته وحیاہ او حاہ اللہ الی فارجو ان اکون اکثرهم تابعاً
(بخاری عن ھریرہ)

ترجمہ:۔ کوئی نبی بھی ایسا نہیں گزرا کہ اسے کوئی ایسا اعجازی نشان نہ دیا گیا ہو جس پر آدمی ایمان لا سکے اور مجھے خدا نے وہ اعجازی نشان وحی کا دیا ہے (یعنی قرآن حکیم) جس سے مجھے امید ہے کہ میرے ماننے والے اکثریت میں ہوں گے (خصائص کبریٰ ۲/۱۸۵)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عبادت کے دوران مخاطب بنایا گیا

(۵۳ الف) اگر اور انبیاء کو عبادت الٰہی میں اِس جہت سے بھی مخاطب نہیں بنایا گیا تو حضور کو عین نماز میں تحیت وسلام میں مخاطب بنایا گیا۔ السلام علیک ایها النبی ورحمة اللہ وبرکاته۔

ترجمہ:۔ (الف) سلامتی ہو تم پر اے نبی اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لواء الحمد ملے گا

(۵۳ب) اگر محشر میں اور انبیاء کے محدود جھنڈے ہوں گے جن کے نیچے صرف انہی کی قومیں اور قبیلے ہوں گے تو آپ کے عالمگیر جھنڈے کے نیچے جس کا نام لواء الحمد ہو

گا۔آدم اوران کی ساری ذریت ہوگی۔

آدم ومن دونہ تحت لوائی یوم القیٰمۃ ولا فخر (مسند احمد)

ترجمہ:۔(ب) آدم اوران کی ساری اولاد میرے جھنڈے کے تلے ہوں گے قیامت کے دن۔مگر فخر سے نہیں کہتا بلکہ تحدیثِ نعمت کے طور پر کہہ رہا ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اولین وآخرین کے خطیب ہونگے

(۵۴) اگر انبیاء وامم سب کے سب قیامت کے دن سامع ہوں گے۔تو آپ اس دن اولین وآخرین کے خطیب ہوں گے۔فلیراجع (خصائص کبریٰ)

ترجمہ:۔خصائص کبریٰ کی ایک طویل حدیث کا یہ ٹکڑا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو اپنی ذاتی پہچان عطاء ہوئی

(۵۵) اگر قیامت کے دن تمام انبیاء کی امتیں اپنے انبیاء کے نام اور انتساب سے پہچانی جاویں گی تو آپ کی امت مستقلاً خود اپنی ذاتی علامت اعضاء وضو کی چمک اور نورانیت سے پہچانی جائے گی۔قالوا یارسول اللہ اتعرفنا یومئذ ؟ قال نعم لکم سیما لیست لاحد من الامم تردون علی غراً محجلین من اثر الوضوء (مسلم عن ابی ہریرہ)

ترجمہ:۔صحابہ نے عرض کیا جبکہ آپ حوض کوثر کا ذکر فرمارہے تھے) یارسول کیا آپ ہمیں اس دن پہچان لیں گے؟ (جبکہ اولین وآخرین کا ہجوم ہوگا) فرمایا ہاں تمہاری ایک علامت ہوگی جوامتوں میں سے کسی اور میں نہ ہوگی اور وہ یہ کہ تم میرے پاس (حوض کوثر پر) اِس شان سے آؤ گے کہ تمہارے چہرے روشن اور پاؤں نورانی اور چمکدار ہوں گے وضو کے اثر سے (یعنی اعضاء وضو کی چمک دمک سے میں تمہیں پہچان لوں گا۔)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو القاب سے خطاب فرمایا

(۵۶) اگر اور انبیاء کو حق تعالیٰ نے نام لے لے کر خطاب فرمایا کہ یآدم اسکن انت وزوجک الجنۃ. ینوح اھبط بسلم منا و برکت. یا ابراھیم اعرض عن ھذا. یموسیٰ انی اصطفیتک علی الناس برسلتی. یداؤد انا جعلنک

خلیفة فی الارض ...... یزکریا انا نبشرک بغلٰم اسمه یحییٰ. یٰحییٰ خذ الکتاب بقوة. یعیسیٰ انی متوفیک ورافعک الیَّ.

ترجمہ:۔اے آدم! تو اور تیری زوجہ جنت میں ٹھیرو۔

اے نوح (کشتی سے) اُتر ہماری ہوئی سلامتی اور برکات کے ساتھ۔

اے ابراہیم! اِس سے درگزر کر۔

اے موسیٰ! میں نے تجھے لوگوں میں منتخب کیا اپنی پیغامبری کے ساتھ۔

اے داؤد! میں نے تجھے زمین پر خلیفہ بنایا۔

اے زکریا! ہم تجھے لڑکے کی بشارت دیتے ہیں۔

اے یحییٰ! کتاب کو مضبوط تھام۔

اے عیسیٰ! مجھے تجھے پورا پورا لینے والا اور اپنی طرف اٹھانے والا ہوں۔

تو حضور کو تکریماً نام کے بجائے آپکے منصبی القاب سے خطاب فرمایا جس سے آپ کی کامل محبوبیت عنداللہ نمایاں ہوتی ہے۔

یایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک. یایها النبی انا ارسلنٰک شاهدا. یایها المزمل قم اللیل الا قلیلا. یایها المدثر. قم فانذر.

(القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔اے رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پہنچادے اس چیز کو جو میں نے تیری طرف اتاری۔

اے نبی! میں نے تجھے گواہ بنا کر بھیجا ہے۔

اے کملی والے! قیام کر رات بھر۔مگر کچھ کم۔

اے چادر والے! کھڑا ہو اور لوگوں کو ڈرا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لے کر پکارنے سے روکا گیا

(۵۷) اگر اور انبیاء کو ان کی امتیں اور ملائکہ نام لے لے کر پکارتے تھے۔کہ یموسیٰ اجعل لنا الٰها کما لهم الهه. یعیسی ابن مریم هل یستطیع ربک؟ یلوط انا رسل ربک۔ تو اس امت کو ادباً حضور کا نام لے کر مخاطب بنانے سے روکا گیا۔ لا تجعلوا دعاء

الرسول بینکم کدعا بعضکم بعضاً۔

ترجمہ:۔اے موسیٰ! ہمیں بھی ویسے ہی خدا بنادے جیسے ان (صنعاوالوں) کے ہیں۔

اے عیسیٰ! ابن مریم! کیا تیرا رب اس کی قوت کر لیتا ہے۔

اے لوط! ہم تیرے پروردگار کے فرستادہ ہیں۔

مت پکارو رسول کو اپنے درمیان مثل آپس میں ایک دوسرے کو پکارنے کے کہ بے تکلف نام لے لے کر خطاب کرنے لگو، بلکہ ادب و تعظیم کے ساتھ منصبی خطابات یا رسول اللہ، یا نبی اللہ، یا حبیب اللہ وغیرہ کہہ کر پکارو۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے اعلیٰ معراج کرایا گیا

(۵۸) اگر اور انبیاء کو معراج روحانی یا منامی یا جسمانی مگر درمیانی آسمانوں تک دی گئی۔ جیسے حضرت مسیحؑ کو چرخِ چہارم تک، حضرت ادریسؑ کو پنجم تک تو حضورؐ کو روحانی معراجوں کے ساتھ جسمانی معراج کے ذریعہ ساتوں آسمانوں سے گزار کر سدرۃ المنتہیٰ اور مستویٰ تک پہنچا دیا گیا۔ثم صعد بی فوق سبع السمٰوٰت واتیت سدرۃ المنتھی (نسائی عن انس)

ترجمہ:۔پھر مجھے چڑھایا گیا ساتوں آسمان سے بھی اوپر اور میں سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ گیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع خود اللہ نے کیا

(۵۹) اگر اور انبیاء نے اپنی مدافعت خود کی اور دشمنان حق کو خود ہی جواب دے کر اپنی برات بیان کی۔ جیسے نوح علیہ السلام پر قوم نے ضلالت کا الزام لگایا تو خود ہی فرمایا۔یقوم لیس بی ضلالۃ۔قوم ھاد نے حضرت ہودؑ پر کم عقلی کا الزام لگایا تو خود ہی فرمایا۔یقوم لیس بی سفاھۃ۔ابراہیم علیہ السلام پر قوم نے شکست اصنام کا الزام لگا کر ایذا دینی چاہی تو خود ہی توریہ کے ساتھ مدافعت فرمائی۔بل فعلہ کبیرھم ھذا۔حضرت لوط علیہ السلام کے مہمان صورت فرشتوں کو قوم نے قبضانے کی کوشش کی تو خود ہی اپنے لیے قوت مدافعت کی آرزو ظاہر فرمائی۔لو ان لی بکم قوۃ اور اٰوی الیٰ رکن شدید۔تو حضورؐ کی طرف سے ایسے مواقع پر مدافعت خود حق تعالیٰ نے فرمائی اور کفار کے طعنوں کی جواب دہی

خود ہی کر کے آپ کی برات بیان فرمائی۔ کفار مکہ نے آپ پر ضلالت و کجراہی کا الزام لگایا تو فرمایا۔ ماضل صاحبکم وما غویٰ۔ کفار نے آپ کو بے عقل اور مجنوں کہا تو فرمایا۔ ما انت بنعمته ربک بمجنون. اور وما صاحبکم بمجنون۔ کفار نے آپ کی پاکیزہ باتوں کو ہوائے نفسانی کی باتیں بتلایا تو فرمایا۔

وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ ۔ کفار نے آپ کی وحی کو شاعری کہا تو فرمایا۔ وما ھو بقول شاعر اور فرمایا وما علمنٰہ الشعر وما ینبغی له۔ کفار نے آپ کی ہدایتوں کو کہانت کہا فرمایا۔ وما ھو بقول کاھن ۔ کفار نے آپ کو مشقت زدہ اور معاذ اللہ شقاوت زدہ کہا تو فرمایا۔ ما انزلنا علیک القرآن لتشقی۔

ترجمہ:۔ اے قوم مجھ میں گمراہی نہیں ہے۔ میں رب العٰلمین کا رسول ہوں۔

اے قوم! مجھ میں سفاہت (کم عقلی) نہیں ہے۔ میں تو رب العٰلمین کا فرستادہ ہوں۔

بلکہ یہ بت شکنی تو ان میں کے بڑے کا کام ہے (یعنی میرا) مگر بلحاظ بڑے بت کا۔

اے کاش! مجھے تمہارے مقابلہ میں زور ہوتا یا جا بیٹھتا کسی مضبوط پناہ میں نہ تمہارا ساتھی گمراہ نہ کج راہ۔

تم اپنے رب کی دی ہوئی نعمتوں سے مجنون نہیں اور تمہارا ساتھی جنونی نہیں ہے۔

اور پیغمبر ہوائے نفس سے کچھ نہیں کہتا۔ وہ تو وحی ہوتی ہے۔ جو اس کی طرف کی جاتی ہے۔

اور وہ قول شاعر کا نہیں اور ہم نے انہیں (حضور کو) شاعری کی تعلیم نہیں دی اور نہ یہ ان کی شان کے مناسب تھا۔

اور وہ قول کاہن کا نہیں ہے۔

ہم نے قرآن تم پر اس لیے نہیں اتارا کہ تم تعب اور محنت میں پڑ جاؤ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تحیت خود اللہ نے کی

(۶۰) اگر حضرت آدم کی تحیت کے لیے فرشتوں کو سجدہ کا حکم دیا گیا تو حضورؐ کی تحیت بصورت درود وسلام خود حق تعالےٰ نے کی جس میں ملائکہ بھی شامل رہے اور قیامت تک

امت کواس کے کرتے رہنے کا حکم دیا اور اسے عبادت بنا دیا۔

ان اللہ وملئکتہ، یصلون علی النبی یایھا الذین آمنو اصلّوا علیہ وسلموا تسلیما (القرآن الحکیم) اور **السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔**

ترجمہ:۔ اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی پر۔ اے ایمان والو! تم بھی درود وسلام اس نبی پاک پر بھیجو۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا شیطان مسلمان ہوگیا

(۶۱) اگر حضرت آدمؑ کا شیطان کافر تھا اور کافر ہی رہا تو حضورؐ کا شیطان آپ کی قوت تاثیر سے کافر سے مسلم ہوگیا۔

کما فی الروایۃ الاتیۃ۔

ترجمہ:۔ جیسا کہ اگلی روایت میں آرہا ہے۔

ازواج مطہرات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معین بنیں

(۶۲) اگر حضرت آدمؑ کی زوجہ پاک (حواء) ان کی خطا میں معین ہوئیں تو حضورؐ کی ازواج مطہرات آپ کے کارِ نبوت میں معین ہوئیں۔

فضلت علیٰ آدم بخصلتین کان شیطانی کافر افا عاننی اللہ علیہ حتیٰ اسلم وکن ازواجی عونالی. وکان شیطان آدم کافر. وزوجتہ عونا علی خطیئتہٖ (بیہقی عن ابن عمر)

ترجمہ:۔ مجھے دو باتوں میں آدم علیہ السلام پر فضیلت دی گئی ہے میرا شیطان کافر تھا جس کے مقابلہ میں اللہ نے میری مدد فرمائی یہانتک کہ وہ اسلام لے آیا اور میری بیویاں میرے (دین کے) لیے مددگار بنیں (حضرت خدیجہؓ نے احوالِ نبوت میں حضورؐ کو سہارا دیا۔ ورقہ ابن نوفل کے پاس لے گئیں۔ وقتاً فوقتاً آپ کی تسلی تشفی کی۔ حضرت عائشہؓ نصف نبوت کی حامل ہوئیں اور دوسری ازواج مطہرات قرآن کی حافظہ اور حدیث کی راوی ہوئیں) درحالیکہ آدم کا شیطان کافر ہی تھا۔ اور کافر ہی رہا اور ان کی زوجہ ان کی خطیہ میں ان کی معین ہوئیں کہ شجرہ ممنوعہ کھانے کی ترغیب دی جس کو خطاء آدم کہا گیا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو روضہ جنت عطاء ہوا

(۶۳) اگر حضرت آدمؑ کو حجرِ جنت (حجرِ اسود) دیا گیا جو بیت المقدس میں لگا دیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو روضہ جنت عطاء ہوا جو آپ کی قبر مبارک اور ممبر شریف کے درمیان رکھا گیا۔ ما بین قبری و منبری روضه ریاض الجنة (بخاری و مسلم)

ترجمہ:۔ میری قبر اور ممبر کے درمیان ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۳۶۰ بت نکلوائے

(۶۴) اگر حضرت نوح علیہ السلام نے مساجد اللہ میں پانچ بت نکلوانے چاہے مگر نہ نکلے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ میں سے تین سو ساٹھ بت نکالے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نکل گئے اور نہ صرف بیت اللہ سے بلکہ اس کے حوالی اور مضافات سے بھی نکال پھینکے گئے۔

وقالو لا تذرن الهتكم ولا تذرن ودًا ولا سواعا ولا يغوث و يعوق ونسرا (القرآن الحكيم)

ان الشيطٰن قديئس ان يعبده المصلون فى جزيرة العرب (مشكوٰة)

يايها الذين آمنوا انما الخمر و الميسر والانصاب والازلام رجس من عَمَلِ الشيطٰن فاجتنبوه. (القرآن الحكيم)

ترجمہ:۔ اور (قوم نوح نے) کہا کہ دیکھو اپنے خداؤں (یعنی پانچ بتوں) وہ سواع یغوث یعوق اور نسر کو نوح کے کہنے سے ہرگز مت چھوڑنا (چنانچہ نہیں چھوڑا تا آنکہ طوفان میں غرق ہو گئے) اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین سو ساٹھ بتوں کی ناپاکی کو ہمیشہ کے لیے نکال پھینکا (جیسا کہ سیر میں مرقوم ہے)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود عطا ہوا

(۶۵) اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مقام ابراہیم دیا گیا جس سے بیت اللہ کی دیواریں اونچی ہوئیں تو حضور کو مقام محمود عطا ہوا۔ جس سے ربُّ البیت کی اونچائی نمایاں ہوئی اور عسٰى ان يبعثك ربك مقاماً محمودا (القرآن الحکیم)۔ اور ساتھ ہی مقام ابراہیم کی تمام برکات سے پوری امت کو مستفید کیا گیا۔ واتخذو امن مقام ابراهيم مصلىٰ۔

ترجمہ:۔قریب ہے کہ اللہ آپ کو (اے نبی کریم) مقام محمود پر بھیجے گا۔جس پر پہنچ کر حضورؐ حق تعالےٰ کی عظیم ترین حمد وثنا کریں گے اور اِس کی رفعت و بلندی بیان فرمائیں گے اور مقام ابراہیم کے بارہ میں قرآن نے فرمایا۔ فیہ آیات بینات مقام ابراھیم (بیت اللہ میں مقام ابراہیم ہے جو جنت سے لایا ہوا ایک پتھر ہے جس پر کھڑے ہوکر حضرت ابراہیمؑ بیت اللہ کی تعمیر کرتے تھے اور جوں جوں تعمیر اونچی ہوتی جاتی وہ پتھر اتنا ہی اونچا ہو جاتا اور جب حضرت کا اترنے کا وقت ہوتا تو پھر اصلی حالت پر آ جاتا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حقائق الٰہیہ دکھلائیں

(٦٦) اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حقائق ارض وسما دکھلائی گئیں۔ وکذلک نری ابراھیم ملکوت السمٰوٰت والارض. تو حضور کو ان آیات کے ساتھ حقائق الٰہیہ دکھلائی گئیں۔لنریهٗ من اٰیتنا۔ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔اور ایسے ہی دکھلائیں ہم ابراہیمؑ کو آسمان وزمین کی حقیقتیں اور تاکہ ہم دکھلائیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو (شب معراج میں) اپنی خاص نشانیاں قدرت کی۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان پر مشاہدات کرائے

(٦٧) اگر حضرت خلیل اللہ کو آیات کونیہ زمین پر دکھلائیں گئیں تو حضورؐ کو آیاتِ الٰہیہ (آیات کبریٰ) کا مشاہدہ آسمانوں میں کرایا گیا۔لقد راٰی من اٰیت ربہ الکبریٰ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو آگ نہ جلاسکی

(٦٨) اگر حضرت ابراہیمؑ پر نار نمرود اثر نہ کرسکی تو حضورؐ کے کئی صحابہ کو آگ نہ جلاسکی جس پر آپؐ نے فرمایا۔

الحمد للہ الذی جعل فی امتنا مثل ابراھیم الخلیل

(ابن رجب عن ابن لہیعہ خصائص کبریٰ ۲/۷۹)

ترجمہ:۔خدا کا شکر ہے کہ اس نے ہماری امت میں ابراہیم خلیل کی مثالیں پیدا فرمائیں عمار بن یاسر کو مشرکین مکہ نے آگ میں پھینک دیا۔حضورؐ ان کے پاس سے گزرے تو ان کے سر پر ہاتھ رکھا اور فرمایا۔ **ینار کونی برداً وسلاماً علیٰ عمار کما کنت علیٰ ابراھیم۔** (عن عمر بن میمون خصائص کبریٰ ۲/۸۰)

اے آگ عمار پر بردوسلام ہو جا جیسے تو ابراہیم پر ہوگئی۔ ذویب ابن کلیب کو اسود عنسی نے آگ میں ڈال دیا۔اور آگ اثر نہ کرسکی تو آپ نے وہ سابقہ جملہ ارشاد فرمایا کہ خدا کا شکر ہے کہ اس نے ہماری امت میں ابراہیم علیہ السلام کی مثالیں پیدا فرمائیں۔ایک خولانی شخص کو (جو قبیلہ خولان کا فرد تھا) اسلام لانے پر اس کی قوم نے اسے آگ میں ڈال دیا تو آگ اسے نہ جلاسکی ابن عساکر عن جعفر ابی وحشیہ) وغیرہ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو محشر میں بلند مقام عطا ہوگا

(۶۹) اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو محشر میں سب سے اول لباس پہنا کر انکی کرامت کا اعلان کیا جائیگا۔تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حق تعالےٰ کی دائیں جانب ایسے بلند مقام پر کھڑا کیا جائیگا کہ اولین وآخرین آپ پر غبطہ کریں گے جبکہ وہاں تک کوئی نہ پہنچ سکے گا۔

اول من یکسی ابراھیم یقول اللہ تعالیٰ اکسوا خلیلی فیوتیٰ بریطتین بیضا وین من رباط الجنہ ثم اکسیٰ علیٰ اثرہ ثم اقوم عن یمین اللہ مقاماً یغبطنی الاولون والاخرون . (رواہ الدارمی عن بن مسعود)

ترجمہ:۔سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو روز محشر لباس پہنایا جائیگا۔فرمائیں گے حق تعالیٰ میرے خلیل کو لباس پہناؤ تو دو سفید براق چادریں جنت سے لائی جاویں گی اور پہنائی جاویں گی۔ پھر ان کے بعد مجھے بھی لباس پہنایا جائیگا۔ پھر میں کھڑا ہونگا۔اللہ کی جانب یمین ایک ایسے مقام پر کہ اولین وآخرین مجھ پر غبطہ کریں گے، یعنی میری کرامت سب پر فائق ہو جائیگی جن میں ابراہیم علیہ السلام بھی شامل ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے پانی جاری ہوا

(۷۰) اگر حضرت اسمٰعیلؑ کے لیے پرِ جبریل سے زمزم کا سوت جاری ہوا جس سے وہ

سیراب ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے پانی کے سوت پھوٹے۔ جس سے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سیراب ہوئے۔

بینما الحسن مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذ عطش فاشتد ظماہ فطلب لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ماءً فلم یجدہ فاعطاہ لسانہ فمصہ حتی روی . (ابن عساکر عن ابی جعفر)

ترجمہ:۔ اسی اثناء میں کہ حضرت امام حسن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ اچانک انہیں پیاس لگی اور شدید ہوگئی تو حضورؐ نے ان کے لیے پانی طلب فرمایا مگر نہ مل سکا تو آپ نے اپنی زبان ان کے منہ میں دے دی جسے وہ چوسنے لگے۔ اور چوستے رہے یہاں تک کہ سیراب ہوگئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جامع حسن عطاء ہوا

(۷۱) اگر حضرت یوسف علیہ السلام کو شطر حسن یعنی حسن جزئی عطاء ہوا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حسن کل یعنی حسن جامع عطا کر دیا گیا جس کی حقیقت جمال ہے جو سر چشمہ حسن اور صفت خداوندی ہے۔ **فلما اکبر نہ وقطعن ایدیھن** . جس کی شرح حضرت عائشہؓ نے فرمائی کہ زنانِ مصر نے یوسف کو دیکھا تو ہاتھ قلم کر لیے۔ اگر میرے محبوب کو دیکھ پاتیں تو دلوں کے ٹکڑے کر ڈالتیں جو حضورؐ کے حسن و جمال کی افضلیت اور کلیت کی طرف اشارہ ہے۔ (مشکوٰۃ)

ترجمہ:۔ جب زنانِ مصر نے یوسفؑ کو دیکھا تو اپنے ہاتھ قلم کر ڈالے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ نے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس کلام فرمایا

(۷۲) اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حق تعالےٰ نے کوہ طور اور وادی مقدس میں کلام کیا۔ تو حضورؐ سے ساتویں آسمان پر سدرۃ المنتہیٰ کے نزدیک کلام فرمایا۔ **فاوحیٰ الیٰ عبدہ ما اوحیٰ** ۔ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس خدا نے اپنے بندے پر وحی کی جو اسے کرنا تھی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتانِ مبارک سے چشمے پھوٹے

(۷۳) اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصاء سے بارہ چشمے جاری ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتان مبارک سے شیریں پانی کے کتنے ہی چشمے پھوٹ پڑے۔ **فرایت الماء ینبغ من بین اصابعه فجعل القوم تیوضا ون فحرزت من توضا ما بین السبعین الی الثمانین** (بخاری و مسلم عن انس)

ترجمہ:۔ میں دیکھتا ہوں کہ پانی آپ کی انگلیوں کے درمیان میں سے جوش مار کر نکل رہا ہے۔ یہاں تک کہ پوری قوم نے اِس سے وضو کر لی تو میں نے جو وضو کرنے والوں کو شمار کیا تو وہ ستر اور اسی کے درمیان تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدارِ جمال سے مشرف فرمایا

(۷۴) اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کانوں کو لذتِ کلام دی گئی اور اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مقام خلت سے نوازا گیا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظروں کو دیدار جمال سے مشرف کیا گیا۔

ان اللہ اصطفیٰ ابراهیم بالخله واصطفیٰ موسیٰ بالکلام واصطفیٰ محمدا بالروية. (بیهقی عن ابن عباس)

ماکذب الفواد مارای (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ اللہ نے منتخب کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنانے کے لیے اور منتخب کیا موسیٰ علیہ السلام کو کلام کے لیے اور منتخب کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدار کیلئے۔ قرآن نے فرمایا کہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے) دل نے جو کچھ دیکھا غلط نہیں دیکھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا سوال دیدار کرایا گیا

(۷۴) اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سوال دیدار پر بھی انہیں **لن ترانی** تم مجھے ہر گز نہیں دیکھ سکتے کا جواب دے دیا گیا تو حضور کو بلا سوال آسمانوں پر بلا کر دیدار کرایا گیا۔

ما کذب الفواد مارای قال ابن عباس راه مرة ببصره و مرة بفواده

(فتح الملهم فی التفسیر سورة النجم)

ترجمہ:۔ دل نے جو کچھ دیکھا غلط نہیں دیکھا اِس کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے حق تعالیٰ کو ایک بار آنکھوں سے اور ایک بار دِل سے دیکھا۔

موسیٰ ز ہوش رفت بیک پرتو صفات　　　تو عین ذات می نگری در تبسمی

صحابہؓ نے دریاءِ دجلہ کو پار کیا

(۵۷) اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اصحاب کو بحرِ قلزم میں راستے بنا کر بمعیت موسوی گزار دیا گیا تو حضورؐ کے صحابہ کو بعد وفاتِ نبوی دریائے دجلہ کے بہتے ہوئے پانی میں سے راہیں بنا کر گھوڑوں سمیت گذارا گیا۔

لما عبر المسلمون یوم مدائن اقتحم الناس دجلة انح

(خصائص کبریٰ ۲/۲۸۳) کامل ابن اثیر عن العلا بن الحضرمی)

ترجمہ:۔ فتح مدائن کے موقعہ پر مسلمانوں نے دریائے دجلہ کو عبور کیا اور اس میں لوگوں نے ہجوم کیا تو صحابہ کی کرامتوں کا ظہور ہوا۔ اِس میں روایت کی بقدرِ ضرورت تفصیل یہ ہے کہ جب بغداد وعراق پر مسلمانوں نے فوج کشی کی تو بغداد کے کنارہ پر اِس ملک کا سب سے بڑا دریا دجلہ ہے جو بیچ میں حائل ہوا۔ حضرات صحابہ کے پاس نہ کشتیاں تھیں اور نہ پیدل چل کر یہ گہرا پانی عبور کیا جا سکتا تھا۔ اِس موقعہ پر بظاہر اسباب ان حضرات کو فکر دامن گیر ہوا تو حضرت علاء بن الحضرمی نے دعا کا مشورہ دیا۔ خود دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور سارے صحابہ نے مل کر دعا کی۔ ختم دعا پر حکم دیا کہ سب مل کر ایک دم گھوڑے دریا میں ڈال دیں تو ان حضرات نے جوش ایمانی میں خدا پر بھروسہ کر کے گھوڑے دریا میں ڈال دیئے۔ گھوڑے ہانپ ہانپ گئے۔ پانی بہت زیادہ تھا تو حق تعالےٰ نے ان کے دم لینے کے لیے مختلف سامان فرمائے۔ بعض صحابہؓ کے گھوڑوں کے لیے جا بجا پانی گہرائیوں میں خشکی نمایاں کر دی گئی۔ بعض کے گھوڑے پانی ہی میں رُک کر اور کھڑے ہو کر دم لینے لگے اور پانی انہیں ڈبو نہ سکا۔ بعض کے گھوڑوں کو پانی کی سطح کے اوپر سے اس طرح گزارا گیا جیسے وہ زمین پر چل رہے ہیں جس پر اہلِ فارس نے ان مقدسین کی نسبت یہ کہا تھا کہ یہ انسان نہیں جنات معلوم ہوتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ صحابہ موسوی (بنی اسرائیل) کو بحرِ قلزم میں بمعیت موسوی راستے بنا کر قلزم سے گزارا گیا تھا تو اِس امت میں اس کی نظیر یہ واقعہ ہے جس میں صحابہ

نبوی کے لیے دجلہ میں راستے بنائے گئے اور ایک انداز کے نہیں۔ بلکہ مختلف اندازوں سے۔ اور صحابہ بھی شکر نعمت کے طور پر اس کو واقعہ موسوی کی نظیر ہی کے طور پر دیکھتے تھے۔ پس جو معاملہ بنی اسرائیل کے ساتھ نبی کی موجودگی میں کیا تو وہ معجزہ تھا اور یہاں وہی معاملہ بلکہ اس سے بھی بڑھ چڑھ کر نبی خاتم کے صحابہؓ کے ساتھ نبی کی وفات کے بعد کیا گیا جس سے ان کی کرامت نمایاں ہوئی اور امت محمدیہ کی فضیلت امت موسوی پر اس واقعہ خاص میں بھی نمایاں رہی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین بھر کے خزانے عطاء ہوئے

(۷۶) اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ارضِ مقدس (فلسطین) دی گئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مفاتیح ارض (زمین کی کنجیاں) عنایت کی گئیں۔

او تیت مفاتیح خزائن الارض۔

ترجمہ:۔ مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں سپرد کر دی گئیں۔

معجزۂ نبوی کا کوئی مقابلہ نہ کر سکا

(۷۷) اگر عصاء موسوی کے معجزے کے مقابلہ میں ساحرانِ فرعون نے بھی اپنی اپنی لاٹھیوں کو سانپ بنا کر دکھلایا یا صورۃً معجزے کی نظیر لے آئے گو حقیقتاً وہ تخیل اور نقشبندی خیال تھی۔

فالقو احبالھم وعصیھم یخیل الیہ من سحرھم انھا تسعی.

ترجمہ:۔ ساحرانِ فرعون نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور دیکھنے والوں کے خیال میں یوں گزرنے لگا کہ وہ سانپ بن کر دوڑ رہی ہیں۔) تو معجزۂ نبوی قرآن حکیم کے مقابلہ میں اللہ کے بار بار چیلنجوں کے باوجود آج تک جن وانس ساحر وغیر ساحر، کاہن وغیر کاہن، اور شاعر وغیر شاعر مل کر بھی اس کی کوئی نظیر ظاہری صورت کی بھی نہ لا سکے۔

قل لئن اجتمعت الانس و الجن علیٰ ان یاتوا بمثل ھذا القرآن لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیرا۔ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ کہہ دیجئے اے پیغمبر کہ اگر جن وانس اس پر جمع ہو جائیں کہ وہ اس قرآن کا مثل لے آئیں گے تو وہ نہیں لا سکیں گے اگر چہ سب مل کر ایک دوسرے کی مدد پر بھی کھڑے ہو جائیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے سورج واپس ہوا

(۷۸) اگر حضرت یوشع ابن نون (حضرت موسیٰ) کے لیے آفتاب کی حرکت روک دی گئی کہ وہ کچھ دیر غروب ہونے سے رکا رہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ صاحب نبوی کے لیے غروب شدہ آفتاب کو لوٹا کر دن کو واپس کر دیا گیا۔

نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و راسہٗ فی حجر علی ولم یکن صلی العصر حتیٰ غربت الشمس فلما قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم دعالہٗ ردت علیہ الشمس حتیٰ صلیٰ ثم غابت ثانیہ.

(ابن مردویہ عن ابی ہریرہ و ابن مندہ و ابن شاہین والطبرانی عن اسماء بنت عمیس)

ترجمہ:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے اور آپ کا سر مبارک حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی گود میں تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نماز عصر نہیں پڑھی تھی۔ یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند کے خیال سے نماز کے لیے نہ اٹھ سکے) جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جاگے اور یہ صورت حال ملاحظہ فرمائی) تو حضرت علی کے لیے دعا فرمائی۔ جس سے آفتاب لوٹا دیا گیا (دن نمایاں ہوا۔ یہاں تک کہ حضرت علی نے نماز پڑھی اور سورج دوبارہ غروب ہوا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارہ سے چاند دو ٹکڑے ہو گیا

(۷۹) اگر حضرت یوشع ابن لوق کے لیے سورج روک کر اس کی روانی اور حرکت کے دو ٹکڑے کر دیئے گئے تو حضورؐ کے اشارہ سے چاند کے دو ٹکڑے کر ڈالے گئے۔ **اقتربت الساعۃ وانشق القمر** (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ قیامت قریب آ گئی اور چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بریت خود خدا نے کی

(۸۰) اگر حضرت داؤد علیہ السلام کو حق تعالےٰ نے ہوائے نفس کی پیروی سے روکا کہ **لا تتبع الھویٰ فیضلک عن سبیل اللہ.**

ترجمہ:۔(اے داؤد) ہوائے نفس کی پیروی مت کرنا کہ وہ تمہیں راہِ حق سے بھٹکا دے گی۔
توحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اِس ہوائے نفس کی پیروی کی نفی فرمائی اور خودہی بریت ظاہر کی۔

وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔(محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہوائے نفس سے نہیں بولتے۔وہ وحی ہوتی ہے جوان کی طرف کی جاتی ہے۔

محمدی انگوٹھی کی تاثیر

(۸۱)اگرانگشتری سلیمانی میں جنات کی تاثیر تھی کہ وہ کسی وقت گم ہوئی تو جنات پر قبضہ نہ رہا تو انگشتری محمدی میں تسخیر قلوب وارواح کی تاثیر تھی کہ جس دن وہ عہدِ عثمانی میں گم ہوئی۔اسی دن سے قلوب وارواح کی وحدت میں فرق آ گیا اور فتنہ اختلاف شروع ہو گیا۔

بئراریس؟ وما بئراریس؟ سوف تعلمون۔

ترجمہ:۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ( ) انتقال کے بعد جبکہ ان کا جنازہ رکھا ہوا تھا تو اچانک ان کے ہونٹوں میں حرکت ہوئی یہ کلمات نکلے۔اریس کا کنواں؟ کیا ہے وہ اریس کا کنواں؟ تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔صحابہ حیران تھے کہ ان جملوں کا کیا مطلب ہے؟ کسی کی کچھ سمجھ میں نہ آیا۔دورِ عثمانی میں ایک دن حضرت ذی النورین رضی اللہ عنہ اریس کے کنویں پر بیٹھے ہوئے تھے۔انگلی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طشتری تھی جسے آپ طبعی حرکت کے ساتھ ہلا رہے تھے کہ اچانک انگشتری طشتری میں سے نکل کر کنویں میں جا پڑی۔قلوب عثمانی اور تمام صحابہ کے قلوب میں اضطراب و بے چینی پیدا ہوئی کنویں میں آدمی اترے۔سارے کنویں کو کنگھال ڈالا۔مگر انگشتری نہ ملنا تھی نہ ملی۔آخر صبر کر کے سب بیٹھ رہے۔اسی دن فتنوں کا آغاز ہو گیا اور بندھے ہوئے قلوب میں انتشار کی کیفیات آنے لگیں جو بعد کے فتنہ تحزب واختلاف کا پیش خیمہ ثابت ہوئیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی پوری ہو گئی کہ اذا وضع السیف فی امتی لم یرفع عنھا الیٰ یوم القیٰمۃ (میری امت میں جب تلوار نکل آئے گی) پھر وہ قیامت تک میان میں نہ جائے گی) چنانچہ اس فتنہ کے سلسلہ میں سب سے پہلا مظلمہ اور ہولناک ظلم حضرت ذی النورین

رضی اللہ عنہ کی شہادت کی صورت میں نمایاں ہوا۔اب سب کی سمجھ میں آیا کہ بیر اریس کا کیا مطلب تھا۔ یہ درحقیقت اشارہ تھا کہ قلوب کی وحدت انگشتری محمدی کی برکت سے قائم تھی۔ اس کا بیر اریس میں گم ہونا تھا کہ قلوب کی وحدت اور امت کی یگانگت پارہ پارہ ہوگئی۔ جو آج تک واپس نہیں ہوئی۔ پس جنات کا مسخر ہو جانا آسان ہے۔ جو آج تک بھی ہوتا رہتا ہے۔لیکن انسانوں کے دلوں کی تالیف مشکل ہے جو گم ہوکر آج تک نہیں مل سکی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جانوروں کی بولی کا علم عطاء ہوا

(٨٢) اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کو منطق الطیر کا علم دیا گیا جس سے وہ پرندوں کی بولیاں سمجھتے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عام جانوروں کی بولیاں سمجھنے کا علم دیا گیا۔ جس سے آپ ان کی فریادیں سنتے اور فیصلے فرماتے تھے۔ اونٹ کی فریاد سنی اور فیصلہ فرمایا (بیہقی عن حماد بن مسلمہ) بکری کی فریاد سنی اور اسے تسلی دی (مصنف عبدالرزاق) ہرنی کی فریاد سنی اور حکم فرمایا (طبرانی عن ام سلمہ) چڑیا کی بات سنی اور معالجہ فرمایا (بیہقی وابونعیم عن ابن مسعود) سیاہ گدھے سے آپ نے کلام فرمایا اور اسکا مقصد سنا (ابن عساکر عن ابن منظور)

ترجمہ:۔ ان روایات کے تفصیلی واقعات یہ ہیں ایک اونٹ آیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر گر پڑا اور رونے لگا اور کچھ بلبلاتا رہا تو آپ نے اس کے مالک کو بلا کر فرمایا کہ یہ شکایت کر رہا ہے کہ تو اسے ستاتا ہے۔ اور اس پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ لادتا ہے۔ خدا سے ڈر۔ اس نے اقرار کیا اور توبہ کی۔ ایک بکری کو قصاب ذبح کرنا چاہتا تھا۔ جو جائز ذبیحہ تھا۔ وہ اِس سے چھوٹ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھاگ آئی اور پیچھے پیچھے ہولی۔ آپؐ نے فرمایا کہ اے بکری! صبر کر حکم خداوندی پر۔ اور اے قصاب اسے نرمی سے ذبح کر۔ آپؐ جنگل میں تھے کہ اچانک یا رسول اللہؐ کی آواز آپؐ نے سنی۔ آپؐ نے دیکھا کوئی نظر نہ آیا ایک جانب دیکھا تو ایک ہرنی بندھی ہوئی دیکھی۔ جس نے کہا۔ یا رسول اللہؐ ذرا میرے قریب آئیے۔ آپؐ نے فرمایا۔ کیا بات ہے؟ اس نے کہا میرے دو بچے اس پہاڑی میں ہیں۔ ذرا مجھے کھول دیجئے کہ میں انہیں دودھ پلا دوں۔ اور میں ابھی لوٹ آؤں گی فرمایا تو ایسا کرے گی کہ لوٹ آئے؟ کہا اگر ایسا نہ کروں تو خدا مجھے عذاب

دے۔ آپؐ نے کھول دیا اور وہ حسبِ وعدہ دودھ پلا کر لوٹ آئی اور آپؐ نے اسے وہیں باندھ دیا۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ ایک درخت پر چڑیا کے دو بچے گھونسلے میں دیکھے۔ ہم نے انہیں پکڑ لیا۔ تو ان کی ماں حضورؐ کے پاس آئی اور سامنے آ کر فریادی کی سی صورت اختیار کرتی تھی۔ آپؐ نے فرمایا کہ اس کے بچوں کو پکڑ کر کس نے اسے درد میں مبتلا کیا ہے؟ عرض کیا گیا ہم نے فرمایا جہاں سے یہ بچے پکڑے تھے وہیں چھوڑ آؤ۔ تو ہم نے چھوڑ دیئے۔

بھیڑیئے نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی گواہی دی

(۸۳) اگر حضرت سلیمان علیہ السلام بعض حیوانات کی بولیاں سمجھ جاتے تھے تو حضورؐ کی برکت سے جانور انسانی زبان میں کلام کرتے تھے۔ جسے ہر انسان سمجھتا تھا۔ بھیڑیئے نے آپ کی رسالت کی شہادت عربی زبان میں دی۔ (بیہقی عن ابن عمر)۔ گوہ نے فصیح عربی میں نبوت کی شہادت دی۔ (طبرانی و بیہقی عن)

ترجمہ:۔ بھیڑیئے نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی شہادت دی اور لوگوں کو اسلام لانیکی دعوت بھی دی۔ لوگ حیران تھے کہ بھیڑیا آدمیوں کی طرح بول رہا ہے۔ نیز ایک بھیڑیا بطور وفد کے خدمت نبوی میں حاضر ہوا اور اپنے رزق کے بارے میں کہا۔ آپؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ یا تو ان بھڑیوں کے لیے اپنی بکریوں میں سے خود کوئی حصہ مقرر کر دو یا انہیں ان کے حال پر رہنے دو۔ صحابہؓ نے بات حضورؐ پر چھوڑ دی۔ آپؐ نے رئیس الوفد بھیڑیئے کو کچھ اشارہ فرمایا اور وہ سمجھ کر دوڑتا ہوا چلا گیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حیوانوں کو بات سمجھا دی

(۸۴) اگر حضرت سلیمانؑ پرندوں کی بات سمجھ لیتے تھے تو حضورؐ اپنی بات حیوانات کو سمجھا دیتے تھے۔ بھیڑیئے کو آپؐ نے بات سمجھا دی اور وہ راضی ہو کر چلا گیا۔ (طبرانی عن عمر)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کا اقتدار عطاء ہوا

(۸۵) اگر حضرت سلیمانؑ نے پرندوں کی بات سمجھ لیتے تھے تو حضورؐ کو پوری زمین کی

کنجیاں سپرد کر دی گئیں جس سے مشارق و مغارب پر آپ کا اقتدار نمایاں ہوا۔ اعطیت مفاتیح الارض (مسند احمد بن علی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بغیر مانگے ملک عطاء ہوا

(۸۶) اگر حضرت سلیمانؑ نے ملک یہ کہہ کر مانگا کہ وہ میری ساتھ مخصوص رہے میرے بعد کسی کو نہ ملے۔ چنانچہ ان کی امت اور رعیت میں سے کسی کو نہیں ملا۔ رب ھب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی۔ تو حضورؐ کو مشارق و مغارب کا ملک بے مانگے بلکہ انکار کے باوجود دیا گیا جسے آپؐ نے اپنی امت کا ملک فرمایا جو آپ کے بعد امت کے ہاتھوں ترقی کرتا رہا۔ اور دنیا کے آخری دور میں امت ہی کے ہاتھوں پوری دنیا پر چھائے گا۔

ان اللہ روی فی الارض مشارقھا و مغاربھا و سیبلغ ملک امتی مازوی لی منھا . (بخاری)

ترجمہ:۔ اللہ نے زمین کا مشرق و مغرب مجھے دکھلایا اور میری امت کا ملک وہیں تک پہنچ کر رہے گا جہاں تک میری نگاہیں پہنچی ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے براق مسخر ہوا

(۸۷) اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے ہوا مسخر ہوئی کہ اپنے قلمرو میں جہاں چاہیں اڑ کر پہنچ جائیں تو حضورؐ کے لیے براق مسخر ہوا کہ زمینوں سے آسمانوں اور آسمانوں سے جنتوں اور جنتوں سے مستوی تک پل بھر میں پہنچ جائیں۔

ترجمہ:۔ جیسا کہ معراج کی مشہور حدیث میں اس کی تفصیلات موجود ہیں جن میں براق کی ہیئت اور قد و قامت تک کی بھی تفصیلات فرمادی گئی ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وزیر آسمان میں بھی تھے

(۸۸) اگر سلاطین انبیاء کے وزراء زمین تک محدود تھے جو ان کے ملک کے بھی زمین تک محدود ہونے کی علامت ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو وزیر زمین کے تھے ابوبکرؓ و عمرؓ اور دو وزیر آسمانوں کے تھے جبرئیل و میکائیل جو آپ کے ملک کے زمین و آسمان دونوں تک پھیلے ہوئے ہونے کی علامت ہے۔ ولی وزیر ای فی الارض وزیرای فی السماء اما وزیر ی فی

الارض فابوبکر و عمر. واما وزیر ای فی السماء فجبریل ومیکائیل۔ (الریاض النضرۃ)

ترجمہ:۔ میرے دو وزیر زمین میں ہیں اور دو آسمان میں زمین کے وزیر ابوبکرؓ وعمرؓ ہیں اور آسمان کے وزیر جبرئیل ومیکائیل ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو احیائے قلوب عطاء ہوا

(۸۹) اگر حضرت مسیح علیہ السلام کو احیاء موتی کا معجزہ دیا گیا۔ جس سے مردے زندہ ہو جاتے تھے تو آپ کو احیاء موتی کے ساتھ احیاء قلوب وارواح کا معجزہ بھی دیا گیا جس سے مردہ دل جی اٹھے اور صدیوں کی جاہل قومیں عالم وعارف بن گئیں۔

ولن یقبضه الله حتی یقیم به الملة العوجاء بان یقولوا لا اله الا الله ویفتح به اعیننا عمیاء واذا ناصماً وقلوبا غلفا (بخاری عن عمرو ابن العاص)

ترجمہ:۔ عمر بن عاص فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تورات میں یہ فرمائی گئی ہے کہ حق تعالیٰ آپ کو اس وقت تک دنیا سے نہیں اٹھائے گا جب تک کہ آپ کے ذریعہ سے ٹیڑھی قوم (عرب) کو سیدھا نہ کر دے کہ وہ توحید پر نہ آ جائیں اور کھولے گا آپ کے ذریعہ ان کی اندھی آنکھیں اور بہرے کان اور اندھے دل۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے کھجور کے تنہ کو جان ملی

(۹۰) اگر حضرت روح اللہ کے ہاتھ پر قابلِ حیات پیکروں مثلاً پرندوں کی ہیئت نما انسانوں کی مردہ نعش میں جان ڈالی گئی تو حضورؐ کے ہاتھ پر نا قابلِ حیات کھجور کے سوکھے تنہ میں حیات آفرینی کی گئی۔ فصاحت النخله صیاح الصبی۔ (بخاری عن جابر) نیز آپ کے اعجاز سے دروازہ کے کواڑوں نے تسبیح پڑھی اور دست مبارک میں کنکریوں کی تسبیح کی آوازیں سنائی دیں۔ (خصائص کبریٰ)

ترجمہ:۔ جابر سے روایت ہے کہ کھجور کا ایک سوکھا تنا جس پر ٹیک لگا کر حضورؐ خطبہ ارشاد فرماتے تھے جب ممبر بن گیا اور آپؐ اِس پر خطبہ دینے کے لیے چڑھے تو وہ سوکھا ستون اس

طرح رونے چلانے لگا اور سکنے لگا جیسے بچے سکتے ہیں تو آپ نے شفقت و پیار سے اس پر ہاتھ رکھا تب وہ چپ ہوا۔ (خصائص ۲/۷۵)

کھجور کے تنہ میں انسانوں کی سی حیات آئی

(۹۱) اگر مسیح کے ہاتھ پر زندہ ہونے والے پرندوں میں پرندوں ہی کی سی حیات آئی اور وہ پرندوں ہی کی سی حرکات کرنے لگے تو آپؐ کے ہاتھ پر جی اٹھنے والے کھجور کے سوکھے تنے میں انسانوں بلکہ کامل انسانوں کی سی حیات آئی کہ وہ عازمانہ گریہ وبکا اور عشق الٰہی میں فنائیت کی باتیں کرتا ہوا اٹھا۔ وہاں حیوان کو حیوان ہی نمایاں کیا گیا اور یہاں سوکھی لکڑی کو کامل انسان بنا دیا گیا۔ (**كما فى الحديث السابق**)

ترجمہ:۔ جیسا کہ حدیث بالا میں گزرا۔

استن حنانہ از ہجر رسولؐ   نالہ ہامی زدچو ارباب عقول

امت محمدیہ کے لوگ کھانے پینے سے مستغنی ہوں گے

(۹۲) اگر حضرت مسیح علیہ السلام کو آسمانوں میں رکھ کر کھانے پینے سے مستغنی بنایا گیا تو حضرت خاتم الانبیاء کی امت کے لوگوں کو زمین پر رہتے ہوئے کھانے پینے سے مستغنی کر دیا گیا۔ یاجوج ماجوج کے خروج اور ان کے پوری زمین پر قابض ہو جانے کے وقت مسلمین ایک محدود طبقہ زمین میں پناہ گزیں ہوں تو ان کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا۔

قالوا فما طعام المومنين يومئذٍ؟ قال التسبيح و التكبير و التهليل
(مسند احمد عن عائشه)

وفى روايت اسماء بنت عميس نحووفيه يجزئهم ما يجزى اهل السماء من التسبيح و التقديس (خصائص كبرىٰ ۲/۲۱۵)

ترجمہ:۔ لوگوں نے عرض کیا کہ آج کے دن یعنی یاجوج ماجوج کے قبضہ عمومی کے زمانہ میں) مسلمانوں کے کھانے پینے کی صورت کیا ہوگی؟ فرمایا۔ تسبیح و تکبیر اور تہلیل یعنی ذکر اللہ ہی غذا ہو جائے گا۔ جس سے زندگی برقرار رہے گی اور اسماء بنت عمیس کی روایت میں ہے کہ مسلمانوں کے لیے کھانے پینے کی حد تک وہی چیز کفایت کرے گی جو آسمان والوں

(ملائکہ) کو کفایت کرتی ہے۔ یعنی تسبیح و تقدیس۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے محافظ خود اللہ تھے

(۹۳) اگر حضرت مسیح علیہ السلام کی حفاظت کے لئے روح القدس (جبریل) مقرر تھے تو حضور کی حفاظت خود حق تعالیٰ فرماتے تھے۔ **واللہ یعصمک من الناس** (القرآن الحکیم)

ہو کیوں جبریل دربانِ محمدؐ خدا خود ہے نگہبانِ محمدؐ

(حضرت شیخ الہندؒ)

ترجمہ:۔ اور اللہ بچاؤ فرمائے گا تمہارا (اے محمدؐ) لوگوں (کے شر) سے۔

امت محمدیہ مجتہد بنائی گئی

(۹۴) اگر اور انبیاء کی امتیں پابند رسول و جزئیات اور بندھی جُری رسموں کے اتباع میں مقلد جامد بنائی گئیں کہ نہ ان کے یہاں ہمہ گیر اصول تھے کہ ان سے ہنگامی احکام کا استخراج کریں اور نہ انہیں تفقہ کے ساتھ ہمہ گیر دین دیا گیا تھا کہ قیامت تک دنیا کا شرعی نظام اس سے قائم ہو جائے تو امت محمدی مفکر، فقیہ اور مجتہد امت بنائی گئی تا کہ اصول وکلیات سے حسب حوادث و واقعات احکام کا استخراج کر کے قیامت تک کا نظم اسی شریعت سے قائم کرے جس سے اس کے فتاویٰ اور کتب فتاویٰ کی تعداد ہزاروں اور لاکھوں تک پہنچی۔

وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس مانزل الیھم ولعلھم یتفکرون

(القرآن الحکیم)

فلولا نفر من کل فرقة منھم طائفة لیتفقھو فی الدین.

ترجمہ:۔ اور ہم نے آپ کی طرف اے پیغمبر ذکر (قرآن) اتارا تا کہ آپ کھول کھول کر لوگوں کے لیے وہ چیزیں بیان کر دیں جو ان کی طرف اتاری گئیں اور تا کہ لوگ بھی (ان بین المراد امور میں) تفکر اور تدبر کریں اور فرمایا کیوں ایسا نہیں ہوتا) (یعنی ضرور ہونا چاہیے) کہ ہر جماعت اور ہر طبقہ میں سے کچھ کچھ لوگ نکلیں اور دین میں تفقہ اور سمجھ پیدا کریں۔

امت محمدیہ کے راسخین فی العلم مفروض الاطاعۃ ہیں

(۹۵) اسی لیے اگر انبیاء سابقین مفروض الطاعۃ تھے تو اللہ و رسول کے بعد اِس امت

کے راسخین فی العلم علماء ہی مفروض الاطاعۃ بنائے گئے۔ یایھا الذین آمنوا اطیعوا اللہ واطیعو الرسول و اولی الامر منکم (القرآن الحکیم)

امت محمدیہ کے علماء کو انبیاء بنی اسرائیل کا لقب ملا

(۹۶) اگر علماء بنی اسرائیل کو احبار و رہبان کا لقب دیا گیا ہوائے۔ اتخذ وا احبارھم ورھبانھم ارباباً من دون اللہ تو اس امت کے راسخین فی العلم کو کانبیا بنی اسرائیل کا لقب دیا گیا۔ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل (ترجمہ:۔ میری امت کے علماء مثل بنی اسرائیل کے ہیں (نورانیت اور آثار کی نوعیت میں) یہ حدیث گو ضعیف ہے مگر فضائل اعمال میں قبول کی گئی ہے۔ چنانچہ امام رازیؒ نے اس سے دو جگہ استشہاد کیا ہے۔) اور انہیں انبیاء کی طرح دعوتِ عام اور تبلیغ عمومی کی طرح دعوتِ عام اور تبلیغ عمومی کا منصب دیا گیا۔ اسی لیے ایک حدیث میں علماء امت کے انوار کو انوارِ انبیاء سے تشبیہ دی گئی۔ ونورھم یوم القیٰمۃ مثل نور الانبیاء۔ (بیہقی عن وہب ابن منبہ) نیز امت کے کتنے ہی اعمال کو اعمال انبیاء سے تشبیہ دی گئی کہ وہ اعمال یا انبیاء کو دیئے گئے یا اس امت کو عطاء ہوئے دوسرے امتوں کو نہیں ملے۔ یعنی خصوصیات انبیاء سے صرف یہ امت سرفراز ہوئی۔

> وامتہ امۃ مرحومہ اعطیتھم من النوافل مثل اعطیت الانبیاء وافترضت علیھم الفرائض التی افترضت علی الانبیاء. والرسول حتی یاتونی یوم القیٰمۃ ونورھم مثل نور الانبیاء وذٰلک انی افترضت علیھم ان یتطھروا فی کل صلوۃ کما افترضت علی الانبیاء و امرتھم بالغسل من الجنابۃ کما امرت الانبیاء وامرتھم بالحج کما امرت الانبیاء وامرتھم بالجھاد کما امرت الرسل. (بیھقی عن وھب ابن منبہ)

ترجمہ:۔ یہ امت امت مرحومہ ہے میں نے اسے نوافل دیں جیسے انبیاء کو دیں ان کے فرائض وہ رکھے جو انبیاء و رسل کے رکھے حتیٰ کہ جب وہ قیامت کے دن آئیں گے تو ان کی نورانیت انبیاء کی نورانیت جیسی ہوگی (جیسے اعضاء وضو چمکتے ہوئے ہونگے) کیونکہ میں نے ان پر پاکیزگی ہر نماز کے لیے وہی فرض کی ہے جو انبیاء پر فرض ہے چنانچہ ارشاد نبوی ہے کہ (ھذا وضوئی و وضوء الانبیا من قبل جس سے تین تین بار اعضاء وضو کا دھونا امت کے لیے

سنت قرار دیا گیا جو اصل میں انبیاء کا وضو ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انبیاء کے اعضاء وضو بھی اس طرح چمکتے ہوں گے مگر یہ وضو اور امتوں کو نہیں دیا گیا۔ بجز امتِ مرحومہ کے تو اسی کا نور مشابہ ہو گیا انبیاء کے نور کے)اور میں نے امت کو امر کیا ہے غسلِ جنابت کا جیسا کہ انبیاء کو دیا تھا اور امت کو امر کیا حج کا جیسا کہ انبیاء کو کیا تھا۔ چنانچہ کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس نے حج نہ کیا ہو اور امر کیا امت کو جہاد کا جیسا کہ رسولوں کو امر کیا۔ حدیث **علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل** کا بعض علماء نے انکار کیا ہے۔ لیکن اس انکار کا مطلب زیادہ سے زیادہ ان الفاظ کا انکار ہو سکتا ہے۔ لیکن حدیث کے معنی یعنی علماء امت بعد امت کی تشبیہ انبیاء سے بلحاظ مضمون ثابت شدہ ہے۔ اس لیے حدیث اگر لفظاً ثابت نہ ہو تو بھی معناً ثابت ہے۔ اسی لیے علماء نے جگہ جگہ اس حدیث سے اِستدلال کیا ہے جیسے امام رازیؒ نے آیت کریمہ **یایھا الناس قد جاء تکم موعظة من ربکم** کے تحت میں مراتب بیان کرتے ہوئے اِس حدیث سے استدلال کیا ہے۔ پھر ایسے ہی آیت کریمہ **قالت لھم رسلھم ان نحن الابشر مثلکم** کے نیچے مراتب وکمال ونقصان بیان کرتے ہوئے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔

امت محمدیہ کی توبہ دل سے ہے

(۹۷) اگر امم سابقہ (جیسے یہود) میں توبہ قتل سے ہوتی تھی۔ **یقوم انکم ظلمتم انفسکم باتخاذکم العجل فتوبوا الیٰ بارئکم فاقتلوا انفسکم**۔ (القرآن الحکیم)

تو اس امت کی توبہ قلبی ندامت رکھی گئی۔ **الندم توبة**.

ترجمہ:۔ اے قوم بنی اسرائیل! تم نے گئوسالہ کو اپنا معبود بنا کر اپنے اوپر ظلم کیا ہے تو اپنے پیدا کرنے والے کے آگے توبہ کر۔

ترجمہ:۔ ندامت ہی توبہ ہے جب بندہ دل میں پشیمان ہو گیا اور آئندہ اس بدی سے باز رہنے کا عزم باندھ لیا تو توبہ ہو گئی نہ قتل نفس کی ضرورت رہی نہ ترک مال کی۔

امت محمدیہ کو دونوں قبلے عطاء ہوئے

(۹۸) اگر امت موسیٰ وعیسیٰ کا صرف ایک قبلہ (بیت المقدس) تھا۔ اور اگر اہل عرب کا صرف ایک قصبہ (کعبہ معظّمہ) تھا تو امت محمدیہ کو یکے بعد دیگرے یہ دونوں قبلے عطاء کئے

گئے جس سے یہ امت جامع امم ثابت ہوئی۔

قد نریٰ تقلب وجھک فی السماء فلنولینک قبلۃ ترضٰھا. (القرآن الحکیم)

امت محمدیہ کا کفارہ استغفار سے ہوتا ہے

(۹۹) اگر اور امتوں کی سیئات کا کفارہ دنیا یا آخرت کی رسوائی بغیر نہ ہوتا تھا کہ وہ سیئہ در و دیوار پر مع صورت کفارہ لکھ دی جاتی تھی تو اِس امت کے معاصی کا کفارہ توبہ استغفار اور ستاری و مسامحت کے ساتھ نمازوں سے ہو جاتا ہے۔ ارشاد نبوی ہے۔

کانت بنو اسرائیل اذا اصاب احدھم الخطیئۃ وجدھا مکتوبا علی بابہ و کفارتھا فان کفرھا کانت لہ خزی فی الدنیا وان یکفرھا کانت لہ خزی فی الاخرۃ و قد اعطاکم اللہ خیرا من ذالک قال تعالیٰ ومن یعمل سوءً او یظلم نفسہ ثم یستغفر اللہ یجد اللہ غفورا رحیما و الصلوات الخمس والجمعۃ الی الجمعۃ کفارات لما بینھن . (ابن جریر عن ابی العالیہ)

ترجمہ:۔ بنی اسرائیل جب گناہ کرتے تو ان کے دروازوں پر وہ گناہ اور اس کا کفارہ لکھ کر انہیں رسوا کر دیا جاتا تھا اگر کفارہ ادا کرتے تو دنیا کی اور نہ کرتے تو آخرت کی رسوائی ہوتی لیکن تمہیں اے امت محمدیہ اس سے بہتر صورت دی گئی اللہ نے فرمایا کہ جو کوئی بری حرکت کرے اور اپنے نفس پر ظلم کرے اور پھر اللہ سے مغفرت چاہے تو اللہ کو غفور رحیم پائے گا (عام رسوائی اور فضیحتی نہ ہوگی) اور پھر پانچ نمازیں اور جمعہ دوسرے جمعہ تک درمیانی گناہوں کا کفارہ ہوں گے۔

امتِ محمدیہ کے کمال اِطاعت کا ثبوت دیا

(۱۰۰) اگر امت موسیٰ نے دعوتِ جہاد کے جواب میں اپنے پیغمبر کو یہ کہہ کر صاف جواب دے دیا کہ اے موسیٰ تو اور تیرا پروردگار لڑ لو۔ ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں تو امت محمدیؐ نے کمال اطاعت کا ثبوت پیش کرتے ہوئے نہ صرف ارض حجاز بلکہ شرق و غرب میں دینِ محمدیؐ کے علم کو سربلند کیا اور **اعظم درجۃ عند اللہ** کا بلند مرتبہ حاصل کیا۔

امتِ محمدیہ اورانبیاء کی شہادت دے گی

(۱۰۱) اگراورانبیاء کی امتیں محشر میں اپنی شہادت میں اپنے انبیاء کوپیش کریں گی توانبیاء اپنی شہادت میں اس امت کواور یہ امت اپنی شہادت میں حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کوپیش کرے گی۔

یجاء بنوح یوم القیٰمة فیقال له هل بلغت؟ فیقول نعم یارب فتسال امته هل بلغکم؟ فیقولون ما جاء نا من نذیر فیقول من شهودک؟ فیقول محمدٌ وامته فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم فیجاء بکم فتشهدون انه قد بلغ ثم قرا رسول الله صلی الله علیه وسلم وکذالک جعلنٰکم امة وسطا لتکونوا شهداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شهیدا. (بخاری عن ابی سعید)

ترجمہ:۔قیامت کے دن نوحؑ لائے جائیں گے اور پوچھا جائے گا کہ تم نے اپنی امت کو تبلیغ کی؟ کہیں گے کی ہے اے میرے رب تو ان کی امت سے پوچھا جائیگا کہ کیا نوحؑ نے تمہیں تبلیغ کی؟ وہ کہیں گے ہمارے پاس تو کوئی ڈرانے والا آیا نہیں۔نوحؑ سے پوچھا جائے گا کہ تمہارا گواہ کون ہے؟ عرض کریں گے محمدؐ اوران کی امت۔تو حضورؐ نے فرمایا کہ اس وقت تم (اے امت والو) بلائے جاؤ گے اور تم گواہی دو گے کہ نوحؑ نے تبلیغ کی۔پھر حضورؐ نے یہ آیت پڑھی اور ہم نے تمہیں اے امت محمدیہؐ! درمیانی اور معتدل امت بنایا ہے تا کہ تم اقوام عالم پر گواہ بنو اور رسول کریم تم پر گواہ ہوں۔

امت محمدی اول بھی ہے آخر بھی

(۱۰۲) اگراورانبیاء کی امتیں نہ اول ہوں نہ آخر بلکہ بیچ میں محدود ہوگی تو امت اول بھی ہوگی اور آخر بھی۔**جعل امتی هم الاخرون وهم الاولون.** (ابونعیم عن انس)

آخر میں دنیا میں اوراول قیامت میں حساب وکتاب میں بھی اول اورداخلہ جنت میں بھی اول۔

نحن الآخرون من اهل الدنیا والاولون یوم القیٰمة المقضی لهم قبل الخلائق. (ابن ماجه ابن هریرة وحذیفه)

ترجمہ:۔میری ہی امت آخر بھی رکھی ہے اوراول بھی۔دوسری حدیث ہے ہم آخر ہیں دنیا میں اوراول ہیں آخرت میں کہ سب خلائق سے پہلے ہمارا فیصلہ سنایا جاوے گا۔

امت محمدی کو اولین و آخرین پر فضیلت دی گئی

(۱۰۳) اگر موسوی امت کو اپنے دور کے جہانوں پر فضیلت دی گئی وانی فضلتکم علی العلمین تو امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو علی الاطلاق اولین و آخرین پر فضیلت دے کر افضل الامم فرمایا گیا۔

کنتم خیر امة اخرجت للناس. (القرآن الحکیم)

و حدیث جعلت امتی خیر الامم. (مسند بزار عن ابو ہریرة)

وحدیث وفی الزبور یا دائود انیٰ فضلت محمدا و امته علی الامم کلهم. (خصائص کبریٰ ۱/۱۴)

یا رب تو کریمی و رسولؐ تو کریم   صد شکر کہ ہستیم میان دو کریم

ترجمہ:۔ تم بہترین امت ہو جو انسانوں کے لیے کھڑی کی گئی ہے اور حدیث ہے میری امت بہترین امم بنائی گئی ہے اور حدیث ہے زبور میں کہ حق تعالےٰ نے فرمایا۔ اے داؤد! میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو علی الاطلاق فضیلت دی اور اس کی امت کو تمام امتوں پر فضیلت دی ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عالم فتح کر ڈالا

(۱۰۴) اگر صحابہ موسویؑ باوجود معیت موسیٰؑ کے بیت قدس یعنی خود اپنے قبلہ کو اپنے ہی وطن (یعنی فلسطین کو بھی فتح کرنے سے جی چھوڑ بیٹھے اور صاف کہدیا۔ اذهب انت وربک فقاتلا انا ههنا قاعدون ۔ تو صحابہ محمدیؐ نے اپنے پیغمبر کی اطاعت کرتے ہوئے اپنے وطن (حجاز) کے ساتھ عالم کو فتح کر ڈالا۔ انا فتحنا لک فتحاً مبینا. کا ظہور ہوا اور لیستخلفنهم فی الارض کا وعدہ خداوندی پورا کر دیا گیا۔ (القرآن الحکیم)

ترجمہ:۔ موسیٰ علیہ السلام! تو اور تیرا پروردگار لڑلو ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں (ہم سے یہ قتال و جہاد کی مصیبت نہیں سہی جاتی) اس امت کے بارے میں ہے کہ ہم نے تمہیں اے نبی! فتح مبین دی۔ (مکہ فتح ہوگیا) اور آیت میں ہے کہ اللہ نے وعدہ کیا ہے کہ وہ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین کی خلافت و سلطنت ضرور بخشے گا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پہلے مکہ فتح ہوا۔ پھر خیبر اور بحرین فتح ہوا۔ پھر پورا جزیرہ عرب کا اکثر حصہ فتح ہوا۔

پھر یمن کا پورا ملک فتح ہوا۔ پھر ہجوس کے مجوس سے خرید لیا گیا۔ اطراف شام و روم و مصر و اسکندریہ و حبشہ پر اثرات قائم ہوئے کہ بادشاہ روم (قیصر) بادشاہ حبش (نجاشی) شاہ مصر و اسکندریہ مقوش شاہان عمان وغیرہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں بھیج کر اپنی فرمانبرداری اور نیازمندی کا ثبوت دیا۔ پھر صدیق اکبرؓ خلیفہ رسول اللہؐ نے جزیرہ عرب پورا کا پورا لے لیا۔ فارس پر فوج کشی کی۔ شام کے اہم علاقے بصریٰ وغیرہ فتح ہوئے۔ پھر فاروق اعظمؓ کے زمانہ میں پورا شام پورا مصر، فارس و ایران اور پورا روم اور قسطنطنیہ فتح ہوا۔ پھر عہدِ عثمانی میں اندلس، قبرص، بلاد قیران وسبتہ اقصائے چین و عراق و خراسان، اہواز اور ترکستان کا ایک بڑا علاقہ فتح ہوا اور پھر امت کے ہاتھ پر ہندو، سندھ، یورپ و ایشیاء کے بڑے بڑے ممالک فتح ہوئے۔ جن پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا اور بالآخر زمانہ آخر میں پوری دنیا پر بیک وقت اسلام کا جھنڈا لہرانے لگا۔ وعدہ امت کو دیا گیا جو پورا ہو کر رہے گا جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے۔

جنت میں امتِ محمدیہ کی اسی صفیں ہوں گی

(۱۰۵) اگر جنت میں ساری امتیں چالیس صفوں میں ہوں گی۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تنہا امت اسی (۸۰) صفیں پائے گی۔

اهل الجنة عشرون ومائة صف ثمانون منها من هذا الامة واربعون من سائر الامم. (ترمذی ودارمی بیہقی بریدۃ)

امتِ محمدیہ کے صدقات سے غرباء مستفید ہوتے ہیں

(۱۰۶) اگر اور امتوں کے صدقات اور انبیاء کے خمس نذر آتش کئے جانے سے قبول ہوتے تھے جس سے امتیں مستفید نہیں ہو سکتی تھیں تو امتِ محمدیؐ کے صدقات وخمس خود امت کے غرباء پر خرچ کرنے سے قبول ہوتے ہیں جس سے پوری امت مستفید ہوتی ہے۔

وكانت الانبياء يعزلون الخمس فتجيء النار وتاكله وامرت انا ان اقسم بين فقراء امتي. (بخاری فی تاریخه عن ابن عباس)

ترجمہ:۔ اگر اور انبیاء علیہم السلام اپنا خمس کا حق چھوڑ دیتے تھے تو آگ آتی تھی اور اسے

جلاڈالتی تھی (یہی اس کی قبولیت کی علامت تھی۔ بفوائے قرآن حکیم حتی یاتینا بقربان تاکله النار) اور مجھے امر کیا گیا ہے کہ میں اس خمس کو تقسیم کردوں اپنی امت کے فقراء میں۔

(خصائص کبریٰ ۲/۱۸۷)

امت محمدیہ کے لئے الہام ہے

(۱۰۷) اگر اور انبیاء پر وحی آتی تھی جس سے اصلی تشریع کا تعلق تھا تو اِس امت کے ربانیوں پر الہام اترا جس سے اجتہادی شریعتیں کھلیں۔

واذا جاء هم امر من الامن اوالخوف اذا عوبه ولو ردوه الی الرسول والی اولی الامر منهم لعلمه الذین یستنبطونهٗ منهم.

ترجمہ:۔اور جب ان کے پاس کوئی بات امن کی یا خوف کی آتی ہے تو اسے پھیلا دیتے حالانکہ اگر وہ اسے رسول یا اپنے میں سے اولو الامر کی طرف لوٹا دیتے ہیں اسے ان میں سے استنباط کرنے والے جان لیتے (جو اس میں سے نئی چیزیں مستنبط کر کے نکال لیتے۔)

امتِ محمدیہ عامہ گمراہی سے محفوظ ہے

(۱۰۸) اگر اور انبیاء کی امتیں ضلالتِ عامہ سے نہ بچ سکیں تو امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گمراہی عامہ سے ہمیشہ کے لئے مطمئن کر دیا گیا۔

لاتجمع امتی علی الضلالة۔

ترجمہ:۔میری امت (ساری کی ساری مل کر کبھی بھی) گمراہی پر جمع نہیں ہوسکتی۔

امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اجماع حجت ہے

(۱۰۹) اگر اور انبیاء کی امتوں کا مل کر کسی چیز کا جمع ہو جانا عنداللہ حجت شرعیہ نہیں تھا کہ وہ گمراہی عامہ سے محفوظ نہ تھیں تو امتِ محمدیہ کا اجماع حجتِ شرعیہ قرار دیا گیا کہ وہ عام گمراہی سے محفوظ کی گئی ہے۔

وما راٰه المومنون حسنًا فهو عند الله حسن و حدیث انتم شهداء الله فی الارض ولتکونوا شهداء علی الناس.

ترجمہ:۔جسے مسلمان اچھا سمجھ لیں وہ عنداللہ بھی اچھا ہے اور حدیث تم اللہ کے سرکاری

گواہ ہو زمین میں۔ اور آیتِ کریمہ ہم نے تمہیں اے امت محمدیہؐ درمیانی درجہ کی امت بنایا ہے (تمہیں بھی اس کا دھیان چاہیے) اور حدیث تم اللہ کے سرکاری گواہ ہو زمین پر) اور آیت کریمہ ہم نے تمہیں درمیانی امت بنایا ہے تاکہ تم گواہ بنو دنیا کے انسانوں پر۔

امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عذابِ عام نہ ہوگا

(۱۱۰) اگر اور انبیاء کی امتیں گمراہی عامہ کی وجہ سے معذب ہو ہو کر ختم ہوتی رہیں تو امتِ محمدیہؐ کو عذابِ عام اور استیصال عام سے دائمی طور پر بچا لیا گیا۔

وما كان الله ليعذبهم وانت فيهم وما كان الله معذبهم وهم يستغفرون (القرآن الحکیم)

امتِ محمدیہ کو دس گنا اعلیٰ مقام ملیں گے

(۱۱۱) اگر اور انبیاء کی امتوں کو جنت میں نفس مقامات سے نوازا جائے گا تو امتِ محمدیہ کو ہر مقام کا دہگنہ درجہ دیا جائے گا تا آنکہ اس امت کے ادنیٰ سے ادنیٰ جنتی کا ملک بہ نص حدیث دس دنیا کی برابر ہوگا۔ فما ظنک باعلاهم؟

ترجمہ:۔ جیسا کہ آیت کریمہ من جاء بالحسنة فله عشر امثالها اس پر شاہد ہے۔

امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صلحاء بھی شفاعت کریں گے

(۱۱۲) اگر امم سابقہ کی شفاعت صرف ان کے انبیاء ہی کریں گے تو اس امت کی شفاعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اِس امت کے صلحاء بھی کریں گے اور ان کی شفاعت سے جماعتیں کی جماعتیں نجات پا کر داخل ہوں گی۔

ان من امتى من يشفع للفئام ومنهم من يشفع للقبيلة ومنهم من يشفع للعصبة ومنهم من يشفع للرجل حتىٰ يدخلوا الجنه. (ترمذی عن ابی سعید)

ترجمہ:۔ میری امت میں ایسے بھی ہوں گے جو کئی کئی شفاعتیں کریں گے اور ایک خاندان بھر کی، بعض خاندان کے ایک حصہ کی اور بعض ایک شخص کی، تا آنکہ یہ لوگ اس کی شفاعت سے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔

امتِ محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام اللہ کے نام سے ہے

(۱۱۴) اگر اور انبیاء کی امتوں کے نام ان کے وطنوں اور قبیلوں یا انبیاء کے ناموں سے رکھے گئے، جیسے عیسائی، یہودی، ہندو وغیرہ تو امت محمد یہؐ کے دو نام اللہ نے اپنے ناموں سے رکھے۔ مسلم اور مومن، **یا یھود تسم اللہ باسمین وسمی اللہ بھما امتی ھو السلام وسمیٰ بھا امتی المسلمین وھو المومن وسمیٰ بھا امتی المومنین** (مصنف ابن ابی شیبہ عن مکحول)

ترجمہ:۔ اے یہودی! اللہ نے اپنے دو نام رکھے۔ اور پھر ان دونوں ناموں سے نام میری آیت کا رکھا۔ اللہ تعالےٰ سلام ہے تو اس نام پر اس نے میری امت کو مسلمین کہا اور وہ مومن ہے تو اپنے اس نام پر اس نے میری امت کو مؤمنین فرمایا۔

تمام امتیازات کی بنیاد ختم نبوت ہے

یہ سارے امتیازی فضائل وکمالات جو جماعت انبیاء میں آپ کو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت غلامی سے امتوں میں اس امت کو دیئے گئے تو اس کی بناء ہی یہ ہے کہ اور انبیاء نبی ہیں اور خاتم الانبیاء ہیں اور امتیں امم واقوام ہیں اور یہ امت خاتم الامم اور خاتم الاقوام ہے اور انبیاء کی کتب آسمانی کتب ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی کتاب خاتم الکتب ہے اور ادیان ادیان ہیں اور یہ دین خاتم الادیان ہے اور شرائع شریعتیں ہیں اور یہ شریعت خاتم الشرائع ہے۔ یعنی آپؐ کی خاتمیت کا اثر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سارے ہی کمالات وآثار میں رچا ہوا ہے۔ پس یہ امتیازی خصوصیات محض نبوت کے اوصاف نہیں بلکہ ختم نبوت کی خصوصیات ہیں۔ اِس لیے جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء میں ختم نبوت کے مقام سے ممتاز اور افضل ہیں۔ ایسے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ خاتمیت کی ممتاز سیرت تمام انبیاء کی سیرتوں سے ممتاز اور افضل ہے چنانچہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ختم نبوت اور خاتمیت کو اپنی خصوصیات میں شمار فرمایا ہے۔ حدیث ابو ہریرہؓ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں اپنی چھ امتیازی خصوصیات جوامع کلم اور غیر معمولی رعب وغیرہ ارشاد فرمائی۔ وہیں

ان میں سے ایک خصوصیت یہ بھی فرمائی کہ:۔

وختم بی النبیون. (بخاری و مسلم)۔ مجھ سے نبی ختم کر دیئے گئے۔

ختم نبوت کا منکر تمام کمالات نبوی کا منکر ہے

اس کا قدرتی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ حضورؐ کی یہ خصوصیات اور ممتاز سیرت ختم نبوت کے تسلیم کئے بغیر زیر تسلیم نہیں آ سکتی۔ ان خصوصی فضائل کو وہی مان سکے گا جو ختم نبوت کو مان رہا ہو ورنہ ختم نبوت کا منکر در حقیقت ان تمام فضائل و کمالات اور خصوصیات نبوی کا منکر ہے۔ گو زبان سے وہ حضورؐ کی افضلیت کا دعویٰ کرتا رہے۔ مگر یہ دعویٰ ختم نبوت کے انکار کے ساتھ زمانہ سازی اور حیلہ بازی ہوگا۔ بہر حال حضورؐ کے کمالات کے دائرہ میں ہر کمال کا یہ انتہائی نقطہ آپ کی خاتمیت کا اثر ہے نہ محض نبوت کا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء بھی ہیں اور جامع کمالاتِ انبیاء بھی

اس سے یہ اصولی بات کھل کر سامنے آ جاتی ہے کہ شے کی انتہا میں اس کی ابتداء لپٹی ہوتی ہے اور کمال کے ہر انتہائی نقطہ میں اس کے تمام ابتدائی مراتب مندرج ہوتے ہیں۔ سورج کی روشنی سارے عالم میں درجہ بدرجہ پھیلی ہوئی ہے جس کے مختلف اور متفاوت مراتب ہیں۔ لیکن اس کے انتہائی مرتبہ نور میں اس کے ابتدائی نور کے تمام مراتب کا جمع رہنا قدرتی ہے۔ مثلاً اس کے نور کا ادنیٰ درجہ ضیاء اور چاندنا ہے جو بند مکانوں میں بھی پہنچا ہوا ہوتا ہے۔ اس سے اوپر کا مرتبہ دھوپ ہے جو کھلے میدانوں اور صحنوں میں پھیلی ہوئی ہوتی ہے جس سے میدان روشن کہلاتے ہیں۔ اس سے اوپر کا مرتبہ شعاعوں کا ہے جس کا باریک تاروں کی طرح فضائے آسمانی میں جال پھیلا ہوا ہوتا ہے اور فضا ان سے روشن رہتی ہے۔ اس سے بھی اوپر کا مرتبہ اصل نور کا ہے جو آفتاب کی ٹکیہ کے چوگرد اس سے لپٹا ہوا اور اس سے چمٹا ہوا ہوتا ہے جس سے آفتاب کا ماحول منور ہوتا ہے اور اس سے اوپر ذات آفتاب ہے جو بذات خود روشن ہے لیکن یہ ترتیب خود اس کی دلیل ہے کہ آفتاب سے نور صادر ہوا، نور سے شعاع برآمد ہوئی، شعاع سے دھوپ نکلی اور دھوپ سے چاندنا نکلا گویا ہر اعلیٰ مرتبہ کا

اثرادنیٰ مرتبہ ہے جو اعلےٰ سے صادر ہو رہا ہے۔ اس لیے بآسانی یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ ضیاء وروشنی دھوپ میں تھی جب ہی تو اس سے برآمد ہوئی دھوپ شعاعوں میں تھی جب ہی تو اس سے نکلی۔ شعاعیں نور میں تھیں جب ہی اس سے صادر ہوا۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ روشنی کے یہ سارے مراتب آفتاب کی ذات میں جمع تھے جب ہی تو واسطہ بلا واسطہ اس سے صادر ہو ہوکر عالم کے طبقات کو منور کرتے رہے۔ پس آفتاب خاتم الانوار ہونے کی وجہ سے جامع الانوار ثابت ہوا۔ اگر نور کے سارے مراتب اس پر پہنچ کر ختم نہ ہوتے تو اس میں یہ سب کے سب مراتب جمع بھی نہ ہوتے تو قدرتی طور پر خاتمیت کے لیے جامعیت لازم نکلی۔

ٹھیک اسی طرح حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ خاتم الکمالات ہیں جن پر نبوت کے تمام علمی وعملی اور اخلاقی واحوالی مراتب ختم ہو جاتے ہیں تو آپ ہی ان سارے کمالات کے جامع بھی ثابت ہوتے ہیں اور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ نبوت کا ہر کمال جس جس رنگ میں جہاں جہاں اور جس جس پاک شخصیت میں موجود تھا وہ آپ ہی سے نکلا اور آخرکار آپ ہی پر آکر منتہی ہوا تو یقیناً وہ آپ ہی میں جمع بھی تھا۔ اس لیے وہ تمام امتیازی کمالات علم واخلاق اور کمالات احوال ومقامات جو مذکورہ بالا دفعات میں پیش کئے گئے ہیں اور جو آپ کے لیے وجہ امتیاز وفضیلت ہیں جب کہ آپ ہی پر پہنچ کر ختم ہوئے تو وہ بلاشبہ آپ ہی میں جمع شدہ بھی تھے ورنہ آپ پر پہنچ کر ختم نہ ہوتے اور جب آپ کی ذات بابرکات جامع الکمالات بلکہ منبع کمالات ثابت ہوئی اور آپ کے سارے کمالات انتہائی ہوکر جامع مراتب کمالات ثابت ہوئے۔

مصحفے گشت جامع آیات　　　ہستیش غایت ہمہ غایات

تو یقیناً آپ کی شریعت جامع الشرائع آپ کا دین جامع الادیان، آپکا لایا ہوا علم جمع علوم اولین وآخرین، آپ کا خلق عظیم یعنی جامع اخلاق سابقین ولاحقین اور آپ کی لائی ہوئی کتاب جامع کتب سابقین ہے جو آپ کی خاتمیت کی واضح دلیل ہے۔ اس لیے آپ کی خاتمیت کی شان سے آپ کی جامعیت ثابت ہوگئی۔

مُصَدّقیّت

حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاءؑ اور اُن کی شریعتوں کے مُصدِق ہیں

اب اس جامع سے آپ کی افضلیت کا ایک اور مقام نمایاں ہوتا ہے۔ اور وہ شان مصدّ قیت ہے کہ آپ سابقین کی ساری شریعتوں اوران کی لائی ہوئی ساری کتابوں کے تصدیق کنندہ ثابت ہوتے ہیں جس کا دعویٰ قرآنِ حکیم نے فرمایا ہے:۔

ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم.

ترجمہ:۔ پھر تمہارے پاس (اے پیغمبران الٰہی) وہ عظیم رسول (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) آ جائیں تو تمہارے ساتھ کی ہر چیز (سماوی کتب نبوت، معجزات تعلیمات وغیرہ) کے تصدیق کنندہ ہوں (تو تم ان پر) ایمان لانا اوران کی نصرت کرنا۔

اورفرمایا:۔ **بل جاء بالحق و صدق المرسلین.**

ترجمہ:۔ بلکہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آئے اور رسولوں کی تصدیق کرتے ہوئے۔

مُصدِّقیت کی توجیہ

وجہ ظاہر ہے کہ جب آپ کی شریعت میں تمام پچھلی شریعتیں جمع ہیں اورآپ کی لائی ہوئی کتاب (قرآن) میں تمام پچھلی کتب سماویہ مندرج ہیں تو ان کی تصدیق خود اپنی تصدیق ہے۔ جس کی بنا سورج کی مثال سے کھل چکی ہے کہ جیسے ہر انتہا میں اس کے ابتدائی مراتب جمع ہو جاتے ہیں۔ ویسے ہی وہ سارے ابتدائی مراتب نکلتے بھی اس انتہائی مرتبہ

سے ہیں۔ اِس لیے سابق شریعتیں درحقیقت اس انتہائی شریعت کے ابتدائی مراتب ہونے کے سبب اسی میں سے نکلی ہوئی مانی جاویں گی ورنہ یہ شریعت انتہائی اور وہ ابتدائی نہ رہیں گی جومشاہدہ اور عقل ونقل کے خلاف ہے۔ وہ اپنی جگہ مسلم شدہ ہے پس اس جامع شریعت کی تصدیق کے بعد ممکن ہی نہیں کہ ابتدائی شریعتوں کی تصدیق نہ کی جائے بلکہ خود اس مصدقہ شریعت میں جمع شدہ ہیں۔ ورنہ خود اس شریعت کی تصدیق بھی باقی نہ رہے گی۔ اس لیے جب یہ آخری اور جامع شریعت آپ کے اندر سے ہوکر نکلی تو سابقہ شریعتیں بھی بالواسطہ آپ ہی کے اندر سے ہوکر آئی ہوئی تسلیم کی جاویں گی۔ وانہٗ لفی زبر الاولین اور یہ قرآن پچھلوں کی کتابوں میں بھی (لپٹا ہوا) موجود تھا) اس لیے اس شریعت کی تصدیق کے لیے پچھلی شریعتوں کی تصدیق ایسی ہی ہوگی جیسے اپنے اجزا واعضاء کی تصدیق اور ظاہر ہے کہ اپنے اعضاء واجزا اور بالفاظ دیگر خود اپنی تکذیب کون کرسکتا ہے؟ ورنہ یہ معاذ اللہ خود اپنی شریعت کی تکذیب ہوجائے گی۔ جب کہ یہ ساری شریعتیں اسی آخری شریعت کے مبادی اور مقدمات اور ابتدائی مراتب تھے تو کل کی تصدیق کے اس کے تمام صحیح اجزاء کی تصدیق ضروری ہے ورنہ وہ کل کی ہی تصدیق نہ رہے گی۔ اس لیے سارے پچھلے ادیان کے حق میں آپ کے مصدق ہونے کی شان نمایاں تر ہوجاتی ہے۔

اسلام تمام شریعتوں کے اقرار کا نام ہے

اور واضح ہوجاتا ہے کہ ''اسلام'' اقرار شرائع کا نام ہے، انکار شرائع کا نہیں۔ تصدیق مذاہب کا نام ہے۔ تکذیب مذاہب کا نہیں۔ توقیر ادیان کا نام ہے۔ تحقیر ادیان کا نہیں۔ تعظیم مقتدایان مذاہب کا نام ہے۔ توہین مقتدایان کا نام نہیں۔ اس کا قدرتی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اسلام کا ماننا درحقیقت ساری شریعتوں کا ماننا اور اس کا انکار ساری شریعتوں کا انکار ہے اور اسلام آجانے کے بعد اس سے منکر درحقیقت کسی بھی دین وشریعت کے مقر تسلیم نہیں کئے جاسکتے۔

تمام غیر مسلموں کے مسلمان ہونے کی آرزو

اِس بناء پر اگر ہم دنیا کے سارے مسلم اور غیر مسلم افراد سے یہ امید رکھیں کہ وہ حضرت

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی اس جامع و خاتم سیرت کے مقامات کو سامنے رکھ کر اس آخری دین کو پوری طرح سے اپنائیں اور اس کی قدر و عظمت کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں تو یہ بے جا آرزو نہ ہوگی مسلمانوں سے تو اس لیے کہ حق تعالیٰ نے انہیں اسلام دے کر دین ہی نہیں دیا بلکہ سرچشمہ ادیان دے دیا اور ایک جامع شریعت دے کر دنیا کی ساری شریعتیں ان کے حوالہ کر دیں۔ جب کہ وہ سب کی سب شاخ در شاخ ہو کر اسی آخری شریعت سے نکل رہی ہیں جس سے مسلمان بیک وقت گویا سارے ادیان و شریعت پر عمل کرنے کے قابل اور اس جامع عمل سے اپنے لیے جامعیت کا مقام حاصل کرنے کے قابل بنے ہوئے ہیں اور اس طرح وہ ایک دین نہیں بلکہ تمام ادیان عالم پر مرتب ہونے والے سارے ہی اجر و ثواب اور درجات و مقامات کے مستحق ٹھہر جاتے ہیں۔

اسلام اقرار و معرفت کا دین ہے

اندریں صورت اگر ہم یوں کہیں تو خلافِ حقیقت نہ ہوگا۔ اگر وہ صحیح معنی میں عیسائی، موسائی، ابراہیمی اور نوحی بھی ہیں کہ آج انہی کے دم سے سچی نوحیت، ابراہیمت، موسائیت اور عیسائیت دنیا میں زندہ ہے جب کہ بلا استثناء ان سب کے ماننے اور ان کی لائی ہوئی شرائع کو سچا تسلیم کرنے کی روح انہوں نے ہی دنیا میں پھونک رکھی ہے بلکہ اپنی جامع شریعت کے ضمن میں ان سب شریعتوں پر عمل پیرا بھی ہیں۔ ورنہ آج ابراہیمؑ کے ماننے والے براہمہ اپنے کو اس وقت تک براہمہ نہیں سمجھتے جب تک کہ وہ حضرت موسیٰ و عیسیٰ و محمد علیہم السلام کی تکذیب و توہین نہ کر لیں۔ اسی طرح آج کی عیسائیت کو ماننے والے بزعم خود اپنی عیسائیت کو اس وقت تک برقرار نہیں رکھ سکتے۔ جب تک کہ وہ محمدیت کی تکذیب نہ کر لیں۔ گویا ان کے مذاہب کی بنیاد ہی تکذیب پر ہے تصدیق پر نہیں۔ انکار پر ہے اقرار پر نہیں۔ توہین پر ہے توقیر پر نہیں۔ جہالت پر ہے معرفت پر نہیں۔ حالانکہ مذہب نام اقرار کا ہے۔ انکار کا نہیں۔ ایمان نام معرفت کا ہے جہالت کا نہیں، دین نام محبت کا ہے عداوت کا نہیں، پس تسلیم و اقرار، تعظیم و توقیر، علم و معرفت اور ایمان و دین کا کارخانہ سنبھلا ہوا ہے تو صرف اسلام ہی سے سنبھلا ہوا ہے۔

غلبہ اسلام

اور اسی کی تسلیم عام اور تصدیق عام کی بدولت تمام مذاہب کی اصلیت اور توقیر محفوظ ہے۔ ورنہ اقوام دنیا نے مل کر تعصّبات کی راہوں سے اس کارخانہ کو درہم برہم کرنے میں کوئی کسر اٹھا کر نہیں رکھی۔ بنا بریں اسلام کے ماننے والے تو اس لیے اسلام کی قدر پہچانیں اور اسے دستور زندگی بنائیں کہ اللہ نے انہیں تعصّبات کی دلدل سے دور رکھ کر دنیا کی تمام قوموں، امتوں اور ان کے تمام مذاہب اور شریعتوں کا رکھوالا اور محافظ بنایا اور ان میں سے غل وغش کو الگ دکھا کر اصلیت کا راز داں تجویز کیا۔ دوسرے انکار اقرار و تسلیم صرف ان ہی کی شریعت تک محدود نہیں بلکہ شاخ در شاخ بنا کر دنیا کی تمام شریعتوں تک پھیلا دیا جس سے اگر ایک طرف ان کے دین کی وسعت و عمومیت اور جامعیت نمایاں کی جو خود دین والوں کی جامعیت اور وسعت کی دلیل ہے تو دوسری طرف اسلامی دین کا غلبہ بھی تمام ادیان پر پورا کر دیا۔

جس کی قرآن نے **لیظھرہٗ علی الدین کلہ** (تاکہ اسلامی دین کو اللہ تمام دینوں پر غالب فرمائے) خبر دی تھی۔

کیونکہ غلبہ دین کی اس سے زیادہ نمایاں اور واضح دلیل اور کیا ہو سکتی ہے کہ دین اسلام تمام ادیان کا مصدق بن کر ان میں روح کی طرح دوڑا ہوا انہیں تھامے ہوئے ہے، ان کا قیوم اور سنبھالنے والا ہے۔ اور اسی کے دم سے ان کی تصدیق و توثیق باقی ہے ورنہ اقوام عالم تو مذاہب کی تردید و تکذیب کر کے انہیں لاشئے محض بنا چکی تھیں۔ **وقالت الیھود لیست النصاریٰ علی شیء. وقالت النصاریٰ لیست الیھود علی شئی** (یہود نے کہا کہ نصاریٰ لاشئے محض ہیں اور نصاریٰ نے کہا کہ یہود لاشئی محض ہیں) اور اس طرح ہر قوم اپنے سوا دوسرے مذاہب کو تردید و تکذیب سے دفن کر چکی تھی۔ مصدق عام اور قیوم عمومی بن کر تو اسلام ہی آیا جس نے ہر مذہب کی اصلیت نمایاں کر کے اس کی تصدیق کی اور اسے باقی رکھا جس سے مذاہب سابقہ اپنا دورہ پورا کر دینے کے بعد بھی دلوں اور ایمانوں میں محفوظ رہے اور کون نہیں جانتا کہ کسی چیز کا سنبھالنے اور تھامنے والا ہی اس چیز پر غالب ہوتا ہے، جسے وہ تھام رہا ہے۔ ورنہ بلا غلبہ کے تھامتا کیسے؟ اور تھمی شئے تھامنے والے کے سامنے مغلوب اور ضعیف ہوتی

ہے۔ ورنہ اسے تھامنے والے کے سہارے کی ضرورت کیوں پڑتی؟ پس جب کہ ادیان سابقہ کی اصلیت اسلام کے سہارے تھمی ہوئی ہے تو ادیان سابقہ اس کے محتاج ثابت ہوئے اور وہ ان کے لحاظ سے غنی رہا۔ اور ظاہر ہے کہ محتاج غنی پر غالب نہیں ہوتا۔ بلکہ غنی محتاج پر غالب ہوتا ہے۔ اس لیے اسلام کا غلبہ اِس قومیت کے سلسلہ سے تمام ادیان پر نمایاں ہوجاتا ہے۔

هو الذی ارسل رسولهٗ بالهدیٰ و دین الحق لیظهرهٗ علی الدین کله.

ترجمہ:۔ اللہ ہی وہ ذات ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ اس اسلامی دین کو تمام دینوں پر غالب فرمائے۔

پس اسلام کا غلبہ جہاں حجت و برہان سے اس نے دکھلایا۔ جہاں تیغ و سنان سے اس نے دکھلایا جو باہر کی چیزیں ہیں وہیں خود دین کی ذات سے ہی دکھلایا اور وہ اس کی عمومیت، قومیت اور مصدقیت عام ہے جس سے اس نے روح بن کر ادیان کو سنبھال رکھا ہے جس سے اس دین کا بین الاقوامی دین ہونا بھی واضح ہوجاتا ہے۔

اسلام مسلم وغیر مسلم سب کے لئے نعمت ہے

بہرحال اسلام والے تو اس لیے اسلام کی قدر کرتے ہیں کہ وہ کامل، جامع مصدق عالمگیر دین اور روح ادیان عالم ہے جو انہیں پشتینی طور پر ہاتھ لگ گیا ہے۔

اور غیر مسلم اس لیے اس کی طرف بڑھیں اور اس کی قدر پہچانیں کہ آج کی ہمہ گیر دنیا میں اول تو جزوی اور مقامی ادیان چل نہیں سکتے۔ جیسا کہ مشاہدہ میں آرہا ہے کہ ہر ایک مذہب کو یا منظر عام سے ہٹ کر چھپنے کے لیے پہاڑوں اور غاروں کی پناہ لینی پڑتی ہے اور یا باہر آکر زمانہ کے تقاضوں کے مطابق اپنے اندر ترمیمیں کرنی پڑ رہی ہیں اور وہ بھی اسلام ہی سے لے کر تاکہ دنیا میں اس کے گاہک باقی رہیں۔ مگر ان میں سے کوئی چیز بھی ان ادیان کے محدود اور مقامی اور محض قومی ہونے کو نہیں چھپا سکتی۔ ان کے پیوندوں سے خود ہی پتہ چل جاتا ہے کہ لباس کو نمائش کی حد تک صحیح دکھلانے اور جاذبِ نظر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اسی لیے ان قومیتوں کی حد بندیوں کے مذاہب سے دلوں کی توجہ ہٹتی جارہی ہے جیسا کہ مشاہدہ میں آرہا ہے۔ اندریں صورت تقاضائے دانش و بینش اور مقتضائے فطرت صرف یہ ہے کہ اجزاء سے

ہٹ کر کل اور مجموعہ کو اپنایا جائے جس کے ضمن میں یہ جزوی دین اپنی اصلیت کی حد تک خود بخود آ جائیں اور ظاہر ہے کہ جب اصلیت کی حد تک اسلام نے تمام شرائع اور ادیان کو اپنے ضمن میں لے رکھا ہے تو اسلام قبول کرنے والے ان ادیان سے بھی محروم نہیں رہ سکتے۔

تمام ادیان کا بقاء اسلام سے ہے

بلکہ اگر وہ اپنے ادیان کی حفاظت چاہتے ہیں تو اب بھی انہیں اسلام ہی کا دامن سنبھالنا چاہیے۔ کیونکہ اسلام ہی نے ان ادیان کو تابحد اصلیت اپنے ضمن میں سنبھال رکھا ہے۔ اگر وہ اپنے ادیان کی موجودہ صورتوں پر جمے رہتے ہیں تو اول تو وہ بے سند ہیں، ان کی کوئی حجت سامنے نہیں، اسلام ان کی سند تھا۔ تو اسے انہوں نے اختیار نہیں کیا۔ اسلام سے ہٹ کر دوسرے مذاہب میں دین کی سند و استناد کا کوئی سسٹم ہی نہیں جس سے ان کی اصلیت کا پتہ نشان لگ سکے اور ظاہر ہے کہ بے سند بات بحث نہیں ہوسکتی اور اگر کسی حد تک کوئی اپنی سلائی فطرت سے اصلیت کا کوئی سراغ نکال بھی لے تو زیادہ سے زیادہ وہ ایک جزئی، قومی اور مقامی دین کا پیرو رہا جو آج کے بین الاقوامی، بین الاوطانی اور عمومیت وکلیت کے دور میں چل نہیں سکتا۔ اسی لیے ارباب ادیان ایسے دینوں میں ترمیمات کے مسودے لا رہے ہیں اور آئے دن اِس قسم کی خبروں سے اخبارات کے کالم بھرے رہتے ہیں۔ البتہ اگر وہ اسلام سنبھال لیں تو اس پر چلنا درحقیقت تمام ادیان پر چلنا ہے اور ہر دین کی جتنی واقعی اصلیت ہے اسے تھامے رہنا ہے اِس لیے نفس دین کا تھامنا ضروری ہو تب اور اپنے اپنے ادیان کا تھامنا ضروری ہو۔ تب بہر دو صورت اسلام ہی کا تھامنا عقلاً اور نقلاً ضروری نکلتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی ہر چیز خاتم ہے

بہر حال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے سے آپ کی لائی ہر چیز شریعت۔ کتاب۔ قوم۔ امت۔ اصول قواعد اور احکام وغیرہ ساری چیزیں خاتم ٹھہرتی ہیں۔ اسی لیے جس طرح آپ کو خاتم النبیین فرمایا گیا اسی طرح آپ کے دین کو خاتم الادیان بتایا گیا۔ ارشاد ربانی ہے۔

الیوم اکملت لکم دینکم.

ترجمہ:۔آج کے دن میں نے تمہارے لیے دین کو کامل کر دیا۔
اور ظاہر ہے کہ اکمال اور تکمیلِ دین کے بعد نئے دین کا سوال پیدا نہیں ہوسکتا اِس لیے یہ کامل دین ہی خاتم الادیان ہوگا کہ کوئی تکمیل طلب ایسے ہی آپ کی امت کو خاتم الامم کہا گیا جس کے بعد کوئی امت نہیں۔حدیث قتادہؓ میں ہے۔

نحن اخرها و خيرها. (درمنثور)

ترجمہ:۔ہم (امتوں میں) سب سے آخر ہیں اور سب سے بہتر ہیں۔

حدیث ابی امامہ میں ہے:۔

يايها الناس لا نبى بعدى ولا امة بعد كم . (مسند احمد)

ترجمہ:۔اے لوگو! میرے بعد کوئی نبی نہیں اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں۔
(یعنی میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت ہو۔یہی وہ خاتمیت ہے)
آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مسجد کے بارہ فرمایا جو حدیث عبداللہ بن ابراہیم میں ہے کہ

فانى آخر الانبياء مسجدى آخر المساجد۔ (مسلم)

ترجمہ:۔ میں آخر الانبیاء ہوں اور میری مسجد آخر المساجد ہے (وہی آپ کی خاتمیت مسجد میں آئی)

حدیث عائشہؓ میں یہ دعویٰ خاتمیت کے الفاظ کے ساتھ ہے۔

انا خاتم الانبياء و مسجدى خاتم مساجد الانبياء. (کنزالعمال)

ترجمہ:۔میں خاتم الانبیاء ہوں اور میری مسجد مساجد الانبیاء میں خاتم المساجد ہے۔
اور جب کہ آپ کی آوردہ کتاب (قرآن) ناسخ الادیان اور ناسخ الکتب ہے تو یہی معنی اِس کے خاتم الکتب ہونے کے ہیں۔کیونکہ ناسخ ہمیشہ آخر میں اور ختم پر آتا ہے اور اسی لیے آپ کو دعوت عامہ دی گئی کہ دنیا کی ساری اقوام کو آپ اللہ کی طرف بلائیں۔کیونکہ اس دین کے بعد کوئی اور دین کسی خاص قوم یا دنیا کی کسی بھی قوم کے پاس آنے والا نہیں۔جس کی دعوت آنے والی ہوتو اسی ایک دین کی دعوت عام ہوگئی کہ وہ خاتم ادیان اور آخر ادیان ہے۔
خلاصہ یہ ہے کہ یہ ساری خاتمیتیں درحقیقت آپ کی ختم نبوت کے آثار ہیں۔

خاتمیت سے جامعیت نکلی تو یہ تمام چیزیں جامع بن گئیں اور جامعیت سے آپ کی مصدقیت کی شان پیدا ہوئی جو ان سب چیزوں میں آتی چلی گئی۔ قرآن کو مصدق لما معکم کہا گیا امت کو بھی مصدق انبیاء بنایا گیا کہ سب اگلے پچھلے پیغمبروں پر ایمان لاؤ۔ دین بھی مصدق ادیان ہوا۔

سیرۃ نبوی کے جامع نقاط

یہی وہ سیرت نبوی ہے کہ جامع اور انتہائی نقاط ہیں۔ جن سے یہ سیرت مبارک تمام سیر انبیاء پر حاوی و غالب اور خاتم السیر ثابت ہوئی۔ اسی لیے آپ کی سیرت کا بیان محض کمال کا بیان نہیں بلکہ امتیازی کمالات اور ان کے بھی انتہائی نقاط کا بیان ہے جو اسی وقت ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کو مانا جائے کہ یہ امتیازات اور امتیازی کمالات مطلق نبوت کے آثار نہیں بلکہ ختم نبوت کے آثار ہیں۔ کیونکہ ختم نبوت خود ہی نفس نبوت سے ممتاز اور افضل ہے کہ سرچشمہ نبوات ہیں۔ اس لیے اس کے امتیاز آثار بھی مطلق آثار نبوت سے فائق اور افضل ہونے ناگزیر تھے۔ پس سیرتِ خاتمیت کے چند نمونے ہیں جو اس مختصر سی فہرست میں پیش کئے گئے ہیں۔

ان میں اولاً چند دفعات میں خاتم النبیینؐ کے دین کا تفوق و امتیاز دوسرے ادیان پر دکھلایا گیا ہے۔

پھر چند نمبروں میں طبقہ انبیاء کے کمالات و کرامات اور معجزات پر خاتم النبیینؐ کے کمالات و کرامات اور معجزات کی فوقیت دکھلائی گئی ہے۔

پھر چند نمبروں میں خصوصی طور پر نام بنام حضرات انبیاء علیہم السلام کے خصوصی احوال و آثار اور مقامات پر حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال و آثار اور مقامات کی عظمت واضح کی گئی ہے۔

پھر چند شماروں میں اور انبیاء کی امتوں پر امت خاتم کی عظمت و برگزیدگی واضح کی گئی ہے۔ جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر جہتی عظمت و فوقیت کاملیت و جامعیت، اولیت و آخریت روز روشن کی طرح کھل کر سامنے آجاتی ہے جو آپ کی خاتمیت کے آثار و لوازم ہیں۔

مسئلہ ختم نبوت کی اہمیت

اِس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ شانہ کو آپ کی خاتمیت کے اثبات میں کس درجہ اہتمام ہے کہ ختم نبوت کا دعوٰے قرآن کریم میں کر کے سینکڑوں سے متجاوز احادیث میں ختم نبوت کے دلائل و آثار اور شواہد و نظائر شمار کرائے گئے ہیں جن میں سے چند کا انتخاب ان مختصر اوراق میں پیش کیا گیا۔ بس ختم نبوت سے متعلق پہلی قسم کی آیات و روایات پر مشتمل کتابیں دعوٰے ختم نبوت کی کتابیں لکھی جائیں گی اور یہ رسالہ جس میں آثار و لوازم ختم نبوت کے نمونے اور خصوصیات ختم نبوت کے شواہد و نظائر پیش کئے گئے ہیں۔ دلائل ختم نبوت کی کتاب کہی جائے گی۔ جس سے صاف روشن ہو جاتا ہے کہ ختم نبوت کا مسئلہ اسلام میں سب سے زیادہ اہم، سب سے زیادہ بنیادی اور اساسی مسئلہ ہے۔ جس پر اسلامی شریعت کی خصوصیت کی بنیاد قائم ہے اگر اس مسئلہ کو تسلیم نہ کیا جائے یا اس میں کوئی رخنہ ڈال دیا جائے تو اسلامی خصوصیات کی ساری عمارت آپڑے گی اور مسلم کے ہاتھ میں کوئی خصوصی خرمہرہ باقی نہ رہے گا۔ جس سے وہ اسلام کو دنیا کی ساری اقوام کے سامنے پیش کرنے کا حق دار بنا تھا۔

نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بغیر قابل تسلیم ہی نہیں بن سکتیں کہ ختم نبوت کو تسلیم کیا جائے کہ اس پر خصوصیات نبوی کی عمارت بھی کھڑی ہوئی ہے۔ پس اس مسئلہ کا منکر درحقیقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کا منکر اور اِس مسئلہ کو مٹا دینے کا ساعی، حضور اکرمؐ کی امتیازی فضائل کو مٹا دینے کی سعی میں لگا ہوا ہے۔

ختم نبوت کا منکر پورے اسلام کا منکر ہے

اِس لیے جو طبقات بھی ختم نبوت کے منکر ہیں۔ خواہ صراحتاً اس کے منکر ہوں یا تاویل کے راستہ سے، دین کے اس بدیہی اور ضروری مسئلہ کے انکار پر آئیں۔ ان کا اسلام کا شریعت اسلام اور پیغمبرؐ اسلام سے کوئی تعلق نہیں مانا جاسکتا اور نہ وہ اسلامی برادری میں شامل سمجھے جاسکتے ہیں جس طرح سے توحید کا منکر قولی ہو یا مصرح، اسلام سے خارج اور اس سے بے واسطہ ہے اسی طرح سے ختم رسالتؐ کا منکر خواہ انکار سے ہو یا تاویل سے اسلام سے خارج مانا جاوے گا۔ کیونکہ وہ صرف کسی ایک مسئلہ کا منکر نہیں بلکہ اسلام کے سارے

امتیازات، سارے ممتاز فضائل، ساری ہی خصوصیات اور صدہا دینی روایات کا منکر ہے جن کا قدر مشترک تو ازن کی حد سے نیچے نہیں رہتا۔

یہ مقالہ

بہر حال ختم نبوت کے درخشاں آثار اور حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے خصوصی شمائل وفضائل یا بالفاظ دیگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت کے ہزاروں وجوہ دلائل میں سے یہ چند نمونے ہیں جنہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیینؐ ہونے کی تفسیر اور تشریح کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ یہ مختصر مقالہ سیرت خاتم النبیینؐ نہیں بلکہ سیرت خاتمیت کی چند موٹی موٹی سرخیوں کی ایک مختصر سے فہرست ہے جس کے نیچے اس بلند پایہ سیرت کی امتیازی حقائق و تفصیلات پیش کی جاسکتی ہیں۔ اگر ان روایات کی روشنی میں سیرت خاتمیت کی ان تفصیلات اور ان کے مالہ وماعلیہ کو کھولا جائے۔ تو بلاشبہ محدثانہ اور متکلمانہ رنگ کی ایک نادر سیرت مرتب ہو سکتی ہے۔ جو تاریخی رنگ کی تو نہ ہوگی اور تاریخ محض سیرت ہے بھی نہیں۔ بلکہ پیغمبرانہ مقامات اور خاتمانہ امتیازات کی حامل محدثانہ رنگ کی سیرت ہوگی جو اپنے رنگ کی ممتاز سیرت کہلائی جائے گی۔ میں نے اس مختصر مضمون میں اس وقت صرف عنوانات سیرت کی نشاندہی کا فرض انجام دیا ہے۔ شاید کسی وقت ان تفصیلات کے پیش کرنے کی توفیق میسر ہو جائے جو ابھی تک ذہن کی امانت بنی ہوئی ہیں۔ جن سے حضرات انبیاء علیہم السلام کے متفاوت درجات ومراتب اور خاتمیت کے انتہائی درجات ومراتب کا فرق اور تفاضل باہمی بھی کھل کر سامنے آ سکتا ہے۔ جس کی طرف **تلک الرسل فضلنا بعضهم علٰی بعض** . میں اشارہ فرمایا گیا ہے۔

عقیدہ ختم نبوت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبوت حاصل ہو اور پھر اس پر خدا کی وحی نازل ہو کہیں کسی جگہ پر اس کا ذکر تک نہیں۔ نہ اشارۃً نہ کنایۃً۔ حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اگر کسی فرد بشر کو نبوت عطا کرنا مقصود ہوتا تو پہلے انبیاء کی بہ نسبت اس کا ذکر زیادہ لازمی تھا۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں صرف ان کتابوں، الہاموں اور وحیوں کی اطلاع دی ہے اور ہم سے صرف ان ہی انبیاء کو ماننے کا تقاضہ کیا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اور بعد میں کسی نبی کا ذکر نہیں فرمایا۔

۱۔ لیلۃ المعراج میں تمام انبیاء کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرنا۔

۲۔ یوم آخرت میں سب انبیاء علیہم السلام کا آپؐ کے جھنڈا تلے جمع ہونا۔

۳۔ حضرت آدمؑ سے لیکر حضرت عیسیٰؑ تک تمام انبیاء کا اپنے اپنے ادوار میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر دینا۔

۴۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اب تک زندہ رکھا گیا۔ وہ تشریف لا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت اور آپ کے دین کی مدد فرمائیں گے وغیرہ

عالم دنیا میں ختم نبوت کا تذکرہ

۱۔ اللہ رب العزت نے عالم دنیا میں سب سے پہلے سیدنا حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ حضور پاک کی حدیث ہے۔

''انی عنداللہ مکتوب خاتم النبین و ان آدم لمنجدل فی طینتہ''۔

تحقیق کہ میں اللہ کے نزدیک (لوح محفوظ میں) خاتم النبین اس وقت لکھا ہوا تھا جبکہ آدم علیہ السلام ابھی مٹی میں تھے۔ (مشکوٰۃ ص ۵۳۱۔ مسند احمد ص ۱۲۷ ج ۴، کنز حدیث نمبر ۳۱۹۶۰)

''بین کتفی آدم مکتوب محمد رسول اللہ خاتم النبیین''

آدم علیہ السلام کے دونوں کندھوں کے درمیان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم

النبیین لکھا ہوا تھا۔ (خصائص الکبری ص ۹ ج ۱ بحوالہ ابن عساکر)

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آدم علیہ السلام ہند میں نازل ہوئے (توبوجہ تنہائی) ان کو وحشت ہوئی تو جبرئیل نازل ہوئے اور اذان پڑھی اللہ اکبر دوبار' اشھدان لاالہ الااللہ دوبار' اشھد ان محمد رسول اللہ دوبار' حضرت آدم علیہ السلام نے جبرائیل سے پوچھا کہ محمد کون ہیں؟ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ انبیاء کرام کی جماعت میں سے آپ کے آخری بیٹے ہیں۔ (ابن عساکر و کنز ص ۴۵۵ ج ۱۱ حدیث نمبر ۳۲۱۳۹)

عالم آخرت میں ختم نبوت کا تذکرہ

حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک طویل روایت میں ذکر کیا گیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے قیامت کے روز شفاعت کے لئے عرض کریں گے تو وہ کہیں گے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ۔ لوگ میرے پاس آئیں گے اور کہیں گے۔ اے اللہ کے رسول محمد خاتم النبیین۔ (بخاری ص ۶۸۵ ج ۲ مسلم ص ۱۱۱ ج ۱)

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عیسیٰؑ فرمائیں گے کہ آج محمد خاتم النبیین تشریف فرما ہیں ان کے ہوتے ہوئے کون شفاعت میں پہل کرسکتا ہے۔ بہرکیف معلوم ہوا کہ عالم آخرت میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا تذکرہ ہوگا۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجتہ الوداع کے خطبہ میں فرمایا اے لوگو! نہ میرے بعد کوئی نبی ہوگا اور نہ تمہارے بعد کوئی امت۔ خبردار اپنے رب کی عبادت کرتے رہو۔ اور پانچ نمازیں پڑھتے رہو اور رمضان کے روز رکھتے رہو اور اپنے مالوں کی خوش دلی سے زکوٰۃ دیتے رہو اور اپنے خلفاء کی اطاعت کرتے رہو تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ (منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند احمد ص ۳۹۱ ج ۲)

درود شریف اور ختم نبوت کا تذکرہ

"عن علیؓ فی صیغ الصلوۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین و امام المرسلین"

الحدیث . رواہ عیاض فی الشفاء

حضرت علیؓ سے درود شریف کے صیغے جو روایت کئے گئے ہیں ان میں **اللھم صل علی محمد خاتم النبیین و امام المرسلین** بھی آیا ہے۔ قاضی عیاض نے اپنی کتاب شفا میں اس کو نقل کیا ہے۔

کلمہ شہادت کی طرح عقیدہ ختم نبوت بھی ایمان کا جزو ہے

حضرت زید بن حارثؓ اپنے ایمان لانے کا ایک طویل اور دلچسپ واقعہ بیان فرماتے ہیں۔ آخر میں فرماتے ہیں کہ جب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر مسلمان ہوگیا تو میرا قبیلہ مجھے تلاش کرتا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچا اور مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دیکھ کر کہا کہ اے زید اٹھو اور ہمارے ساتھ چلو۔ میں نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بدلہ میں ساری دنیا کو کچھ نہیں سمجھتا اور نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی اور کا ارادہ رکھتا ہوں۔ پھر انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کر کے کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! ہم آپ کو اس لڑکے کے بدلہ میں بہت سے اموال دینے کے لئے تیار ہیں جو آپؐ چاہیں طلب فرمائیں ہم ادا کر دیں گے (مگر اس لڑکے کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "**اسئلکم ان تشھدوا ان لاالہ الااللہ وانی خاتم الانبیاء ورسلہ وارسلہ معکم**" میں تم سے صرف ایک چیز مانگتا ہوں وہ یہ ہے کہ شہادت دو اس کی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں انبیاء و رسل کا ختم کرنے والا ہوں۔ (اس اقرار و ایمان کے بدلہ میں) زید کو تمہارے ساتھ کر دونگا۔ (مستدرک حاکم ص۲۱۴ ج۳)

مسلمانوں کی مساجد اور ختم نبوت

رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی امت عیسائی لوگ ہیں۔ جن کی عبادت گاہوں گرجا گھروں میں صبح و شام تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ گرجا گھر بناتے ہیں اور جب عبادت کے لئے مسیحی وہاں نہیں آتے تو گرجا گھر سے پلازہ، حمام، سبزی کی دکان، شراب خانہ، جوا گھر، ناچ ڈانس غرض اس (گرجا گھر، چرچ) کو کسی بھی مصرف میں لے آئیں ان کی شریعت ان کو اس امر سے منع نہیں کرتی۔ بخلاف اہل اسلام کے کہ اگر وہ کہیں مسجد

بنادیں تو قیامت کی صبح تک اس مسجد کی جگہ کو کسی اور مصرف میں نہیں لا سکتے۔کبھی آپ نے سوچا کہ یہ کیوں ہے؟ پہلے انبیاء علیہم السلام کی شریعت محدود وقت کے لئے تھی۔اس لئے ان کی عبادت گاہیں بھی محدود وقت کے لئے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت قیامت تک کے لئے ہے اس لئے جہاں کہیں آپ کی امت کا کوئی فرد مسجد بنائے گا وہ اس جگہ کو کسی اور مصرف میں نہیں لاسکتا۔اس اعتبار سے دیکھا جائے تو پوری دنیا کی ہر مسجد ختم نبوت کی دلیل ہے۔

حفاظ کرام اور ختم نبوت

پہلی آسمانی کتابوں میں سے کوئی کتاب جوں کی توں محفوظ نہیں۔ان کتب میں سے کسی ایک کا بھی حافظ دنیا میں موجود نہیں۔جبکہ قرآن مجید جیسے نازل ہوا تھا ویسا ہی قرن اول سے اس وقت تک محفوظ اور موجود ہے اور قیامت تک محفوظ رہے گا۔دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں جہاں قرآن مجید کے حافظ و قاری نہ ہوں اسلامی اور غیر اسلامی ممالک میں ایک ایک شہر میں ہزاروں حفاظ کا موجود ہونا کسی پر مخفی نہیں۔آپ نے توجہ فرمائی کہ یہ کیوں ہے؟ اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ تمام سابقہ کتب اور وحی محدود وقت کے لئے تھیں۔اس لئے قدرت نے ان کے محفوظ کرنے کا کوئی اہتمام نہیں فرمایا۔

لاکھوں حفاظ اس کے متن کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہر دور میں پیدا فرمائے۔اور قیامت تک یوں حفاظت قرآن کا سلسلہ چلتا رہے گا۔اس اعتبار سے دیکھا جائے تو مسجد نبوی کے اصحاب صفہ سے لیکر دنیا بھر کا ہر مدرسہ اور ہر حافظ ختم نبوت کی دلیل ہے۔

خاتم النبیین کی قرآنی تفسیر

اب سب سے پہلے دیکھیں کہ قرآن مجید کی رو سے اس کا کیا ترجمہ وتفسیر کیا جانا چاہئے۔چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ لفظ ''ختم'' کا مادہ قرآن مجید میں سات مقامات پر استعمال ہوا ہے۔

۱-ختم اللہ علیٰ قلوبھم۔(بقرۃ ۷)۔ مہر کردی اللہ نے ان کے دلوں پر

۲- ختم علیٰ قلوبکم . (انعام ۴۶)۔اور مہر کردی تمہارے دلوں پر۔

۳-ختم علیٰ سمعہ وقلبہ۔ (الجاثیہ ۲۳)۔ مہر کردی اس کے کان پر اور دل پر

۴-الیوم نختم علیٰ افواھھم (یٰسین ۶۵)۔ آج ہم مہر لگادیں گے ان کے منہ پر
۵-فان یشا اللہ یختم علی قلبک (الشوریٰ ۲۴)۔ سواگر اللہ چاہے مہر کردے تیرے دل پر
۶-رحیق مختوم (مطففین ۲۵)۔ مہر لگی ہوئی
۷-ختامه مسک ' (مطففین ۲۶)۔ جس کی مہر جمتی ہے مشک پر۔

ان ساتوں مقامات کے اول وآخر سیاق وسباق کو دیکھ لیں ختم کے مادہ کا لفظ جہاں کہیں استعمال ہوا ہے ان تمام مقامات پر قدر مشترک یہ ہے کہ کسی چیز کو ایسے طور پر بند کرنا۔ اس کی ایسی بندش کرنی کہ باہر سے کوئی چیز اس میں داخل نہ ہو سکے۔ اور اندر سے کوئی سی چیز باہر نہ نکالی جا سکے۔ وہاں پر ختم کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

خاتم النبیین کی نبوی تفسیر

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خاتم النبیین کی تفسیر ''لا نبی بعدی'' کے ساتھ وضاحت سے فرمادی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معروف حدیث شریف جس کا آخری جملہ ہے۔ ''انا خاتم النبیین لا نبی بعدی'' اس کا حوالہ اور اس کی وضاحت آگے آ رہی ہے سردست یہاں فریق مخالف کے سامنے اس کے گرو مرزا قادیانی کے ایک حوالہ پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ مرزا لکھتا ہے۔

''قال اللہ عزوجل ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خام النبیین' الاتعلم ان الرب الرحیم المتفضل سمی نبیناً صلی اللہ علیه وسلم خاتم الانبیاء بغیر استثناء ' وفسره نبینا فی قوله لانبی بعدی ببیان واضح للطالبین. (حمامۃ البشریٰ خ ص ۲۰۰ ج ۷)

دیکھئے کس طرح مرزا قادیانی صراحت اور وضاحت کر رہا ہے کہ خاتم النبیین کی تفسیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح بیان کے ساتھ لانبی بعدی سے کر دی ہے لیکن حیرت ہے کہ قادیانی گروہ نہ اپنے گرو گھنٹال مرزا کا ترجمہ مانتا ہے اور نہ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ترجمہ و تفسیر کو ماننے کے لئے آمادہ ہے۔ فیا للعجب!

صحاح العربیة للجوهری

اور خاتم اور خاتَم ''ت'' کے زیر اور زبر دونوں سے اور ایسے ہی اختیام اور خاتام سب

کے معنی ایک ہیں۔ اور جمع خواتیم آتی ہے اور خاتمہ کے معنی آخر کے ہیں۔

منتہی الادب میں خاتم کے متعلق لکھا ہے "خاتم کصاحب المهر و انگشتری" و آخر ہر چیزے و پایاں آں و آخر قوم و خاتم بالفتح مثلہ و محمد خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم و علیہم اجمعین"

صراح میں لکھا ہے "خاتمة الشی ء آخره و محمد خاتم الانبیاء بالفتح صلوات الله علیه و علیهم اجمعین"۔

خاتمہ شے کے معنی آخر شے کے ہیں اور اسی معنی میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں۔

قادیانیوں سے ایک سوال

ایک دفعہ مناظرہ میں فقیر نے ایک قادیانی سے سوال کیا کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے نبوت مل سکتی ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے نجات بھی مل سکتی ہے یا نہیں؟ قادیانی نے کہا ہو سکتی ہے تو میں نے کہا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے نجات ہو سکتی ہے تو پھر مرزا کو ماننے کی کیا ضرورت ہے؟ وہ چکرا گیا اور کہنے لگا نہیں ہو سکتی، تو میں نے کہا مرزا اگر حضور کی اتباع کرے تو نبوت اسے مل جائے۔ اور امت محمدیہ اگر حضور کی اتباع کرے تو نجات بھی نہ ہو! فبهت الذی کفر۔

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ مجھے اور قیامت کو ان دو انگلیوں کی طرح بھیجا گیا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں، میرے بعد بس قیامت ہے۔ جیسا کہ انگشت شہادت درمیانی انگلی کے متصل واقع ہے، دونوں کے درمیان کوئی انگلی نہیں۔ اسی طرح میرے اور قیامت کے درمیان کوئی نبی نہیں۔

اجماع کی حقیقت اور اس کی عظمت

خدا تعالیٰ کے ہزاروں درود اس ذات مقدس پر جس کے طفیل میں ہم جیسے سراپا گناہ اور سراسر خطا و قصور، بھی خیر الامم، امت وسطی، امت مرحومہ، شہداء خلق کے القاب گرامی کے ساتھ پکارے جاتے ہیں۔

کہ دارد زیر گردوں میر ساماں نے کہ من دارم

''وہ بے شمار خداوندی انعام واکرام جو ہمارے آقاء نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی بدولت ہم پر مبذول ہوئے ہیں' اجماع امت بھی ان میں سے ایک امتیازی فضیلت ہے جس کی حقیقت یہ ہے کہ اس امت کے علماء مجتہدین اگر کسی مسئلہ میں ایک حکم پر اتفاق کرلیں تو یہ حکم بھی ایسا ہی واجب الاتباع اور واجب التعمیل ہوتا ہے جیسے قرآن وحدیث کے شرعی احکام۔

اسی بات کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ میں فرمایا ہے کہ ''لن تجتمع امتی علی الضلالة''یعنی میری امت کا مجموعہ کبھی گمراہی پر متفق نہیں ہوسکتا۔

اسی لئے اصول کی کتابوں میں اس کے حجت ہونے اور اس کے شرائط ولوازم پر مفصل بحث کی جاتی ہےاوراحکام شرعیہ کی حجتوں میں قرآن وحدیث کے بعد تیسرے نمبر پر اجماع کو رکھا جاتا ہے۔

صحابہ کرامؓ کا سب سے پہلا اجماع

اسلامی تاریخ میں یہ بات درجہ تواتر کو پہنچ چکی ہے کہ مسیلمہ کذاب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں دعویٰ نبوت کیا اور ایک بڑی جماعت اس کی پیرو ہوگئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سب سے پہلی مہم جہاد جو صدیق اکبرؓ نے اپنی خلافت میں کی وہ اسی کی جماعت پر تھا۔ جمہور صحابہ کرامؓ نے اس کو محض دعوائے نبوت کی وجہ سے اور اس کی جماعت کو اس کی تصدیق کی وجہ سے کافر سمجھا اور باجماع صحابہؓ وتابعینؒ ان کے ساتھ وہی معاملہ کیا گیا جو کفار کے ساتھ کیا جاتا ہے۔اور یہی اسلام میں سب سے پہلا اجماع تھا۔ حالانکہ مسیلمہ کذاب بھی مرزا قادیانی کی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور قرآن کا منکر نہ تھا بلکہ بعینہ مرزا قادیانی کی طرح آپ کی نبوت پر ایمان لانے کے ساتھ اپنی نبوت کا مدعی تھا۔ یہاں تک کہ اس کی اذان میں برابر ''اشہد ان محمدا رسول اللہ'' پکارا جاتا تھا اور وہ خود بھی بوقت اذان اس کی شہادت دیتا تھا۔ تاریخ طبری ص۲۴۴ ج۳ میں ہے۔

وہ (مسیلمہ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اذان میں یہ گواہی دیتا تھا کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور اس کا موذن عبداللہ بن نواحہ اور اقامت کہنے والا حجیر بن عمیر تھا اور جب حجیر شہادت پر پہنچتا تو مسیلمہ بآواز بلند کہتا کہ حجیر نے صاف بات کہی اور پھر اس کی تصدیق کرتا تھا۔ الغرض نبوت وقرآن پر ایمان' نماز روزہ سب ہی کچھ تھا۔ مگر ختم نبوت کے بدیہی

مسئلہ کے انکار اور دعویٰ نبوت کی وجہ سے باجماع صحابہ کرام کافر سمجھا گیا اور حضرت صدیق اکبرؓ نے صحابہ کرامؓ مہاجرین' انصار' اور تابعینؒ کا ایک عظیم الشان لشکر حضرت خالد بن ولید کی امارت میں مسیلمہ کے ساتھ جہاد کے لئے یمامہ کی طرف روانہ کیا۔

تمام صحابہ میں سے کسی ایک نے بھی اس کا انکار نہ کیا اور کسی نے نہ کہا کہ یہ لوگ اہل قبلہ ہیں' کلمہ گو ہیں' نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ ادا کرتے ہیں ان کو کیسے کافر سمجھ لیا جائے حضرت فاروق اعظم کا ابتداء خلاف کرنا جو روایات میں منقول ہے وہ بھی اس واقعہ میں نہیں تھا بلکہ مانعین زکوٰۃ پر جہاد کرنے کے معاملہ میں تھا۔

نیز مسک الختام فی ختم نبوۃ سید الانام' کے ص ۱۰ پر حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے صراحت فرمائی ہے کہ ''امت محمدیہ میں سب سے پہلا اجماع جو ہوا وہ اسی مسئلہ پر ہوا کہ مدعی نبوت قتل کیا جائے'' (احتساب قادیانیت ج ۲ مجموعہ رسائل مولانا ادریس کاندھلوی ص ۱۰)

مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں ''اور سب سے پہلا اجماع جو اس امت میں منعقد ہوا وہ مسیلمہ کذاب کے قتل پر اجماع تھا۔ جس کا سبب صرف اس کا دعویٰ نبوت تھا۔ اس کی دیگر گھناؤنی حرکات کا علم صحابہ کرام کو اس کے قتل کے بعد ہوا تھا۔ جیسا کہ ابن خلدون نے نقل کیا ہے۔ (خاتم النبیین مترجم ص ۱۹۷)

اجماع امت کے مزید حوالہ جات

۱- ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں۔

"دعوی النبوة بعد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم کفر بالاجماع"

(شرح فقه اکبر ص ۲۰۲)

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنا بالاجماع کفر ہے۔

۲- حجتہ الاسلام امام غزالی ''الاقتصاد'' میں فرماتے ہیں۔

بیشک امت نے بالاجماع اس لفظ (خاتم النبیین) سے یہ سمجھا ہے کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نہ کوئی نبی ہوگا اور نہ رسول۔ اور اس پر اجتماع ہے کہ اس لفظ میں کوئی

تاویل وتخصیص نہیں۔ پس اس کا منکر یقیناً اجماع امت کا منکر ہے۔ (الاقتصاد فی الاعتقاد ص۱۲۳)

۴۔ حضرت قاضی عیاضؒ نے اپنی شہرہ آفاق کتاب ''شفاء'' میں خلیفہ عبدالملک بن مروان کے عہد خلافت کا واقعہ نقل کیا ہے کہ ان کے زمانہ میں حارث نامی ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا تو خلیفہ نے وقت کے علماء (جو صحابہ کرام اور تابعینؒ تھے) کے فتویٰ سے اسے قتل کر دیا۔ اور سولی پر چڑھایا۔ قاضی عیاض صاحبؒ اس واقعہ کو نقل کر کے لکھتے ہیں۔

''وفعل ذالک غیرواحد من الخلفاء والملوک باشباههم واجمع علماء وقتهم علی صواب فعلهم والمخالف فی ذالک من کفر هم کافر'' (شفاء ص۲۵۷، ۲۵۸ ج۲)

اور بہت سے خلفا' سلاطین نے ان جیسے مدعیان نبوت کے ساتھ یہی معاملہ کیا ہے اور اس زمانہ کے علماء نے ان سے اس فعل کے درست ہونے پر اجماع کیا ہے اور جو شخص ایسے مدعیان نبوت کی تکفیر میں خلاف کرے وہ خود کافر ہے۔

۵۔ اور علامہ سید محمود آلوسیؒ مفتی بغداد اپنی تفسیر روح المعانی ص ۳۹ ج ۲۲ میں اسی اجماع کو الفاظ ذیل میں نقل فرماتے ہیں۔

''ویکون صلی اللہ علیه وسلم خاتم النبیین مما نطقت به الکتاب وصدعت به السنة واجمعت علیه الامة فیکفر مدعی خلافه ویقتل ان اصر''۔

۶۔ اور اسی مضمون کو علامہ ابن حجر مکی نے اپنے فتاویٰ میں اس طرح بیان فرمایا ہے۔

''ومن اعتقد وحیاً بعد محمد صلی اللہ علیه وسلم کفر باجماع المسلمین

'' اور جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی وحی کا معتقد ہو وہ باجماع المسلمین کافر ہے۔

۷۔ کتاب الفصل فی الملل والنحل میں ہے۔

''صح الاجماع علیٰ ان کل من جحد شیاً صح عندنا بالاجماع ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اتیٰ به فقد کفر''۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی چیز کے اجماعی طور پر ثابت ہو جانے سے اس کا انکار کرنے والا بھی بالاجماع کافر ہے۔

خلاصہ بحث

۱-مسئلہ ختم نبوت قرآن مجید کے ننانوے آیات و بینات سے ثابت ہے۔
۲-مسئلہ ختم نبوت دوسودس احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔
۳-مسئلہ ختم نبوت تواتر سے ثابت ہے۔
۴-مسئلہ ختم نبوت اجماع امت سے ثابت ہے
۵-مسئلہ ختم نبوت پر امت کا سب سے پہلا اجماع منعقد ہوا۔
۶-مسئلہ ختم نبوت کے لئے بارہ سو صحابہ کرام نے جام شہادت نوش فرمایا' جس میں سات سو حافظ وقاری اور بدری صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین تھے۔
۷-مسئلہ ختم نبوت کی وجہ سے اللہ رب العزت نے امت کو اجماع کی نعمت سے نوازا۔
۸-مسئلہ ختم نبوت کی وجہ سے رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل شدہ وحی قرآن مجید کی حفاظت کا اللہ نے وعدہ فرمایا۔
۹-ختم نبوت کے تحفظ کی پہلی جنگ کے بعد قرآن مجید کو جمع کرنے کا صدیق اکبرؓ کے زمانہ میں امت نے اہتمام کیا۔
۱۰-ختم نبوت کے منکر یعنی جھوٹے مدعی نبوت سے اس کے دعوی نبوت کی دلیل طلب کرنے والا بھی کافر ہے۔ نیز یہ کہ جھوٹے مدعی نبوت اور اس کے پیروکاروں کی شرعی سزا قتل ہے۔
۱۱-دنیا میں کہیں کسی آسمانی کتاب کے حافظ موجود نہیں جب کہ قرآن مجید کے حافظ و قاری ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں ہیں یہ اس لئے کہ پہلی کتب عارضی اور محدود دور کے لئے تھیں۔ قرآن مجید قیامت تک کے لئے ہے اس اعتبار سے تو اصحاب صفہؓ سے لیکر اس وقت تک دنیا کے ہر خطہ میں حافظ قاری ختم نبوت کی دلیل ہیں۔
۱۲-مسیحی قوم اپنی عبادت گاہوں کو فروخت کر کے دوسرے مقاصد' دکان و مکان' کے لئے استعمال کرتی ہیں۔ جہاں مسجد بن جائے امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ کو دوسرے مقصد کے لئے استعمال نہیں کر سکتی۔ پہلے انبیاء کی شریعت محدود وقت کے لئے تھیں ان کی عبادت گاہیں بھی محدود وقت کے لئے تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت قیامت تک

کیلئے ہے تو مساجد بھی قیامت تک کے لئے ہیں۔اس اعتبار سے دیکھئے تو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر کائنات کے ہر خطہ کی ہر مسجد ختم نبوت کی دلیل نظر آتی ہے۔

ان تمام امور پر نظر کریں تو گویا پورا دین ختم نبوت کے گرد گھومتا نظر آتا ہے۔

لہٰذا اب ہمیشہ بحث اس پر ہونی چاہئے کہ آخری نبی کون ہے؟ آیا حضور محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یا مرزا غلام احمد قادیانی ہے؟

امکان کی بحث

اکثر اوقات مرزائی امکان نبوت کی بحث چھیڑ دیتے ہیں۔ یہاں امکان کی بحث نہیں ہے وقوع کی بحث ہے اگر وہ امکان کی بحث چھیڑیں تو تریاق القلوب کی درجہ ذیل عبارت پیش کریں۔

”مثلاً ایک شخص جو قوم کا چوہڑہ یعنی بھنگی ہے اور ایک گاؤں کے شریف مسلمانوں کی تیس چالیس سال سے یہ خدمت کرتا ہے کہ دو وقت ان کے گھروں کی گندی نالیوں کو صاف کرنے آتا ہے اور ان کے پائخانوں کی نجاست اٹھاتا ہے اور ایک دو دفعہ چوری میں بھی پکڑا گیا اور چند دفعہ زنا میں بھی گرفتار ہو کر اس کی رسوائی ہو چکی ہے اور چند سال جیل خانہ میں قید بھی رہ چکا ہے اور چند دفعہ ایسے برے کاموں پر گاؤں کے نمبرداروں نے اس کو جوتے بھی مارے ہیں اور اس کی ماں اور دادیاں اور نانیاں ہمیشہ سے ایسے ہی نجس کام میں مشغول رہی ہے اور سب مردار کھاتے اور گوہ اٹھاتے ہیں۔اب خداتعالیٰ کی قدرت پر خیال کر کے ممکن تو ہے کہ وہ اپنے کاموں سے تائب ہو کر مسلمان ہو جائے اور پھر یہ بھی ممکن ہے کہ خداتعالیٰ کا ایسا فضل اس پر ہو کہ وہ رسول اور نبی بھی بن جائے اور اس گاؤں کے شریف لوگوں کی طرف دعوت کا پیغام لیکر آوے اور کہے کہ جو شخص تم میں سے میری اطاعت نہیں کرے گا خدا اسے جہنم میں ڈالے گا۔لیکن باوجود اس امکان کے جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے کبھی خدا نے ایسا نہیں کیا۔ (تریاق القلوب خ ص ۲۸۰ ج ۱۵)

مرزا نے اپنا تعارف بایں الفاظ کرایا ہے۔ملاحظہ ہو

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

(براہین احمدیہ پنجم خ ص ۱۲۷ ج ۲۱)

اب اگر وہ بنی آدم میں سے تھا جیسا کہ ہمارا اس کے بارے میں ابھی تک خیال ہے تو پھر اس نے اپنی آدمیت کا انکار کر کے سفید جھوٹ بولا ہے اور جھوٹا آدمی نبی نہیں ہو سکتا۔

ان کی نام نہاد تواضع کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے۔ جو مرزائیوں کی تاویل کا منہ چڑا رہے ہیں۔ دیکھئے۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو   اس سے بہتر غلام احمد ہے

(دافع البلاء خ ص ۲۴۰ ج ۱۸)

روضہء آدم کے جو تھا نامکمل اب تلک' میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ و بار

(براہین پنجم خ ص ۱۴۴ ج ۲۱)

کربلائے ست سیر ہر آنم   صد حسین است درگر یبانم

آدم نیز احمد مختار   در برم جامہ ہمہ ابرار

آنچہ داداست ہر نبی راجام   داد آں جام را مرا بتمام

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے   من بعرفاں نہ کمترم ز کسے

(نزول المسیح خ ص ۴۷۷ ج ۱۸)

خود ہی سوچئے۔ کیا کوئی ہوش مند انسان ایسے متکبر اور گھمنڈی کو منکسر المزاج کہہ سکتا ہے۔ اب قادیانی بتائیں کہ کیا یہ منکسر المزاجی تھی؟

۲۔ کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں اگر یہ عاجزی ہے تو تمام مرزائی اجتماعی طور پر مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کر کے عاجزی کریں اور اعلان کریں کہ وہ آدم زاد نہیں۔

۳۔ ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار' تو انسان کی جائے نفرت دو مقام ہیں۔ مرزائی وضاحت کریں کہ وہ کون سی جگہ تھا۔ (**لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم**)

۱۔ مرزا نے حج نہیں کیا۔   ۲۔ مرزا نے ہجرت نہیں کی۔

۳۔ مرزا نے جہاد بالسیف نہیں کیا بلکہ الٹا اس کو حرام کہا۔

۴۔ مرزا نے کبھی پیٹ پر پتھر نہیں باندھے۔

۵- ہندوستان کے قحبہ خانوں میں زنا ہوتا رہا مگر غلام احمد نے کسی زانیہ یا زانی کو سنگسار نہیں کرایا بلکہ اس کے اور اس کے خاندان کے اس فعل قبیح میں ملوث ہونے کے پختہ ثبوت خود قادیانیوں نے ہی جمع کئے ہیں۔

۶- ہندوستان میں چوریاں ہوا کرتی تھیں مگر مرزا جی نے کسی چور کے ہاتھ نہیں کٹوائے۔

مرزا غلام احمد قادیانی کا اصل نام جو اس کے ماں باپ نے رکھا تو وہ غلام احمد تھا۔ مرزا بھی ساری زندگی یہی لکھتا رہا' بکتا رہا۔ اس کا نام احمد نہیں تھا۔ تو غلام احمد' اسمہ احمد کا مصداق کیسے ہو گیا؟

ایک دفعہ ایک قادیانی نے حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے سامنے یہ بات کہہ دی آپ نے فی البدیہہ فرمایا غلام احمد سے مراد' احمد ہے تو عطاء اللہ سے مراد صرف اللہ ہو سکتا ہے۔ غلام احمد کو احمد مانتے ہو تو پھر عطاء اللہ کو اللہ ماننا پڑے گا۔ اگر اللہ مانو گے! تو میرا پہلا حکم یہ ہے کہ غلام احمد جھوٹا ہے۔ اسے میں نے نبی نہیں بنایا۔ پس شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ کے حاضر جوابی سے قادیانی یہ جا وہ جا!

ہماری عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بانی رکن اور دوسرے امیر' خطیب پاکستان حضرت مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ تھے۔ جماعت قادیانی کے مشہور مناظر قاضی نذیر احمد سے آپ کی گفتگو ہوئی۔ جب قاضی نذیر قادیانی لاجواب ہو گیا کوئی جواب نہ بن پڑا تو خفت مٹانے اور اپنے ہمراہیوں کو مرعوب کرنے کی غرض سے قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ سے یہی کہا کہ آپ بھی دعا کریں میں بھی دعا کرتا ہوں۔ جو سچا ہوگا اس کی دعا قبول ہو جائے گی۔ اتفاق سے قاضی ایک آنکھ سے عاری تھے۔ ہمارے حضرت قاضی احسان احمدؒ نے فوراً ہاتھ اٹھائے اور فرمایا یا اللہ اگر مسلمان سچے ہیں اور مرزائی جھوٹے ہیں تو اس قاضی نذیر قادیانی کی آنکھ ٹھیک نہ ہو۔ منہ پر ہاتھ پھیر کر قاضی نذیر قادیانی کو کہا کہ اب آپ دعا کریں کہ اگر آپ سچے ہیں تو آپ کی آنکھ ٹھیک ہو جائے۔ اس پر قاضی نذیر کھسیانی بلی کھمبا نوچے کا عملی مصداق بن کر رہ گیا۔

سپریم کورٹ کے قابل صداحترام جج صاحبان کو ملت اسلامیہ کا خراج عقیدت

پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم گنبد خضراء میں آپ سے کتنے خوش ہوں گے۔ مجاہد اعظم ختم نبوت سیدنا صدیق اکبرؓ کتنے شاداں وفرحاں ہوں گے۔ جنگ یمامہ کے شہدائے ختم نبوت اور دیگر زمانوں کے شہدائے ختم نبوت کی ارواح کتنی پر مسرت ہوں گی۔ حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ، حضرت پیر جماعت علی شاہ حضرت سید انور شاہ کشمیری حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کتنے خوش وخرم ہوں گے۔ آپ نے ارتداد کے جن کو پابہ زنجیر کر دیا نبوت کاذبہ کے دجل وفریب کو ہتھکڑی لگادی۔ شعائر اسلامی کے سامنے دیوار چین قائم کر دی۔ ملک عزیز پاکستان کو ایک بہت بڑے خونی بحران سے بچالیا۔ قادیانی مذہبی بہروپیوں کی وردی اتر وادی اور کفر واسلام کے درمیان ایک حد فاصل قائم کر دی"۔

عقیدۂ ختم نبوت اسلام کی اساس ہے۔ یہی وہ بنیادی پتھر ہے جس پر دین اسلام کی عمارت کھڑی ہے۔ یہی وہ عقیدہ ہے جو جسد اسلام کی روح ہے۔ اس عقیدہ کی اہمیت ونزاکت کی وجہ ہے کہ مسلمان ہر عہد میں تحفظ ختم نبوت کے لئے بڑے حساس اور چوکس رہے ہیں۔ تاریخ اسلام شاہد ہے کہ جب بھی کسی کمینہ خصلت نے تاج وتخت ختم نبوت پر ڈاکہ زنی کی ناپاک جسارت کی غیور مسلمانوں کی تلواریں اللہ کا انتقام بن کر اس کی طرف لپکیں اور اسے جہنم واصل کر دیا۔ مسلمانوں کی تاریخ ختم نبوت کے محافظوں کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ وقت نے جب بھی انہیں پکارا وہ لبیک لبیک کی صدائیں دیتے آئے اور اپنی جانیں نچھاور کر دیں۔ تاریخ کے اوراق پر شہدائے ختم نبوت کے خون کی چمک رشک خورشید وقمر ہے۔

(تحریر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

اسلام حق تعالیٰ شانہ کا آخری پیغام آسمانی ہے جو انسانیت کی فلاح وسعادت کے لئے نبی آخر الزمان حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا اور جو تواتر اور تسلسل کے ساتھ منتقل ہوتا ہوا ہم تک پہنچا۔ پس جو خوش بخت اسلام کی ایک ایک بات کو دل وجان سے مانتے ہیں وہ ''مسلمان'' ہیں اور جو لوگ ان متواترات میں سے کسی ایک کا انکار کرتے ہیں یا ان کے متواتر مفہوم کا انکار کرتے ہیں وہ ''غیر مسلم'' کہلاتے ہیں۔ مثلاً قرآن کریم کو اول سے آخر تک لفظاً ومعنیً ماننا اسلام کی شرط ہے اور اس کے ایک لفظ یا متواتر مفہوم کا انکار کفر ہے۔

قادیانی فرقہ جو باجماع امت خارج از اسلام ہے اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ اس نے اسلام کے بے شمار متواترات میں غلط تاویلیں کرکے ان کے مفہوم کو بدل ڈالا ہے ان میں دو عقیدے زیادہ مشہور ہیں ایک ختم نبوت' دوسرے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول یہ دونوں دین اسلام کے ایسے قطعی اور متواتر عقیدے ہیں کہ گذشتہ صدیوں کے تمام اکابر ان کو تواتر و تسلسل کے ساتھ نقل کرتے چلے آئے ہیں۔

ان دونوں عقیدوں پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں مگر ہمارے مخدوم حضرت مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ نے ان دونوں مسائل پر ایسے عام فہم انداز میں قلم اٹھایا ہے کہ متوسط ذہن کے آدمی کو بھی ان کے سمجھنے میں کوئی الجھن نہیں رہ جاتی وہ اس رسالہ کو شائع کرتے ہوئے انصاف پسند قادیانیوں کو بھی دعوت دیتے ہیں کہ وہ اپنی غلطی کی اصلاح کریں اور اس نور سے روشنی حاصل کرنے کی کوشش کریں وللہ الحمد اولاً آخراً۔

محمد یوسف عفا اللہ عنہ

الحمد للہ وحدہ' والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ'

مرزا غلام احمد قادیانی کی جانچ

ختم نبوت ہمارے ایمان کا جز ہے لیکن میں تھوڑی دیر کے لئے اس سے صرف نظر کر کے کہتا ہوں کہ اگر بالفرض نبوت ختم نہ ہوئی ہوتی اور انبیاء علیہم السلام کی آمد کا سلسلہ جاری ہوتا تب بھی مرزا غلام احمد جیسے کسی شخص کے نبی ہونے کا کوئی امکان نہیں تھا۔ میں اس وقت آپ حضرات کے سامنے ۴ اصولی باتیں پیش کرتا ہوں ان کی روشنی میں ہر شخص مرزا صاحب کو بڑی آسانی سے جانچ سکتا ہے اور میرے نزدیک قادیانیت پر غور کرنے کا یہی صحیح اور سیدھا اور آسان ترین راستہ ہے جو چار اصولی باتیں میں اس وقت آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں وہ دو اور دو چار کی طرح بالکل بدیہی اصول ہیں۔

چار اصولی باتیں

پہلی بات

(۱) میری پہلی اصولی بات جس سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا یہ ہے کہ ہر سچے نبی کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے سے پہلے سب نبیوں کا احترام کرے اور دوسرے لوگوں کو بھی ان کے ادب واحترام کی تعلیم دے کیونکہ ہر پیغمبر اللہ کا نائب اور اس کا نمائندہ ہوتا ہے کسی پیغمبر کی اہانت اور ہتک کرنا کسی ادنیٰ درجہ کے مومن کا بھی کام نہیں لیکن مرزا غلام احمد کو ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے اللہ کے سچے اور جلیل القدر نبی سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں بڑی غیر شریفانہ باتیں کہی اور لکھی ہیں چونکہ یہ مجلس بحث ومناظرہ کی مجلس نہیں ہے اور میں آپ حضرات کو قادیانیت کے متعلق غور کرنے کا صرف طریقہ اور راستہ بتانا چاہتا ہوں اس لئے مرزا صاحب کی صرف ایک عبارت بطور نمونہ پیش کرتا ہوں۔ وہ اپنی کتاب ''دافع البلاء'' کے ص۵ آخری صفحہ پر لکھتے ہیں۔

''مسیح کی راستبازی اپنے زمانہ کے دوسرے راست بازوں سے بڑھ کر ثابت نہیں ہوتی' بلکہ یحییٰ نبی کو اس پر ایک فضیلت ہے' کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور کبھی نہیں سنا گیا

کہ کسی فاحشہ عورت نے آ کر اپنی کمائی کے مال سے اس کے سر پر عطر ملا تھا یا ہاتھوں اور اپنے سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی اسی وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حصور رکھا مگر مسیح کا یہ نام نہ رکھا کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔"

اس عبارت میں مرزا غلام احمد قادیانی نے حضرت مسیح بن مریم علیہ السلام پر چند تہمتیں رکھی ہیں اول یہ کہ وہ شراب پیتے تھے دوم یہ کہ وہ فاحشہ اور بدکار عورتوں سے ان کی ناپاک کمائی سے حاصل کیا ہوا عطر اپنے سر پر ملواتے تھے اور ان کے ہاتھوں اور سر کے بالوں سے اپنے بدن کو چھوواتے تھے۔ تیسرے یہ کہ بے تعلق جوان عورتیں ان کی خدمت کرتی تھیں۔

یہ ناپاک تہمتیں حضرۃ مسیح علیہ السلام جیسے پاک پیغمبر پر رکھنے کے بعد یہ شخص یہ بھی کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق حصور کا لفظ انہی قصوں کی وجہ سے نہیں فرمایا۔

یہ گندی باتیں جو اس شخص نے یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہی ہیں مجھے معلوم نہیں کہ آپ لوگوں کا احساس ان کے متعلق کیا ہے میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ نبی کا مقام تو بہت بلند ہے کسی شریف اور نیک آدمی کے متعلق بھی ایسی باتیں کرنا یقیناً اس کی سخت توہین ہے اور جس شخص میں ایمان کا کوئی ذرہ ہو وہ اللہ کے کسی پیغمبر کے متعلق ایسی گندی اور بے حیائی کی باتیں زبان سے نہیں نکال سکتا۔

قادیانی تاویل

میں خود ہی آپ کو یہ بھی بتلا دوں کہ مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق جو ایسی غیر شریفانہ باتیں اپنی کتابوں میں لکھی ہیں قادیانی حضرات ان کے متعلق عام طور سے یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ یہ سب عیسائی پادریوں کے مقابلہ میں الزامی طور پر لکھا گیا ہے لیکن یہ محض دھوکہ اور بناوٹ ہے۔ خصوصاً میں نے اس وقت جو عبارت پڑھ کر سنائی ہے وہ دافع البلاء کی ہے اور دافع البلاء کے مخاطب زیادہ تر علماء اسلام ہیں جس کا جی چاہے

پوری کتاب پڑھ کر دیکھ لے اس کے علاوہ جو گندی اور فحش باتیں اس نے اس عبارت میں سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کی ہیں وہ تو ان کے نزدیک (معاذ اللہ) ایسے سچے اور واقعی قصے ہیں کہ اللہ نے انہی کی وجہ سے قرآن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حصور کے خطاب سے محروم رکھا اور وہ قرآن میں حضرت عیسیٰ کا نام حصور نہ رکھنے کو ان گندی تہمتوں کے ثبوت کے طور پر پیش کر رہے ہیں۔ پس اس کو پادریوں کے مقابلہ کا صرف الزامی جواب کیسے کہا جا سکتا ہے۔

بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ دافع البلاء کی اس عبارت سے یہ بات بھی واضح طور پر معلوم ہو گئی کہ اس شخص نے یعنی مرزا غلام احمد قادیانی نے اگر کسی کتاب میں عیسائیوں کے مقابلہ میں بھی ایسی باتیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہی ہیں تو وہ صرف ''الزامی'' نہیں ہیں بلکہ یہ ان کے اپنے خیالات اور دعوے ہیں۔ میں مثال کے طور پر کہتا ہوں کہ اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قریب قریب یہی گندی باتیں اس سے بھی زیادہ نامہذب اور گندے الفاظ میں ''ضمیمہ انجام آتھم'' میں لکھی ہیں۔ اگرچہ اس قسم کی چیزوں کا پڑھنا اور سننا ہر مسلمان کے لئے تکلیف دہ ہے لیکن چونکہ آپ کو اس کی ضرورت ہے اس لئے میں اس کو بھی پڑھے دیتا ہوں۔ مرزا قادیانی لکھتا ہے۔

آپ کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔ مگر شاید یہ بھی خدائی کے لئے ایک شرط ہوگی۔ آپ کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت درمیان ہے ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقع نہیں دے سکتا کہ وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگا دے اور زنا کاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے اور اپنے بالوں کو اس کے پیروں پر ملے۔ سمجھنے والے سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہو سکتا ہے۔

ضمیمہ انجام آتھم ص ۷

اس عبارت میں بھی مرزا غلام احمد قادیانی نے وہی باتیں کہی ہیں ''جو دافع البلاء'' سے میں ابھی آپ کو سنا چکا ہوں بلکہ یہاں ان کا طرز بیان اور زیادہ غیر شریفانہ اور سوقیانہ ہے

اور سچی بات یہ ہے کہ کتاب کو زمین پر پٹک دینے کو جی چاہتا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ ضمیمہ انجام آتہم کی اس عبارت کے خاص مخاطب بعض عیسائی پادری ہیں لیکن دافع البلاء کی عبارت پڑھنے کے بعد ضمیمہ انجام آتہم کی اس عبارت کے متعلق بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ صرف الزامی باتیں ہیں جو عیسائیوں کے ''یسوع'' کے حق میں کہی گئی ہیں۔ کیونکہ دافع البلاء سے معلوم ہو چکا کہ واقعہ میں وہ عیسیٰ علیہ السلام کو ایسا ہی سمجھتے ہیں۔ بلکہ قرآن پاک کو اور خدا کو بھی اپنی گواہی میں لاتے ہیں۔ اسی لئے میں نے اس سلسلہ میں آپ حضرات کے سامنے دافع البلاء کی عبارت پیش کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ انجام آتہم کے ضمیمہ کی یہ عبارت تو میں نے صرف اس لئے پڑھ دی کہ اس میں وہی بات زیادہ گندے طریقہ پر کہی گئی ہے اور دافع البلاء کی عبارت نے اس کی تصدیق کر دی ہے کہ یہ صرف الزامی باتیں نہیں ہیں بلکہ عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مرزا غلام احمد قادیانی کے یہ دعوے ہیں۔

بہر حال یہ آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ مرزا غلام احمد قادیانی نے ان عبارتوں میں سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں کیسی گندی اور اہانت آمیز باتیں کہی ہیں۔ پس ایسا شخص نبی کیا معنی صاحب ایمان بھی نہیں ہو سکتا ہے بلکہ شرافت و تہذیب کے عام معیار کے مطابق اس کو ایک شریف اور مہذب انسان بھی نہیں کہا جا سکتا۔

(اس موقع پر حاضرین مجلس میں سے کسی صاحب نے پوچھا کہ آپ بتلا سکتے ہیں کہ مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق ایسی باتیں کیوں لکھیں؟)

میں نے کہا۔ میرے نزدیک اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ مرزا صاحب کا ایک اہم دعویٰ یہ ہے کہ وہ مسیح موعود ہیں یعنی حدیثوں میں آخر زمانہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کی آمد کی جو خبریں دی گئی ہیں وہ ہی ان کے مصداق ہیں اور اپنی شان میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام سے بہت بڑھے ہوئے ہیں اور بعض خاص مشابہتوں اور مناسبتوں کی وجہ سے حدیثوں میں مجازاً ان ہی کو عیسیٰ اور مسیح کہا گیا ہے لیکن اس کے لئے یہ ضروری تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں ان کی سیرت اور ان کا کردار گھٹیا نہ ہو بلکہ بلند اور بڑھیا ہو۔ تو میرا خیال ہے کہ وہ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان کو اس لئے گرانا چاہتے ہیں کہ اپنے

بے وقوف معتقدوں کو یہ باور کرا سکیں کہ سیرت اور کردار کے لحاظ سے مسیح ناصری کے مقابلہ میں میں بلند ہوں[1] بہر حال میں یہی سمجھتا ہوں۔

مرزا غلام احمد قادیانی کی جانچ کے لئے جو ۴ اصولی باتیں میں آپ حضرات کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ان میں سے پہلی تو یہی تھی جو میں پیش کر چکا اور آپ سن چکے اب آگے سنیے۔

دوسری بات

دوسری اصولی بات یہ ہے کہ اللہ کے سچے پیغمبر کے لئے یہ ناممکن ہے کہ وہ اپنے دعوے کی سچائی اور اپنی بڑائی ثابت کرنے کے لئے بھولے سے بھی کبھی جھوٹ بولے مگر مرزا غلام احمد قادیانی اس معاملے میں بڑے بیباک ہیں اور بہت بے تکلفی اور دیدہ دلیری سے صاف صریح جھوٹ بول جاتے ہیں اگر آپ چاہیں تو اس کی بہت سی مثالیں ہیں ان کی کتابوں سے پیش کر سکتا ہوں، لیکن چونکہ میرا مطمح نظر اس وقت صرف اتنا ہی ہے کہ مرزا قادیانی کی جانچ اور قادیانیت پر غور کرنے کا ایک صحیح اور اصولی طریقہ آپ حضرات کو بتلا دوں، اس لئے میں اس سلسلہ میں بھی مرزا قادیانی کی غلط بیانی کی صرف موٹی سی مثال آپ کے سامنے پیش کر دینا کافی سمجھتا ہوں۔

مرزا غلام احمد قادیانی کے صریح جھوٹ کی ایک مثال

''مولوی غلام دستگیر قصوری نے اپنی کتاب میں اور مولوی اسماعیل علی گڑھ والے نے میری نسبت قطعی حکم لگایا کہ اگر وہ کاذب ہے تو ہم سے پہلے مرے گا اور ضرور ہم سے پہلے مرے گا' کیونکہ کاذب ہے۔ مگر جب ان تالیفات کو دنیا میں شائع کر چکے تو پھر بہت جلد آپ ہی مر گئے''۔ (اربعین نمبر ۳ صفحہ ۱۱)

اس عبارت میں مرزا قادیانی نے مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری مرحوم اور مولانا اسمٰعیل علی گڑھی مرحوم کے متعلق جو یہ بات لکھی ہے کہ ''انہوں نے اپنی کتابوں میں یہ قطعی حکم لگایا تھا کہ وہ (یعنی مرزا غلام احمد) اگر کاذب ہے تو وہ ہم سے پہلے مرے گا اور ضرور ہم سے

---

[1] مرزا قادیانی کا مشہور شعر بھی ہے ابن مریم کے ذکر کو چھوڑ دو اس سے بہتر غلام احمد ہے (دافع البلاء ص ۲)

پہلے مرے گا کیونکہ وہ کاذب ہے اور یہ کہ اپنی جن تالیفات میں انہوں نے یہ بات لکھی تھی وہ شائع بھی ہو چکی ہیں۔ یہ سب مرزا صاحب کا تراشا ہوا جھوٹ ہے۔ ان دونوں مرحوم بزرگوں کی ایسی کوئی کتاب روئے زمین پر موجود نہیں ہے اور کبھی شائع نہیں ہوئی۔ جس میں انہوں نے یہ بات لکھی ہو آپ میں سے جس کا جی چاہے اس کی تحقیق کر لے' مرزا قادیانی کی زندگی میں بھی ان سے یہ مطالبہ کیا گیا اور پھر ان کے ماننے والوں کو ہمیشہ اس کے لئے چیلنج کیا گیا کہ ان دونوں بزرگوں کی وہ شائع شدہ کتابیں دکھاؤ جن میں یہ مضمون موجود ہو لیکن آج تک کوئی نہیں دکھلا سکا اور نہ قیامت تک کوئی دکھلا سکتا ہے کیونکہ جیسا کہ میں نے آپ کو بتلایا یہ مرزا قادیانی کا خالص جھوٹ اور افترا ہے۔

اور ان کی کذب بیانی کی یہی ایک مثال نہیں ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ جو شخص مرزا قادیانی کی کتابوں کو تحقیق و تنقیدی نگاہ سے دیکھے گا وہ ان میں اس کی بیسوں' پچاسوں مثالیں پائے گا کہ وہ اپنی بڑائی اور سچائی ثابت کرنے کے لئے بالکل بے اصل اور بے بنیاد اور خلاف واقعہ باتیں بڑی دیدہ دلیری سے لکھ جاتا ہے۔ ایسا شخص پیغمبر تو کیا معنی ایک دیانتدار مصنف بھی نہیں سمجھا جا سکتا۔ میں اللہ تعالیٰ کا ایک نہایت حقیر اور گنہگار بندہ ہوں۔ قریب ۲۱' ۲۲ سال سے تحریر و تصنیف کا کام کرتا ہوں اور اندازہ یہ ہے کہ مستقل تصانیف کی شکل میں اور الفرقان میں میرے قلم کے لکھے ہوئے ۵'۶ ہزار صفحات ضرور شائع ہو چکے ہوں گے میں کہہ سکتا ہوں کہ میں بھی اس معاملے میں مرزا غلام احمد قادیانی سے کہیں زیادہ دیانتدار ہوں اور میرا کوئی مخالف میرے لکھے ہوئے ان ۵'۶ ہزار صفحات میں اس قسم کی غلط بیانی کی ایک مثال بھی نہیں نکال سکتا۔

بہرحال مرزا قادیانی کی یہ کمزوری بھی ایسی ہے جس کے ہوتے ہوئے ان کو کسی بڑے درجہ کا انسان نہیں سمجھا سکتا۔

تیسری بات

تیسری اصولی بات مرزا قادیانی کی جانچ کے لئے جو آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی نے بعض اہم پیشین گوئیاں ایسی کیں جن کو خود اپنے جھوٹے یا سچے ہونے کا خاص نشان اور معیار قرار دیا اور بڑے دعوؤں سے کہا کہ اگر یہ پوری

نہ ہوں تو میں جھوٹا ہوں اور ایسا ہوں اور ویسا ہوں۔ کمالات ص ۲۸۸ اور اللہ تعالیٰ نے اس کی اس قسم کی زیادہ تر پیشین گوئیوں کو غلط ثابت کر کے اس کا جھوٹا اور مفتری ہونا ظاہر کر دیا یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے ورنہ بہت سی پیشین گوئیاں رمالوں، جفاروں کی اور علم نجوم سے واقفیت رکھنے والے پنڈتوں کی پوری ہو جاتی ہیں اس لئے اگر بالفرض مرزا قادیانی کی یہ پیشین گوئیاں سو فیصدی بالکل ٹھیک ٹھیک پوری ہو جاتیں تب بھی ہم ان کو اس قسم کا استدراج سمجھتے جیسا کہ حدیثوں میں دجال کے متعلق آتا ہے کہ وہ خدائی کا دعویٰ کرے گا اور بارش برسا کے اور مردہ کو زندہ کر کے دکھائے گا اور اس کے باوجود دجال ہوگا۔ بہرحال ہمارا یہ ایمان ہے کہ قرآن مجید میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبین ہونے کا اعلان ہو جانے کے بعد جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے خواہ اس کے ہاتھ پہ کیسے ہی کرشمے ظاہر ہوں اور خواہ اس کی پیشین گوئیاں سو فیصدی پوری ہوں پھر بھی وہ ہرگز سچا نبی نہیں بلکہ کذاب و دجال ہے اس لئے اگر بالفرض مرزا قادیانی کی یہ پیشین گوئیاں پوری بھی ہو جاتیں جب بھی ہمارے ایمان اور عقیدہ پر الحمدللہ کوئی اثر نہ پڑتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے اس کی معرکہ کی پیشین گوئیوں کو غلط کر کے اپنے بہت سے کمزور بندوں کو اس آزمائش سے بچالیا۔

میں اس سلسلہ میں ان کی صرف دو پیشین گوئیوں کو اس وقت آپ حضرات کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔

پہلی پیشین گوئی ڈپٹی عبداللہ آتھم عیسائی کی موت سے متعلق ہے۔ مرزا قادیانی نے اس کی میعاد ۵ جون ۱۸۹۳ء سے پندرہ مہینہ تک (یعنی ۵ ستمبر ۱۸۹۴ء تک) مقرر کی تھی پھر اس نے اپنی کتاب ''شہادۃ القرآن'' کے صفحہ ۸۰ پر اپنی صداقت کے نشان اور معیار کے طور پر اپنی اس پیشین گوئی کو پھر دہرایا کہ آتھم ضرور بالضرور اس مدت کے اندر یعنی ۵ ستمبر ۹۴ء تک مر جائے گا (اور چونکہ آتھم کی عمر ۷۰ برس کے قریب تھی اس لئے اس کا مر جانا کچھ مستبعد بھی نہ تھا) لیکن اللہ تعالیٰ نے مرزا قادیانی کو جھوٹا ثابت کرنا تھا اس لئے بوڑھا عبداللہ آتھم اس مدت میں بھی نہیں مرا۔ بلکہ اس میعاد سے تقریباً دو سال گزرنے کے بعد ۲۷ جولائی ۱۸۹۶ء کو مرا۔ خود مرزا صاحب نے انجام آتھم میں اس کی موت کی یہ تاریخ لکھی ہے۔ (انجام آتھم ص ۱۲)

مجھے یہ معلوم ہے کہ مرزا قادیانی نے اوران کی امت کے مناظروں نے اس پیشین گوئی کے بارے میں کیا کیا فضول اور مہمل تاویلیں کی ہیں لیکن میرا خیال ہے کہ ہر صحیح الفطرت آدمی کو قادیانیوں کی اس قسم کی باتوں سے ان کی ہٹ دھرمی کا اور حق پرستی سے دوری کا اور زیادہ یقین ہوتا ہے' سیدھی بات ہے کوئی منطق فلسفہ کا مسئلہ نہیں ہے اور کوئی پہیلی اور چیستاں نہیں ہے جس کا سمجھنا اور بوجھنا مشکل ہو۔ مرزا قادیانی نے پیشین گوئی کی تھی کہ آتھم ۵ جون ۱۸۹۳ء سے پندرہ مہینہ تک یعنی ۵ ستمبر ۱۸۹۴ء تک ضرور مر جائے گا اور اس کو اپنے صادق یا کاذب ہونے کا معیار قرار دیا تھا۔ اب اگر آتھم ۵ ستمبر ۱۸۹۴ء کی شام تک بھی مرجاتا تو مرزا قادیانی اپنے اس بیان کی رو سے سچا ہوتا لیکن جب وہ اس مدت میں نہیں مرا بلکہ قریباً دو سال بعد اور جیتا رہا تو اس کی اس دو سالہ زندگی کا ہر سانس اور ہر لمحہ مرزا غلام احمد قادیانی کے اقرار کے مطابق اس کے کاذب اور جھوٹے ہونے کا ثبوت ہے اور اس میں تاویلیں کرنا خواہ مخواہ ایک کھلے ہوئے جھوٹ کو سچ بنانے کی کوشش کرنا ہے۔ بہر حال غور کرنے والوں اور سمجھنے کا ارادہ رکھنے والوں کے لئے بات بالکل صاف سیدھی اور مختصر سی ہے۔

محمدی بیگم کا قصہ

دوسری پیشین گوئی جو میں آپ حضرات کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں وہ محمدی بیگم کے نکاح سے متعلق اس کی سب سے زیادہ مشہور اور معرکہ کی پیشین گوئی ہے جس کو اس نے اپنی کتابوں میں اپنی صداقت کا خاص آسمانی نشان اور معیار قرار دیا تھا۔ میں پہلے اس کا مختصر واقعہ بیان کر دوں۔

مرزا قادیانی کا ایک قرابتدار مرزا احمد بیگ ہوشیار پور کے رہنے والا تھا محمدی بیگم ان کی لڑکی تھی مرزا قادیانی کے دل میں اس سے نکاح کرنے کی خواہش پیدا ہوئی۔ چنانچہ مرزا قادیانی نے نکاح کا پیام دیا لیکن احمد بیگ راضی نہ ہوا اور انکار کر دیا مرزا قادیانی نے احمد بیگ کو متاثر اور مرعوب کرنے کے لئے بڑے زور سے دو باتوں کا اعلان کیا ایک یہ کہ محمدی بیگم کا میرے نکاح میں آنا مجھے خدا کی وحی اور الہام سے معلوم ہو چکا ہے اور میں نے خدا کے حکم سے یہ پیام دیا ہے اور خدا نے مجھے بتایا ہے کہ یہ نکاح ضرور ہوگا۔ اور دوسری بات یہ کہ اس

کے گھر والے اگر انکار کریں گے تو طرح طرح کی آفتوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہوں گے اور خود محمدی بیگم پر بھی مصیبتیں آئیں گی۔ مرزا قادیانی نے ان باتوں کو اپنے خطوط اور اپنی کتابوں اور اشتہاروں میں ایسے زور سے لکھا کہ احمد بیگ اگر کچا آدمی ہوتا تو ڈر کے نکاح کر ہی دیتا لیکن اس نے کوئی اثر نہ لیا اور وہ برابر انکار کرتا رہا اور مرزا قادیانی طرح طرح سے کوششیں اور ہر قسم کی تدبیریں استعمال کرتا رہا جن کی تفصیل بہت لمبی ہے اور بڑی عبرتناک اور شرمناک ہے اور مجھے اس قسم کی باتوں سے اب طبعی انقباض ہوتا ہے اس لئے میں ان سب واہیات قصوں کو چھوڑتا ہوں اور صرف اصل معاملہ ہی آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔

مرزا قادیانی کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ معاملہ ایک مدت تک اسی طرح چلتا رہا کہ مرزا قادیانی محمدی بیگم کے والد احمد بیگ کو رام کرنے کی کوششیں اور تدبیریں کرتے رہے اس کو خطوط لکھتے رہے اور الہاموں کے حوالہ سے اس کو دھمکیاں بھی دیتے رہے مگر وہ انکار پر جما رہا یہاں تک کہ پٹی ضلع لاہور کے رہنے والے ایک شخص سلطان محمد سے محمدی بیگم کی شادی کی بات چیت ہونے لگی جب مرزا قادیانی کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے اس میں رکاوٹ ڈالنے کی عجیب عجیب تدبیریں اور بڑی بڑی کوششیں کیں جب یہ تمام کوششیں بھی ناکام رہیں تو مرزا قادیانی نے حسب عادت خدا کے الہام کے حوالہ سے پیشین گوئی شائع کی کہ اگر سلطان محمد سے محمدی بیگم کا نکاح ہوا تو سلطان محمد روز نکاح سے اڑھائی سال کے اندر اور محمدی بیگم کا باپ احمد بیگ تین سال کے اندر مر جائیں گے اور لڑکی بیوہ ہو کر پھر میرے نکاح میں ضرور آئے گی۔ اللہ کی شان کہ محمدی بیگم کا نکاح سلطان محمد سے ہو گیا لیکن مرزا قادیانی اس کے بعد بھی برابر اسی زور وشور سے یہ پیشین گوئی کرتے رہے کہ سلطان محمد مرے گا اور محمدی بیگم ضرور بالضرور میرے نکاح میں آئے گی یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر مبرم ہے کوئی اسے بدل نہیں سکتا اور اگر یہ میری بات غلط ہو جائے یعنی اگر محمدی بیگم میرے نکاح میں نہ آئے اور اسی طرح سلطان محمد اگر مقررہ میعاد تک نہ مرے تو میں جھوٹا اور ایسا اور ویسا۔

یہ تو میں نے آپ کو اصل قصہ بہت مختصر طور سے اپنی زبان میں سنا دیا۔ اب آپ مرزا

قادیانی کے اس سلسلہ کے دعووٴں اور اس کی پیشین گوئیوں کی دو ایک عبارتیں بھی سن لیجئے اور عبارتیں بھی وہ جن کو مرزا قادیانی نے خدا کے الہام کی حیثیت سے لکھا ہے۔

یہ میرے ہاتھ میں مرزا قادیانی کی کتاب انجام آتھم ہے جو اس وقت کی لکھی ہوئی ہے جبکہ سلطان محمد کے ساتھ محمدی بیگم کے نکاح کو چار پانچ سال ہو چکے ہیں اس میں مرزا قادیانی نے اپنے کچھ وہ الہامات لکھے ہیں جو عربی زبان میں ہیں اور خود ہی ساتھ ساتھ اردو میں ترجمہ بھی لکھ دیا ہے ان میں چند سطروں کا ایک الہام ہے جس کا تعلق محمدی بیگم سے ہے جس میں مرزا قادیانی کے بیان کے مطابق ان کے خدا نے اس کو بتلایا ہے اور بڑے زوردار الفاظ میں یقین اور اطمینان دلایا ہے کہ محمدی بیگم پھر ضرور تمہارے نکاح میں آئے گی بلکہ ہم نے اس کا نکاح تم سے کر دیا۔ اب کوئی طاقت اس کو روک نہیں سکتی۔ الہام کے الفاظ یہ ہیں۔

فسیکفیکھم اللہ و یردھاالیک. امرمن لدنا انا کنا فاعلین زوجنکھا الحق من ربک فلا تکونن من الممترین. لاتبدیل لکلمات اللہ ان ربک فعال لما برید انا رادوھا الیک"

اب خود مرزا قادیانی کا لکھا ہوا اس الہام کا ترجمہ سنئیے۔

"سوخدا ان کے لئے تجھے کفایت کرے گا اور اس عورت کو تیری طرف واپس لائے گا یہ امر ہماری طرف سے ہے اور ہم ہی کرنے والے ہیں بعد واپسی کے ہم نے نکاح کر دیا۔ تیرے رب کی طرف سے سچ ہے پس تو شک کرنے والوں سے مت ہو خدا کے کلمے بدلا نہیں کرتے تیرا رب جس بات کو چاہتا ہے وہ بالضرور اس کو کر دیتا ہے کوئی نہیں جو اس کو روک سکے ہم اس کو واپس لانے والے ہیں۔" (انجام آتھم ص ۶۰، ۶۱)

گویا مرزا قادیانی اپنے اس الہام کو شائع کر کے دنیا کو بتلا رہے ہیں کہ اگرچہ محمدی بیگم کا نکاح سلطان محمد سے ہو گیا اور میرے مخالف اس پر خوشیاں منا رہے ہیں لیکن میرا خدا اپنی وحی کے ذریعہ مجھے بتلا رہا ہے کہ وہ میرے ان مخالفوں سے میری طرف سے انتقام لینے کے لئے اور ان کو شکست دینے کے لئے کافی ہے اور اس کا اٹل فیصلہ ہے کہ وہ اس عورت کو یعنی محمدی بیگم کو پھر میری طرف واپس کرے گا یعنی سلطان محمد میری زندگی میں مرے گا اور

محمدی بیگم بیوہ ہو کر پھر میرے نکاح میں آئے گی اور میرے اللہ نے مجھے اطلاع دی ہے کہ اس کا یہ نکاح ہم نے تم سے کر دیا۔ (زوجنا کھا) اور یہ خدائی فیصلہ اور خدائی اطلاع ہے جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں' اللہ کے فیصلے اٹل ہوتے ہیں ان میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اس کو کوئی روک نہیں سکتا' اللہ ضرور محمدی بیگم کو میری طرف واپس کرے گا اور آخر کار وہ میرے نکاح میں ضرور بالضرور آئے گی۔

الغرض یہ ہے مرزا قادیانی کا الہام اور ان کی پیشین گوئی محمدی بیگم کے نکاح میں آنے کے متعلق۔

پھر آپ کو سن کر اور زیادہ تعجب ہوگا کہ اس شخص نے اپنے اس واہیات معاملہ میں ایک جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی لپیٹ لیا اسی انجام آتھم کے ضمیمہ کے ص ۵۳ کے حاشیہ میں محمدی بیگم کے نکاح کی اسی پیشین گوئی کے متعلق دیدہ دلیری سے لکھا ہے کہ:۔

''اس پیشگوئی کی تصدیق کے لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پہلے سے ایک پیشگوئی فرمائی ہے کہ یتزوج ویولدلہ یعنی وہ مسیح موعود بیوی کرے گا اور نیز وہ صاحب اولاد ہوگا اب ظاہر ہے کہ تزوج اور اولاد کا ذکر کرنا عام طور پر مقصود نہیں کیونکہ عام طور پر ہر ایک شادی کرتا ہے اور اولاد بھی ہوتی ہے اس میں کچھ خوبی نہیں بلکہ تزوج سے مراد وہ خاص تزوج ہے جو بطور نشان ہوگا اور اولاد سے مراد وہ خاص اولاد ہے جس کی نسبت اس عاجز کی پیشگوئی موجود ہے۔ گویا اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سیہ دل منکروں کو ان کے شبہات کا جواب دے رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ یہ باتیں ضرور پوری ہوں گی۔''

حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر مرزا قادیانی کا محض افترا اور بہتان ہے۔ حدیث شریف کے الفاظ ''یتزوج ویولدلہ'' کا اصل مقصد تو یہ تھا کہ حضرت مسیح سیدنا عیسیٰ علیہ السلام (جنہوں نے اپنی پہلی زندگی میں نکاح نہیں کیا تھا اور تجرد کی زندگی گزاری تھی) وہ جب آخر زمانہ میں دوبارہ آئیں گے تو حضور کی سنت کے اتباع میں نکاح بھی کریں گے اور اس سے اولاد بھی ہوگی۔ لیکن مرزا قادیانی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر افترا کیا اور آپ کے اس ارشاد کو محمدی بیگم کے ساتھ اپنے نکاح کی پیشین گوئی بنالیا۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے مرزا قادیانی کی اس پیشین گوئی کو غلط ثابت کر کے ساری دنیا کو

اس حقیقت کا گواہ بنا دیا کہ اس شخص نے خدا پر اور اس کے رسولؐ پر یہ سب افترا کیا تھا۔ اسی سلسلہ میں ضمیمہ انجام آتھم کے اسی ص ۵۳ کی ایک عبارت اور بھی سن لیجئے۔ مرزا قادیانی کے جن مخالفین نے محمدی بیگم کا نکاح مرزا قادیانی سے نہ ہونے اور سلطان محمدؐ سے ہو جانے اور پھر پیشین گوئی کی مدت یعنی اڑھائی سال میں سلطان محمد کے نہ مرنے پر فاتحانہ خوشیاں منائیں ان کے متعلق مرزا قادیانی لکھتے ہیں:۔

''سوچاہئے تھا کہ ہمارے نادان مخالف انجام کے منتظر رہتے اور پہلے ہی سے اپنی بدگوہری ظاہر نہ کرتے' بھلا جس وقت یہ سب باتیں پوری ہو جائیں گی تو کیا اس دن یہ احمق مخالف جیتے ہی رہیں گے اور کیا اس دن یہ تمام لڑنے والے سچائی کی تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہو جائیں گے۔ ان بیوقوفوں کو کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں رہے گی اور نہایت صفائی سے ناک کٹ جائے گی اور ذلت کے سیاہ داغ ان کے منحوس چہروں کو بندروں اور سؤروں کی طرح کردیں گے''۔ (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۵۳)

پھر چند سطور کے بعد اسی سلسلہ بیان میں لکھتے ہیں:۔

''یاد رکھو کہ اس پیشین گوئی کی دوسری جز (یعنی سلطان محمد کا مرزا صاحب کے سامنے مرنا اور محمدی بیگم کا بیوہ ہو کر مرزا صاحب کے نکاح میں آنا۔م) پوری نہ ہوئی تو میں ہر ایک بد سے بدتر ٹھہروں گا۔ اے احمقو! یہ انسان کا افتراء نہیں یہ کسی خبیث مفتری کا کاروبار نہیں۔ یقیناً سمجھو کہ یہ خدا کا سچا وعدہ ہے' وہی خدا جس کی باتیں نہیں ٹلتیں' وہی رب ذوالجلال جس کے ارادوں کو کوئی نہیں روک سکتا''۔ (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۵۴)

یہ عبارتیں مرزا قادیانی کی صرف ایک کتاب انجام آتھم اور اس کے ضمیمہ کی ہیں۔ جو ۱۸۹۶ء کے آخر کی تصنیف ہے اس کے بعد مرزا قادیانی قریباً ۱۱' ۱۲ برس زندہ رہا اور مئی ۱۹۰۸ء میں انتقال کر گیا اور ان پیشین گوئیوں کا یہ حشر ہوا کہ نہ سلطان محمد اس کے سامنے مرا اور نہ محمدی بیگم اس کے نکاح میں آئی۔ اب اگر اللہ تعالیٰ نے آپ حضرات کو کچھ بھی سمجھ دی ہے تو خود ہی فیصلہ کر سکتے ہیں کہ مرزا قادیانی کے یہ سارے اعلانات اور ان کی یہ پیشین گوئیاں کتنے روشن طریقہ پر غلط ہوئیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کا جھوٹا اور مفتری ہونا کتنی صفائی سے ثابت کر دیا۔

میں نے بیان کیا تھا کہ اس سلسلہ میں مرزا قادیانی کی ایک پیشین گوئی تاریخ کے تعین کے ساتھ یہ تھی کہ سلطان محمد یوم نکاح سے ڈھائی سال تک ضرور مر جائے گا۔ چنانچہ اسی پیشین گوئی کی بنیاد پر مرزا قادیانی نے اپنی کتاب شہادت القرآن میں ۲۱ ستمبر ۱۸۹۳ء کو لکھا ہے کہ ''آج کی تاریخ سے قریباً گیارہ مہینے باقی رہ گئے ہیں'' (ص ۸۰) اس حساب سے سلطان محمد کو ۲۱ اگست ۱۸۹۴ء تک مر جانا چاہیے تھا لیکن جب اللہ تعالیٰ نے اس پیشین گوئی کو جھوٹا ثابت کر دیا اور سلطان محمد کو اس تاریخ تک بھی موت نہیں آئی تو مرزا قادیانی نے بڑی دیدہ دلیری اور بے باکی سے کہنا شروع کر دیا کہ اس کی موت فلاں وجہ سے کچھ ٹل گئی ہے لیکن بہرحال میرے سامنے ضرور مرے گا یہ اللہ کی تقدیر مبرم ہے یعنی اللہ کی یہ اٹل اور قطعی تقدیر ہے اور اب اس میں کوئی تبدیلی ہونے والی نہیں ہے۔ چنانچہ سلطان محمد کی موت کی میعاد گزر جانے کے بعد انجام آتھم صفحہ ۳۱ پر مرزا قادیانی نے لکھا ہے:۔

''میں بار بار کہتا ہوں کہ نفس پیشگوئی داماد احمد بیگ کی تقدیر مبرم ہے اس کی انتظار کرو اور اگر میں جھوٹا ہوں تو یہ پیشگوئی پوری نہیں ہوگی اور میری موت آ جائے گی۔''

اور اسی کے متعلق انجام آتھم کے عربی حصہ میں لکھا۔

والقدر قدر مبرم من عندالرب العظیم و سیاتی وقتہ بفضل اللہ الکریم فوالذی بعث لنا محمد المصطفیٰ وجعلہ خیرالرسل و خیرالوریٰ ان ھذا حق فسوف تریٰ وانی اجعل ھذالنبأ معیاراً لصدقی و کذبی و ماقلت الا بعد ماانبئت من ربی''. (انجام آتھم ص ۲۲۳)

اس کا مطلب یہ ہے کہ سلطان محمد کی موت اللہ تعالیٰ کی تقدیر مبرم ہے (یعنی اٹل اور قطعی تقدیر ہے) اور اللہ کے فضل سے عنقریب اس کا وقت آیا چاہتا ہے۔ پس قسم ہے اس خدا کی جس نے حضرت محمد کو ہمارے لئے مبعوث فرمایا اور اس کو خیرالرسل اور بہترین مخلوقات بنایا کہ یہ پیشین گوئی بالکل حق ہے اور تم عنقریب اس کو آنکھوں سے دیکھ لو گے اور میں اس پیشین گوئی کو اپنے جھوٹے اور سچے ہونے کا معیار قرار دیتا ہوں۔ اور یہ بات میں جب کہہ رہا ہوں کہ میرے پروردگار کی طرف سے مجھے اس کی خبر دی گئی ہے۔

اس کے مامور نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے کسی نبی اور کسی مامور کو اس طرح ذلیل نہیں کر سکتا جس طرح کہ مرزا قادیانی ان دو پیشین گوئیوں میں ذلیل ہوا ہے۔

میرا خیال ہے کہ نبوت تو بڑی چیز ہے اگر کوئی بھی غیرت مند آدمی اتنا ذلیل ہوا ہوتا تو کسی کو منہ دکھانے کے لائق بھی اپنے کو نہ سمجھتا مگر اللہ کی شان ہے کہ ان سب باتوں کے باوجود مرزا صاحب کے دعوے بھی برابر جاری رہے اور ان کو نبی ماننے والے بھی ملتے رہے اور اب تک مل رہے ہیں لیکن اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں ہمارے اس ملک میں ایک قوم کی قوم موجود ہے جو جانوروں کو پوجتی ہے' دریاؤں کو پوجتی ہے' پتھروں کو پوجتی ہے اور صرف بے پڑھے اور گنوار ہی نہیں بلکہ ان چیزوں کی پرستش کرنے والوں میں اچھے اچھے گریجویٹ اور علم و عقل والے بھی ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ "**من یضلل اللہ فلاھادی لہ**".

چوتھی بات

مرزا کی جانچ کے سلسلہ میں اب چوتھی اصولی بات مجھے یہ کہنی ہے کہ اللہ کے کسی پیغمبر سے ناممکن ہے کہ وہ اپنے وقت کی کسی ایسی طاقت وحکومت کی خوشامد و چاپلوسی اور اس کے ساتھ اپنی مخلصانہ وفاداری اور محبت کا اظہار کرے جو کفر اور بے دینی کا ستون ہو اور جس کے عروج اور غلبہ سے کفر اور بے دینی کو عروج ہوتا ہو اور دنیا میں خدا فراموشی اور آخرت سے بے فکری اور مادہ پرستی اور نفس پرستی بڑھتی ہو۔

مجھے معلوم نہیں کہ آپ لوگ انگریزی حکومت کو اور اس کی تاریخ کو کچھ جانتے ہیں یا نہیں اور اس حقیقت سے آپ واقف ہیں یا نہیں کہ گذشتہ چند صدیوں میں یورپین اقوام اور خاص کر انگریزوں کے دور اقتدار میں دین کو اور خدا پرستی کو کتنا زبردست نقصان پہنچا ہے اور مادہ پرستی اور نفس پرستی کو دنیا میں کتنا بڑھایا ہے اور پھیلایا ہے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دنیا میں کافر حکومتیں پہلے بھی ہوئی ہیں لیکن غالباً کبھی کسی حکومت کے اثر واقتدار نے لوگوں کو خدا سے اتنا بے تعلق اور دین وآخرت کی طرف سے اتنا بے فکر نہیں کیا ہوگا جتنا کہ اس زمانے میں یورپ کی حکومتوں کے اثرات نے لوگوں کو خدا اور آخرت فراموش بنا دیا ہے اور خصوصاً انگریزوں نے دنیا بھر کے مسلمانوں کو جو دینی اور سیاسی

نقصان پہنچایا ہے اور جس جس طرح ان کو تباہ و برباد کیا ہے اس کا تو حساب بھی نہیں لگایا جا سکتا جو ممالک پہلے مسلمانوں کے ہاتھ میں تھے ان میں سے ایک ایک کو سامنے رکھ کر سوچئے کہ کس قوم اور کس حکومت کی مکاری اور غداری نے مسلمانوں کو ان ملکوں سے بے دخل کیا اور اپنا غلام بنالیا۔ قریب قریب سب جگہ انگریزوں ہی کا ہاتھ نظر آئے گا۔

الغرض اس حقیقت میں کسی کو شبہ کرنے کی گنجائش نہیں ہے کہ اس زمانے میں دین و ایمان اور روحانیت اور خدا پرستی کو سب سے زیادہ نقصان یورپین قوموں کے سیاسی غلبہ نے پہنچایا ہے اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو سب سے زیادہ دینی اور سیاسی نقصان خاص کر انگریزوں نے پہنچایا ہے اور یہ حکومتیں اس وقت کی فرعونی اور نمرودی حکومتیں ہیں اس لئے ہمارا ایمان ہے کہ اگر بالفرض نبوت ختم نہ ہوئی ہوتی اور نبیوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہوتا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی پیغمبر اس زمانے میں آتا تو وہ ان یورپین حکومتوں کی اور خاص کر انگریزی حکومت کی تعریف نہ کرتا ہرگز ان کو خدا کی نعمت اور رحمت نہ بتاتا بلکہ اس دور کی سب سے بڑی لعنت ان ہی حکومتوں کو قرار دیتا لیکن مرزا کو ہم دیکھتے ہیں کہ ان کا رویہ اس معاملہ میں بالکل دنیادار اور حکومت پرست لوگوں کا سا' بلکہ نہایت ذلیل اور گھٹیا قسم کے حکومت پرستوں کا سا ہے اور انہوں نے اپنی کتابوں میں جا بجا انگریزی حکومت کے ساتھ اپنی وفاداری اور وابستگی اور خیرخواہی اور ''دعا گوئی'' کا ایسا گھٹیا اور گھناؤنا مظاہرہ کیا ہے کہ میں نے تو کبھی کسی ذلیل سے ذلیل ''حکومت پرست'' کی بھی کوئی ایسی تحریر نہیں دیکھی۔ میں اس وقت ان کی اس سلسلہ کی بھی صرف ایک ہی عبارت آپ کو سناتا ہوں۔ میرے ہاتھ میں ان کی کتاب ''شہادۃ القرآن ہے اسی کے ساتھ ان کا ایک مضمون چھپا ہوا ہے جس کا عنوان ہے ''گورنمنٹ کی توجہ کے لائق'' اس میں پہلے تو مرزا نے یہ لکھا ہے کہ گورنمنٹ کے (یعنی انگریزی سرکار کے) احسانات ہمارے خاندان پر ہمارے والد مرزا غلام مرتضٰی صاحب کے وقت سے برابر ہوتے رہے ہیں اور اس لئے اس گورنمنٹ کی شکرگزاری میرے رگ و ریشہ میں سمائی ہوئی ہے۔ پھر ہندوستان پر قابض انگریز گورنمنٹ کے ساتھ اپنے والد اور اپنے

بڑے بھائی مرزا غلام قادر کی وفاداری اور خیر خواہی کا ذکر بڑے فخر کے ساتھ کیا ہے اور بتایا ہے کہ انہوں نے ۵۷ء میں انگریز گورنمنٹ کی کیسی کیسی مدد کی اور اس کے واسطے کیسی کیسی جانی ومالی انہوں نے قربانیاں دیں اور اس کے صلہ میں گورنمنٹ نے کیسے کیسے احسانات کئے اور کیا کیا صلے دیئے یہ سب پوری تفصیل سے بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ

ہم اپنی معزز گورنمنٹ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم اس گورنمنٹ کے اسی طرح مخلص اور خیر خواہ ہیں جس طرح کہ ہمارے بزرگ تھے ہمارے ہاتھ میں بجز دعا کے اور کیا ہے سو ہم دعا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اس گورنمنٹ کو ہر ایک شر سے محفوظ رکھے اور اس کے دشمن کو ذلت کے ساتھ پسپا کرے خدا تعالیٰ نے ہم پر محسن گورنمنٹ کا شکر ایسا ہی فرض کیا ہے جیسا کہ اس کا شکر کرنا۔ سو اگر ہم اس محسن گورنمنٹ کا شکر ادا نہ کریں یا کوئی شر اپنے ارادہ میں رکھیں تو ہم نے خدا تعالیٰ کا بھی شکر ادا نہ کیا کیونکہ خدا تعالیٰ کا شکر اور کسی محسن گورنمنٹ کا شکر جس کو خدا تعالیٰ اپنے بندوں کو بطور نعمت کے عطا کرے در حقیقت یہ دونوں ایک ہی چیز ہیں اور ایک دوسری سے وابستہ ہیں اور ایک کے چھوڑنے سے دوسری کا چھوڑنا لازم آجاتا ہے۔ بعض احمق اور نادان سوال کرتے ہیں کہ اس گورنمنٹ سے جہاد کرنا درست ہے یا نہیں۔ سو یاد رہے کہ یہ سوال ان کا نہایت حماقت کا ہے۔ کیونکہ جس کے احسانات کا شکر کرنا عین فرض اور واجب ہے اس سے جہاد کیسا میں سچ سچ کہتا ہوں کہ محسن کی بدخواہی کرنا ایک حرامی اور بدکار آدمی کا کام ہے۔ سو میرا مذہب جس کو میں بار بار ظاہر کرتا ہوں یہی ہے کہ اسلام کے دو حصے ہیں ایک یہ کہ خدا تعالیٰ کی اطاعت کریں دوسرے اس سلطنت کی جس نے امن قائم کیا ہو جس نے ظالموں کے ہاتھ سے اپنے سایہ میں ہمیں پناہ دی ہو۔ سو وہ سلطنت حکومت برطانیہ ہے۔" (شہادۃ القرآن)

یہ مرزا کی عبارت ہے۔ بس یہ ان کا دین و مذہب ہے اور یہ ان کی پیغمبری ہے آپ لوگوں کے احساسات کا حال مجھے معلوم نہیں لیکن میں تو صاف کہتا ہوں کہ اس عبارت کے پڑھنے کے بعد میں مرزا قادیانی کو نہایت ذلیل ذہنیت کا ایک سرکار پرست آدمی سمجھتا ہوں اور اس قسم کی ان کی یہ ایک ہی عبارت نہیں ہے انگریزی سرکار کی خوشامد میں اس شخص نے بیسیوں جگہ اس سے بھی زیادہ ذلیل قسم کی باتیں لکھی ہیں۔ معلوم نہیں ان کو نبی ماننے والوں نے نبوت کو کیا سمجھا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ اگر ایسا شخص نبی ہو سکتا ہے تو شاید ہر بھلا آدمی

پھر خدا ہوسکتا ہے۔ **لاحول ولاقوۃ الا باللہ.**

خیر! چونکہ اس وقت کی میری گفتگو کا مقصد مرزا قادیانی کی جانچ اور قادیانیت پر غور کرنے کا بس ایک صحیح طریقہ اور راستہ بتانا ہے اس لئے نمونے کے طور پر گورنمنٹ برطانیہ کی وفاداری کے سلسلہ میں ان کی صرف یہی عبارت پیش کردینا کافی سمجھتا ہوں۔

خلاصہ بحث

اب میں آپ حضرات سے کہتا ہوں کہ میری چاروں اصولی باتیں آپ نے سن لیں اور غالباً سمجھ بھی لی ہوں گی کیونکہ ان میں کوئی باریک علمی بات نہیں ہے۔ سیدھی سیدھی موٹی باتیں ہیں اور الحمدللہ دو اور دو چار کی طرح یقینی اور پکی ہیں۔ آخر کون اس سے انکار کرسکتا ہے کہ۔

۱۔ کسی نبی سے ہرگز یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ اپنے سے پہلے کسی پیغمبر کی اہانت اور تنقیص کرے اور اخلاقی گندگیوں کو اس کی طرف منسوب کرے۔

۲۔ اور کون اس میں شک کرسکتا ہے کہ کسی نبی سے ہرگز یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ وہ اپنی سچائی ثابت کرنے کے لئے صاف صاف غلط بیانی کرے اور جھوٹ بولے۔

۳۔ اسی طرح ہرگز یہ ممکن نہیں ہے کہ اللہ کے حکم سے اور اللہ کی وحی سے کوئی سچا نبی تعین تاریخ کے ساتھ کوئی پیشین گوئی کرے اور اس کو اپنے صدق و کذب کا نشان اور معیار قرار دے اور اللہ اسی پیشین گوئی کے خلاف ظاہر کرکے اس کا جھوٹا اور مفتری ہونا دنیا پر ثابت کردے۔

۴۔ اسی طرح کوئی اس حقیقت سے انکار نہیں کرسکتا کہ نبی و رسول جو اللہ کا نائب اور نمائندہ ہوتا ہے وہ ذلیل قسم کے سرکار پرستوں اور کاسہ لیسوں اور دنیا کے کتوں کی طرح گورنمنٹ برطانیہ جیسی کسی حکومت کی ایسی ذلیل خوشامد ہرگز نہیں کرسکتا جس کا نمونہ ابھی آپ نے دیکھا' نبوت تو بہت بلند مقام ہے میرے نزدیک تو یہ کسی شریف آدمی کا بھی کام نہیں ہے۔ اگر کسی شریف آدمی کی طرف یہ باتیں منسوب کی جائیں تو وہ اس کو اپنی سخت توہین اور گالی سمجھے گا۔

بہرحال یہ چاروہ سیدھی اور سچی اصولی باتیں ہیں جن سے انکار اور اختلاف کرنے کی کسی کے لئے قطعاً گنجائش نہیں ہے اور آپ نے دیکھ لیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی ان چاورں چیزوں میں بری طرح ملوث اور آلودہ ہیں اس لئے اگر بالفرض نبوت ختم نہ بھی ہوئی ہوتی اور انبیاء کی آمد کا سلسلہ جاری ہوتا تب بھی مرزا غلام احمد قادیانی کے نبی ہونے کا کوئی امکان نہ تھا۔

مسئلہ نزول مسیح اور قادیانیوں کی چال

جیسا کہ ہر واقف اور باخبر کو معلوم ہے مسلمانوں اور قادیانیوں کے درمیان اصل اختلافی مسئلہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے لے کر اس وقت تک امت مسلمہ کا یہ عقیدہ اور ایمان رہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ورسالت کا سلسلہ ختم ہوگیا۔ آپؐ اللہ کے آخری نبیؐ اور رسولؐ ہیں لہذا آپ کے بعد جو شخص بھی نبوت کا دعویٰ کرے اور اسی طرح جو کوئی اس کو نبی مانے وہ دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہے۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت سے لے کر اب تک کی ساری اسلامی حکومتوں کا عمل بھی اسی کے مطابق رہا ہے۔ الغرض یہ امت کا اجماعی عقیدہ اور اسلامی حکومتوں کا مسلسل دستور العمل رہا ہے اور چونکہ مرزا غلام احمد قادیانی نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے اور اپنے کو اسی طرح کا اور اسی معنیٰ میں نبی ورسول بتایا ہے جس طرح کے اور جس معنیٰ میں اگلے پیغمبر نبی ورسول تھے اور اپنے نہ ماننے والوں کو اسی طرح کا کافر قرار دیا ہے جس طرح اگلے پیغمبروں کے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر کافر قرار دیئے گئے ہیں اس لئے مسلمان مرزا صاحب کو اور ان کے ماننے والوں کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں۔

پھر مسلمانوں میں سے جن لوگوں نے مرزا قادیانی کی کتابوں کا گہرا اور وسیع مطالعہ کیا ہے ان کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ اگر بالفرض نبوت کا سلسلہ ختم نہ ہوا ہوتا تب بھی مرزا قادیانی ہرگز اس لائق نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ ان کو نبی ورسول بنا کر بھیجتا۔ خود اس کی کتابیں شاہد ہیں کہ وہ سیرت وکیرکٹر کے لحاظ سے ایک گھٹیا درجہ کا آدمی تھا خالص دینی اور مذہبی بحثوں میں بھی بڑی جرأت اور بیباکی سے جھوٹ بولتا تھا۔ اسی طرح جھوٹی پیشین گوئیوں کے بارہ میں بڑا بیباک تھا اس نے اپنی بعض پیشین گوئیوں کو اپنے صدق وکذب کا معیار قرار دیا لیکن اللہ تعالیٰ نے ان پیشین گوئیوں کو بھی غلط ثابت کر کے ان کا کاذب اور مفتری ہونا ساری دنیا پر ظاہر کر دیا۔ ان پیشین گوئیوں میں سے خاص کر اپنی ایک رشتہ دار لڑکی محمدی بیگم کے ساتھ نکاح کی پیشین گوئی

اوراس کا دوسری جگہ نکاح ہوجانے پر اس کے شوہر سلطان محمد کی معینہ مدت کے اندر موت کی پیشین گوئی اللہ تعالیٰ نے غلط ثابت کر کے مرزا قادیانی کو اس قدر رسوا اور ذلیل کیا کہ دنیا کی تاریخ میں الہام اور دینی و مذہبی پیشوائی کا کوئی مدعی اتنا ذلیل و رسوا نہ ہوا ہوگا۔

بہر حال ایک طرف مسلمانوں کا یہ موقف اور نقطۂ نظر ہے اور اس کے بالمقابل دوسری طرف قادیانیوں کا یہ موقف ہے کہ وہ مرزا قادیانی کو نبی و رسول اور مسیح موعود اور صاحب وحی والہام مانتے ہیں اور اس کے ان دعوؤں کی تصدیق کر کے اس کی اطاعت اور پیروی کرنا نجات کی شرط بتلاتے ہیں اور دنیا بھر کے ان مسلمانوں کو جو اس کو نہیں مانتے کافر قرار دیتے ہیں ان کے پیچھے نماز پڑھنے کو اور ان کے جنازہ کی نماز پڑھنے کو بھی ناجائز کہتے ہیں۔

یہ ہے بنیادی اختلاف قادیانیوں اور مسلمانوں میں۔ جس کے سمجھنے کے لئے اور اس نتیجہ پر پہنچنے کے لئے کہ اس اختلاف میں کون فریق حق پر ہے اور کون باطل پر ہے نہ بڑے علم کی ضرورت ہے نہ بہت تیز عقل اور غیر معمولی ذہانت کی۔

قادیانیوں کی چال

لیکن قادیانیوں کی یہ پرانی چال اور ترکیب ہے کہ وہ اس اصل اور بنیادی اور عام فہم اختلاف سے عوام کی توجہ ہٹانے کے لئے اور خود اس سے کترانے کے لئے حیات مسیح اور نزول مسیح کی بحث چھیڑتے ہیں۔ اس چال سے ایک خاص فائدہ وہ یہ بھی اٹھانا چاہتے ہیں کہ بیچارے عوام جو قرآن وحدیث کا براہ راست علم نہیں رکھتے اس مسئلہ سے متعلق فریقین کی باتیں سن کر یا تحریریں پڑھ کر یہ اثر لے لیں کہ مسلمانوں اور قادیانیوں میں ایسا علمی قسم کا اختلاف ہے کہ دونوں طرف سے آیتیں اور حدیثیں پیش کی جاتی ہیں اور دینی کتابوں کے حوالے دیئے جاتے ہیں۔ ایک فریق ان آیتوں' حدیثوں اور کتابوں کی عبارتوں سے ایک مطلب نکالتا ہے اور دوسرا فریق دوسرا مطلب نکالتا ہے۔ اگر بیچارے عوام یہ اثر لے لیں تو ظاہر ہے کہ قادیانیوں کا مقصد حاصل ہوگیا اور اپنی اصل حقیقت کو عوام سے چھپانے میں وہ کامیاب ہوگئے۔ اس کے علاوہ حیات مسیح اور نزول مسیح کی اس بحث کو قادیانی اس صورت حال کی وجہ سے بھی اپنے

لئے مفید سمجھتے ہیں کہ پوری دنیا میں مغربی اقوام کے سیاسی اور مادی تفوق کی وجہ سے اور خاص کر ہمارے اس برصغیر میں انیسویں اور بیسویں صدی میں انگریزوں کی حکومت اور ان کے قائم کئے ہوئے نظام تعلیم کی وجہ سے (جس کا سلسلہ ہندوستان و پاکستان دونوں میں اب تک جاری ہے) قریباً ایک صدی سے یہ ذہنیت فروغ پاتی رہی ہے کہ جو بات ہماری عقل سے کچھ بھی بالاتر ہو اور اپنی ناقص عقل میں نہ آئے اس کا انکار کر دیا جائے اسی چیز نے ''دانشوری'' اور ''دانش مندی'' کا دعویٰ کرنے والے لاکھوں بدبختوں کو یورپ میں اور یورپ سے باہر بھی یہاں تک پہنچا دیا کہ انہوں نے خدا کا انکار کر دیا کیونکہ خدا ان کی موٹی عقلوں میں نہیں آسکا اسی طرح مسلمان کہلانے والوں میں یہ اچھی خاصی تعداد میں وہ مغربیت زدہ ہیں جو ملائکہ جنات اور معجزات وغیرہ کا اسی لئے انکار یا ان کی ملحدانہ تاویلیں کرتے ہیں کہ ان کی ماؤف اور مسخ شدہ عقلیں ان کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ ظاہر ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا آسمان پر اٹھالیا جانا اور ان کی حیات اور آخری زمانہ میں ان کے نزول کا مسئلہ بھی اسی قسم کا ہے۔ بہرحال قادیانی حضرات اس مسئلہ کو اس وجہ سے بھی چھیڑتے ہیں کہ اس میں ان کو اس مغربیت زدہ طبقہ کے اپنے جال میں پھنس جانے کی خاص امید ہوتی ہے جو خدا و رسول اور قرآن و حدیث سے ہدایت حاصل کرنے کے بجائے یورپ کے ملحد عقل پرستوں سے ''روشنی'' حاصل کرنے کا عادی ہو چکا ہے اور اسی کو ''روشن خیالی'' اور ''دانشوری'' سمجھتا ہے۔

الغرض چونکہ قادیانیوں نے اس مسئلہ کو اپنی پناہ گاہ اور ان مغربیت زدہ ''دانشوروں'' کا شکار کرنے کے لئے اپنا جال بنالیا ہے اس لئے اس وقت ہم اسی طبقہ کے ذہن کو سامنے رکھ کر اس مسئلہ سے متعلق چند اصولی باتیں حوالہ قلم کرتے ہیں۔ امید ہے کہ جن کے قلوب پر گمراہی کی مہر نہیں لگ گئی ہے ان کی تشفی اور اطمینان کے لئے انشاء اللہ یہی چند باتیں کافی ہوں گی اس کے بعد ہم قرآن و حدیث کی روشنی میں اس مسئلہ پر گفتگو کریں گے۔

☆ سب سے پہلی اور اہم بات جس کا اس مسئلہ پر غور کرتے وقت پیش نظر رکھنا ضروری ہے یہ ہے کہ اس بحث و اختلاف کا تعلق اس ذات سے ہے جس کا وجود ہی نرالا اور عام سنت اللہ اور قانون فطرت سے بالکل الگ ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام۔

☆ قرآن مجید کا بیان ہے (اور انجیل کا بیان بھی یہی ہے اور اسی کے مطابق ساری دنیا کے مسلمانوں اور عیسائیوں کا متفقہ عقیدہ ہے) کہ وہ اس طرح پیدا نہیں ہوئے جس طرح ہماری اس دنیا میں انسان ایک مرد اور عورت کے باہم تعلق اور مباشرت کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں۔

اور جس طرح تمام اولوالعزم پیغمبر اور ان کے خاتم و سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی پیدا ہوئے تھے۔

☆ بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی خاص قدرت اور اس کے حکم سے نفخۂ جبرئیل کے توسط سے اپنی ماں حضرت مریم صدیقہ کے بطن سے بغیر کسی مرد کے لمس کے معجزانہ طور پر پیدا کیے گئے۔

قرآن مجید نے سورۂ آل عمران کی آیات نمبر ۳۵، ۳۶ میں اور سورۂ مریم کی آیات نمبر ۱۹ تا ۲۳ میں ان کی معجزانہ پیدائش کا حال تفصیل سے بیان فرمایا ہے (اور قادیانیوں کو بھی اس سے انکار نہیں ہے)۔

☆ ایسی ہی دوسری ایک عجیب بات قرآن مجید نے ان کے بارہ میں یہ بیان فرمائی ہے کہ جب وہ اللہ کی قدرت اور اس کے حکم سے (بغیر کسی مرد کے ملاپ کے) معجزانہ طور پر کنواری مریم کے بطن سے پیدا ہوئے اور وہ ان کو اپنی گود میں لئے بستی میں آئیں اور قوم اور بستی کے لوگوں نے ان کے خلاف برے خیالات کا اظہار کیا اور ان پر بہتان لگایا تو اسی نومولود بچہ (عیسیٰ بن مریم) نے اللہ کے حکم سے اس وقت کلام کیا اور اپنے بارہ میں اور اپنی والدہ حضرت مریم کی پاکبازی کے بارے میں بیان دیا۔ (مریم آیت نمبر ۲۷ تا ۳۰)

☆ پھر قرآن مجید ہی میں بیان فرمایا گیا ہے کہ اللہ کے حکم سے ان کے ہاتھوں پر انتہائی محیر العقول یہ معجزے ظاہر ہوئے کہ مٹی کے گوندے سے وہ پرندے کی سی شکل بناتے اور پھر اس پر پھونک مار دیتے تو وہ زندہ پرندے کی طرح فضا میں اڑ جاتا اور مادرزاد اندھوں اور کوڑھیوں پر ہاتھ پھیر دیتے یا دم کر دیتے تو وہ فوراً اچھے بھلے چنگے ہو جاتے، اندھوں کی آنکھیں روشن ہو جاتیں اور کوڑھیوں کے جسم پر کوڑھ کا کوئی اثر اور داغ دھبہ نہ رہتا اور ان سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ مردوں کو زندہ کر کے دکھا دیتے۔ ان کے ان محیر العقول معجزوں کا بیان بھی قرآن مجید (سورۂ آل عمران اور مائدہ) میں تفصیل اور وضاحت سے کیا گیا ہے، اور قرآن پاک کا مطالعہ کرنے

والا ہر شخص جانتا ہے کہ اس میں کسی اور پیغمبر کے ایسے معجزے ذکر نہیں کئے گئے۔

الغرض قرآن مجید اس کا شاہد اور انسانی تاریخ بھی اس کی گواہ ہے کہ انسانوں کی دنیا میں حضرت عیسیٰؑ کی شخصیت بالکل نرالی اور ان کا وجود ہی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا معجزہ تھا۔ پس جب اسی شخصیت اور اسی ہستی کے بارہ میں اللہ کی کتاب قرآن مجید اور اس کے نبی ورسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ بتلائیں کہ ان کے دشمن یہودیوں نے ان کو قتل کرنے اور سولی دلانے کا جو شیطانی منصوبہ بنایا تھا اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی خاص قدرت سے ناکام کر دیا اور ان کو صحیح سالم آسمان پر اٹھالیا۔ (**وماقتلوه يقيناً بل رفعه الله اليه**) اور وہ قیامت سے پہلے اللہ کے حکم سے پھر نازل ہوں گے اور یہیں وفات پائیں گے اور ان کی وفات سے پہلے اس وقت کے عام اہل کتاب ان پر ایمان لے آئیں گے اور اللہ تعالیٰ ان سے دین محمدی کی خدمت لے گا اور ان کا نازل ہونا قیامت کی ایک خاص علامت اور نشان ہوگا (**"وانه لعلم للساعة فلا تمترن بها"** (زخرف ٦١)

وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته". (النساء آیۃ نمبر ۱۵۹) تو جو اہل ایمان قرآن پاک کے بیان کے مطابق (عام سنۃ اللہ اور قانون فطرت کے خلاف) ان کی معجزانہ پیدائش پر اور اسی طرح ان کے دوسرے محیر العقول معجزوں پر ایمان لا چکے ہیں ان کو اس کے ماننے اور اس پر ایمان لانے میں کیا تردد ہوسکتا ہے؟

الغرض اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شخصیت اور ان کے وجود کی بالکل نرالی معجزانہ نوعیت کو پیش نظر رکھا جائے تو حیات مسیح اور نزول مسیح سے متعلق وہ وساوس وشبہات پیدا ہی نہ ہوسکیں گے جو شیطان یا قادیانی صاحبان کی طرف سے دلوں میں ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

(۲) اسی طرح کی ایک دوسری یہ بات بھی اس مسئلہ پر غور کرتے وقت پیش نظر رہنی چاہئے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا نزول (جس کی اطلاع قرآن مجید میں بالاجمال متواتر حدیثوں میں تفصیل اور وضاحت کے ساتھ دی گئی ہے) اس وقت ہوگا جبکہ قیامت بالکل قریب ہوگی اور اس کی قریب ترین علامتوں کا ظہور شروع ہو چکا ہوگا۔ گویا قیامت کی صبح صادق ہو چکی ہوگی اور نظام عالم میں تبدیلی کا عمل شروع ہو چکا ہوگا اور لگاتار وہ حوادث اور خوارق رونما ہوں گے

جن کا آج تصور بھی نہیں کیا جاسکتا (انہیں میں سے دجال کا ظہور اور عیسیٰ کا نزول بھی ہوگا)

پس عیسیٰ علیہ السلام کے نزول یا دجال کے ظہور کا اس بناء پر انکار کرنا کہ ان کی جو نوعیت اور تفصیل حدیثوں میں بیان کی گئی ہے وہ ہماری کوتاہ عقل میں نہیں آتی بالکل ایسا ہی ہے جیسا کہ قیامت اور جنت و دوزخ کا اس بناء پر انکار کردیا جائے کہ ان کی جو تفصیلات خود قرآن مجید میں بیان فرمائی گئی ہیں ہماری عقلیں ان کو ہضم نہیں کرسکتیں۔

جو لوگ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں ان کی اصل بیماری یہ ہے کہ وہ خدا کی معرفت سے محروم اور اس کی قدرت کی وسعت سے نا آشنا ہیں اور اپنے نہایت محدود تجربہ اور مشاہدہ اور اپنی ناقص اور خام عقلوں کو انہوں نے خدا کی وحی اور انبیاء علیہم السلام کی اطلاعات سے زیادہ قابل اعتماد سمجھا ہے اور ان کے نزدیک اس کا نام ''دانشوری'' ہے۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی برخود غلط دیہاتی جو اپنے کو ''عقل کل'' بھی سمجھتا ہو آج کل کی کسی محیر العقول ایجاد یا کسی غیر معمولی انکشاف کا اس لئے انکار کرے کہ وہ اس کو سمجھ نہیں سکتا۔ یہ رویہ صرف ایمان ہی کے منافی نہیں ہے بلکہ عقل سلیم کے بھی خلاف ہے۔

(۳) اسی مسئلہ حیات مسیح و نزول مسیح کے سلسلے میں قادیانی صاحبان جو شبہات اور سوالات' خاص کر جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں کے دلوں میں پیدا کرتے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کو دو ہزار برس کے قریب ہو چکے ہیں یہ کیسے ممکن ہے کہ کوئی آدمی اتنی مدت تک زندہ رہے اور اگر وہ زندہ ہیں اور آسمان پر ہیں تو وہاں ان کے کھانے پینے اور پیشاب پاخانہ کا کیا نظام اور انتظام ہے؟

اگرچہ یہ شبہ اور سوال نہایت ہی جاہلانہ اور عامیانہ ہے اور جس شخص کا خدا کی قدرت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت پر ایمان ہو اور اس کو معلوم ہو کہ قرآن مجید نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ کے آسمان پر اٹھائے جانے اور آخر زمانہ میں پھر نازل ہونے کی خبر دی ہے اس کے دل میں یہ سوال پیدا ہی نہ ہونا چاہئے لیکن چونکہ اس طرح کے وسوسے اور خیالات قادیانیوں کے شکار کے خاص آلات ہیں اور دین و مذہب سے ناواقف نوجوانوں کا وہ انہی کے ذریعہ شکار کرتے ہیں۔ اس لئے اختصار کے

ساتھ اس بارہ میں بھی کچھ عرض کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ سمجھنا کہ کوئی آدمی سو دو سو برس سے زیادہ زندہ نہیں رہتا اور نہیں رہ سکتا۔ ایک بچگانہ اور جاہلانہ خیال ہے جس کی کوئی دلیل اور بنیاد نہیں۔ اس کے برخلاف قرآن مجید میں صاف صریح الفاظ میں حضرت نوح علیہ السلام کے متعلق بیان فرمایا گیا ہے کہ وہ ایک ہزار سال کے قریب اس دنیا میں رہے۔ (فلبث فیھم الف سنة الاخمسین عاماً عنکبوت) تو جس اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو لگ بھگ ایک ہزار سال تک اسی دنیا میں اور اسی عالم آب و گل میں زندہ رکھا بلا شبہ اس میں یہ بھی قدرت ہے کہ وہ چاہے تو کسی بندہ کو دو چار ہزار برس یا اس سے بھی زیادہ مدت تک زندہ رکھے۔ عقل و حکمت کی کوئی دلیل اس کے خلاف پیش نہیں کی جا سکتی۔

اور پھر عیسیٰ علیہ السلام کو تو اللہ تعالیٰ نے ہماری اس دنیا میں بھی نہیں رکھا جس میں یہاں کے قدرتی قوانین چل رہے ہیں (جو یہاں کے مناسب ہیں) بلکہ ان کو آسمان پر اٹھا لیا گیا اور وہاں کا نظام حیات یقیناً یہ نہیں ہے جو ہماری اس دنیا کا ہے۔ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ نے اپنی کتاب "الجواب الصحیح لمن بدل دین المسیح" میں ایک جگہ گویا اسی سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ "حضرت مسیح سیدنا عیسیٰ علیہ السلام جب آسمان پر ہیں اور زندہ ہیں تو وہاں ان کے کھانے پینے اور پیشاب پاخانے کا کیا انتظام ہے؟" تحریر فرمایا ہے کہ:۔

فلیست حالہ کحالة اھل الارض فی الاکل والشرب واللباس والنوم والغائط والبول و نحو ذالک (الجواب الصحیح ص ۲۸۰ ج ۲)

(وہاں آسمان پر) کھانے پینے اور بول و براز وغیرہ کی ضروریات و حاجات کے معاملہ میں ان کا حال زمین والوں کا سا نہیں ہے۔ (وہاں وہ ان چیزوں سے بے نیاز ہیں)

بلکہ اللہ تعالیٰ میں قدرت ہے کہ وہ اگر چاہے تو ہماری اسی دنیا میں کسی بندہ کو اس حال میں کر دے کہ وہ سینکڑوں برس تک کھانے پینے سے بے نیاز رہے۔ قرآن مجید میں اصحاب کہف کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے جو قرآن مجید کے بیان کے مطابق تین سو برس سے زیادہ بغیر کچھ کھائے پئے غار میں رہے۔ (ولبثوا فی کھفھم ثلث مائة سنین وازدادوا تسعاً الکھف)

اور شیخ عبدالوہاب شعرانی نے ''الیواقیت والجواہر'' میں اسی سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر کیا کھاتے پیتے ہیں اور اگر وہاں کچھ نہیں کھاتے پیتے تو اتنی مدت تک بغیر کھائے پیئے کیونکر زندہ رہ سکتے ہیں؟''۔

تحریر فرمایا ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ:۔

''کھانا پینا دراصل ان لوگوں کے لئے ضروری ہے جو اس دنیا میں رہتے بستے ہیں کیونکہ یہاں کی آب وہوا کے اثر سے بدن کے اجزاء برابر تحلیل ہوتے رہتے ہیں اور غذا سے اس کا بدل فراہم ہوتا ہے ہماری اس دنیا اور ہماری اس زمین اور یہاں کی عام مخلوق کے لئے قدرت خداوندی نے یہی قانون رکھا ہے لیکن جس کو اللہ تعالیٰ اس زمین سے آسمان پر اٹھا لے تو اس کو اللہ تعالیٰ کھانے پینے سے اسی طرح بے نیاز کر دیتا ہے جس طرح فرشتے بے نیاز ہیں اور وہاں اللہ کی حمد و تسبیح ہی ان کی ''غذا'' ہو جاتی ہے (جس سے ان کی زندگی اور قوت برابر قائم رہتی ہے)''

اس موقع پر شیخ عبدالوہاب شعرانی نے ''خلیفۃ الخراذ'' نامی ایک بزرگ کا (جو بلاد مشرق کے شہر ابہر کے رہنے والے تھے) واقعہ بھی شیخ ابوالطاہر کے حوالے سے نقل کیا ہے فرماتے ہیں کہ ہم نے ان کو خود دیکھا ہے۔

مکث لایطعم طعاماً منذ ثلٰث و عشرین سنة و کان یعبداللہ لیلاً و نهاراً من غیر ضعف

وہ ۲۳ سال مسلسل اس حالت میں رہے کہ کھانا بالکل نہیں کھاتے تھے دن رات عبادت میں مصروف رہتے تھے اور ان پر کمزوری کا کوئی اثر نہیں تھا۔ (گویا عبادت ہی ان کے لئے غذا کا کام کرتی تھی یہ بطور کرامت کے ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا خاص معاملہ تھا)

اس کے بعد شیخ لکھتے ہیں:۔

فلا یبعدان یکون قوت عیسیٰ علیه السلام التسبیح والتهلیل

(الیواقیت والجواہر ص ۱۴۶ ج ۲)

تو یہ بات کچھ بھی مستبعد نہیں ہے کہ آسمان پر عیسیٰ علیہ السلام کی غذا تسبیح وتہلیل ہو۔

ہم نے یہاں شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ اور شیخ عبدالوہاب شعرانی کی عبارتوں کا حوالہ اس

لئے دینا مناسب سمجھا کہ خود مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے متبعین ان دونوں بزرگوں کی علمی عظمت کا اعتراف کرتے ہیں۔ اور دونوں بزرگوں نے جو کچھ فرمایا ہے اس میں کسی ایسے شخص کو کوئی شک وشبہ نہیں ہوسکتا جس کو اللہ نے وہ عقل سلیم عطا فرمائی ہو جو اس کا خاص عطیہ ہے۔

اس مختصر مضمون کو مسئلہ نزول مسیح وحیات مسیح کی ایک تمہید سمجھنا چاہئے قرآن وحدیث سے اس مسئلہ کے بارہ میں جو ہدایت ملی ہے اور جس کی روشنی میں عہد نبوی سے لے کر اس وقت تک امت محمدیہ کا اجماع رہا ہے اس سے واقفیت کے لئے آئندہ صفحات کا مطالعہ فرمایا جائے۔

مسئلہ نزول مسیحؑ وحیات مسیحؑ قرآن وحدیث کی روشنی میں

مسلمانوں کے عقیدہ نزول مسیح اور حیات مسیح کی بنیاد دو چیزوں پر ہے ایک قرآن مجید کی بعض آیات اور دوسرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ کثیر التعداد احادیث جو مجموعی اور معنوی حیثیت سے یقیناً حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔

اس تواتر کا مطلب یہ ہے کہ حدیث کی پچاسوں کتابوں میں مختلف سندوں اور مختلف عنوانات سے اتنے صحابہ کرامؓ سے نزول مسیح کی یہ حدیثیں روایت کی گئی ہیں جن کے متعلق (ان کی صحابیت سے قطع نظر کر کے بھی) ازروئے عقل وعادت یہ شبہ نہیں کیا جاسکتا کہ انہوں نے باہم کوئی سازش کر کے حضورؐ پر یہ بہتان باندھا ہوگا یا حضورؐ کی بات سمجھنے میں ان سب سے غلطی ہوئی ہوگی۔ پھر اسی طرح ان صحابہ کرامؓ سے روایت کرنے والوں اور پھر ان سے روایت کرنے والوں کی تعداد ہر طبقہ اور ہر دور میں اتنی بڑھتی چلی گئی کہ خالص عقلی اور عادی طور پر ان کے متعلق بھی اس قسم کا کوئی شک شبہ نہیں کیا جاسکتا۔

یہ بات کہ اس قسم کے تواتر سے کسی چیز کا یقینی اور قطعی علم حاصل ہوجاتا ہے اور اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی۔ آپ اس مثال سے اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں کہ آپ نے مثلاً لندن نہیں دیکھا پیرس نہیں دیکھا نیویارک اور ماسکو نہیں دیکھا۔ بغداد اور قاہرہ بھی نہیں دیکھا لیکن آپ کو قطعاً اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ سب شہر دنیا میں موجود ہیں۔ آپ غور کریں اور سوچیں کہ یہ یقین آپ کو کس وجہ سے اور کس دلیل سے حاصل ہوا؟ صرف اس وجہ سے کہ آپ نے ان شہروں کا مختلف لوگوں سے اتنا تذکرہ سنا ہے اور کتابوں اور اخباروں کا ذکر اس

قدر پڑھا ہے کہ جس کے بعد آپ کے لئے کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہی۔ بس اسی کا نام تواتر ہے اور خاص علمی اصطلاح میں اس قسم کے تواتر کو ''تواتر قدر مشترک'' کہتے ہیں۔

تواتر کا ثبوت

بہر حال نزول مسیح کا مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح کے تواتر سے ثابت ہے۔ حدیث کی قریباً سب ہی کتابوں میں اس مسئلہ سے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو حدیثیں روایتیں کی گئی ہیں ان کو سامنے رکھنے کے بعد ہر سلیم العقل کو بالکل قطعی اور یقینی علم اس بات کا حاصل ہو جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ اس دنیا میں آنے کی اطلاع اپنی امت کو ضرور دی تھی۔ حضرت استاذ مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے اب سے قریباً پچاس سال پہلے اس مسئلے کے متعلق احادیث وروایات کو حدیث کی متفرق کتابوں سے چھانٹ کر اپنے ایک رسالہ ''**التصریح بما تواتر فی نزول المسیح**'' میں جمع کر دیا تھا۔ اس میں ستر سے اوپر مرفوع حدیثیں ہیں جن میں سے قریباً ۴۰ وہ ہیں جو سند کے لحاظ سے محدثین کے نزدیک صحیح یا حسن درجہ کی ہیں۔ حالانکہ تواتر اور حصول یقین کے لئے اس سے بہت کم تعداد کافی ہوتی ہیں۔ بہر حال اس مسئلہ سے متعلق حدیثیں بلاشبہ حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اور ماہرین حدیث وروایت نے اس تواتر کی تصریح بھی کی ہے صحیح بخاری کے شارح اور مشہور مفسر قرآن حافظ ابن کثیر اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:۔

وقدتواترت الاحادیث عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه اخبر بنزول عیسیٰ علیه السلام قبل یوم القیٰمة (تفسیر ابن کثیر ص۱۳۲ ج۴)

احادیث متواترہ سے یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نازل ہونے کی خبر امت کو دی تھی۔

مرزا غلام احمد قادیانی کا اقرار واعتراف

یہاں ناظرین کو یہ بتا دینا بھی مناسب اور مفید ہوگا کہ خود مرزا غلام احمد قادیانی نے بھی اس کا اقرار واعتراف کیا ہے کہ نزول مسیح سے متعلق حدیثیں متواتر ہیں اور ان کو تواتر

اول درجہ کا ہے۔"ازالۂ اوہام" ص ۳۳

"مسیح بن مریم کے آنے کی پیشین گوئی ایک اول درجہ کی پیشین گوئی ہے جس کو سب نے بالاتفاق قبول کر لیا ہے اور جس قدر صحاح میں پیشین گوئیاں لکھی گئی ہیں کوئی پیشین گوئی اس کے ہم پلہ اور ہم وزن ثابت نہیں ہوئی۔ تواتر کا اول درجہ اس کو حاصل ہے"۔

یہاں اس حقیقت کا علم بھی ناظرین کے لئے موجب بصیرت ہوگا کہ مرزا قادیانی کا مسیحیت کے دعوے کے بعد بھی طویل مدت تک (دس بارہ سال تک) سب مسلمانوں کی طرح یہی عقیدہ تھا کہ حضرت مسیح عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ ہیں اور جیسا کہ حدیثوں میں بتلایا گیا ہے وہ آخر زمانہ میں نازل ہوں گے اور یہ کہ الہامات میں مجھے جو "مسیح" کہا گیا ہے اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ میں "مثیل مسیح" ہوں۔ "براہین احمدیہ" جو اس کی ابتدائی دور کی تصنیفوں میں سے ہے اس کے ایک حاشیہ میں مرزا قادیانی نے لکھا ہے۔

"اور جب حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ دنیا میں تشریف لائیں گے تو ان کے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق و اقطار میں پھیل جائے گا"۔ (براہین ص ۴۹۸، ۴۹۹)

اور مرزا قادیانی کے فرزند اور خلیفہ مرزا محمود نے "حقیقۃ النبوۃ" میں لکھا ہے کہ:۔

"حضرت مسیح موعود باوجود مسیح کا خطاب پانے کے دس سال تک یہی خیال کرتے رہے کہ مسیح آسمان پر زندہ ہے حالانکہ آپ کو اللہ تعالیٰ مسیح بنا چکا تھا جیسا کہ براہین کے الہامات سے ثابت ہے"۔ (حقیقۃ النبوۃ ص ۱۴۲)

مرزا صاحب اور مرزا محمود کی ان عبارتوں سے دو باتیں صاف طور پر معلوم ہو گئیں ایک یہ کہ نزول مسیح سے متعلق احادیث حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اور ان کا تواتر اول درجہ کا ہے اور دوسرے یہ کہ مرزا صاحب نے بھی ان حدیثوں سے یہی سمجھا تھا کہ حضرت مسیح بن مریم (جو اسرائیلی سلسلہ کے آخری پیغمبر تھے جن کا ذکر قرآن مجید میں بار بار کیا گیا ہے وہی) آخر زمانہ میں آسمان سے نازل ہوں گے۔ اور انہی حدیثوں کی بناء پر ان کو اس عقیدہ پر ایسا یقین اور اطمینان تھا کہ (بقول ان کے) جب ان کے خدا نے الہام میں ان کو "مسیح" قرار دیا تو انہوں نے اس کا مطلب صرف یہ سمجھا کہ میں مثیل مسیح ہوں اور اس کے بعد بھی دس سال تک یہی سمجھتے رہے اور

اسی عقیدے پر قائم رہے جوانہوں نے حدیثوں سے سمجھا تھا اور جو پوری امت نے سمجھا اور جو سب مسلمانوں کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخر زمانہ میں آسمان سے نازل ہوں گے۔

پھر مدت کے بعد (۱۸۹۱ء میں) مرزا قادیانی نے دعویٰ کیا کہ میں ہی وہ ''مسیح بن مریم'' اور ''عیسیٰ بن مریم'' ہوں جن کے نازل ہونے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کثیر التعداد حدیثوں میں امت کو خبر دی تھی۔

جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے عقل وفہم سے بالکل محروم نہیں کیا ہے وہ سوچیں کہ مرزا قادیانی کا یہ دعویٰ کتنا مہمل اور معقولیت سے کس قدر دور ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات میں جہاں جہاں مثلاً حضرت ابراہیمؑ' اسماعیلؑ' اسحاقؑ' موسیٰؑ' ہارون اوران کے علاوہ جن پیغمبروں کا نام کے ساتھ ذکر کیا وہاں تو وہی پیغمبر مراد ہوں۔ جن کا ان ناموں سے قرآن پاک میں ذکر کیا گیا ہے اور جو ان ناموں سے معروف ہیں لیکن نزول مسیح سے متعلق پچاسوں حدیثوں میں جہاں جہاں آپؐ نے ''مسیح بن مریم'' اور ''عیسیٰ بن مریم'' کا ذکر کیا ہے اور آخر زمانہ میں ان کے نزول کی خبر دی ہے اس سے آپ کی مراد وہ مسیح اور عیسیٰ نہ ہوں جن کا ذکر اس نام سے قرآن مجید میں کیا گیا ہے اور جو اس نام سے معروف ہیں بلکہ ان سب حدیثوں میں مسیح بن مریم اور عیسیٰ بن مریم سے مراد مرزا غلام احمد قادیانی جیسا ان کا کوئی مثیل ہو۔ **لاحول ولا قوة الا بالله.** کیا اس سے زیادہ مہمل اور خلاف عقل کوئی بات کہی یا سوچی جاسکتی ہے؟ لیکن حیرت ہے کہ قادیانیوں میں مولوی محمد علی لاہوری اور خواجہ کمال الدین جیسے ''دانشوروں'' اور تعلیم یافتوں نے بھی اس کو قبول کرلیا اور نہ صرف قبول کرلیا بلکہ زور وشور سے اس کی وکالت شروع کردی۔ بلاشبہ حق فرمایا اللہ تعالیٰ نے ''**لم يجعل الله له نوراً فما لهٗ من نور**''......اور......**ومن يضلل الله فماله من هاد**''

ہم نے عرض کیا تھا کہ عقیدۂ حیات مسیح ونزول مسیح کی بنیاد بعض آیات پر ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کثیر التعداد احادیث پر جو حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اور جن کو مجموعی طور پر سامنے رکھنے کے بعد اس بات کا قطعی اور یقینی علم حاصل ہوجاتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر زمانہ میں حضرت عیسیٰؑ کے نزول کی خبر دی تھی احادیث کے بارے میں جو کچھ ہم نے یہاں عرض کیا امید ہے کہ انشاءاللہ وہ ناظرین کے لئے کافی ہوگا۔

نزول مسیحؑ وحیات مسیحؑ کا ثبوت قرآن مجید سے

قرآن مجید کے بارہ میں بھی ہم پہلے اسی طرح کی ایک اصولی بات عرض کرتے ہیں۔ ہر پڑھا لکھا آدمی اس بات سے واقف ہوگا کہ نزول قرآن کے وقت بھی عام عیسائیوں کا یہ عقیدہ تھا اور اب بھی یہی عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھا لئے گئے اور وہ زندہ ہیں اور آخر زمانہ میں اس دنیا میں پھر نازل ہوں گے اور مروجہ انجیلوں میں یہی لکھا ہے۔

پس اگر یہ عقیدہ ایسا ہی گمراہانہ اور مشرکانہ ہوتا جیسا کہ مرزا قادیانی اور ان کے امتی کہتے ہیں تو لازم تھا کہ قرآن مجید میں (جس کا خاص موضوع ہر قسم کے شرک کو ڈھانا ہے) اس عقیدہ کی بھی ایسی ہی صراحت اور وضاحت کے ساتھ تردید اور نفی کی جاتی جس طرح عیسائیوں کے دوسرے گمراہانہ اور مشرکانہ عقائد (مثلاً حضرت مسیح کی الوہیت ابنیت اور عقیدۂ تثلیث وغیرہ) کی کی گئی ہے تاکہ قرآن پر ایمان لانے والی امت اس عقیدہ سے بھی اسی طرح محفوظ ہو جاتی جس طرح حضرت مسیح کی الوہیت اور ابنیت کے مشرکانہ عقائد سے محفوظ ہوگئی لیکن ظاہر ہے کہ قرآن مجید میں کہیں بھی اس عقیدہ کی ایسی تردید اور نفی نہیں فرمائی گئی جس کی سب سے بڑی اور عام فہم دلیل یہ ہے کہ نزول قرآن کے زمانے سے لے کر اس وقت تک جمہور امت کا یہی عقیدہ رہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھا لئے گئے ہیں اور آخر زمانہ میں وہ پھر نازل ہوں گے ہر دور کے مصنفین، مفسرین اور محدثین، متکلمین اپنی کتابوں میں سب یہی عقیدہ لکھتے رہے۔ حتیٰ کہ ہر صدی کے مجددین بھی (جن کا خاص کام ہی یہ ہوتا ہے کہ امت کے اعمال اور عقائد میں داخل ہو جانے والی غلطیوں اور گمراہیوں کی اصلاح کریں اور حق و باطل کے درمیان لکیر کھینچیں) وہ سب بھی اپنے اپنے دور میں اسی عقیدہ کا اظہار کرتے رہے اور انتہا یہ ہے کہ خود مرزا غلام احمد الہام اور مجددیت کا دعویٰ کرنے کے بعد اور اپنے ''خدا'' کی طرف سے مسیحیت کے منصب پر فائز ہونے کے دس بارہ برس بعد تک بھی اسی عقیدہ پر قائم رہے اور اسی کو اسلامی اور قرآنی عقیدہ سمجھتے رہے۔ کیا ہوش وحواس رکھتے ہوئے کوئی بھی آدمی یہ کہہ سکتا ہے یا اس کو باور کرسکتا ہے کہ

وجہ سے کسی معمولی غلطی میں نہیں بلکہ ''شرک عظیم'' میں مبتلا رہے۔ کیا اسلام اور قرآن مجید کی یہی وہ خدمت ہے جس کا دعویٰ مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کی امت کے دیگر مناظرین کرتے ہیں؟

اس کے بعد میں عرض کرتا ہوں کہ اگر بالفرض قرآن مجید میں کوئی آیت بھی ایسی نہ ہو جس سے عقیدۂ حیات مسیح اور نزول مسیح کی تائید ہوتی ہو تو صرف یہ بات کہ قرآن مجید نے عیسائیوں کے دوسرے گمراہانہ اور مشرکانہ عقیدوں (حضرت مسیح کی الوہیت اور ابنیت وغیرہ) کی طرح اس کی تردید اور نفی نہیں کی (حالانکہ یہ بھی ان عیسائیوں کا خاص عقیدہ تھا) اس بات کی روشن دلیل ہے کہ عیسائیوں کا یہ عقیدہ اللہ کے نزدیک غلط اور گمراہانہ نہیں تھا بلکہ ان کے بعض دوسرے عقیدوں کی طرح صحیح عقیدہ تھا۔ کیونکہ ایسے موقعہ پر تردید اور نفی نہ کرنا ایک طرح کی تصدیق اور توثیق ہوتی ہے عقل و منطق اور قانون کا بھی یہ مسلمہ مسئلہ ہے کہ ''السکوت فی معرض البیان بیان'' لیکن بات صرف اتنی ہی نہیں ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ قرآن مجید نے ان کے عقیدے کے اس جزو کی اسی طرح تصدیق و توثیق کی ہے جس طرح ان کے اس عقیدے کی کہ حضرت مسیحؑ بن باپ کے کنواری مریم کے بطن سے پیدا ہوئے اور انہوں نے احیاء موتیٰ وغیرہ کے معجزے دکھلائے۔ ہاں حضرت مسیح کے آسمان پر اٹھائے جانے ہی کے سلسلے میں عیسائیوں کے اس عقیدے کی قرآن پاک نے صراحت سے اور پورے زور سے تردید کی ہے کہ وہ صلیب پر چڑھائے گئے اور اس طرح اللہ تعالیٰ اور قرآن مجید نے ان کی عظیم ترین گمراہی ''کفارہ'' کے اس عقیدے کو جڑ سے اکھاڑ دیا جس پر عیسائیوں کی ساری بداعمالیوں کی بنیاد ہے اب ناظرین اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

جو شخص قرآن مجید سے بالکل جاہل نہیں ہے وہ اتنی بات ضرور جانتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے بارہ میں عیسائیوں اور یہودیوں میں شدید اعتقادی اختلافات تھے دونوں سخت افراط و تفریط میں مبتلا تھے جس کی کچھ تفصیل یہ ہے۔

مسیح کے بارہ میں یہودیوں اور عیسائیوں کا اختلاف اور قرآن کا ناطق فیصلہ

یہود کہتے ہیں کہ (معاذ اللہ) وہ مریم کی ناجائز اولاد تھے (وہ بدبخت حضرت مریم صدیقہ پر زنا کی تہمت لگاتے تھے) نیز کہتے تھے کہ وہ (یعنی مسیح بن مریم) نبوت ورسالت کے جھوٹے مدعی تھے اور کذاب ومفتری تھے اور عاوم کو پھانسنے کے لئے معجزوں کے نام سے جو "تماشے اور کرتب" انہوں نے دکھائے وہ ان کی جادوگری اور شعبدہ بازی کے کرشمے تھے اور ایسے آدمی کے لئے تورات اور اسرائیلی شریعت کا حکم یہ ہے کہ اس کو سولی پر لٹکا کے ختم کر دیا جائے اور اس کی یہ موت لعنتی موت ہوگی تو ہم نے تورات کے حکم کے مطابق ان کو سولی پر چڑھا کے ختم کر دیا اور وہ (معاذ اللہ) لعنتی موت مر گئے۔

اس کے بالمقابل عیسائی ان کو مقدس ترین ہستی اور "ابن اللہ" اور "ثالث ثلاثہ" (یعنی خدا کا بیٹا اور خدائی کے تین شریکوں میں سے ایک) اور خود خدا کا روپ تک کہتے تھے وہ ان کے معجزات پر بھی عقیدہ رکھتے تھے جن کا ذکر انجیلوں میں اور ان کی روایات میں تھا۔ ان کا یہ بھی عقیدہ تھا کہ حضرت مسیح سولی کے واقعہ کے بعد آسمان پر اٹھا لئے گئے۔ یعنی عیسائی یہ بات تسلیم کرتے اور مانتے تھے کہ یہودیوں نے حضرت مسیح کو سولی دلا کر قتل کرا دیا یعنی مروا ڈالا (اور اسی پر ان کے نہایت گمراہانہ عقیدہ کفارہ کی بنیاد ہے) لیکن اس کے ساتھ وہ یہ بھی عقیدہ رکھتے تھے کہ بعد میں اللہ تعالیٰ نے مسیح کو زندہ کر کے آسمان پر اٹھا لیا اور وہ آئندہ زمانہ میں پھر اس دنیا میں آئیں گے (یہاں یہ بات خاص طور سے قابل لحاظ ہے کہ کوئی فریق اور کوئی طبقہ اس کا قائل اور مدعی نہیں تھا کہ عیسیٰؑ کا طبعی موت سے انتقال ہوا)

عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں یہودیوں اور عیسائیوں دونوں فریقوں کا مذکورہ بالا عقیدہ اور موقف ان کی تاریخ اور موجودہ انجیلوں میں مذکور ہے اور اس کے زیادہ تر اجزاء قرآن مجید میں بھی بیان فرمائے گئے ہیں۔ پس اس حالت میں کہ اگلے اہل کتاب کے ان دونوں گروہوں

یہودیوں اور عیسائیوں میں حضرت مسیح کے بارے میں اتنے شدید اعتقادی اختلافات تھے اور وہ دونوں افراط و تفریط اور کفر و شرک کی گمراہیوں میں مبتلا تھے۔ ضروری تھا کہ "قرآن مجید" جو اللہ تعالیٰ کی آخری "کتاب ہدایت" ہے ان اختلافات کے بارہ میں واضح فیصلہ دے دونوں فریقوں کی گمراہیوں کو رد کر کے اصل حقیقت بتلائے اور حق کو حق اور باطل کو باطل قرار دے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی تنزیل کا مقصد بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے:۔

وما انزلنا علیک الکتاب الالتبین لهم الذی اختلفوا فیه وهدیً ورحمةً لقوم یؤمنون (سورۂ نحل آیت ۶۴)

اور اے پیغمبر ہم نے تم پر یہ کتاب (قرآن) خاص اس واسطے نازل کی ہے کہ جن باتوں میں ان لوگوں کے درمیان اختلاف ہے تم اس کو صاف صاف بیان کر دو اور ماننے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہو۔

چنانچہ قرآن مجید نے حضرت مسیحؑ سے متعلق یہودیوں اور عیسائیوں کے ان اختلافات کے بارہ میں واضح فیصلہ دیا اور ہر فریق کی گمراہیوں کو رد کر کے جو حق اور صحیح تھا اس کا اعلان فرما دیا۔

عیسائیوں کے عقیدہ الوہیت مسیح اسی طرح ابنیت مسیح اور تثلیث کے نظریہ کی قرآن پاک نے شدت کے ساتھ تردید کی اور اس کو خالص کفر قرار دیا۔ (مائدہ نمبر ۷۲،۷۳)

اور سورۂ مریم کے آخر میں فرمایا کہ "کسی کو خدا کا بیٹا اور اس کی اولاد قرار دینے کی بات اتنی خبیث و شدید ہے کہ اس کی وجہ سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ لرز کر زمین بوس ہو جائیں"۔ (آیت ۸۸،۸۹،۹۰)

اور سورۂ زخرف میں فرمایا کہ "مسیح کی حیثیت اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ ہمارے ایک بندہ ہیں جن کو ہم نے خاص انعامات سے نوازا" (آیت ۵۹)

الغرض قرآن مجید نے بیسیوں مقامات پر یہ اعلان فرمایا کہ عیسائیوں کا مسیحؑ کی الوہیت و ابنیت اور تثلیث کا عقیدہ سخت گمراہی اور رب ذوالجلال کی شان پاک میں شدید گستاخی اور صریح کفر ہے۔ مسیح بس اللہ کے بندے اور رسول ہیں اور عیسائیوں کا یہ کہنا کہ خود مسیح نے ہم کو یہ تعلیم دی تھی اس پاک اور معصوم پیغمبر پر افترا ہے اور وہ قیامت میں خدا کو گواہ

بنا کراس سے اپنی برأت ظاہر کردیں گے (سورۂ مائدہ)

اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق یہودیوں کی گمراہی کو بھی قرآن پاک نے رد فرمایا۔ صراحت کے ساتھ اعلان فرمایا کہ عیسیٰ بن مریم اللہ کے سچے اور برگزیدہ رسول اور مقرب بندے ہیں وہ ''کلمۃ اللہ'' ہیں یعنی اللہ نے ان کو اپنی خاص قدرت اور حکم سے معجزانہ طور پر کنواری مریم کے بطن سے پیدا کیا۔ بغیر اس کے کہ کسی مرد نے ان کو چھوا ہو اور مریم اللہ کی برگزیدہ بندی اور صدیقہ تھیں۔ یہودی ان کے بارہ میں جو کہتے ہیں وہ اس پاک بندی پر ان کا ''بہتان عظیم'' ہے اور اس کی وجہ سے وہ خدا کی لعنت اور عذاب کے مستحق ہیں۔ (آل عمران' نساء' مائدہ اور مریم میں یہ سب مضامین بیان کیے گئے ہیں)

مسیح مقتول و مصلوب نہیں ہوئے' بلکہ اٹھا لئے گئے

حضرت مسیح علیہ السلام سے متعلق یہودیوں کی گمراہیوں کے رد ہی کے سلسلے میں قرآن مجید نے ایک بات یہ بھی فرمائی کہ یہودیوں کا یہ عقیدہ اور دعویٰ بھی غلط اور موجب لعنت و عذاب ہے کہ ہم نے مسیح کو سولی دلا کر مار ڈالا۔ (**وقولهم انا قتلنا المسيح عيسى ابن مريم**) آگے فرمایا۔ اصل واقعہ یہ ہے۔

''**وماقتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم**'' (یعنی مسیح کو نہ انہوں نے قتل کیا نہ سولی پر چڑھایا بلکہ قدرت کی طرف سے ان کے لئے شبہ کی ایک صورت پیدا کردی گئی جس کی وجہ سے وہ ایسا خیال کرنے لگے۔ پھر فرمایا:۔

ان الذين اختلفوا فيه لفي شک منه مالهم به من علم الا اتباع الظن وما قتلوه يقيناً بل رفعه' الله اليه و كان الله عزيزاً حكيماً. (النساء آیۃ ۱۵۷' ۱۵۸)

''حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ (یہودی اور عیسائی) مسیح کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں (کہ وہ مصلوب و مقتول ہو کر ختم ہو گئے یا پھر زندہ کر کے آسمان پر اٹھا لئے گئے) ان کے پاس اس واقعہ کے بارے میں صحیح علم نہیں ہے' صرف بے اصل اٹکلیں اور بے بنیاد قیاس آرائیاں ہیں جن پر وہ چلتے ہیں صحیح اور یقینی بات یہ ہے کہ انہوں نے ان کو قتل کیا ہی

نہیں بلکہ اللہ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا اور اللہ پوری طاقت اور حکمت والا ہے (جس نے اپنی کامل قدرت اور حکمت سے یہ سب کچھ کیا)''

بالکل واضح اور کھلی ہوئی بات ہے کہ ان آیتوں میں قرآن مجید نے حضرت مسیحؑ کے مقتول و مصلوب ہونے کی (یعنی صلیب پر چڑھائے جانے اور مار ڈالے جانے کی) تو پوری وضاحت سے نفی کر دی (بلکہ ایک دوسری آیت ''واذ کففت بنی اسرایل عنک (مائدہ آیۃ ۱۱۰) میں یہ بھی بتلا دیا کہ اللہ نے ان کو ایسا بچایا کہ ان کے دشمن یہودی ان کو ہاتھ بھی نہیں لگا سکے) تو ان آیتوں نے یہودیوں کے اس ''لعنتی'' دعوے اور عقیدے کی واضح تردید کر دی کہ ہم نے مسیح کو صلیب پر چڑھا کے ختم کر دیا اور مار ڈالا اور اس کے ساتھ عیسائیوں کے نہایت خطرناک اور دین کو برباد کر دینے والے عقیدہ کفارہ کو بھی جڑ بنیاد سے اکھاڑ دیا (کیونکہ اس کی بنیاد اسی عقیدے پر ہے کہ حضرت مسیحؑ صلیب پر چڑھائے گئے اور ''قتل'' و ''صلب'' کی اس نفی کے ساتھ قرآن مجید نے عیسیٰ علیہ السلام کے لئے رفع (اٹھائے جانے) کا اثبات کیا اور ''بل'' کا کلمہ درمیان میں لا کر فرمایا ''بل رفعه الله الیه'' یعنی ان پر ''قتل'' کا فعل قطعاً واقع نہیں ہوا بلکہ اللہ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا آیت کے اس آخری لفظ سے صاف معلوم ہوا کہ عیسائیوں کے عقیدہ کا یہ جز صحیح ہے کہ مسیحؑ اوپر اٹھالئے گئے۔

''رفع'' کی قادیانی تاویل

قادیانیوں کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ اس آیت میں ''رفعہ اللہ الیہ'' کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درجے بلند کر دئے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس سے ''روحانی رفع'' مراد ہے۔ لیکن جس شخص کو ذرا بھی عربیت سے واقفیت ہو وہ سمجھ سکتا ہے کہ اس آیت میں رفع کے معنی ایسے ہونے چاہئیں جو قتل کی ضد ہوں یعنی مقتول ہونے کے ساتھ جمع نہ ہو سکیں اور ظاہر ہے کہ کسی نبی کے رفع روحانی و رفع درجات میں اور دشمنوں کے ہاتھ سے ان کے مقتول ہونے میں قطعاً کوئی منافات اور تضاد نہیں ہے بلکہ راہ خدا میں مظلومانہ قتل کئے جانے سے تو درجے اور زیادہ بلند ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے کہنے والے نے کہا۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

قرآن مجید میں متعدد جگہ انبیاء علیہم السلام کے ناحق مقتول ہونے کا ذکر ہے (وقتلهم الانبیاء بغیر حق". یقتلون النبیین بغیر الحق" وغیرہ وغیرہ) ظاہر ہے کہ اللہ کے یہ سب پیغمبر جو ظالموں کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور اس شہادت کی وجہ سے ان کے درجے بلند ہی ہوئے۔ الغرض "رفع روحانی" اور "رفع درجات" ہرگز مقتول ہونے کے منافی نہیں ہے۔ ہاں جسم کے ساتھ صحیح وسالم اٹھالیا جانا بے شک مقتول ہونے کے منافی ہے۔ اس لئے "بل رفعه الله الیه" کا مطلب یہی صحیح ہوگا کہ مسیحؑ کو ان کے دشمن قتل نہیں کر سکے بلکہ اللہ تعالیٰ نے صحیح وسلامت ان کو اپنی طرف اٹھالیا۔ اور اپنی طرف اٹھانے کا مطلب یہی ہوگا کہ آسمان پر اٹھالیا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اگرچہ ہماری طرح کسی مکان کا مکین نہیں ہے لیکن قرآن مجید کے بیان کے مطابق آسمان کو اس سے ایک خاص مکانی نسبت ضرور ہے۔ فرمایا گیا ہے:۔

ء امنتم من فی السمآء ان یخسف بکم الارض فاذاهی تمور".

ام امنتم من فی السمآء ان یرسل علیکم حاصباً"

اور کئی جگہ فرمایا گیا ہے:۔ ثم استوىٰ علی العرش"

یہ آیتیں اس کی صریح دلیل ہیں کہ آسمان کو اللہ تعالیٰ کی ذات پاک سے ایک خاص مکانی نسبت ہے اور اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو "مومنہ" فرمایا جس سے پوچھا گیا تھا کہ "خدا کہاں ہے؟" تو اس نے جواب دیا تھا "فی السماء" (یعنی وہ آسمان میں ہے)۔ (صحیح مسلم ص ۲۱۴ ج ۱)

اس سلسلہ میں ایک دوسری قطعی فیصلہ کن بات یہ ہے کہ جیسا کہ اوپر تفصیل سے بتلایا گیا عیسائی عام طور سے مسیح علیہ السلام کے اٹھالئے جانے کا عقیدہ رکھتے تھے اور آج بھی انجیلوں میں صراحتاً یہ عقیدہ موجود ہے پھر بعض مقامات پر آسمان پر اٹھائے جانے کے الفاظ ہیں اور بعض جگہ صرف اوپر اٹھائے جانے کا ذکر ہے اور انجیل کے عربی ترجموں میں ان موقعوں پر رفع ہی کا لفظ ہے اب اگر یہ مانا جائے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے مصلوب ہونے کے عقیدہ کی طرح ان کے اٹھالئے جانے کا عقیدہ بھی غلط اور مشرکانہ تھا تو قرآن مجید پر سخت الزام آئے گا کہ اس نے اس موقع پر اس عقیدہ کی نہ صرف یہ کہ تردید نہیں کی بلکہ یہ غضب کیا

کہ "بل رفعه الله اليه" اور دوسری جگہ "رافعک الی" فرما کر عیسائیوں کے اس عقیدہ پر گویا مہر تصدیق ثبت کر دی اور انتہا یہ کہ اس نے لفظ بھی وہی رفع کا بولا جو خود عیسائی اپنے اس عقیدہ کے اظہار کے لئے بولتے تھے اور جو انجیلوں میں اب تک بھی موجود ہے اور اس کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ آج تک جمہور امت نے بھی قرآن پاک کے ان الفاظ سے یہی سمجھا کہ حضرت عیسیٰؑ اوپر اٹھا لئے گئے پھر تو (معاذ اللہ) قرآن مجید نے خود ہی لوگوں کو گمراہ کیا اور ساری امت کو ایک "شرک عظیم" میں جھونک دیا۔

الغرض ہر معمولی سی سمجھ رکھنے والا بھی اس بات کو سمجھ سکتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک عیسیٰ علیہ السلام کے قتل وصلب کے عقیدہ کی طرح ان کے اوپر اٹھا لئے جانے کا عقیدہ بھی غلط اور گمراہانہ ہوتا تو پھر جس طرح "ماقتلوه وما صلبوه" فرما کر اور پھر "وما قتلوه يقيناً" کو مکرر لا کر عقیدۂ قتل وصلب کی پوری شدت اور صراحت سے تردید کی گئی ہے اسی طرح "عقیدۂ رفع" کی بھی واضح تردید اس موقع پر کی جاتی لیکن ہوا یہ کہ بجائے نفی اور تردید کے صاف صاف "بل رفعه الله اليه" اور دوسری جگہ "ورافعک الی" فرما کر قرآن مجید نے عیسیٰ علیہ السلام کا "رفع" (یعنی اٹھا لیا جانا) بیان کیا۔ الغرض عیسائی عقیدے اور انجیلوں کی تصریحات کو سامنے رکھنے کے بعد اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ قرآن مجید نے ان کے عقیدۂ کے اس جز کی (یعنی مسیح علیہ السلام کے اٹھا لئے جانے کی) تردید نہیں کی بلکہ اس کی واضح تصدیق کی ہے جس طرح عیسائیوں کے اس عقیدہ کی تصدیق کی ہے کہ حضرت مسیحؑ بن باپ کے کنواری مریم کے بطن سے اللہ کے حکم سے پیدا ہوئے اور وہ "كلمة الله" اور جس طرح قرآن مجید نے حضرت مسیح کے احیاء موتیٰ وغیرہ ان معجزات کی تصدیق کی ہے جو انجیل میں بیان کئے گئے ہیں اور عیسائی جن کا دعویٰ کرتے اور عقیدہ رکھتے تھے۔

اگر کسی کے دل میں بیماری اور کجی نہ ہو اور قرآن مجید پر ایمان ہو تو ہماری اس گفتگو کے بعد اس کو اس میں شک وشبہ باقی نہیں رہے گا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح کو اپنی خاص قدرت سے معجزانہ طور پر بن باپ کے پیدا کیا تھا اسی طرح ان کے دشمن یہودیوں کی گرفت سے اور قتل وصلب سے بالکل محفوظ رکھ کر معجزانہ طور پر ان کو صحیح سلامت زندہ آسمان پر اٹھا لیا۔

حضرت مسیح کی حیات اور نزول کا قرآن مجید سے واضح ترین ثبوت

پھر اس کے بعد والی آیت میں ایک خاص انداز میں ان کی حیات اور آخری زمانہ میں ان کے نزول اور پھر اس دنیا میں ان کے وفات پانے کی اطلاع دی گئی ہے۔ ارشاد فرمایا گیا ہے۔

وان من اهل الكتاب الاليومنن به قبل موته و يوم القيمة يكون عليهم شهيدا

اور سب ہی اہل کتاب عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ان پر ضرور بالضرور ایمان لے آئیں گے اور قیامت کے دن وہ ان کے بارہ میں شہادت دیں گے۔

سیاق وسباق کی روشنی میں آیت کا مطلب

جیسا کہ ناظرین کو معلوم ہو چکا ہے اوپر کی آیتوں میں یہودیوں کے اس باطل فرعونی دعوے کی کہ ہم نے مسیحؑ بن مریمؑ کو مار ڈالا اور سولی پر چڑھا دیا اور وہ (معاذ اللہ) لعنتی موت مر گیا۔ (**انا قتلنا المسيح عيسى بن مريم**) یہ فرما کر تردید کی گئی تھی کہ ان کا یہ دعویٰ قطعاً غلط اور باطل ہے وہ مسیح بن مریم کو قتل نہیں کر سکے نہ سولی پر چڑھا سکے بلکہ وہ اس بارہ میں شبہ اور دھوکے میں پڑ گئے (مسیحؑ کے دھوکے میں انہوں نے ایک دوسرے غدار اسرائیلی کو سولی پر لٹکا دیا جو ان کا ہم شکل بنا دیا گیا تھا) اور مسیح بن مریم کو اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص تدبیر اور قدرت سے صحیح سالم آسمان پر اٹھا لیا۔ ان کے دشمن یہودی ان کو ہاتھ بھی نہیں لگا سکے۔ (**وماقتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم ......وما قتلوه يقيناً بل رفعه الله اليه و كان الله عزيزاً حكيماً**) اور جیسا کہ پہلے بھی اشارہ کیا جا چکا ہے اسی بیان سے عیسائیوں کے انتہائی گمراہانہ عقیدہ کفارہ کی بھی تردید کر دی گئی تھی۔

اس کے بعد متصلاً یہ آیت "**و ان من اهل الكتاب الاليؤمنن به قبل موته و يوم القيمة يكون عليهم شهيداً** اس بحث اور مضمون کا آخری جز اور گویا "مقطع کا بند" ہے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ مسیح بن مریم کے مقتول و مصلوب نہ ہونے اور صحیح سالم آسمان پر اٹھا لئے جانے کی بات جو آج وحی اور قرآن کے ذریعہ بیان کی جا رہی ہے اس کی یہود و

نصاریٰ کو بھی اس وقت مشاہدہ سے تصدیق ہو جائے گی جب مسیح بن مریم اس دنیا میں پھر بھیجے جائیں گے اور یہیں آنے کے بعد وفات پائیں گے اور جو اہل کتاب اس وقت زندہ اور باقی ہوں گے وہ حضرت مسیح کی وفات سے کچھ پہلے ان کی حیات ہی میں ان پر ایمان لے آئیں گے۔ یعنی یہودی جو ہمیشہ ان کے منکر اور دشمن رہے اور معاذ اللہ ان کو ولد الزنا تک کہتے رہے وہ اپنے اس خبیث کفر سے توبہ کر کے ان پر ایمان لے آئیں گے اور ان کو اللہ کا سچا نبی و رسول اور برگزیدہ بندہ مان لیں گے۔ اسی طرح نصاریٰ بھی جنہوں نے ان کو خدا اور خدا کا بیٹا اور ثالث ثلاثہ بنایا تھا وہ بھی اپنے اس مشرکانہ عقیدہ سے توبہ کر کے ان کو اللہ کا مقرب بندہ اور نبی و رسول مان لیں گے اور یہ دونوں گروہ اس دین محمدی کے حلقہ بگوش ہو جائیں گے جس کے اس وقت حضرت مسیح بن مریم داعی و منادی اور علمبردار ہوں گے۔

آگے فرمایا گیا ہے: **ویوم القیمٰة یکون علیھم شھیدا** یعنی پھر قیامت کے دن حضرت مسیح ان ایمان لانے والے اہل کتاب کے بارہ میں اللہ کے حضور میں شہادت دیں گے (جس طرح سارے نبی و رسول اپنی اپنی امتوں کے بارے میں شہادت دیں گے)

الغرض یہ آیت حضرت مسیح بن مریم کے مقتول و مصلوب نہ ہونے اور صحیح سالم آسمان پر اٹھائے جانے سے متعلق اس مضمون کا تتمہ اور تکملہ ہے اور گویا اس پر آخری مہر ہے جو اوپر کی آیتوں میں بیان فرمایا گیا ہے اور سیاق و سباق یعنی سلسلہ کلام اور اسلوب بیان اور نحوی قواعد کے لحاظ سے اس آیت کی یہی تفسیر صحیح ہے جس کی بنیاد اس پر ہے کہ آیت میں ''بہ'' اور ''موتہ'' کی ضمیریں مسیحؑ بن مریم کی طرف راجع ہیں جن کا اوپر کی آیتوں میں بار بار ذکر آیا ہے۔ امام تفسیر ابن جریر طبری اور حافظ عماد الدین ابن کثیر نے اپنی تفسیروں میں (جو تفسیر کے پورے کتب خانہ میں امتیاز رکھتی ہیں) اس پر تفصیلی کلام کیا ہے اور اسی تفسیر کو روایت اور درایت سیاق و سباق اور عربیت کے لحاظ سے صحیح اور راجح قرار دیا ہے۔

آیت کی تفسیر صحابہ کرام اور ائمہ تفسیر کے ارشادات سے

حضرات صحابۂ کرام سے بھی آیت کی یہی تفسیر صحیح سندوں کے ساتھ منقول ہے حضرت

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے آیت کی یہ تفسیر صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور حدیث کی دوسری کتابوں میں روایت کی گئی ہے ان کی روایت کا حاصل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھا کے ارشاد فرمایا کہ "اس پاک ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے یقیناً یہ ہونے والا ہے کہ عیسیٰ بن مریم اللہ کے حکم سے حاکم عادل کی حیثیت سے (قیامت سے پہلے) نازل ہوں گے اور وہ یہ عظیم کارنامے انجام دیں گے اور اس زمانہ میں بڑی خیر و برکت ہوگی۔ حضرت ابوہریرہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کر کے فرماتے تھے کہ **اقرأ وا ان شئتم. 'وان من اهل الكتاب الاليؤمنن به قبل موته الآية"** یعنی اگر تم حضرت مسیحؑ کے نازل ہونے کا بیان قرآن میں پڑھنا چاہو تو یہ آیت پڑھو"۔ **و ان من اهل الكتاب الاليؤمنن به قبل موته)"** جیسا کہ عرض کیا گیا۔ حضرت ابوہریرہ کی اس حدیث کو امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ دونوں نے روایت کیا ہے۔ ب ا۔۴۹۰ م ا۔۸۷۔ اور محدثین کی اصطلاح میں یہ "متفق علیہ" حدیث ہے' اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت ابوہریرہ نے اس آیت کا مطلب وہی سمجھا اور بیان کیا ہے جو ہم نے اوپر لکھا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ مطلب انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی تلقین و تعلیم سے سمجھا ہوگا۔ ان کے علاوہ حبر امت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ' نے بھی آیت کا یہی مطلب سمجھا اور بیان کیا ہے جیسا کہ ابن جریر نے پوری سند کے ساتھ ان سے روایت کیا ہے اور حافظ ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح بخاری میں ابن جریر کی اس روایت کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں۔

"وبهذا جزم ابن عباس فيما رواه ابن جرير من طريق سعيد جبير عنه' باسناد صحيح (فتح الباری ج ۱۳ ص ۲۸۱)

یعنی حضرت عبداللہ بن عباس نے بھی اس آیت کا مطلب قطعیت کے ساتھ وہی بیان کیا ہے جو حضرت ابوہریرہ کی مندرجہ بالا روایت سے معلوم ہوا۔ ابن جریر نے اس کو صحیح سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کیا ہے۔

اور تابعین میں حضرت حسن بصریؒ اور بعض دیگر حضرات سے بھی آیت کی یہی تفسیر ابن جریر نے اپنی سندوں کے ساتھ روایت کی ہے۔

حاصل کلام اور اجماع امت کی آخری شہادت

ہم نے اس مسئلہ پر کلام شروع کرتے ہوئے کہا تھا کہ مسلمانوں کے عقیدۂ نزول مسیح اور حیات مسیح کی بنیاد دو چیزوں پر ہے۔ ایک قرآن مجید کی بعض آیات اور دوسرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ کثیر التعداد احادیث جو مجموعی اور معنوی حیثیت سے یقیناً حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔

گذشتہ صفحات میں جو کچھ عرض کیا گیا یقین ہے کہ اس کے مطالعہ کے بعد کسی طالب حق اور انصاف پسند کو اس میں شبہ نہیں رہ سکتا کہ احادیث متواترہ نے اور قرآن مجید کی آیات نے اس حقیقت کا انکشاف اور اعلان کیا ہے اور امت کو اس عقیدہ کی تعلیم دی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نہ قتل کئے گئے نہ صلیب پر چڑھائے گئے بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو صحیح سالم اٹھالیا اور وہ زندہ ہیں اور قیامت سے پہلے وہ نازل ہوں گے اور یہاں ان کے وفات پانے سے پہلے وہ سب اہل کتاب جو اس وقت موجود ہوں گے ان پر ایمان لے آئیں گے۔

یہاں ہم اس پر اتنا اضافہ اور کرتے ہیں کہ قرآن پاک اور احادیث متواترہ کے تعلیم کئے ہوئے اس عقیدہ پر امت کا اجماع بھی ہے اور اس کو ہر وہ شخص جانتا ہے جس کی حدیث، تفسیر، سیر و تاریخ اور عقائد و کلام اور دیگر دینی علوم و فنون کی کتابوں پر نظر ہے اور امت کے علماء و مصنفین نے اس کی تصریح بھی کی ہے۔

امام ابوالحسن اشعری کی کتاب الابانہ میں ہے۔

واجمعت الامة علیٰ ان الله عزوجل رفع عیسیٰ الی السماء

امت محمدیہ کا اس پر اجماع ہے کہ عیسےٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف اٹھالیا۔

(کتاب الابانہ ص ۴۶ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد)

اور ابوحیان اندلسی نے اپنی تفسیر ''البحر المحیط'' میں ابن عطیہ سے نقل کیا ہے کہ:۔

واجمعت الامة علی ماتضمنه الحدیث المتواتر من ان عیسےٰ فی السماء حی و انه ینزل فی آخر الزمان (البحر المحیط ص ۴۷۳ ج ۲)

اور امت محمدیہ کا اس حقیقت اور عقیدہ پر اجماع ہے جو احادیث متواترہ سے ثابت ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان میں ہیں زندہ ہیں اور وہ آخری زمانہ میں نازل ہوں گے۔

اکابر امت پر قادیانیوں کی تہمت

ہمیں معلوم ہے کہ خود مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے اہل قلم متبعین نے امت کے متعدد اکابر کے بارہ میں (جن میں حضرت عبداللہ بن عباس، شیخ الاسلام ابن تیمیہ بھی شامل ہیں) یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ حضرات نزول مسیح اور حیات مسیح کے منکر اور قادیانیوں کی طرح وفات مسیح کے قائل ہیں۔ راقم سطور پورے یقین اور بصیرت کے ساتھ اعلان کرتا ہے کہ یہ دعوے اس بات کی دلیل ہیں کہ مرزا غلام احمد اور ان کے امتی جھوٹ بولنے میں کتنے جری اور بے باک ہیں۔ اس مسئلہ سے متعلق حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے صاف صریح ارشادات ناظرین کرام پچھلے صفات میں پڑھ چکے ہیں یہی حال ان سب بزرگوں کا ہے جن پر قادیانی یہ تہمت لگاتے ہیں۔ جن علماء کرام نے اس مسئلہ پر تفصیل سے بحث کی ہے اور مستقل کتابیں لکھی ہیں انہوں نے ان بزرگوں میں سے (جن کا قادیانی اس سلسلے میں نام لیتے ہیں) ایک ایک کے متعلق ثابت کیا اور دکھایا ہے کہ ان کا عقیدہ وہی ہے جو جمہور امت کا ہے اور وہ سب نزول مسیح اور حیات مسیح کے قائل ہیں اور ان کے بارے میں قادیانیوں کا دعویٰ کذب وافتراء کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔ اگر ہمارے ناظرین میں سے کسی صاحب کو یہ بحث تفصیل سے دیکھنی ہو تو صرف ایک کتاب ''ہدیۃ المہتدی'' (مصنفہ مولانا عبدالغنی صاحب پٹیالوی مرحوم) کا مطالعہ کافی ہوگا۔ (یہ کتاب ''اسلام اور قادیانیت ایک تقابلی جائزہ'' کے نام سے مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان نے حال ہی میں شائع کی ہے۔ اپنے موضوع پر بہترین کتاب ہے) بہرحال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے مبارک عہد سے لے کر اس وقت تک امت کے تمام اکابر ائمہ اور علماء محدثین، مفسرین، فقہاء، متکلمین اور صوفیائے ربانیین کا اس پر اجماع رہا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام قرآن وحدیث کے بیان کے مطابق نہ قتل کئے گئے نہ سولی پر چڑھائے گئے بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص قدرت سے معجزانہ طور پر صحیح سالم اٹھالیا اور وہ اللہ کے حکم سے معجزانہ طور پر زندہ ہیں اور قیامت سے پہلے اس دنیا میں پھر نازل کئے جائیں گے اور یہیں آ کر وفات پائیں گے اور قرآن وحدیث کی بیان کی ہوئی کسی حقیقت پر جب اس طرح کا اجماع ہو تو پھر کسی صاحب ایمان کے لئے اس میں شک وشبہ کی اور کسی تاویل کی گنجائش نہیں رہتی۔ بلکہ اس میں تاویل بھی بدترین گمراہی اور قرآن پاک کی زبان میں الحاد ہے۔

محمد منظور نعمانی..... محمد یوسف لدھیانوی

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

رسول مجتبٰے کہیے محمد مصطفٰے کہیے!
خدا کے بعد بس وہ ہیں پھر اسکے بعد کیا کہیے
شریعت کا ہے یہ اسرار ختم الانبیاء کہیے
محبت کا تقاضا ہے کہ محبوب خدا کہیے
جب ان کا ذکر ہو دنیا سراپا گوش ہو جائے
جب ان کا نام آئے مرحبا صل علٰی کہیے
محمد کی نبوت دائرہ ہے نور وحدت کا!
اسی کو ابتدا کہیے، اسی کو انتہا کہیے
مرے سرکار کے نقش قدم شمع ہدایت ہیں
یہ وہ منزل ہے جس کو مغفرت کا راستہ کہیے

تحریک ختم نبوۃ منزل بہ منزل

الحمدللّٰہ رب العٰلمین و الصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و خاتم النبیین و رسولہ محمد خیر الوریٰ صاحب قاب قوسین او ادنیٰ و علیٰ صحبہ البررۃ التقی و النقی کلما ذکرہ الذاکرون و کلما غفل عن ذکرہ الغافلون اللھم صل علیہ واٰلہ وسائر النبیین و اٰل کل وسائر الصالحین نھایۃ ماینبغی ان یسئلہ السائلون. اما بعد.

متحدہ ہندوستان میں انگریز اپنے جور وستم اور استبدادی حربوں سے جب مسلمانوں کے قلوب کو مغلوب نہ کرسکا تو اس نے ایک کمیشن قائم کیا۔ جس نے پورے ہندوستان کا سروے کیا اور واپس جاکر برطانوی پارلیمنٹ میں رپورٹ پیش کی کہ مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ جہاد مٹانے کے لئے ضروری ہے کہ کسی ایسے شخص سے نبوت کا دعویٰ کرایا جائے جو جہاد کو حرام اور انگریز کی اطاعت کو مسلمانوں پر اولوالامر کی حیثیت سے فرض قرار دے۔

ان دنوں مرزا غلام احمد قادیانی سیالکوٹ ڈی سی آفس میں معمولی درجے کا کلرک تھا ، اردو، عربی اور فارسی اپنے گھر پر پڑھی تھی۔ مختاری کا امتحان دیا مگر ناکام ہوگیا۔ غرض یہ کہ اس کی تعلیم دینی و دنیاوی دونوں اعتبار سے ناقص تھی۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے انگریزی ڈپٹی کمشنر کے توسط سے مسیحی مشن کے ایک اہم اور ذمہ دار شخص نے اس سے ڈی سی آفس میں ملاقات کی۔ گویا یہ انٹرویو تھا مسیحی مشن کا۔ یہ فرد انگلینڈ روانہ ہوگیا اور مرزا قادیانی ملازمت چھوڑ کر قادیان پہنچ گیا۔ باپ نے کہا کہ نوکری کی فکر کرو۔ جواب دیا کہ میں نوکر ہوگیا ہوں اور پھر بھیجنے والے کے پتے کے بغیر منی آرڈر ملنے شروع ہوگئے۔ مرزا قادیانی نے مذہبی اختلافات کو ہوا دی۔ بحث ومباحثہ، اور اشتہار بازی شروع کردی۔ یہ تمام تر تفصیل مرزائی کتب میں موجود ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کام کے لئے برطانوی سامراج نے مرزا قادیانی کا انتخاب کیوں کیا؟ اس کا جواب بھی خود مرزائی لٹریچر میں موجود ہے کہ مرزا قادیانی کا خاندان جدی پشتی انگریز کا نمک خوار، خوشامدی اور مسلمانوں کا غدار تھا۔ مرزا قادیانی کے والد نے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں برطانوی سامراج کو پچاس گھوڑے مع ساز و سامان مہیا کیے اور یوں مسلمانوں کے قتل عام سے اپنے ہاتھ رنگین کر کے انگریز سے انعام میں جائیداد حاصل کی۔ مرزا غلام احمد لکھتا ہے کہ:

''میرے والد صاحب کی وفات کے بعد میرا بڑا بھائی مرزا غلام قادر خدمت سرداز میں مصروف رہا۔'' (ستارہ قیصرہ ص۴)

اپنے بارے میں لکھتا ہے:

''میری عمر کا اکثر حصہ اس سلطنت انگریز کی تائید و حمایت میں گزرا اور میں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھیں اور اشتہار شائع کیے ہیں کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں۔'' (تریاق القلوب ص:۲۵)

غرض یہ کہ مرزا قادیانی کے گوشت پوست میں انگریز کی وفاداری اور مسلمانوں سے غداری رچی بسی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس مقصد کے لئے انگریز کی نظر انتخاب مرزا قادیانی پر پڑی چنانچہ اس کی خدمات حاصل کر لی گئیں۔

جن حضرات کی مرزائیت کے لٹریچر پر نظر ہے، وہ جانتے ہیں کہ مرزا قادیانی کی ہر بات میں تضاد ہے لیکن حرمت جہاد اور فرضیت اطاعت انگریز ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اس میں مرزا قادیانی کی کبھی دو رائیں نہیں ہوئیں کیونکہ یہ اس کا بنیادی مقصد اور غرض و غایت تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے اپنے آپ کو گورنمنٹ برطانیہ کا خود کاشتہ پودا قرار دیا۔ سر سید احمد خان مرحوم کی روایت جو ان کے مشہور مجلّہ تہذیب الاخلاق میں چھپ چکی ہے کہ خود سر سید احمد خان سے انگریز وائسرائے نے مرزا قادیانی کی امداد و معاونت کرنے کا کہا، بقول ان کے انہوں نے نہ صرف رد کر دیا بلکہ اس منصوبے کو بھی افشا کر دیا جس کے نتیجے میں انگریز وائسرائے ہند سر سید احمد خان سے ناراض ہو گئے۔

مرزا قادیانی کے دعوے پر نظر ڈالیے، اس نے بتدریج خادم اسلام، مبلغ اسلام، مجدد، مہدی، مثیل مسیح، ظلی نبی، مستقل نبی، انبیاء سے افضل، حتیٰ کہ خدائی تک کا دعویٰ کیا۔ یہ سب کچھ ایک طے شدہ منصوبہ گہری چال اور خطرناک سازش کے تحت کیا۔

قطب عالم حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکیؒ نے اپنے نور ایمانی اور بصیرت وجدانی سے آنجہانی مرزا قادیانی کے دعوے سے بہت پہلے پنجاب کے معروف روحانی بزرگ حضرت مولانا پیر مہر علی شاہؒ گولڑوی سے حجاز مقدس میں ارشاد فرمایا:

''پنجاب میں ایک فتنہ اٹھنے والا ہے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے خلاف آپ سے کام لیں گے۔''

بیعت وخلافت سے سرفراز فرمایا اور اس فتنے کے خلاف کام کرنے کی تلقین فرمائی۔

ردقادیانیت کے سلسلے میں امت محمدیہ کے جن خوش نصیب وخوش بخت حضرات نے بڑی تندہی اور جانفشانی سے کام کیا، ان میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، حضرت مولانا پیر مہر علی شاہؒ، حضرت مولانا محمد علی مونگیریؒ، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ، حضرت مولانا نذیر حسین دہلویؒ، حضرت مولانا ثناءاللہ امرتسریؒ، حضرت مولانا محمد حسین بٹالویؒ، جناب مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ، حضرت مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوریؒ، حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ، حضرت مولانا بدر عالم میرٹھیؒ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ، حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ، پروفیسر محمد الیاس برنیؒ، علامہ محمد اقبالؒ، حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ، حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ، حضرت مولانا سید عطاءاللہ شاہ بخاریؒ، حضرت مولانا محمد داؤد غزنویؒ، حضرت مولانا ظفر علی خانؒ، حضرت مولانا مظہر علی اظہرؒ، حافظ کفایت حسینؒ، اور حضرت مولانا پیر جماعت علی شاہؒ جیسی نابغہ روزگار ہزاروں شخصیات ہیں۔

علمائے لدھیانہ نے مرزا قادیانی کی گستاخ وبے باک طبیعت کو اس کی ابتدائی تحریروں سے دیکھ کر اس کے خلاف کفر کا فتویٰ سب سے پہلے دے دیا تھا۔ ان حضرات کا خدشہ صحیح ثابت ہوا اور آگے چل کر پوری امت نے علمائے لدھیانہ کے فتوے کی تصدیق وتوثیق کردی۔

غرض یہ کہ پوری امت کی اجتماعی جدوجہد سے مرزائیت کے بڑھتے ہوئے سیلاب کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ مرزا قادیانی نے بھی اپنی تصانیف میں مولانا رشید احمد

گنگوہیؒ، مولانا نذیر حسین دہلویؒ، مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ، مولانا پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ، مولانا سید علی الحائری، سمیت امت کے تمام طبقات کو اپنے سب وشتم کا نشانہ بنایا، کیونکہ یہی وہ حضرات تھے جنہوں نے تحریر وتقریر، مناظرے اور مباہلے کے میدان میں مرزا قادیانی اور اس کے حواریوں کو چاروں شانے چت کیا اور یوں اپنے فرض کی تکمیل کر کے پوری امت کی طرف سے شکریے کے مستحق قرار پائے۔

مقدمہ بہاولپور

تحصیل احمد پور شرقیہ ریاست بہاولپور میں ایک شخص مسمی عبدالرزاق مرزائی ہو کر مرتد ہو گیا۔ اسکی منکوحہ غلام عائشہ بنت مولوی الٰہی بخش نے سن بلوغ کو پہنچ کر ۲۴۔ جولائی ۱۹۲۶ء کو فسخ نکاح کا دعویٰ احمد پور شرقیہ کی مقامی عدالت میں دائر کر دیا جو ۱۹۳۱ء تک ابتدائی مراحل طے کر کے پھر ۱۹۳۲ء ڈسٹرکٹ جج بہاولپور کی عدالت میں بغرض شرعی تحقیق واپس ہوا۔ آخر کارے۔ فروری ۱۹۳۵ء کو فیصلہ بحق مدعیہ صادر ہوا۔ بہاولپور ایک اسلامی ریاست تھی۔ اس کے والی جناب نواب صادق محمد خامس عباسی مرحوم ایک سچے عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ خواجہ غلام فرید بہاولپور کے معروف بزرگ، کے عقیدت مند تھے۔ خواجہ غلام فریدؒ کے تمام خلفاء کو مقدمے میں گہری دلچسپی تھی۔ اس وقت جامعہ عباسیہ بہاولپور کے شیخ الجامعہ مولانا غلام محمد گھوٹوی مرحوم تھے جو حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ کے ارادت مند تھے، لیکن اس مقدمے کی پیروی اور امت محمدیہ کی طرف سے نمائندگی کے لئے سب کی نگاہ انتخاب دیوبند کے فرزند شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ پر پڑی۔ مولانا غلام محمد صاحبؒ کی دعوت پر اپنے تمام تر پروگرام منسوخ کر کے مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ بہاولپور تشریف لائے تو فرمایا:

"جب یہاں سے بلاوا آیا تو میں ڈھابیل کے لئے پابہ رکاب تھا، مگر میں یہ سوچ کر یہاں چلا آیا کہ ہمارا نامہ اعمال تو سیاہ ہے ہی، شاید یہی بات مغفرت کا سبب بن جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جانبدار بن کر بہاولپور آیا تھا، اگر ہم ختم نبوت کا کام نہ کریں تو گلی کا کتا بھی ہم سے اچھا ہے۔"

ان کے تشریف لانے سے پورے ہندوستان کی توجہ اس مقدمے کی طرف مبذول ہو گئی۔

بہاولپور میں علم کا موسم بہار شروع ہوگیا۔ اس سے مرزائیت کو بڑی پریشانی لاحق ہوئی۔ انہوں نے بھی ان حضرات علماء کی آہنی گرفت اور احتسابی شکنجے سے بچنے کے لئے ہزاروں جتن کیے۔

مولانا غلام محمد گھوٹویؒ، مولانا محمد حسین کولوتارڑویؒ، مولانا مفتی محمد شفیعؒ، مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوری، مولانا نجم الدینؒ، مولانا ابوالوفا شاہ بہاپوریؒ اور مولانا محمد انور شاہ کشمیری رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم وکثر اللہ سعیہم کے ایمان افروز اور کفر شکن بیانات ہوئے، مرزائیت بوکھلا اٹھی۔

ان دنوں مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ پر اللہ رب العزت کے جلال اور حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جمال کا خاص پرتو تھا۔ وہ جلال و جمال کا حسین امتزاج تھے۔ جمال میں آ کر قرآن وسنت کے دلائل دیتے تو عدالت کے درو دیوار جھوم اٹھتے اور جلال میں آ کر مرزائیت کو للکارتے تو کفر کے ایوانوں میں زلزلہ طاری ہو جاتا۔ مولانا ابوالوفا شاہ جہان پوریؒ نے اس مقدمے میں مختار مدعیہ کے طور پر کام کیا۔

ایک دن عدالت میں مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ نے جلال الدین شمس مرزائی کو للکار کر فرمایا:

”اگر چاہو تو میں عدالت میں یہیں کھڑے ہو کر دکھا سکتا ہوں کہ مرزا قادیانی جہنم میں جل رہا ہے۔“

مرزائی کانپ اٹھے، مسلمانوں کے چہروں پر بشاشت چھا گئی، اور اہل دل نے گواہی دی کہ عدالت میں انور شاہ کشمیریؒ نہیں بلکہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا وکیل اور نمائندہ بول رہا ہے۔

علمائے کرام کے بیانات مکمل ہوئے، نواب صاحب مرحوم پر گورنمنٹ برطانیہ کا دباؤ بڑھا۔ اس سلسلے میں مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھری مرحوم نے راقم الحروف سے بیان کیا کہ خضر حیات ٹوانہ کے والد نواب سر عمر حیات ٹوانہ لندن گئے ہوئے تھے نواب آف بہاولپور مرحوم بھی گرمیاں اکثر لندن میں گزارا کرتے تھے۔ وہ نواب مرحوم سر عمر حیات ٹوانہ سے لندن میں ملے اور مشورہ طلب کیا کہ انگریز گورنمنٹ کا مجھ پر دباؤ ہے کہ ریاست بہاولپور سے اس مقدمے کو ختم کرادیں، تو اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

سر عمر حیات ٹوانہ نے کہا کہ ہم انگریز کے وفادار ضرور ہیں مگر اپنا دین، ایمان اور عشق

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا تو ان سے سودا نہیں کیا، آپ ڈٹ جائیں اور ان سے کہیں کہ عدالت جو چاہے فیصلہ کرے، میں حق و انصاف کے سلسلے میں اس پر دباؤ نہیں ڈالنا چاہتا۔

چنانچہ مولانا محمد علی جالندھریؒ نے یہ واقعہ بیان کر کے ارشاد فرمایا:

''ان دونوں کی نجات کے لئے اتنی بات کافی ہے؟''

جناب محمد اکبر خان جج مرحوم کو ترغیب و تحریص کے دام تزویر میں پھنسانے کی مرزائیوں نے بہت کوشش کی، لیکن ان کی تمام تدابیر غلط ثابت ہوئیں۔ مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ اس فیصلے کے لئے اتنے بے تاب تھے کہ بیانات کی تکمیل کے بعد جب بہاولپور سے جانے لگے تو مولانا محمد صادق مرحوم سے فرمایا کہ اگر زندہ رہا تو فیصلہ خود سن لوں گا، اور اگر فوت ہو جاؤں تو میری قبر پر آ کر یہ فیصلہ سنا دیا جائے۔ چنانچہ مولانا محمد صادقؒ نے آپ کی وصیت کو پورا کیا۔ آپ نے اپنے آخری ایام علالت میں دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ، طلبہ اور دیگر بہت سے علماء کے مجمع میں تقریر فرمائی تھی، جس میں نہایت دردمندی و دل سوزی سے فرمایا تھا:

''وہ تمام حضرات جن کو مجھ سے بلا واسطہ یا بالواسطہ تلمذ کا تعلق ہے اور جن پر میرا حق ہے، میں ان کو خصوصی وصیت اور تاکید کرتا ہوں کہ وہ عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت و پاسبانی اور فتنہ قادیانیت کے قلع قمع کو اپنا خصوصی وظیفہ بنائیں۔ جو لوگ یہ جانتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کی شفاعت فرمائیں گے، ان کو لازم ہے کہ ختم نبوت کی پاسبانی کا کام کریں۔''

یہ مقدمہ حق و باطل کا عظیم معرکہ تھا۔ جب ۷۔ فروری ۱۹۳۵ء کو فیصلہ صادر ہوا تو مرزائیت کے صحیح خدوخال آشکارا ہو گئے۔ بلاشبہ پوری امت جناب محمد اکبر خان جج مرحوم کی مرہون منت ہے کہ انہوں نے کمال عدل و انصاف، محنت و عرق ریزی سے ایسا فیصلہ لکھا کہ اس کا ایک ایک حرف قادیانیت کے تابوت میں کیل کی طرح پیوست ہو گیا۔ یہ فیصلہ قادیانیت پر برق آسمان و بلائے ناگہانی ثابت ہوا۔ مرزائیوں نے اپنے نام نہاد خلیفہ مرزا بشیر کی سربراہی میں سر ظفر اللہ مرتد سمیت جمع ہو کر اس فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کی سوچ بچار کی لیکن آخر کار اس نتیجے پر پہنچے کہ فیصلہ اتنی مضبوط اور ٹھوس بنیادوں پر صادر ہوا ہے کہ اپیل بھی ہمارے خلاف جائے گی۔

اللہ رب العزت کی قدرت کے قربان جائیں، کفر ہار گیا، اسلام جیت گیا۔ ایک دفعہ پھر جاء الحق وزھق الباطل کی عملی تفسیر اس فیصلہ کی شکل میں امت کے سامنے آ گئی اور مرزائی فبھت الذی کفر کا مصداق ہو گئے۔ اس تاریخ ساز فیصلے نے چار دانگ عالم میں تہلکہ مچا دیا۔ مرزائیوں کی ساکھ روز بروز گرنے لگی۔

تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء

ہندوستان تقسیم ہوا۔ خداداد مملکت پاکستان معرض وجود میں آئی۔ بدنصیبی سے اسلامی مملکت پاکستان کا وزیر خارجہ چودھری سر ظفر اللہ خان قادیانی کو بنایا گیا۔ اس نے مرزائیت کے جنازے کو اپنی وزارت کے کندھوں پر لاد کر اندرون و بیرون ملک اسے متعارف کرانے کی کوشش تیز سے تیز تر کر دی۔ ان حالات میں حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، امیر کاروان احرار کی رگ حمیت اور حسینی خون نے جوش مارا، پوری امت کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ مجاہد ملت حضرت مولانا محمد علی جالندھریؒ، مجاہد اسلام مولانا غلام غوث ہزارویؒ، آپ کا پیغام لے کر ملک عزیز کی نامور دینی شخصیت اور ممتاز عالم دین مولانا ابوالحسنات محمد احمد قادریؒ کے دروازے پر گئے اور اس تحریک کی قیادت کا فریضہ انہوں نے ادا کیا۔ مولانا احمد علی لاہوریؒ، مولانا مفتی محمد شفیعؒ، مولانا خواجہ قمر الدین سیالویؒ، مولانا پیر حضرت غلام محی الدین گولڑویؒ، مولانا عبدالحامد بدایونیؒ، مولانا پیر سر سینہ شریفؒ، مولانا سید محمد داؤد غزنویؒ، شیخ حسام الدین، مولانا صاحبزادہ سید فیض الحسنؒ، مولانا صاحبزادہ افتخار الحسنؒ اور مولانا اختر علی خانؒ، غرضیکہ کراچی سے لے کر ڈھاکہ تک کے تمام مسلمانوں نے اپنی مشترکہ آئینی جدوجہد کا آغاز کیا۔

بلاشبہ یہ برصغیر کی عظیم ترین تحریک تھی، جس میں دس ہزار مسلمانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ایک لاکھ مسلمانوں نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ دس لاکھ مسلمان اس تحریک سے متاثر ہوئے، ہر چند کہ اس تحریک کو مرزائی اور مرزائی نواز اوباشوں نے سنگینوں کی سختی سے دبانے کی کوشش کی مگر مسلمان نے اپنے جذبہ ایمانی سے ختم نبوت کے اس معرکے کو اس طرح سر کیا کہ مرزائیت کا کفر کھل کر سامنے آ گیا۔ تحریک کے ضمن میں انکوائری

کمیشن نے رپورٹ مرتب کرنا شروع کی، عدالتی کارروائی میں حصہ لینے کی غرض سے علماء اور وکلاء کی تیاری، مرزائیت کی کتب کے اصل حوالہ جات کو مرتب کرنا اتنا بڑا کٹھن مرحلہ تھا اور ادھر حکومت نے اتنا خوف و ہراس پھیلا رکھا تھا کہ تحریک کے رہنماؤں کو لاہور میں کوئی رہائش دینے کے لیے تیار نہ تھا۔ جناب حکیم عبدالمجید سیفی نقشبندی مجددیؒ خلیفہ مجاز خانقاہ سراجیہ نے اپنی عمارت واقع بیڈن روڈ لاہور کو رہنماؤں کے لئے وقف کر دیا۔ تمام تر مصلحتوں سے بالائے طاق ہو کر ختم نبوت کے عظیم مقصد کیلئے ان کے ایثار کا نتیجہ تھا کہ مولانا محمد حیاتؒ، مولانا عبدلرحیم اشعرؒ اور رہائی کے بعد مولانا محمد علی جالندھریؒ، مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ اور دوسرے رہنماؤں نے آپ کے مکان پر انکوائری کے دوران قیام کیا اور مکمل تیاری کی۔ ان ایام میں شیخ المشائخ قبلہ حضرت ثانی مولانا محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ بھی وہیں قیام پذیر رہے اور تمام کام کی نگرانی فرماتے رہے۔ ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت کے بعد مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ اور ان کے گرامی قدر رفقاء مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ، مولانا لال حسین اخترؒ، مولانا عبدالرحمٰن میانویؒ، مولانا محمد شریف بہاولپوری، مولانا تاج محمودؒ، مولانا محمد شریف جالندھریؒ اور سائیں محمد حیاتؒ کا یہ عظیم کارنامہ تھا کہ انہوں نے اس الیکشنی سیاست سے کنارہ کش ہو کر خالصتاً دینی و مذہبی بنیاد پر "مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان" کی بنیاد رکھی۔ اس سے قبل مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ، چودھری افضل حقؒ اور خود حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے گرامی قدر رفقاء نے مجلس احرار اسلام کے پلیٹ فارم سے قادیانیت کو جو چرکے لگائے، وہ تاریخ کا ایک حصہ ہیں۔

قادیان میں کانفرنس کر کے چور کا اس کے گھر تک تعاقب کیا۔ نیز مولانا ظفر علی خانؒ اور علامہ محمد اقبالؒ نے تحریر و تقریر کے ذریعے ردِ مرزائیت میں غیر فانی کردار ادا کیا۔ مجلس احرار اسلام کی کامیاب گرفت سے مرزائیت بوکھلا اٹھی۔ مجلس احرار اسلام پر مسجد شہید گنج کا ملبہ گرا کر اسے دفن کرنے کی کوشش کی گئی۔ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی صدر مجلس احرار نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا:

"تحریک مسجد شہید گنج کے سلسلے میں پورے ملک سے دو اکابر اولیاء اللہ ایک حضرت

اقدس مولانا ابوسعد احمد خاں رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے حضرت اقدس شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ نے ہماری رہنمائی فرمائی اور تحریک سے کنارہ کش رہنے کی ہدایت فرمائی۔

حضرت اقدس ابوالسعد احمد خاں رحمۃ اللہ علیہ بانی خانقاہ سراجیہ نے یہ پیغام بھجوایا تھا:

''مجلس احرار تحریک مسجد شہید گنج سے علیحدہ رہے اور مرزائیت کی تردید کا کام رکنے نہ پائے، اسے جاری رکھا جائے، اس لئے کہ اگر اسلام باقی رہے گا تو مسجدیں باقی رہیں گی۔ اگر اسلام باقی نہ رہا تو مسجدوں کو کون باقی رہنے دے گا؟

مسجد شہید گنج کے ملبے کے نیچے مجلس احرار کو دفن کرنے والے انگریز اور قادیانی اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اس لئے کہ انگریز کو ملک چھوڑنا پڑا، جب کہ مرزائیت کی تردید کے لئے مستقل ایک جماعت ''مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان'' کے نام سے تشکیل پا کر قادیانیت کو ناکوں چنے چبوا رہی ہے۔ ان حضرات نے سیاست سے علیحدگی کا محض اس لئے اعلان کیا کہ کسی کو یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ مرزائیت کی تردید اور ختم نبوت کی ترویج کے سلسلے میں ان کے کوئی سیاسی اغراض و مقاصد ہیں۔ چنانچہ ''مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان'' نے مرزائیت کے خلاف ایسا احتسابی شکنجہ تیار کیا کہ مرزائیت مناظرہ، مباہلہ، تحریر و تقریر اور عوامی جلسوں میں شکست کھا گئی۔ جگہ جگہ ختم نبوت کے دفاتر قائم ہونے لگے۔ مولانا لال حسین اختر نے برطانیہ سے آسٹریلیا تک قادیانیت کا تعاقب کیا۔ مرزائیت نے عوامی محاذ ترک کر کے حکومتی عہدوں اور سرکاری دفاتر میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی کوشش و کاوش کی اور وہ انقلاب کے ذریعے اقتدار کے خواب دیکھنے لگے۔

تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء

۱۹۷۰ء کے الیکشن میں چند سیٹوں میں مرزائی منتخب ہو گئے۔ اقتدار کے نشے اور ایک سیاسی جماعت سے وابستگی نے دیوانہ کر دیا۔ وہ حالات کو اپنے لئے سازگار پا کر انقلاب کے ذریعے اقتدار پر قبضہ کی سکیمیں بنانے لگے۔ قادیانی جرنیلوں نے اپنی سرگرمیاں تیز کر دیں۔ اس نشے میں دھت ہو کر انہوں نے ۲۹۔ مئی ۱۹۷۴ء ربوہ (چناب نگر) ریلوے اسٹیشن پر چناب ایکسپریس کے ذریعے سفر کرنے والے ملتان نشتر میڈیکل کالج کے طلبہ پر

قاتلانہ حملہ کیا، جس کے نتیجے میں تحریک چلی۔

مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ ان دنوں ''مجلس ختم نبوت پاکستان'' کے امیر تھے۔ان کی دعوت پر اُمت کے تمام طبقات جمع ہوئے آل پارٹیز مجلس عمل تحفظ ختم نبوت پاکستان تشکیل پائی۔جس کے سربراہ حضرت شیخ بنوریؒ قرار پائے۔امت محمدیہ کی خوش نصیبی کہ اس وقت قومی اسمبلی میں تمام اپوزیشن متحد تھی۔چنانچہ اپوزیشن پوری کی پوری مجلس عمل تحفظ ختم نبوت پاکستان میں شریک ہوگئی۔

رحمتہ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت کا اعجاز ملاحظہ ہو کہ مذہبی و سیاسی جماعتوں نے متحد ہوکر ایک ہی نعرہ لگایا کہ مرزائیت کو غیر مسلم قرار دیا جائے۔

اس وقت قومی اسمبلی میں مفکر اسلام مولانا مفتی محمودؒ، مولانا غلام غوث ہزارویؒ، مولانا شاہ احمد نورانی مدظلہ، مولانا عبدالحقؒ، جناب پروفیسر غفور احمد، مولانا عبدالمصطفیٰ ازہری، مولانا صدر الشہید، مولانا عبدالحکیم اوران کے رفقاء نے ختم نبوت کی وکالت کی۔متفقہ طور پر اپوزیشن کی طرف سے مولانا شاہ احمد نورانی مدظلہ نے مرزائیوں کے خلاف قرارداد پیش کی اور پیپلز پارٹی برسراقتدار طبقہ (حکومت) کی طرف سے دوسری قرارداد جناب عبدالحفیظ پیرزادہ نے پیش کی، جو ان دنوں وزیر قانون تھے۔قومی اسمبلی میں مرزائیت پر بحث شروع ہوگئی۔پورے ملک میں مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ، مولانا عبیداللہ انورؒ، نوابزادہ نصراللہ خان، آغا شورش کاشمیریؒ، علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ، مولانا عبدالقادر روپڑیؒ، مفتی زین العابدین، مولانا تاج محمودؒ، مولانا محمد شریف جالندھری، مولانا عبدالستار خان نیازیؒ، مولانا صاحبزادہ فضل رسول حیدر، مولانا صاحبزادہ فضل رسول حیدر، مولانا صاحبزادہ افتخار الحسنؒ، سید مظفر علی شمسیؒ مولانا علی غضنفر کراورویؒ، مولانا عبدالکریمؒ، پیر شریف، حضرت مولانا محمد شاہ امروٹی اور مولانا عبدالواحدؒ غرضیکہ چاروں صوبوں کے تمام مکاتب فکر نے تحریک کے الاؤ کو ایندھن مہیا کیا۔

اخبارات ورسائل نے تحریک کی آواز کو ملک گیر بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کا دباؤ بڑھتا گیا۔ادھر قومی اسمبلی میں قادیانی ولاہوری گروپوں کے سربراہوں نے اپنا اپنا موقف پیش کیا۔ان کا جواب اور امت مسلمہ کا موقف مولانا سید محمد

یوسف بنوریؒ کی قیادت میں فاتح قادیان مولانا محمد حیاتؒ، مولانا محمد تقی عثمانی، مولانا محمد شریف جالندھریؒ، مولانا عبدالرحیم اشعر، مولانا تاج محمودؒ، مولانا سمیع الحق اور قبلہ مولانا سید انور حسین نفیس رقم نے مرتب کیا۔

اسے قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے چودھری ظہور الٰہی کی تجویز اور دیگر تمام حضرات کی تائید پر قرعہ فال حضرت مولانا مفتی محمودؒ کے نام نکلا۔ جس وقت انہوں نے یہ محضر نامہ پڑھا، قادیانیت کی حقیقت کھل کر اسمبلی کے ارکان کے سامنے آ گئی۔ مرزائیت پر اوس پڑ گئی۔

نوے دن کی شب و روز مسلسل محنت و کاوش کے بعد جناب ذوالفقار علی بھٹو کے عہد اقتدار میں متفقہ طور پر ۷۔ستمبر ۱۹۷۴ء کو نیشنل اسمبلی آف پاکستان نے عبدالحفیظ پیرزادہ کی پیش کردہ قرارداد کو منظور کیا اور مرزائی آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار پائے۔ **الحمد لله رب العالمين حمداً كثيراً طيباً مباركاً فيه كما يحب ربنا ويرضىٰ۔**

تحریک ختم نبوت ۱۹۸۴ء

۱۷۔ فروری ۱۹۸۳ء کو محمد اسلم قریشی مجلس تحفظ ختم نبوت سیالکوٹ کو مبینہ طور پر مرزائی سربراہ مرزا طاہر کے حکم پر مرزائیوں نے اغوا کیا۔ جس کے رد عمل میں پھر تحریک منظم ہوئی۔ شیخ الاسلام مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کی رحلت کے بعد سے اس وقت تک ''مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان'' کی امارت کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر ہے۔ اس لئے آل پارٹیز مرکزی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت پاکستان کی امارت بھی فقیر کے حصے میں آئی۔ اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ فضل ہے جس نے جناب محمد مصطفٰے، احمد مجتبٰے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت و ناموس کے تحفظ کے سلسلے میں امت محمدیہ کے تمام طبقات کو اتفاق و اتحاد نصیب کر کے ایک لڑی میں پرو دیا اور یوں ۲۶۔ اپریل ۱۹۸۴ء کو امتناع قادیانیت آرڈیننس صدر مملکت جناب جنرل محمد ضیاء الحق صاحب کے ہاتھوں جاری ہوا۔ قادیانیت کے خلاف آئینی طور پر جتنا ہونا چاہیے تھا اتنا نہیں ہوا۔ لیکن جتنا ہوا اتنا آج تک کبھی نہیں ہوا تھا۔

آج اللہ رب العزت کا فضل و کرم ہے کہ ''مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان'' عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بن چکی ہے اور چار دانگ عالم میں رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

عزت وناموس کے پھریرے کو بلند کرنیکی سعادتوں سے بہرہ ور ہو رہی ہے۔ دنیا کے تمام براعظموں میں ختم نبوت کا کام وسیع سے وسیع تر ہو رہا ہے۔

ایک بدیہی حقیقت

لیکن یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ ان تمام تر کامیابیوں و کامرانیوں میں ''مقدمہ بہاولپور'' کا بہت بڑا حصہ ہے۔ ختم نبوت کے محاذ پر مضبوط بنیاد اور قانونی و اخلاقی بالادستی قادیانیت کے خلاف اسی مقدمہ نے مہیا کی ہے، فیصلہ مقدمہ بہاولپور کئی بار شائع ہوا۔ علمائے کرام کے عدالتی بیانات بھی متعدد بار شائع ہوئے، لیکن ضرورت اس امر کی تھی کہ اس مقدمہ کی تمام تر کارروائی حضرات علمائے کرام کی شہادتیں، بیانات، دلائل اور حقائق مرزائی وکیلوں کے جواب میں بطور جواب الجواب بیانات، جو عدالت کے ریکارڈ پر تھے اور جرح و بحث کی تمام تر تفصیلات سامنے آئیں تاکہ علوم و حقائق کے بے بہا سمندر سے دنیائے اسلام فیضیاب ہو۔ یہ سب کچھ عدالت کے ریکارڈ میں مخفی خزانے کی طرح پوشیدہ تھا، حالانکہ فیصلہ مقدمہ بہاولپور کی ابتدائی اشاعت کے وقت ہی مولانا محمد صادقؒ نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ تمام تر کارروائی کو شائع کیا جائے گا۔ لیکن کل امر مرھون باوقاتھا۔ یہ کام آج تک پورے طور پر نہ ہوسکا تھا۔ اللہ رب العزت نے غیب سے اہتمام فرمایا۔ اسلامی درد اور جذبہ رکھنے والے حضرات کو اللہ رب العزت نے اس کام کی طرف متوجہ کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اسلامک فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی۔ ساٹھ برس کی طویل مدت گزرنے کے بعد روداد مقدمہ حاصل کرنا اور اہل علم حضرات کے لئے مرتب کر کے پیش کرنا کوئی معمولی کام نہ تھا۔ قدرت الٰہی نے دستگیری فرمائی۔ ان حضرات نے محنت کی۔ کاروان اپنی منزل کی طرف بڑھتا رہا۔ منزل قریب ہوتی رہی۔ مقدمے کی تمام کارروائی حاصل ہوگئی۔ اس کی ترتیب کا کام شروع ہوگیا۔ اسلامک فاؤنڈیشن کے نمائندوں نے اس بارے میں طویل ترین تکلیف دہ سفر برداشت کر کے ملتان عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دفتر مرکزیہ میں اصل مرزائی کتب سے حوالہ جات کو بار بار پڑھا، فوٹوسٹیٹ حاصل کیے، شب و روز محنت و عرق ریزی کے بعد اسے کتابت کے لیے دیا گیا تاآنکہ اس وقت دو ہزار سے زائد صفحات پر مشتمل یہ مجموعہ تیار ہو

کر منصۂ شہود پر آ گیا ہے۔ اسلامک فاؤنڈیشن کے حضرات کی روشن دماغی اور اپنے مشن سے اخلاق کی بدولت ملک عزیز کے نامور عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد مالک کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان حضرات کی سرپرستی فرمائی۔ ان جیسے متبحر عالم حق کی سرپرستی ہی اس تاریخی دستاویز کی صحت و توثیق کے لئے سند کا درجہ رکھتی ہے۔

اس تاریخی دفینے اور علم و معرفت کے عظیم خزینے کو مرتب کر کے پیش کرنا بلاشبہ اسلامک فاؤنڈیشن کا ایک تاریخی، گرانقدر کارنامہ ہے جس پر پوری امت کو ان کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ انہوں نے پوری امت کی طرف سے فرض کفایہ ادا کر دیا ہے۔

قادیانیت جس طرح آج پوری دنیا میں رسوائی کا شکار ہے، اس کی بنیاد ہی اسی مقدمے نے مہیا کی تھی اور اب قادیانیت کا اختتام بھی اسی مقدمے کی اشاعت سے ہی ہوگا۔

آخری گزارش

ختم نبوت سے وحدت امت کا راز وابستہ ہے۔ فتنہ انکار ختم نبوت ملی وحدت کو پارہ پارہ کرنیکی ناپاک استعماری سازش تھی۔ آج کے تمام طبقات و مکاتب فکر مل کر ہی باہمی اتحاد و اعتماد سے اس فتنہ کو ختم کر سکتے ہیں۔

اللہ رب العزت کا فضل و کرم ہے کہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے اپنے اکابر کی اس سنت کو زندہ رکھنے کی حکمت عملی کو اپنایا ہوا ہے کہ مسئلہ ختم نبوت کسی ایک فرقے کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ پوری امت کا مشترکہ مسئلہ ہے۔ اس میں کوشش و کاوش اور اجتماعی طور پر بڑھ چڑھ کر حصہ لینا تمام مسلمانوں کے لئے انتہائی ضروری ہے اور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا باعث ہے۔

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ، مولانا محمد علی مونگیریؒ، مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ، مولانا انور شاہ کشمیریؒ، مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوریؒ، حضرت اقدس مولانا ابوالسعد احمد خانؒ، بانی خانقاہ سراجیہ، حضرت مولانا محمد عبداللہؒ خانقاہ سراجیہ، مولانا تاج محمود امروٹیؒ، مولانا غلام محمد دین پوریؒ، مولانا رسول خان صاحبؒ، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ، حضرت پیر جماعت علی شاہ شہیدؒ، پیر آف پگاڑہ شریف، حضرت حافظ پیر جماعت علی شاہ، حضرت پیر جماعت علی شاہ لاثانی رحمۃ اللہ

تعالیٰ علیہم اجمعین تکوینی طور پر اس محاذ کے انچارج تھے۔

مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ نے اپنے شاگردوں کی ایک جماعت مرزائیت کے تعاقب کے لئے تشکیل دی تھی، جس میں حضرت مولانا بدر عالمؒ ، حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی، حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ ، حضرت مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوریؒ، مولانا محمد علی جالندھریؒ اور حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ جیسے حضرات شامل تھے جو قادیانیت سے تحریری وتقریری مقابلے کرتے تھے۔ اللہ رب العزت سب پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

اللہ رب العزت کا فضل واحسان ہے کہ ۱۹۷۴ء میں مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید مولانا محمد یوسف بنوریؒ نے قیادت وسیادت کا فریضہ سرانجام دیا۔ جب کہ مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم کے صاحبزادے مولانا محمد تقی عثمانی آپ کے ساتھ تھے۔ آج مولانا محمد انور شاہ کشمیری ہی کے شاگرد مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ کے صاحبزادے مولانا محمد مالک کاندھلوی کی سرپرستی میں یہ عظیم معرکہ سر کیا گیا ہے۔

کروڑوں رحمتیں ہوں ان تمام مقدس حضرات پر جن کی شب ورز کی اخلاص بھری محنت رنگ لائی۔ آج قادیانی پوری دنیا میں روسیاہ ہو رہے ہیں۔ مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ کا ایک کشف ہے کہ:

”ایک وقت آئے گا کہ پوری دنیا میں مرزائیت نام کی کوئی چیز تلاش کرنے کے باوجود نہیں ملے گی۔“

وہ وقت قریب آن پہنچا ہے کہ مرزائیت کا فتنہ دنیا سے نیست ونابود ہونے والا ہے۔ اسلامیان عالم ہمت کریں۔ آگے بڑھیں، منزل قریب تر ہے۔ رحمت حق انتظار کر رہی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا مژدہ جاں فزا ملنے والا ہے۔ اللہ رب العزت ہماری ان حقیر محنتوں کو اخلاص کی دولت سے مالا مال فرما کر اپنی رضا کا سبب بنائے۔ آمین ثم آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمدلله رب العالمين والصلوٰة والسلام على رسوله النبى الكريم و على آله و صحبه و اتباعه اجمعين برحمتک يا ارحم الراحمين. آمين. آمين. آمين۔

نوٹ: ذیل کا مضمون حافظ نذیر احمد صاحب نقشبندی گوجرانوالہ کا مرتب کردہ شامل اشاعت ہے جو یہ ہے۔)

مجلس تحفظ ختم نبوۃ کا قیام

قیام پاکستان کے ساتھ ہی حضرت امیر شریعتؒ نے مجلس تحفظ ختم نبوت کے نام سے قادیانیت کے احتساب کا عمل تیز کر دیا تھا۔

۱۹۵۲ء میں کوئٹہ کے اجلاس میں قادیانیوں کے نام نہاد خلیفہ مرزا محمود نے اعلان کیا کہ ہم ۱۹۵۲ء میں تمام بلوچستان کو احمدی صوبہ بنا دیں گے۔ یہ اعلان حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے والہانہ عقیدت رکھنے والے علمائے کرام پر صاعقہ بن کر گرا۔ اب اس بات کی ضرورت تھی کہ اس فتنے کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک مستقل جماعت ہو جبکہ اس فتنے کی سرپرستی امریکہ، فرانس، برطانیہ، اسرائیل اور روس وغیرہ تمام غیر مسلم کر رہے تھے۔ ان حالات میں بطل حریت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قدم اٹھایا۔ علماء کو اکٹھا کیا اور مجلس تحفظ ختم نبوت کا باضابطہ قیام فرمایا۔ جس کا مقصد عقیدہ ختم نبوت کی ترویج اور فتنہ قادیانیت کی سرکوبی اور مسلمانوں کو اس فتنے کے جال سے بچانا تھا جو کہ قادیانی تعلیم یافتہ نوجوان کو نوکری اور چھوکری کے لالچ میں ورغلا کر دین وایمان سے خالی کر رہے تھے۔ اس جماعت کی بے سروسامانی اور جماعت کے رہنماؤں کے توکل علی اللہ کی انتہاء دیکھئے کہ قادیانیت جس کی سرپرستی بیک وقت کئی سلطنتیں کر رہی تھیں، مجلس کے لیے دفتر کرائے پر لیا گیا اور کام شروع کر دیا گیا۔ پورے پاکستان میں قادیانیوں کا تعاقب کیا گیا۔ عوام الناس کو اس فتنے کے عقائد وعزائم سے آگاہ کیا گیا۔ ملک گیر تحریکیں چلائی گئیں۔

تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء سے فارغ ہوتے ہی مجلس تحفظ ختم نبوت کا دستور مرتب کیا گیا اور باضابطہ انتخاب کرایا گیا چنانچہ:

۱:...... ۱۶۔ ربیع الثانی ۱۳۷۴ھ بمطابق ۱۳۔ دسمبر ۱۹۵۴ء کو حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ امیر اول مقرر ہوئے۔

۲:...... ۱۲۔ شوال المکرّم ۱۳۸۲ھ بمطابق ۹۔ مارچ ۱۹۶۳ء کو حضرت مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ امیر دوم مقرر ہوئے۔

۳:...... ۹۔ شعبان ۱۳۸۶ھ بمطابق ۲۳۔ نومبر ۱۹۶۶ء کو حضرت مولانا محمد علی

جالندھریؒ امیر سوم مقرر ہوئے۔

۴:.....۲۴۔صفر ۱۳۹۱ھ بمطابق ۱۲۔اپریل ۱۹۷۱ء کو حضرت مولانا لال حسین اخترؒ امیر چہارم مقرر ہوئے۔

۵:.....۲۹۔ربیع الثانی ۱۳۹۲ھ بمطابق ۱۱۔جون ۱۹۷۳ء کو حضرت مولانا محمد حیاتؒ امیر پنجم مقرر ہوئے۔

۶:.....۵۔ربیع الاول ۱۳۹۴ھ بمطابق ۹۔اپریل ۱۹۷۴ء کو سید محمد یوسف بنوریؒ امیر ششم مقرر ہوئے۔

۷:.....۵۔ربیع الاول ۱۳۹۴ھ بمطابق ۹۔اپریل ۱۹۷۴ء کو قبلہ حضرت مولانا خان محمد صاحب مدظلہ العالی نائب امیر اول مقرر ہوئے۔

۸:.....۳۔ذیقعدہ ۱۳۹۷ھ بمطابق ۱۷۔اکتوبر ۱۹۷۷ء کو قبلہ حضرت مولانا خان محمد صاحب مدظلہ العالی امیر ہفتم مقرر ہوئے۔

یہ تمام حضرات اپنے اپنے دور امارت میں بھرپور جدوجہد کرتے رہے جس کے نتیجے میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ اور (حضرت قبلہ مولانا ابوالخلیل) خان محمد صاحب مدظلہم العالی کے دور میں عظیم الشان کامیابیاں عطا فرمائیں۔

۱:.....۱۹۷۴ء میں ختم نبوت تحریک چلائی گئی جس کے نتیجے میں پاکستان کی منتخب اسمبلی نے مسلمانوں کا دیرینہ مطالبہ تسلیم کر کے قادیانیوں کے کفریہ عقائد کی بناء پر انہیں ۷۔ستمبر ۱۹۷۴ء کو غیر مسلم قرار دیا۔

۲:.....قومی اسمبلی پاکستان کے ۷۔ستمبر ۱۹۷۴ء کے تاریخ ساز فیصلے کے بعد عالم اسلام نے حکومت پاکستان کو مبارکباد کے تار دیئے اور اکثر اسلامی ممالک نے یکے بعد دیگرے قادیانیوں کے غیر مسلم ہونے کے فیصلے پر پاکستان کا ساتھ دیا اور اپنے اپنے ممالک میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا۔

۳:.....جنوری ۱۹۷۵ء میں چناب نگر (ربوہ کو کھلا شہر قرار دیا گیا جو کہ پاکستان کے بننے سے لے کر اس وقت تک قادیانیوں کی ریاست تھی اور کوئی مسلمان وہاں نہیں جا سکتا تھا۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ کہ جنوری ۱۹۷۵ء کا پہلا جمعہ ''مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان'' کے مبلغ نے دفتر ٹاؤن کمیٹی کے باہر لان میں پڑھایا۔

۴:......حکومت نے مسلم کالونی چناب نگر کے لئے کافی رقبہ مختص کیا جس میں مساجد، ڈاکخانہ اور سکولز کے لئے پلاٹ تھے، مجلس کو ۹ کنال اراضی برائے تعمیر جامع مسجد و مدرسہ عربیہ الاٹ کر کے قبضہ دے دیا۔ ریلوے اسٹیشن پر مجلس نے عظیم الشان مسجد محمدیہ تعمیر کی اور ۹ کنال اراضی پر بھی مسلم کالونی میں مدرسہ اور مسجد تعمیر کی جو الحمدللہ چناب نگر (ربوہ) میں اہل اسلام کی سب سے بڑی مسجد ہے۔ دومنزلہ مدرسہ کی عمارت ہے۔ سینکڑوں مسافر بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ بچیوں کے لئے علیحدہ تعلیم کا انتظام ہے۔ یہ مدرسہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق ہے۔ مسلم کالونی چناب نگر میں دار المبلغین کا شعبہ قائم ہے۔ ہر سال ۵ سے ۲۸ شعبان تک سینکڑوں طلباء کو رد قادیانیت کا کورس کرایا جاتا ہے۔ ہزاروں علماء وطلباء اس سے فیضیاب ہو چکے ہیں۔

۵:......اسی سال جداگانہ انتخاب کا طریقہ رائج ہوا۔ مجلس کی مساعی سے قادیانیوں کے ہر دو فریق لاہوری اور قادیانی کے لیے علیحدہ اقلیت کے ووٹ فارم طبع ہوئے اور مسلمانوں کے ووٹ فارم پر ترمیم ۱۹۷۴ء کے الفاظ کا حلف نامہ دیا گیا۔

اس کے بعد قبلہ حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد صاحب مدظلہ العالی کے دور میں اللہ تعالیٰ نے مزید بے شمار کامیابیاں عطا فرمائیں۔

۶:......چناب نگر (ربوہ) میں پہلی ختم نبوت کانفرنس ۲۔۷ ستمبر ۱۹۸۲ء کو مسلم کالونی (ربوہ) میں منعقد ہوئی۔ جس میں دیوبندی، بریلوی، شیعہ اور اہلحدیث سمیت تمام دینی جماعتوں کے سربراہ اور نمائندگی کے سربراہ اور نمائندگان سندھ، سرحد، بلوچستان اور پنجاب کے نامور خطیب و سجادہ نشین اور مشائخ کرام، اکابرین ملت، جج، وکلاء، دانشور، صحافی اور سعودی عرب کے مشائخ و نمائندگان وفاقی کونسل کے اراکین حکومت پاکستان کے نمائندگان شریک ہوئے۔ چناب نگر (ربوہ) کی تاریخ میں یہ پہلی مثالی کانفرنس ہوئی۔ اتحاد امت مسلمہ کا زبردست مظاہرہ ہوا۔ الحمدللہ ۱۹۸۲ء سے لے کر آج تک ہر سال نہایت شان و شوکت کے ساتھ بدستور اکتوبر میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس یہاں منعقد ہو رہی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ ہوتی رہے گی۔

۷:......قیام پاکستان ۱۹۴۷ء سے لے کر ۱۹۸۳ء تک ہر سال چناب نگر (ربوہ) میں مرزائیوں کا سالانہ اجتماع ہوتا تھا، اس پر پابندی لگ گئی، اور وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند کر دیا گیا۔

۸:......مجلس تحفظ ختم نبوت کے ساتویں امیر قبلہ حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد صاحب

مدظلہ کی زیر قیادت ۱۹۸۴ء میں تیسری بار تحریک ختم نبوت چلی۔ بالآخر صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے ۲۶۔ اپریل ۱۹۸۴ء کو ایک آرڈیننس جاری کیا جس کے ذریعے قادیانیوں کو مسلمان کہلانے، اذان دینے، اپنی عبادت گاہوں کو مسجد کہنے اور اسلامی شعائر کے استعمال سے روک دیا گیا۔ نیز ان کی تبلیغی وارتدادی سرگرمیوں پر پابندی لگادی گئی۔

۹:...... یکم مئی ۱۹۸۴ء کو ختم نبوت کے سب سے بڑے مجرم اور قادیانی جماعت کے سربراہ مرزا طاہر نے پاکستان سے مجرمانہ اور بزدلانہ طور پر فرار ہوکر لندن میں اپنے اصلی آقاؤں انگریزان برطانیہ کے پاس پناہ لی اور وہاں اپنی شیطنت کا سلسلہ شروع کیا۔

۱۰:...... قادیانیت کے تعاقب میں مجلس تحفظ ختم نبوت کے تین وفد یکے بعد دیگرے ۱۹۸۵ء میں لندن گئے۔ جن میں تحفظ ختم نبوت کے امیر قبلہ حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد صاحب مدظلہ العالی، مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ، نائب امیر مجلس تحفظ ختم نبوت، مولانا صاحبزادہ حافظ محمد عابدؒ، مولانا منظور احمد الحسینیؒ، عبدالرحمٰن یعقوب باوا، اور مولانا اللہ وسایا ناظم مجلس تحفظ ختم نبوت شامل تھے۔ ہر سہ وفود نے لندن سے گلاسگو تک پورے انگلستان کا دورہ کیا۔ ہر مقام پر عظیم الشان اجتماع ہوئے۔ اس طرح انگلستان کے لاکھوں مسلمانوں تک عقیدہ ختم نبوت کا پیغام پہنچایا گیا اور فتنہ قادیانیت کے مکروہ عزائم سے آگاہ کیا گیا۔

۱۱:...... ۸۶، ۱۹۸۵ء میں حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، حضرت مولانا عبدالرحیم اشعر، الحاج عبدالرحمٰن یعقوب باوا، حضرت مولانا اللہ وسایا، حضرت مولانا منظور احمد الحسینی، ان حضرات نے فتنہ قادیانیت کے سلسلے میں برطانیہ، موریشس، ڈنمارک، سویڈن، ناروے، کینیڈا، اسپین، فرانس اور جنوبی افریقہ، سعودی عرب، عرب امارات خاص طور پر ابوظہبی اور قطر کا تبلیغی دورہ کیا۔

حضرت قبلہ مولانا خان محمد صاحب مدظلہ العالی امیر مرکزیہ اور حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ نائب امیر بھی وفد کی معاونت کے لئے بعض ممالک میں تشریف لے گئے۔ ہر ملک میں عام اجتماعات سے خطاب ہوئے، تعلیمی لیکچرز ہوئے اور مساجد میں حلقہ ہائے درس قائم کئے گئے اور خصوصی مجالس منعقد ہوئیں، جن میں سوالات وجوابات کا سلسلہ ہوتا رہا۔ ان مجالس کی خصوصیت یہ تھی کہ قادیانی بھی کثیر تعداد میں شریک ہوئے اور سوالات و جوابات کا سلسلہ ہوتا رہا، چنانچہ بہت سے متذبذب لوگ پختہ مسلمان ہوگئے اور کچھ قادیان مطمئن ہوکر مسلمان ہوگئے۔ الحمدللہ

اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کوئی بھی ایسا براعظم نہیں جہاں مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام تحفظ عقیدہ ختم نبوت کا کام نہ ہورہا ہو۔ یورپ، ایشیاء، جنوبی امریکہ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا، افریقہ گویا چہار دانگ عالم میں رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وناموس کے تحفظ کا شرف مجلس تحفظ ختم نبوت کو حاصل ہے اوراسی لیے اس کا نام عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت رکھ لیا گیا ہے۔

ناموس رسالت کا تحفظ اور عقیدہ ختم نبوت کی پاسبانی نہایت ہی عظیم الشان اور مبارک کام ہے۔ نبوت ورسالت کی ابتداء سیدنا آدم علیہ السلام سے ہوئی اوراس کی تکمیل وخاتمیت تاجدار ختم نبوت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کی ذات گرامی پر ہوئی۔ سیدنا آدم علیہ السلام سب سے پہلے نبی اور ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آخری نبی ورسول ہیں۔ آپ کے بعد اب قیامت تک کسی کو منصب نبوت ورسالت عطا نہیں کیا جائے گا۔ ختم نبوت کا عقیدہ اُمت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کا چودہ سو سالہ متفقہ عقیدہ ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کے مبارک زمانہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی توحید کو پھیلانے، شرک وکفر کو مٹانے اوراسلام کی تبلیغ کے لئے جتنی لڑائیاں اور جنگیں ہوئیں، ان سب میں شہید ہونے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعداد تقریباً ۲۵۹ کے لگ بھگ ہے۔ جب کہ زمانہ خلافت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، میں جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اوراس کے ہم خیال منکرین ختم نبوت کی سرکوبی اور عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے جو جنگ لڑی گئی صرف اس ایک جنگ میں مرتبہ شہادت سے سرفراز ہونے والے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعداد ۱۲۰۰ سے زیادہ تھی۔ جن میں ۷۰۰ شہداء حفاظ وقراءِ قرآن کریم تھے۔ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ صحابہ کرام کو پورے اسلام کے دفاع کے لئے اتنی قربانی نہیں دینی پڑی جتنی صرف عقیدہ ختم نبوت کے لئے دینی پڑی۔

وہ لوگ حق تعالیٰ شانہ کا شکرادا کریں جن کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس مبارک کام پر لگایا۔ وہ قرآن کی بشارت **یحبھم و یحبونہ** اللہ سبحانہ و تعالیٰ ان سے محبت فرماتے ہیں، اوروہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے محبت رکھتے ہیں کے مصداق ہیں۔ اوروہ دنیا میں بھی آنحضرت ختمی مرتبت صلی

اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصی عنایات والطاف کا مورد ہیں اور آخرت میں بھی انشاءاللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اور حق تعالیٰ شانہ کی رحمت ورضوان کی دولت سے مالا مال ہوں گے۔ کیونکہ ان کے سرکردہ اور مقتدا حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔حق تعالیٰ شانہ ان سب کو پوری امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائیں۔دنیا وآخرت میں ان کو اپنے الطاف کریمانہ سے نوازیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم کی شفاعت وعنایات انہیں نصیب فرمائیں۔آمین!بحرمة نبی الکریم علیہ وعلیٰ آلہ التسلیم۔

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

آپ آئینہ جلوۂ کبریا
عکس نور خدا آپ کی ذات ہے
آپ ہادی بھی ہیں آپ برہان بھی
آپ قاری بھی ہیں آپ قرآن بھی
کوئی عالم ہو انسانیت کے لئے
رہبر و رہنما آپ کی ذات ہے
آپ شاہد بھی ہیں آپ مشہود بھی
آپ حامد بھی ہیں آپ محمود بھی
حرف آخر ہے جو حشر تک کیلئے
خاتم الانبیاء آپ کی ذات ہے
تاج سر پر سجا کس کے لولاک کا
کس کو مژدہ ملا سیر افلاک کا
کون محرم ہوا سدرہ پاک کا
شاہد منتہیٰ آپ کی ذات ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فیصلہ مقدمہ بہاولپور

تقریب

بہاولپور شمالی پنجاب کی ریاستوں میں سے سب سے بڑی اسلامی ریاست ہے۔ جس کو معدلت گستر تاجدار عباسی نواب حاجی سر صادق محمد خان صاحب بالقابہ ادام اللہ اقبالہ وملکہ کی قلمرو ہونے کا فخر حاصل ہے۔ یہ بصیرت افروز فیصلہ اس سرزمین معدلت آئین کے ایک روشن ضمیر دقیق النظر فاضل جج کی کامل دو سال کی تحقیق شرعی کا صحیح نتیجہ ہے۔

جب مسل مقدمہ ہذا عدالت عالیہ دربار معلے سے بایں حکم عدالت ڈسٹرکٹ جج صاحب میں واپس ہوئی کہ مستند مشاہیر علماء ہند کی شہادت لے کر بروئے احکام شرح شریف فیصلہ کیا جاوے تو صاحب ممدوح نے علامۃ العصر حضرت شیخ الجامع صاحب وحضرت مولانا محمد حسین صاحب کولوتارڑ مبلغ اسلام کی شہادت لینے کے بعد فریقین کو اپنے اپنے مسلک کے مستند اور مشاہیر علماء کو بغرض شہادت پیش کرنے کا حکم دیا۔

مدعیہ کی طرف سے شہادت کے لئے شیخ الاسلام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب (رحمۃ اللہ علیہ)، حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن صاحب چاند پوری، حضرت مولانا محمد نجم الدین صاحب پروفیسر اورینٹل کالج لاہور و مولانا محمد شفیع صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند پیش ہوئے۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تشریف آوری نے تمام ہندوستان کی توجہ کے لئے جذب مقناطیسی کا کام کیا۔ اسلامی ہند میں اس مقدمہ کو غیر فانی

شہرت حاصل ہوگئی۔ حضرات علماء کرام نے اپنی اپنی شہادتوں میں علم وعرفان کے دریا بہائے اور فرقہ ضالہ مرزائیہ کا کفر وارتداد روز روشن کی طرح ظاہر کر دیا اور فریق مخالف کی جرح کے نہایت مسکت جواب دیئے۔ خصوصاً حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی شہادت میں ایمان، کفر، نفاق، زندقہ، ارتداد، ختم نبوت، اجماع، تواتر، متواترات کے اقسام وحی، کشف، الہام کی تعریفات اور ایسے اصول وقواعد بیان فرمائے جن کے مطالعہ سے ہر ایک انسان علیٰ وجہ البصیرت بطلانِ مرزائیت کا یقین کامل حاصل کر سکتا ہے۔

پھر فریق ثانی کی شہادت شروع ہوئی مقدمہ کی پیروکاری اور شہادت پر جرح کرنے اور قادیانی دجل وتزویر کو آشکارا کرنے کے لئے شہرۂ آفاق مناظر حضرت مولانا ابوالوفاء صاحب نعمانی، شاہجہان پوری تشریف لائے۔ مولانا موصوف مختار مدعیہ ہو کر تقریباً ڈیڑھ سال مقدمہ کی پیروکاری فرماتے رہے۔ فریق ثانی کی شہادت پر ایسی باطل شکن جرح فرمائی جس نے مرزائیت کی بنیادوں کو کھوکھلا اور مرزائی دجل وفریب کے تمام پردوں کو پارہ پارہ کر کے فرقہ مرزائیہ ضالہ کا ارتداد آشکار عالم کر دیا۔ فریقین کی شہادت کے ختم ہونے کے بعد مولانا موصوف نے مقدمہ پر بحث پیش کی اور فریق ثانی کی تحریری بحث کا تحریری جواب الجواب نہایت مفصل اور جامع پیش کیا کامل دوسال کی تحقیق وتنقیح کے بعد عالی جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب بہادر نے اس تاریخی مقدمہ کا بصیرت افروز فیصلہ ۷۔ فروری ۱۹۳۵ء کو بحق مدعیہ سنایا۔ یہ فیصلہ اپنی جامعیت اور قوت استدلال کے لحاظ سے یقیناً بے نظیر وبے بدیل ہے۔

نقل تجویز اخیر باجلاس عالی جناب منشی محمد اکبر خان صاحب (بی۔اے، ایل۔ایل۔بی)

ڈسٹرکٹ جج ضلع بہاولنگر ریاست بہاولپور

مسماۃ غلام عائشہ بنت مولوی الٰہی بخش ذات ملانہ عمر 18/19 سال سکنہ احمد پور شرقیہ بمختاری الٰہی بخش ولد محمود ذات ملانہ ساکن احمد پور شرقیہ معلم مدرسہ عربیہ

(**بنام**) عبدالرزاق ولد مولوی جان محمد ذات باجہ عمر ۲۳ سال ساکن موضع مہند تحصیل احمد پور شرقیہ، حال مقیم میلسی شہر گنج ریڈر سب ڈویژن انہار میلسی ضلع ملتان (دعویٰ

دلانے ڈگری استقرار یہ مشعر تنسیخ نکاح فریقین بوجہ ارتداد وشوہرم مدعا علیہ

واقعات مختصراً یہ ہیں۔ کہ مولوی الٰہی بخش والد مدعیہ اور مولوی عبدالرزاق مدعا علیہ باہمی رشتہ دار ہیں اور ابتداءً یہ دونوں علاقہ ڈیرہ غازی خان میں رہتے تھے۔ عبدالرزاق کی ہمشیرہ مولوی الٰہی بخش سے بیاہی ہوئی تھی۔ اور مولوی الٰہی بخش نے اپنی لڑکی مسماۃ غلام عائشہ مدعیہ کا نکاح اس کے ایام نابالغی میں عبدالرزاق مدعا علیہ سے کر دیا تھا۔

اس نے اپنے سابقہ اعتقادات سے انحراف کر کے مرزائی مذہب اختیار کر لیا اور وہاں اپنے قادیانی۔ مرزائی ہونے کا اعلان بھی کرتا رہا۔ اس کے بعد اس نے مولوی الٰہی بخش سے مدعیہ کے رخصتانہ کے متعلق استدعا کی۔ تو اس نے یہ جواب دیا کہ جب تک وہ مرزائی مذہب ترک نہ کرے گا مدعیہ کا بازو اس کے حوالہ نہیں کیا جائے گا۔

مدعیہ کے اس رخصتانہ کے سوال پر والد مدعیہ اور مدعا علیہ کے درمیان کشیدگی پیدا ہوگئی۔ اور والد مدعیہ نے مدعیہ کی طرف سے بحیثیت اس کے مختار کے ۲۴۔ جولائی ۱۹۲۶ء کو مدعا علیہ کے خلاف یہ دعویٰ بدیں بیان دائر کیا کہ مدعیہ اب تک نابالغ رہی ہے۔ اب عرصہ دو سال سے بالغ ہوئی ہے۔ مدعا علیہ ناکح مدعیہ نے مذہب اہل سنت والجماعت ترک کر کے قادیانی' مرزائی مذہب اختیار کر لیا ہے اور اس وجہ سے وہ مرتد ہو گیا ہے۔ اس کے مرتد ہو جانے کے باعث مدعیہ اب اس کی منکوحہ نہیں رہی۔ کیونکہ وہ شرعاً کافر ہو گیا ہے اور بموجب احکام شرع شریف بوجہ ارتداد مدعا علیہ مدعیہ مستحق انفراق زوجیت ہے۔ اس لئے ڈگری تنسیخ نکاح بحق مدعیہ صادر کی جاوے اور یہ قرار دیا جائے۔ کہ مدعیہ بوجہ مرزائی ہو جانے مدعا علیہ کے اس کی منکوحہ جائز نہیں رہی اور نکاح بوجہ ارتداد مدعا علیہ قائم نہیں رہا۔

مدعا علیہ نے اس کے جواب میں یہ کہا ہے کہ اس نے کوئی مذہب تبدیل نہیں کیا اور نہ ہی وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے بلکہ وہ بدستور مسلمان اور احکام شرعی کا پورا پابند ہے۔ احمدی کوئی علیحدہ مذہب نہیں' نہ وہ مرزائی ہے نہ قادیانی نکاح ہر صورت میں جائز اور قابل تکمیل ہے۔ عقائد احمدیہ کی وجہ سے جو صلاحیت مذہبی کی طرف رجوع دلاتے ہیں وہ مرتد نہیں ہو جاتا۔ عدالت عالیہ چیف کورٹ بہاولپور' مدارس اور دیگر ہائی کورٹوں سے یہ امر

فیصلہ پا چکا ہے کہ جماعت احمدیہ کے مسلمان اصلاح یافتہ فرقہ میں سے ہے۔ مرتد یا کافر نہیں ہیں۔ دعویٰ ناجائز اور قابل اخراج ہے۔

یہ دعویٰ ابتداءً منصفی احمد پور شرقیہ میں دائر ہوا تھا۔ منصف صاحب احمد پور شرقیہ نے فریقین کے مختصر سے بیانات قلمبند کرنے کے بعد ۲۴۔ نومبر ۱۹۲۶ء کو حسب ذیل امور تنقیح طلب قرار دیئے۔

ا- کیا مدعا علیہ مذہب قادیانی یا مرزائیت اختیار کر چکا ہے اور اس لئے ارتداد لازم آتا ہے۔

مدعا علیہ نے ۵۔ دسمبر ۱۹۲۶ء کو یہ بیان کیا کہ یہ درست ہے کہ وہ مرزا غلام احمد صاحب کو مسیح موعود تسلیم کرتا ہے۔ اور ساتھ ہی انہیں نبی بھی مانتا ہے۔ اس معنے میں کہ مرزا صاحب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم) کے تابعدار ہیں۔ اور آپ کی شریعت کے پیرو ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی کی وجہ سے آپ نبوت کے درجہ پر فائز ہوئے اور اس وقت تک اس کا یہی اعتقاد ہے۔ گویا وہ سلسلہ احمدیت میں منسلک ہو چکا ہے۔ اس لئے وہ یہ بھی مانتا ہے کہ ان پر بمثل دیگر انبیاء علیہم السلام کے نزول ملائکہ و جبرئیل علیہ السلام ہوتا تھا۔

مولوی غلام محمد صاحب شیخ الجامعۂ جامع عباسیہ بہاولپور کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کا قادیانی عقائد کے مطابق یہ ایمان ہو کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی اور نبی آیا ہے اور اس پر وحی نازل ہوئی ہے تو ایسا شخص چونکہ ختم نبوۃ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا منکر ہے اور ختم نبوۃ اسلام کے ضروریات میں سے ہے لہٰذا وہ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

ہر تاریخ سماعت پر لوگ جوق در جوق کمرہ عدالت میں آنے لگے۔ چنانچہ عوام کی اس دلچسپی اور مذہبی جوش کو مدنظر رکھتے ہوئے حفظ امن قائم رکھنے کی خاطر پولیس کی امداد کی ضرورت محسوس کی گئی۔ اور عدالت ہذا کی تحریک پر صاحب بہادر کمشنر پولیس کی طرف سے ہر تاریخ پیشی پر پولیس کا خواطر خواہ انتظام کیا جاتا رہا۔

اب مدعیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ اور ایمان ہے کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں اور ان کے بعد اور کوئی نیا نبی نہیں ہوسکتا۔ ہاں البتہ

آخری زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو آسمان پر زندہ ہیں۔ آسمان سے نزول فرماویں گے۔اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت پر چل کر لوگوں کوراہ ہدایت دکھلائیں گے۔اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت پر چلنے کی وجہ سے اُمتی نبی کہلائیں گے۔

اب انیسویں صدی کے آخیر میں مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے جو مدعا علیہ کے پیشوا ہیں۔ ان روایات کی جو نزول عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں میں مشہور چلی آتی تھیں۔ یہ تعبیر کی ہے۔ کہ عیسیٰ علیہ السلام جو مسیح ناصری تھے فوت ہو چکے ہیں۔

مرزا صاحب کے اعتقادات شرعاً درست نہیں ہیں' بلکہ کفر کی حد تک پہنچتے ہیں۔اس لئے ان کو نبی تسلیم کرنیوالا اوران کی تعلیم پر چلنے والا بھی کافر اور دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہو جاتا ہے اور کسی سُنی عورت کا نکاح جو قبل از ارتداد اس کے ساتھ ہوا ہو۔ شرعاً قائم نہیں رہتا اوراس اصول کے تحت مدعیہ کا نکاح مدعا علیہ کے قادیانی' مرزائی ہو جانے کی صورت میں اس کے ساتھ قائم نہیں رہا۔لہٰذا ڈگری انفراق زوجیت دی جاوے۔

مدعیہ کی طرف سے چھ گواہان ذیل مولوی غلام محمد صاحب شیخ الجامعہ عباسیہ بہاولپور مولوی محمد حسین صاحب سکنہ گوجرانوالہ' مولوی محمد شفیع صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند۔ مولوی مرتضیٰ حسن صاحب چاند پوری' سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری' مولوی نجم الدین صاحب پروفیسر اورینٹل کالج لاہور پیش ہوئے۔

مدعیہ کی طرف سے مذہب اسلام کے جو اہم اور بنیادی اصول بیان کیے گئے ہیں۔ وہ سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ کے بیان میں مفصل درج ہیں۔ یہاں ان کا مختصراً اعادہ کیا جاتا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایمان کے معنےٰ یہ ہیں کہ کسی کے قول کو اس کے اعتماد پر باور کرلیا جاوے اور کہ غیب کی خبروں کو انبیاء کے اعتماد پر باور کر لینے کو ایمان کہتے ہیں اور حق ناشناسی۔ یا منکر ہو جانے یا مکر جانے کو کفر کہتے ہیں۔ ہمارے دین کا ثبوت دو طرح سے ہے یا تواتر سے یا خبر واحد سے تواتر اسے کہتے ہیں۔ کہ کوئی چیز نبی کریم سے ایسی ثابت ہوئی ہو اور ہم تک علی الاتصال پہنچی ہو۔ کہ اس میں خطا کا احتمال نہ ہو۔ یہ تواتر چار قسم کا ہے۔ تواتر اسنادی' تواتر طبقہ' تواتر قدر مشترک اور تواتر توارث۔

تواتر اسنادی اسے کہا جاتا ہے کہ جو صحابہ سے بسند صحیح مذکور ہو۔

تواتر طبقہ اسے کہتے ہیں کہ جب یہ معلوم نہ کہ کس نے کس سے لیا۔ بلکہ یہی معلوم ہو کہ پچھلی نسل نے اگلی سے سیکھا۔ جیسا کہ قرآن مجید کا تواتر۔

تواتر قدر مشترک یہ ہے کہ حدیثیں کئی ایک خبر واحد آئی ہوں۔ اس میں قدر مشترک متفق علیہ حصہ وہ حاصل ہوا جو تراتر کو پہنچ گیا۔ مثلاً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات' جو کچھ متواتر ہیں اور کچھ خبر احاد میں ان اخبار احاد میں اگر کوئی مضمون مشترک ملتا ہے۔ تو وہ قطعی ہو جاتا ہے اس کی مزید تشریح مولوی مرتضٰی حسن صاحب گواہ مدعیہ نے یہ کی ہے کہ بعض ایسی احادیث جو باعتبار لفظ اور سند کے متواتر نہیں ہیں وہ باعتبار معنے کے متواتر ہو جاتی ہیں۔ اگر ان معنوں کو اتنی سندوں سے اور اتنے راویوں نے بیان کیا ہو کہ جن کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو۔

تواتر توارث اسے کہتے ہیں کہ نسل نے نسل سے لیا ہو۔ اور یہ تواتر اس طرح سے ہے کہ بیٹے نے باپ سے لیا اور باپ نے اپنے باپ سے۔ ان جملہ اقسام کے تواتر کا انکار کفر ہے۔ اگر متواترات کے انکار کو کفر نہ کہا جائے تو اسلام کی کوئی حقیقت نہیں رہتی۔ ان متواترات میں تاویل کرنا مطلب بگاڑنا' کفر صریح ہے اور متواترات کو تاویل سے پلٹنا بھی کفر ہے۔ کفر کبھی قولی ہوتا ہے اور کبھی فعلی' مثلاً کوئی شخص ساری عمر نماز پڑھتا رہے اور ۳۰ سال کے بعد ایک بت کے آگے سجدہ کر دے۔ تو یہ کفر فعلی ہے۔ کفر قولی یہ ہے کہ کوئی شخص یہ کہہ دے کہ خدا کے ساتھ صفتوں میں یا فعل میں کوئی شریک ہے۔ اسی طرح یہ کہنا بھی کفر قولی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (حضرت محمد مصطفٰے) صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی اور نیا پیغمبر آئے گا کیونکہ تواتر توارث کی ذیل میں ساری اُمت اس علم میں شریک رہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اور کوئی نبی نہیں آئے گا۔

اسی طرح کوئی شخص اگر اپنے مساوی سے کہہ دے کہ کلمہ بکا۔ تو وہ کوئی چیز نہیں۔ استاد اور باپ سے کہے۔ تو اسے عاق کہتے ہیں۔ پیغمبر کے ساتھ یہ معاملہ کرے۔ تو کفر صریح ہے۔

نبوت کے ختم ہونے کے بارے میں ہمارے پاس کوئی دو سو حدیثیں ہیں۔ قرآن مجید ہے اور اجماع بالفصل ہے اور ہر نسل اگلی نے پچھلی سے اس کو لیا ہے اور کوئی مسلمان جو

اسلام سے تعلق رکھتا ہے۔ وہ اس عقیدہ سے غافل نہیں رہا۔ اس عقیدہ کی تحریف کرنا اور اس سے انحراف کرنا صریح کفر ہے۔ اسلام ہے شناخت مسلمانوں کی۔ اور مسلمانوں کے اشخاص شناخت ہیں۔ اسلام کی اگر اجماع کو درمیان میں سے اٹھا دیا جاوے تو دین ڈہ گیا۔

جو دین محمدی کا اقرار نہ کرے اسے کافر کہتے ہیں۔ جسے اندر سے اعتقاد نہ ہو' زبان سے کہتا ہو' اسے منافق کہتے ہیں' جو زبان سے اقرار کرتا ہو۔ لیکن دین کی حقیقت بدلتا ہو اسے زندیق کہتے ہیں اور وہ پہلی دو قسموں سے زیادہ شدید کافر ہے۔

ارتداد کے معنی یہ ہیں کہ دین اسلام سے ایک مسلمان کلمہ کفر کہہ کر اور ضروریات و متواترات دین میں سے کسی چیز کا انکار کر کے خارج ہو جائے گا اور ایمان یہ ہے کہ سرور عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم جس چیز کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے لائے ہیں اور اس کا ثبوت بدیہات اسلام سے ہے اور ہر مسلمان خاص و عام اسے جانتے ہیں اس کو تصدیق کرنا۔

ضروریات دین وہ چیز ہیں کہ جن کو خواص و عوام پہنچانیں کہ یہ دین سے ہیں۔ جیسے اعتقاد توحید کا' رسالت کا' اور پانچ نمازوں کا اور مثل ان کے اور چیزیں۔

شریعت کے اگر کسی لفظ کو بحال رکھا جا کر اس کی حقیقت کو بدل دیا جاوے اور وہ معاملہ متواترات سے ہو تو وہ کفر صریح ہے۔ کفر و ایمان کی اس شرعی حقیقت کے بیان کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ایک مسلمان بعض قسم کے افعال یا اقوال کی وجہ سے کافر اور خارج از اسلام ہو جاتا ہے۔

ختم نبوۃ کا عقیدہ بایں معنےٰ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوۃ کے بعد کسی کو عہدہ نبوت نہ دیا جائے گا۔ بغیر کسی تاویل اور تخصیص کے ان اجماعی عقائد میں سے ہے۔ جو اسلام کے اصولی عقائد میں سے سمجھا گیا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد سے لے کر آج تک نسلاً بعد نسل ہر مسلمان اس پر ایمان رکھتا ہے۔

اور یہ مسئلہ قرآن مجید کی بہت سے آیات سے اور احادیث متواتر المعنی سے اور قطعی اجماع امت سے روز روشن کی طرح ثابت ہے اور اس کا منکر قطعاً کافر مانا گیا ہے اور کوئی تاویل و تخصیص اس میں قبول نہیں کی گئی۔ اس میں اگر کوئی تاویل یا تخصیص نکالی جاوے، تو

وہ شخص ضروریات دین میں تاویل کرنے کی وجہ سے منکر ضروریات دین سمجھا جائے گا۔

یہ اصول ہیں جن کے تحت میں اور بھی ایسے بہت سے فروع موجود ہیں۔ جو مستقل موجبات کفر ہو سکتے ہیں۔

فریق ثانی کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ ایمان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر۔ اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور بعث بعد الموت پر اور تقدیر پر یقین رکھا جاوے۔ اور اسلام گواہی دیتا ہے اس بات کی کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں اور نماز کا ادا کرنا اور زکوٰۃ کا دینا اور رمضان کے روزے رکھنا اور بیت اللہ شریف کا حج ادا کرنا اگر استطاعت ہو، اور جو شخص زبان سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے اور دل سے اس کے مطالب کی تصدیق کرے۔ تو ایسا شخص یقینی طور پر مومن ہے۔ اگرچہ وہ فرائض اور محرمات سے بے خبر ہو اور اسلام کے معنیٰ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو فرائض اور محرمات بیان کئے ہیں کہ بعض اشیاء حلال اور بعض حرام ہیں۔ ان پر بلا کسی اعتراض کے اپنی رضامندی کا اظہار کیا جاوے اور جو شخص ان اعمال صالحہ کا پابند ہو کہ جو قرآن مجید میں ایک مومن کا طغرائے امتیاز قرار دیئے گئے ہیں تو وہ شخص مومن اور مسلمان ہے۔

دیکھنا یہ ہے کہ آیا ان باتوں پر فریق ثانی کا عقیدہ ان اصولوں کے تحت جو فریق مدعیہ کی طرف سے بیان کیے گئے ہیں ویسا ہی ہے جیسا کہ دیگر عام مسلمانوں کا، یا کہ اس سے مختلف کیونکہ مدعیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ جو شخص عقائد اسلام ظاہر کرے اور قرآن و حدیث کے اتباع کا دعویٰ بھی کرے لیکن ان کی ایسی تاویل اور تحریف کر دے کہ جس سے ان کے حقائق بدل جائیں تو وہ مسلمان نہیں سمجھا جا سکتا۔

مدعیہ کی طرف سے دین اسلام کے ثبوت کے متعلق جو بنیادی اصول اور قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ ان کا مدعا علیہ کی طرف سے کوئی اطمینان بخش جواب نہیں دیا گیا حالانکہ تواتر اور اجماع کے اصولوں کو خود ان کے پیشوا، مرزا غلام احمد صاحب نے بھی تسلیم کیا ہے۔

چنانچہ وہ اپنی کتاب ایام الصلح میں لکھتے ہیں کہ وہ امور جو اہلسنت کی اجماعی رائے سے اسلام کہلاتے ہیں۔ ان سب کا ماننا فرض ہے۔ ایک دوسری کتاب انجام آتھم میں لکھتے

ہیں کہ جو شخص اس شریعت پر مقدار ایک ذرہ کے زیادتی کرے۔ یا اس میں سے کمی کرے یا کسی عقیدہ اجماعیہ کا انکار کرے۔ اس پر اللہ کی لعنت اور ملائکہ کی لعنت اور تمام آدمیوں کی لعنت۔ یہ میرا اعتقاد ہے اور کتاب ازالۃ الاوہام صفحہ ۲۳۰ پر لکھتے ہیں کہ تواتر کی جو بات ہے وہ غلط نہیں ٹھہرائی جاسکتی اور تواتر اگر غیر قوموں کا بھی ہو۔ تو وہ بھی قبول کیا جائے گا۔ مدعیہ کے گواہان کے بیان کردہ اصول اور قواعد کے مقابلہ میں مدعا علیہ کے گواہان نے جو کچھ بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ علماء اور ائمہ کی اندھی تقلید نہایت مذموم ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ پہلے علماء جو کچھ تفسیروں میں لکھ گئے ہیں۔ ہم آنکھ بند کر کے ان پر ایمان لے آویں۔

گواہ مذکور کے نزدیک قرآن مجید کے سوا اور کوئی چیز مسلم نہیں۔ سوائے اس کے کہ جو قرآن مجید سے تطابق رکھتی ہو اور جو قرآن شریف کو پڑھتا ہے وہ خود تطابق کر سکتا ہے اور میرے لئے قرآن شریف کی مطابقت دیکھنے کے لئے میرے واجب الاطاعت اماموں کی بیان فرمودہ مطابقت یا میری اپنی مطابقت مسلم ہے۔

اگر ان اصولوں کو جو فریق ثانی کی طرف سے بیان کیے گئے ہیں بروئے کار لایا جاوے تو دین نہ صرف دین کہلائے جانیکا ہی مستحق نہیں رہتا۔ بلکہ ایک مضحکہ انگیز بن جاتا ہے اور بجائے اس کے کہ اس میں کوئی یکسانیت پیدا کی جاسکے۔ ہر شخص انفرادی حیثیت سے اپنی منشاء کے مطابق اپنے لئے ایک علیحدہ دین بنا سکے گا۔

مذکورہ بالا تصریحات سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ مرزا صاحب کے دعوے سے قبل دین اسلام جن باتوں پر قائم تھا اب کوئی ان کی اصلیت اور بنا نہیں رہی اور اب بناء صرف مرزا صاحب اور ان کے خلفاء کے اقوال و عقائد پر ہی ہے کیونکہ فریق ثانی کے نزدیک اب ان اصحاب کے سوا نہ کسی پہلے صحابی کی، نہ امام کی، نہ بزرگ کی کوئی بات مقدم اور صحیح ہے بلکہ جو کچھ مرزا صاحب اور ان کے خلفاء نے کہا ہے اور لکھا ہے۔ وہی درست ہے اور ان کی کتابوں کے سوا اور کوئی کتاب حجت نہیں ہے۔ اس سے صاف طور پر یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مرزا صاحب کا دین اس دین اسلام سے مختلف ہے۔ جو مرزا صاحب کے دعوے سے قبل مسلمان سمجھتے آئے ہیں۔ اس لئے مدعیہ کی طرف سے بجا طور پر یہ کہا گیا ہے کہ مذہب کے

لحاظ سے ہر دو فریق میں قانون کا اختلاف ہے اور مدعا علیہ کی طرف سے بھی یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ ان کے درمیان اصولی اختلاف بھی ہے اور فروعی بھی، اور سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ بیان کرتے ہیں کہ احمدی مذہب والے نے مہمات دین کے بہت سے اصولوں کو تبدیل کر دیا ہے۔ اور بہت سے اسماء کا مسمیٰ بدل دیا ہے۔ آگے ظاہر ہو جائے گا۔ کہ اس میں کہاں تک صداقت ہے۔

اب وہ عقائد بیان کئے جاتے ہیں کہ جن کی بناء فریق ثانی کی نسبت یہ کہا جاتا ہے کہ وہ مرتد اور کافر ہے۔ اس ضمن میں اہم وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ وہ مرزا غلام احمد صاحب کو نبی مانتا ہے۔

سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے ان اصولوں کے تحت جو ان کے بیان کے حوالہ سے اوپر بیان کیے جا چکے ہیں۔ چھ وجوہات ایسی بیان کی ہیں، کہ جن کی بناء پر ان کے نزدیک مرزا صاحب باجماع اُمت کافر اور مرتد قرار دیئے جا سکتے ہیں اور جن کی وجہ سے ان کی رائے میں ہندوستان کے تمام اسلامی فرقے باوجود سخت اختلاف خیال اور اختلاف مشرب کے ان کے کفر وارتداد اور ان کے متبعین کے کفر وارتداد پر متفق ہیں۔ یہ وجوہات حسب ذیل ہیں۔

۱:...... ختم نبوت کا انکار اور اس کے اجماعی معنے کی تحریف اور جس مذہب میں سلسلہ نبوت منقطع ہو۔ اس کو لعنتی اور شیطان مذہب قرار دینا۔

۲:...... دعویٰ نبوۃ مطلقہ وتشریعیہ

۳:...... دعویٰ وحی اور اپنی وحی کو قرآن کے برابر قرار دینا۔

۴:...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین

۵:...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین

۶:...... ساری اُمت کو بجز اپنے متبعین کے کافر کہنا

تقریباً یہی وجوہات دیگر گواہان مدعیہ نے بھی بیان کی ہیں۔

(یہ نتیجہ بحوالہ کتاب انوار الخلافۃ مرتبہ مرزا محمود صاحب صفحہ ۹۳۔۹۴ اخذ کیا گیا ہے)

مرزا صاحب کی شریعت میں ایک نیا حکم اور یہ بھی ہے۔ جو تمام اسلام کے خلاف ہے کہ مرزا صاحب نے اپنے مریدوں سے چندہ کی تحریک فرما کر یہ حکم فرمایا ہے کہ جو کوئی چندہ تین ماہ

تک ادا نہ کرے گا وہ میری بیعت سے خارج ہے۔ اور بیعت سے خارج ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اسلام سے خارج ہے اور کافر ہے۔ حالانکہ زکوۃ کے لئے بھی خدا نے یہ حکم نہیں دیا۔ کہ اگر تین ماہ تک کوئی زکوۃ نہ دے تو وہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ یہ حوالہ مرزا صاحب کے ایک فرمان سے جو لوح ہدی میں جو قادیان سے دسمبر ۱۹۲۰ء میں شائع ہوئی دیا گیا ہے۔ اس فرمان کے چیدہ چیدہ الفاظ حسب ذیل ہیں۔

مجھے خدا نے بتلایا ہے کہ میری انہی سے پیوند ہے۔ یعنے وہی خدا کے دفتر میں مرید ہیں جو اعانت اور نصرت میں مشغول ہیں .... ہر ایک شخص جو مرید ہے اس کو چاہیے کہ وہ اپنے نفس پر کچھ ماہوار مقرر کر دے ...... جو شخص کچھ بھی مقرر نہیں کرتا .... وہ منافق ہے۔ اب اس کے بعد وہ اس سلسلہ میں نہیں رہ سکے گا .... اگر تین ماہ تک کسی کا جواب نہ آیا تو سلسلہ بیعت سے اس کا نام کاٹ دیا جائے گا۔

مرزا صاحب کے قول نمبر ۱۳ سے مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ مرزا صاحب اپنے پر جبرئیل علیہ السلام کے نزول کے، مدعی ہیں اور صرف دعوے پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنی شان نبوت و رسالت کا سکہ جمانے کے لئے تمام خصوصیات نبوۃ و لوازمات رسالت کو نہایت جزم اور وثوق کے ساتھ اپنی ذات کے لئے ثابت کرنے میں کسر نہیں چھوڑی۔

مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ کا یہ استدلال ہے کہ مرزا صاحب نے قرآن حکیم کی آیات اور احادیث نبویہ سے اپنی نبوت کے لئے جو دلائل پیش کیے ہیں وہ محض لاطائل اور بے معنی سعی ہے۔

ختم نبوت اور انقطاع وحی پر مولوی محمد حسین صاحب گواہ مدعیہ نے ایک اور دلیل پیش کی ہے کہ وہ یہ کہ قرآن شریف پر مجموعی طور پر نظر ڈالنے سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا۔

سید انور شاہ صاحب گواہ مدعیہ نے یہ استدلال کیا ہے کہ:

(الف) ...... اس قول سے یہ لازم آتا ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی چیز نہیں رہتے اور آپ کا تشریف لانا بعینہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تشریف لانا ہے۔ گویا کہ ابراہیم

علیہ السلام کے یہ دور ہیں۔ گویا اصل ابراہیم علیہ السلام رہے اور آئینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے اور چونکہ ظل اور صاحب ظل میں مرزا صاحب کے نزدیک عینیت ہے اور اس وجہ سے وہ اپنے کو عین محمد کہتے ہیں۔ تو جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم بروز ابراہیم علیہ السلام ہوئے تو عین ابراہیم علیہ السلام ہوئے۔ اس سے صاف لازم آتا ہے کہ معاذ اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی وجود بالاستقلال نہیں اور نہ ان کی نبوت کوئی مستقل شے ہے۔

(ب)......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابراہیم علیہ السلام کے بروز ہوئے۔ اور خاتم النبیین آپ ہوئے۔ خاتم بروز اور ظل ہوتا ہے۔ صاحبِ ظل اور اصل نہیں ہوتا۔ اسی طرح مرزا صاحب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بروز ہوئے۔ تو خاتم النبیین مرزا صاحب ہوئے نہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔

(ج)......جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بروز ہوئے تو جملہ کمالات نبوت اگر مجتمع ہوں گے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام میں ہوں گے نہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں۔ یہ باطل اور بے معنی ہے۔

اس کے علاوہ یہ مضمون بھی فی نفسہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بروز ہوں اور ابراہیم علیہ السلام آنحضرت کے بروز ہوں۔ بے معنی اور فضول ہے۔ اسلام میں جنم کا عقیدہ کفر ہے اور یہ ہے حقیقت مرزا صاحب کے نزدیک مجازی اور ظلی اور بروزی کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کے سلسلہ میں مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے حسب ذیل مزید واقعات بیان کیے ہیں۔

جن میں اللہ تعالیٰ نے سبحانہ وتعالیٰ نے نبی پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو چند مراتب اور مقامات علیہ سے مشرف فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے اوپر چسپاں کرے تو لامحالہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی اور بے ادبی سمجھی جائے گی۔ چنانچہ آیات ذیل

آیت **سبحان الذی اسریٰ بعبدہ** ....الخ

جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے شان معراج کا ذکر فرمایا گیا۔

دوسری آیت **ثم دنی فتدلیٰ** ....الخ

بیعت سے خارج ہے۔ اور بیعت سے خارج ہونے کا مطلب
ے خارج ہے اور کافر ہے۔ حالانکہ زکوٰۃ کے لئے بھی خدا نے یہ حکم نہیں
ین ماہ تک کوئی زکوٰۃ نہ دے تو وہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ یہ حوالہ مرزا
کے ایک فرمان سے جو لوح ہدیٰ میں جو قادیان سے دسمبر ۱۹۲۰ء میں شائع ہوئی دیا
اس فرمان کے چیدہ چیدہ الفاظ حسب ذیل ہیں۔
ے خدا نے بتلایا ہے کہ میری انہی سے پیوند ہے۔ یعنے وہی خدا کے دفتر میں مرید
نت اور نصرت میں مشغول ہیں......... ہر ایک شخص جو مرید ہے اس کو چاہیے کہ
ں پر کچھ ماہوار مقرر کر دے...... جو شخص کچھ بھی مقرر نہیں کرتا.......... وہ منافق
اس کے بعد وہ اس سلسلہ میں نہیں رہ سکے گا.......... اگر تین ماہ تک کسی کا جواب
ملہ بیعت سے اس کا نام کاٹ دیا جائے گا۔
صاحب کے قول نمبر ۱۳ سے مولوی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے
حب اپنے پر جبرئیل علیہ السلام کے نزول کے، مدعی ہیں اور صرف دعوے پر ہی اکتفا
اپنی شان نبوت و رسالت کا سکہ جمانے کے لئے تمام خصوصیات نبوۃ ولوازمات
یت جزم اور وثوق کے ساتھ اپنی ذات کے لئے ثابت کرنے میں کسر نہیں چھوڑی۔
ی نجم الدین صاحب گواہ مدعیہ کا یہ استدلال ہے کہ مرزا صاحب نے قرآن حکیم
ر احادیث نبویہ سے اپنی نبوت کے لئے جو دلائل پیش کیے ہیں وہ محض لاطائل
ی ہے۔
ت اور انقطاع وحی پر مولوی محمد حسین صاحب گواہ مدعیہ نے ایک اور دلیل پیش
یہ کہ قرآن شریف پر مجموعی طور پر نظر ڈالنے سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی
ت صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا۔
رشاہ صاحب گواہ مدعیہ نے یہ استدلال کیا ہے کہ:
)......اس قول سے یہ لازم آتا ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی چیز نہیں
کا تشریف لانا بعینہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تشریف لانا ہے۔ گویا کہ ابراہیم

جس میں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے جو قرب الٰہی جناب رب العزۃ سے حاصل ہوا تھا۔ یا بقول دیگر جبرائیل علیہ السلام سے ہوا ذکر ہوا ہے۔

وآیت انا فتحنالک فتحاً مبینا ....الخ

وآیت قل ان کنتم تحبون اللّٰہ .... الخ

وآیت انا اعطیناک الکوثر..................الخ

مرزا صاحب نے اپنے اوپر نازل ہونی بیان کی ہیں اور مقام محمود کو بھی اپنے حق میں تجویز کیا ہے اور ان اشعار میں جو آگے بیان کیے گئے ہیں۔ کسی نبی کی استثناء نہیں کی گئی۔ ہمارے نبی کریم بھی انبیاء کی جماعت میں داخل ہیں۔ لفظ انبیاء کسی خاص نبی کے ساتھ مختص نہیں۔ بلکہ تمام پر حاوی اور مشتمل ہے۔ دوسرے شعر کے مصرع ثانی میں اپنی افضلیت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ حقیقت الوحی صفحہ ۸۹ پر لکھتے ہیں۔ آسمان سے کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا۔ اس میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے۔

مرزا صاحب کتاب تحفہ گولڑویہ کے صفحہ ۶۳ پر لکھتے ہیں کہ مثلاً کوئی شریر النفس ان تین ہزار معجزات کا کبھی ذکر نہ کرے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ظہور میں آئے اور براہین احمدیہ میں لکھتے ہیں کہ ان چند سطروں میں جو پیشینگوئیاں ہیں وہ اس قدر نشانوں پر مشتمل ہیں جو دس لاکھ سے زائد ہوں گے۔ اور نشان بھی ایسے کھلے کھلے ہیں۔ جو اول درجہ پر خرق عادت ہیں۔ ان عبارات سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کو تین ہزار قرار دینا اور اپنے معجزات دس لاکھ کیونکہ معجزۃ خرق عادت ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی کسی بڑی فضیلت بیان کی۔ اس قسم کی توہین کو توہین لزومی کہا گیا ہے۔ جس سے مراد یہ ہے کہ عبارت اس لئے نہیں لائی گئی کہ تنقیص کرے مگر وہ عبارت صادق نہیں آتی جب تک تنقیص موجود نہ ہو مذکورہ بالا عبارات میں اس قسم کی تنقیص پائی جاتی ہے۔

اس ضمن میں مرزا صاحب کا ایک قول اربعین نمبر ۴ صفحہ ۶ سے نقل کیا گیا ہے جو بالفاظ ذیل ہے ہاں اگر یہی اعتراض ہو کہ اس جگہ وہ معجزات کہاں ہیں۔ تو میں صرف یہی جواب نہیں دوں گا کہ میں معجزات دکھلا سکتا ہوں۔ بلکہ خدا کے فضل و کرم سے میرا جواب یہ ہے کہ

ں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے جو قرب الٰہی جناب رب العزۃ سے
یا بقول دیگر جبرائیل علیہ السلام سے ہواذ کر ہوا ہے۔

نا فتحنالک فتحاً مبینا .... الخ

ل ان کنتم تحبون اللّٰہ .... الخ

اعطیناک الکوثر .... الخ

ب نے اپنے اوپر نازل ہونی بیان کی ہیں اور مقام محمود کو بھی اپنے حق میں
ن اشعار میں جو آگے بیان کیے گئے ہیں۔ کسی نبی کی استثناء نہیں کی گئی۔
ں انبیاء کی جماعت میں داخل ہیں۔ لفظ انبیاء کسی خاص نبی کے ساتھ مختص
حاوی اور مشتمل ہے۔ دوسرے شعر کے مصرع ثانی میں اپنی افضلیت کی
ہے۔ حقیقت الوحی صفحہ ۸۹ پر لکھتے ہیں۔ آسمان سے کئی تخت اترے پر
اوپر بچھایا گیا۔ اس میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے۔
کتاب تحفہ گولڑویہ کے صفحہ ۶۳ پر لکھتے ہیں کہ مثلاً کوئی شریر النفس ان تین
نہ کرے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ظہور میں آئے اور براہین
ن چند سطروں میں جو پیشینگوئیاں ہیں وہ اس قدر نشانوں پر مشتمل ہیں
ں گے۔ اور نشان بھی ایسے کھلے کھلے ہیں۔ جو اول درجہ پر خرق عادت
یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کو تین ہزار
دس لاکھ کیونکہ معجزۃ خرق عادت ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے رسول
